الأدب خير من الذهب

عقد اللآلی
شرح
کتاب القلیوبی

۱۳۹۷ھ

تالیف
ابو طاہر محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ
خادم مدرسہ حنفیہ دار العلوم تولکھال

میر محمد کتب خانہ
آرام باغ کراچی

الأدبُ خيرٌ من الذهب

عقد اللآلی

(شرح)

کتاب القلیوبی

۱۳۹۷ھ

تالیف

ابو طاہر محمد عبد اللہ عفا اللہ عنہ

خادم مدرسہ حنفیہ دار العلوم تواکھال

میر محمد کتب خانہ

آرام باغ، کراچی

مقدمہ

ادب کی تاریخ ادب کی ابتدائی تاریخ اور آغاز کے بارے میں ایسی کوئی نص صریح نہیں ہے جو اس کلے کی تاریخی حیثیت سے بحث کرے۔ نہ سامی زبانوں میں اس کی ابتدا کا سراغ ملتا ہے نہ عربوں کی جاہلی شاعری میں۔ ہاں عہد جاہلی کی تاریخوں میں کچھ دال ایسے ملتے ہیں جن سے اس سلسلے میں مدد ملتی ہے۔

بعض محققین کا خیال ہے کہ عربی اور دوسری سامی زبانوں میں سمیریوں کی زبان سے جو قدیم زمانہ میں جنوبی عراق میں آباد تھے ان سے حملہ آور سامیوں نے اس لفظ کو اڑا لیا۔ سمیریوں کے یہاں اس لفظ کے معنی انسان تھے۔ سامی زبانوں میں یہ لفظ ادب سے ادم اور ادم سے آدم ہو گیا لیکن عربوں نے اس لفظ کو اپنی اصلی حالت میں محفوظ رکھا۔ انہوں نے اس لفظ کو آدمیت یا انسانیت کے معنی میں استعمال کیا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اقوال صحابہؓ سے عربی زبان میں لفظ ادب کے وجود کی تائید ہوتی ہے۔ حدیث مشہور ہے ادبنی ربی فاحسن تادیبی۔ میرے پروردگار نے میری تربیت کی اور خوبی سے کی۔ حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "ان ہذا القرآن مادبۃ اللہ فی الارض فتعلموا من مادبتہ" بیشک قرآن اس دنیا میں ایک خوان الٰہی ہے پس اس سے تم استفادہ کرو۔ ان احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ یہ لفظ عہد رسالت عہد صحابہ اور خود ایام جاہلیت میں جانا پہچانا تھا۔ بنی امیہ کے زمانہ سے لفظ ادب کی اصل تاریخ شروع ہوتی ہے۔ ان کے عہد میں یہ لفظ رائج اور شائع ہوا۔ اسی زمانے سے اس لفظ کا استعمال سب سے پہلے تعلیم و تربیت کے معنی میں ہوا۔ رفتہ رفتہ ان ناموں نے اصطلاحی شکل اختیار کر لی۔ اور علوم ادب تعلیمی میں داخل ہو گئے۔ ادب تعلیم کا مفہوم وسیع ہو گیا۔ لفظ ادب کا اطلاق نظم و نثر، انساب، اخبار، لغت، نحو اور صرف پر ہونے لگا۔ صاحب لسان العرب نے مادہ ادب سے بحث کرتے ہوئے لکھا کہ ادب دو چیزوں کا نام ہے۔ ایک تہذیب نفسی اور دوسرے تعلیم نظم و نثر۔ بنی امیہ ہی کے زمانہ سے ادیب اور شاعر کے درمیان فرق قائم ہوا۔ جس شخص پر ادب اور اسکی تعلیم کا غلبہ ہوتا تھا اس کو ادیب کہتے تھے اور جس کا رجحان شاعری کی طرف ہوتا تھا وہ شاعر کہلاتا تھا۔

ادب کی لغوی تحقیق ادب کے لغوی معنی بلانا ہے۔ وہ کھانا جس کی طرف لوگوں کو بلایا جاتا ہے اسکو مدعاۃ اور مأدبۃ کہا جاتا ہے۔ وہ لیٹریچر جس سے ادیب متأدب ہوتا ہے اس کو ادب اسلئے کہتے ہیں کہ وہ لوگوں کو بھلائیوں کی طرف بلاتا ہے اور برائیوں سے روکتا ہے۔ الأدَبُ (متحرک الاوسط) کے معنی لطافت طبع اور خوش اطواری کے ہیں۔ ادبہ بمعنی علمہ (سکھایا) تادب بمعنی تعلم یعنی سیکھا۔ الأَدْبُ (بفتح ہمزہ و سکون عین) کے معنی تعجب کے ہیں جیسا کہ الادبۃ (بضم ہمزہ) کے معنی تعجب اور خود پسندیگی کے ہیں۔

ادب کی اصطلاحی تعریف ادب چند ایسے علوم کے مجموعہ کا نام ہے جنکے ذریعہ کلام عرب میں ہر قسم کی کتابی اور خطابی غلطیوں سے محفوظ رہنے کا ملکہ حاصل ہو سکے۔

علم ادب کا موضوع ہر علم کا ایک موضوع ہوتا ہے جس میں اسکے عوارض ذاتیہ کے سلب و ثبوت سے بحث کیجاتی ہے جیسے علم طب کا موضوع جسم انسانی ہے۔ اس حیثیت سے کہ امراض جسم انسانی کو لاحق ہوتی ہیں اور علاج کے ذریعہ ان کا تدارک کیا جاتا ہے۔ اسی طرح علم نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے کہ علم نحو میں کلمہ اور کلام کے ان عوارض اور احوال سے بحث کیجاتی ہے جو ان کو معرب اور مبنی ہونے کی حیثیت سے پیش آتے ہیں لیکن علم ادب کا کوئی مستقل موضوع نہیں ہے کیونکہ اسکے بارہ اجزاء ہیں۔ جن میں سے آٹھ اصول اور چار فروع ہیں۔

اصول علم اللغۃ، علم الصرف، علم الاشتقاق، علم النحو، علم المعانی، علم البیان، علم العروض اور علم القوافی۔

فروع: علم رسم الخط، علم قرض الشعر، علم الانشاء، علم المحاضرات۔ پس ان علوم دوازدگانہ میں سے ہر ہر فن کا موضوع گویا کہ علم ادب کا موضوع ہے۔

علم ادب کی غرض: منظوم اور منثور کے دونوں فنون میں جودت اور مہارت پیدا کرنا علم ادب کی غرض ہے۔

علم ادب کی اہمیت: علوم عربیہ میں علم ادب کا جو مقام ہے وہ علوم دینیہ کے ماسوا کسی علم کو حاصل نہیں۔ اس واسطے کہ کلام الٰہی اور اس کی تفسیریں اور احادیث نبویہ اور ان کی شروحات اور فقہ و عقائد کی بیشتر کتابیں عربی زبان میں ہونے کی وجہ سے ان پر آگاہی کا وسیلہ عربی علم ادب ہے۔ سو انسان جسقدر علم ادب میں ماہر ہوگا اتنا ہی وہ وجوہ اعجاز کے ادراک اور علوم دینیہ کی سمجھ میں بہرہ مند ہوگا۔ حضرت امیر المومنین سیدنا عمر رضؓ کا ارشاد گرامی ہے۔ علیکم بدیوانکم شعر الجاہلیۃ لا تضلوا فان فیہ تفسیر کتابکم و معانی کلامکم یعنی اپنے اوپر جاہلی اشعار لازم کرلو بھٹکوگے نہیں کیونکہ اسمیں تمہاری کتاب کی تفسیر اور تمہارے کلام کے معانی ہیں۔
بنا بریں تشنگان علوم دینیہ پر ضروری ہے کہ وہ پوری توجہ اور کامل انہماک کیساتھ ادب عربی کی کتابوں کو مطالعہ کرتے رہیں اور شب و روز اس کی تحصیل میں لگے رہیں۔

ادب کی شرافت: قرآنی آیات اور اسکی فوقیت کی بین دلیل ہے ارشاد باری تعالیٰ لسان الذی یلحدون الیہ اعجمی وہذا لسان عربی مبین۔ اسی طرح باری تعالیٰ کا قول انا انزلناہ قرآنا عربیا وغیر ذالک من الآیات۔ حضرت ابن عباس رضؓ کی روایت ہے کہ رسول کریم ؐ نے فرمایا ہے۔ احبوا العرب لثلاث۔ لانی عربی والقرآن عربی ولسان اہل الجنۃ عربی۔ یعنی تین باتوں کی وجہ سے عربوں کو محبت کرو۔ کیونکہ میں عربی ہوں اور قرآن کی زبان عربی ہے اور بہشتیوں کی گفتگو عربی میں ہوگی۔ حضرت عمر رضؓ کی ایک روایت میں ہے کہ عربی سیکھو کیونکہ اسکا لگاؤ تمہارے دین سے ہے۔ اکثم بن صیفی نے فرمایا ہے کہ انسان بغیر ادب کے ایسا ہے کہ اسکے پاس ہتھیار نہ ہو یا جسم بلا روح۔ وقال الشاعر ۔ لکل شیئ زینۃ فی الوریٰ، وزینۃ المرء تمام الادب ۔ قد یشرف المرء باٰدابہ ؛ فینا وان کان وضیع النسب۔ یعنی مخلوق میں ہر چیز کے لیے ایک زینت ہے۔ اور انسان کی زینت کمال ادب ہے۔ آدمی اپنی آداب کے سبب ہمارے درمیان ذی شرف ہوجاتا ہے۔ اگرچہ معمولی نسبت والا ہو۔

سوانح مصنف: آپ کا نام احمد بن احمد بن سلامہ کنیت ابو العباس اور لقب شہاب الدین ہے، اہل قلیوب سے تعلق ہونے کی وجہ سے قلیوبی کہلاتے ہیں۔ بہترین فقیہ اور لائق ادیب تھے یکتائے زمانہ اور یگانۂ روزگار تھے۔ اپنے تمام معصروں میں بے مثل تھے۔ آپ کی متعدد تصانیف ہیں مثلاً رسالہ قلیوبی ادب میں۔ تحفۃ الراغب اہل بیت کے تذکرہ میں، رسالہ مکہ و مدینہ اور بیت المقدس کے فضائل میں۔ اوراق لطیفہ، جامع صغیر سیوطی پر تعلیق ہے جسمیں حسن، ضعیف اور صحیح روایات کی نشاندہی کی ہے۔ کتاب الہدایۃ من الضلالۃ فی معرفۃ الوقت والقبلۃ من غیر آلہ وغیرہ۔ آپنے ۱۰۶۹ھ مطابق ۱۶۵۹ء میں وفات پائی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

عرض شارح: زیر نظر کتاب قلیوبی جو ادب عربی کی تعلیم کے لئے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ مصنف علام نے اسمیں یہ کوشش کی ہے کہ اسکے ذریعے طلباء میں اسلامی غیرت و حمیت، علو ہمت، اخلاق کی درستی، ادبی دلچسپی اور علوم عربیہ کی قوت واستعداد پیدا کیجائے۔ نیز مضامین ایسے شگفتہ ہوں کہ ان کو محبت کیساتھ یاد کرنے میں طلباء کے اذہان کو نہ تعب ہو اور نہ تشویش۔ غرضیکہ عربی ادب کا یہ بہترین گلدستہ اور ادیب وقت کے حسن انتخاب کا بے بہا نمونہ ہے۔ یہ مقبول عام کتاب اپنی جامعیت اور افادیت کی بنا پر صدیوں سے مدارس عربیہ اسلامیہ میں داخل نصاب ہے۔ چونکہ اردو زبان میں اسکی کوئی شرح نظر سے نہیں گذری اسلئے دلمیں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ اردو میں اس کی ایک شرح لکھ دی جائے جسمیں توضیح مطلب کیساتھ ساتھ ادبی تحقیق اور نحوی ترکیب کا بالخصوص لحاظ رکھا جائے لیکن بندہ قلوم وجہول کیلئے اپنی تہی مائیگی اور عدیم الفرصتی ہمیشہ مانع رہی تاہم بعض محترم اعزہ و احباب کی ہمت افزائی سے توکلاً علی اللہ کام شروع کردیا گیا۔ یہاں تک کہ مورخہ ۲ رجب ۱۳۹۶ھ یوم سہ شنبہ کو فجر کے بعد اس امر مہم سے فراغت ملی لہذا اسکا نام "عقد اللآلی شرح کتاب القلیوبی" رکھا گیا اور یہی تاریخی نام بھی ہے۔ کیونکہ تعدادی ابجد کی سے اس کا مجموعہ ۱۳۹۷ ہے۔
وہ قادر مطلق کبھی ذرۂ حقیر سے بھی کام لے لیتا ہے ورنہ یہ تو اپنے بس کا کام نہیں ہے لہذا ارباب علم و ادب کی خدمت بابرکت میں التماس لجاجت سے عرض ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آجائے تو خیر خواہانہ طور سے خاکسار کو مطلع کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آیندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے گی۔ فقط

ابو طاہر محمد عبد اللہ تبسم
خادم الطلبہ بدار العلوم الحسینیہ ۔ نواکھالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمہ :- میں اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حرف بار کے بہت سے معانی ہیں۔ الصاق، استعانت، مصاحبت، سببیت، بدل، مقابلہ، تبعیض، قسم، تاکید اور تعدیہ وغیرہ اور یہاں استعانت اور الصاق دونوں کے لئے ہوسکتا ہے۔ لیکن استعانت سے الصاق زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ استعانت کی صورت میں لفظ اسم اللہ آلہ بنے گا جیسے کتبت بالقلم میں قلم کتابت کیلئے آلہ بنتا ہے۔ اور آلہ مقصود بالذات نہیں ہوتا ہے۔ **قولہ** اسم۔ بصریین کے نزدیک اصل میں سُمُوٌّ تھا۔ بقول بعض بضم اول وثانی وتشدید ثالث۔ اور بقول بعض بکسر اول وسکون ثانی ہے۔ بمعنی رفعت۔ واو کو خلاف قیاس نسیاً منسیاً حذف کر دیا اور پھر سین کو ساکن کرکے اس کے عوض میں ہمزۂ وصل مکسور لے آئے اِسْمٌ ہوا۔ اور کوفیین کے نزدیک یہ اصل میں وِسْمٌ تھا۔ بمعنی علامت۔ واو مکسور ہمزہ سے بدل گئی جیسے اشاح کہ اصل میں وشاح تھا پس اسم ہوگیا۔ بہرصورت بسم اللہ میں اس کا ہمزہ کثرت استعمال کی وجہ سے کتابت اور تلفظ میں گر جاتا ہے۔ اسی وجہ سے اس کے عوض میں بار کو طویل لکھتے ہیں۔ **قولہ اللہ**۔ لغۃً بمعنی معبود برحق اور اصطلاح میں اس ذات واجب الوجود کا نام ہے جو تمام صفات کمالیہ کا مستجمع ہے۔ پھر اس کی لغت میں اختلاف ہے۔ ابو زید بلخیؒ فرماتے ہیں کہ یہ لفظ سریانی یا عبرانی ہے۔ اور جمہور علماء فرماتے ہیں کہ یہ لفظ عربی ہے اور یہی مذہب حق ہے۔ پھر عربی کہنے والوں میں اختلاف ہے کہ یہ لفظ جامد ہے یا مشتق۔ سو قاضی بیضاوی اور دوسرے محققین فرماتے ہیں کہ یہ لفظ صفت مشتق ہے۔ اور سیبویہ، خلیل اور علامہ زمخشری وغیرہ محققین فرماتے ہیں کہ یہ لفظ جامد ہے علم ہے اور مشتق نہیں ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ باری تعالیٰ کی ذات میں جس طرح کوئی تغیر وتبدل نہیں ہے اسی طرح اس کے اسم ذات میں بھی کوئی تغیر وتبدل نہیں ہونا چاہئے اور جو لوگ اس کو مشتق مانتے ہیں ان میں پھر اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ لفظ اصل میں "اِلٰہٌ" تھا بروزن فعال بکسر فار بمعنی مألوہ یعنی پرستیدہ۔ ہمزہ کو حذف کرکے اس کے عوض میں الف ولام لایا گیا پس لفظ اَللّٰہ ہوگیا۔ بعض نے کہا کہ اصل میں "اَلْاِلٰہ" تھا۔ ہمزہ کو بقاعدہ یَسَلُ حذف کر دیا پھر پہلے لام کو ساکن کرکے دوسرے لام میں ادغام کر دیا لفظ اللہ ہوگیا۔ پھر اس کے اشتقاق کی نسبت کہا گیا کہ یہ لفظ اَلَہَ یَاْلَہُ اِلَاہَۃً اُلُوھَۃً (باب فتح) بمعنی پوجنا سے مشتق ہے۔ اور بعض نے کہا کہ اَلِہَ یَاْلَہُ اَلَھاً (باب سمع) بمعنی ڈرنا، متحیر ہونا سے مشتق ہے۔ یا اٰلَہَ یُؤْلِہُ ایلاھاً (باب افعال) بمعنی پناہ دینا سے مشتق ہے الرحمن الرحیم۔ یہ دونوں مبالغہ کے صیغے ہیں۔ اور رحمۃٌ سے مشتق ہے۔ جیسے ندم سے ندمان اور ندیم۔ اور رحمت کے لغوی معنی رقت قلب کے ہیں۔ قاعدہ ہے کہ ممکنات کی صفات کا اطلاق جب واجب الوجود پر کیا جاتا ہے تو اس وقت غایات مراد ہوتے ہیں۔ بنا بریں یہاں رحمت سے مراد احسان ہے جو رقت قلب کا اثر اور غایت ہے۔ رحمٰن رحیم سے ابلغ ہے۔ اس لئے کہ حروف کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے۔ بعض کے نزدیک دونوں صفت مشبہ ہیں۔ اور بعض کے نزدیک رحمٰن صفت مشبہ اور رحیم اسم فاعل مبالغہ ہے۔

ترکیب :- بار حرف جار اسم مضاف لفظ اللہ موصوف اور رحمٰن ورحیم دونوں صفت ہیں۔ پس موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر مضاف الیہ ہوا۔ اور مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بار جارہ کا مجرور ہے اور جار اپنے مجرور سے مل کر اَبْتَدِئُ فعل مقدر کے متعلق ہے۔ اور ابتدأ فعل اس میں ضمیر انا مستتر فاعل ہے۔ پس فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوگیا۔

فائدہ :- یہاں جار ومجرور کا متعلق یا تو فعل ہے یا اسم۔ ہر ایک دو قسم پر ہے۔ یا تو عام ہوگا یا خاص۔ پس یہ چار قسمیں ہوئیں پھر ہر ایک یا مقدم ہوگا یا مؤخر پس کل آٹھ قسمیں ہوئیں۔ اگر عامل اسم ہو خواہ عام ہو یا خاص۔ مقدم ہو یا مؤخر تو اس وقت

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

مطلب خیز ترجمہ؛ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ثابت ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ اور رحمتِ کاملہ اور سلامتی نازل ہو جیو

بقیہ گزشتہ صفحہ) وہ اسم مبتدا ہوگا اور بسم اللہ الخ ثابت مقدرسے متعلق ہوکر خبر ہوگی مثلاً اسم عام مقدم جیسے ابتدائی بسم اللہ الخ اسم خاص مقدم جیسے قرأتی بسم اللہ الخ موخر جیسے بسم الخ ابتدائی اور بسم اللہ الخ قرأتی اور اگر عامل فعل ہو خواہ عام ہو مقدم جیسے ابتدأ بسم الخ موخر بسم اللہ الخ ابتدأ خواہ خاص ہو مقدم جیسے اقرأ بسم اللہ الخ موخر جیسے بسم اللہ الخ اقرأ۔ ان اقسام ہشتگانہ میں سب سے اعلیٰ و عمدہ آخری قسم ہے۔ یعنی جب عامل فعل خاص ہو اور موخر ہو اس لئے کہ اس صورت میں مشرکین کے طریقے پر رد ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وہ ہر کام کو باسم اللات والعزیٰ شروع کیا کرتے تھے۔ پس موحدین کو لازم ہے کہ وہ اس مقام میں بلکہ ہر کام کے شروع میں اللہ تعالیٰ کا نام حصر و اختصاص سے لیں اور یہ حصر و اختصاص اسی وقت حاصل ہو سکتا ہے جبکہ معمول کو اس کے عامل پر مقدم کیا جائے اور فعل خاص سے فعل کی بھی تعیین ہو جائے گی (متعلقہ صفحہ ہذا) تحقیقات۔ قولہ الحمد بالفتح بمعنی تعریف اس کی جمع مستعمل نہیں ہے اور محامد محمدۃ کی جمع ہے نہ کہ حمد کی۔ حمدًا و محمدًا فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا۔ از سمع۔ اور اصطلاح میں حمد اس ثناء کو کہتے ہیں جو زبان سے جمیل اختیاری پر تعظیم کے ارادہ سے ہو خواہ نعمت کے مقابلہ میں ہو یا بغیر نعمت کے ہو۔ اور شکر وہ ہے جو تعظیم منعم پر دلالت کرے اور نعمت کے مقابلہ میں ہو خواہ وہ زبان سے ہو یا دل سے۔ یا اعضاء و جوارح سے۔ پس حمد باعتبار مورد و محل شکر سے خاص ہے اس لئے کہ حمد کا مورد و محل صرف زبان ہے۔ اور شکر کا مورد زبان اور دل اور جوارح ہیں۔ لہٰذا شکر حمد سے عام ہے اور باعتبار متعلق حمد شکر سے عام ہے اس لئے کہ حمد نعمت اور غیر نعمت دونوں کے مقابلہ میں ہوتی ہے۔ بخلاف شکر کے کہ وہ صرف نعمت کے مقابلہ میں ہوتا ہے۔ اور مدح اس ثناء کو کہتے ہیں جو جمیل اختیاری پر ہو یا غیر اختیاری پر۔ بخلاف حمد کے کہ اسمیں محمود علیہ کا اختیاری ہونا ضروری ہے۔ اگرچہ حکمًا ہی کیوں نہ ہو جیسے صفات باری تعالیٰ۔ پس حمدت زیدًا علیٰ علمہ و کرمہ کہہ سکتے ہیں۔ لیکن حمدت زیدًا علیٰ حسنہ نہیں کہہ سکتے بلکہ مدحت زیدًا علیٰ حسنہ کہیں گے۔ اسی طرح مدحت اللؤلؤ علیٰ صفائہا۔ کہہ سکتے ہیں۔ حمد کا مقابل ذم، مدح کا مقابل ہجو، اور شکر کا مقابل کفران ہے اور ثناء کا مقابل کبھی ہجو اور کبھی مدح ہوتا ہے۔ قولہ ربّ یہ صفت مشبہ ہے اس کی جمع ارباب ہے اور یہ چند معنی میں مستعمل ہے۔ پالنے والا، مالک وغیرہ۔ آخری معنی کے لحاظ سے بغیر اضافت استعمال نہیں کیا جاتا جیسے رب الدار، رب الفرس۔ اور اول معنی کے لحاظ سے اضافت اور بغیر اضافت دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے جیسے قولہ تعالیٰ ورب غفور۔ ربکم و رب اٰبائکم الاولین۔ اور شیخ کے قول میں معنی اول مراد ہیں۔ بعض نے اس کو مصدر کہا ہے بمعنی پرورش کرنا۔ از باب نصر۔ لیکن اس وقت ذات باری تعالیٰ پر اس کا اطلاق بطور مبالغہ ہو گا جیسے زید عدل میں یا وہ اسم فاعل کے معنی میں ہے بمعنی پرورش کرنے والا یا وہ اسم فاعل کا مخفف ہے۔ قولہ العالمین بفتح لام یہ عالَم بفتح لام کی جمع ہے بمعنی جہان۔ یہ اسم آلہ معنوی ہے کیونکہ بعض محققین کے نزدیک فاعَل بفتح عین ایک وزن ہے جو کہ اسم آلہ کے معنی کا فائدہ دیتا ہے جیسے خاتَم بمعنی ما یختم بہ پس عالم بمعنی "ما یعلم بہ الشیٔ" یعنی وہ چیز جس سے دوسری چیز معلوم ہو۔ لیکن بعد میں اس کا استعمال اس چیز میں غالب ہو گیا ہے۔ جس سے صانع معلوم ہو۔ اور وہ ماسوائے اللہ تعالیٰ ہے۔ پس عالم عرف میں جمیع ماسوائے اللہ تعالیٰ کو کہتے ہیں۔ اس کی جمع عالمون و عالمین اور عوالم ہیں۔ اور یہ باب سمع سے ہے مصدر علم بمعنی حقیقت علم کو پالینا۔ جاننا۔ قولہ الصلوۃ بمعنی رحمت کاملہ اور بعض کے نزدیک مشترک لفظی ہے یعنی جبکہ اس کی نسبت خدائے تعالیٰ کی طرف ہو تو مراد رحمت ہے۔ اور جب ملائکہ کی طرف ہو تو مراد استغفار ہے۔ اور جب مؤمنین کی طرف ہو تو مراد دعا ہے۔ اور جب طیور و ہوام کی طرف ہو تو مراد تسبیح۔ اس کی جمع صلوات ہے۔ صلاۃً از تفعیل بمعنی دعا کرنا، نماز پڑھنا۔ ناقص واوی صُلیًا و صِلیًا از سمع بمعنی آگ کی گرمی برداشت کرنا، آگ میں جلنا، ناقص یائی۔ قولہ سلام بمعنی تحیت، سلامتی۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک ہے۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔

ترکیب۔ الحمد مبتدا لام جارہ لفظ اللہ موصوف رب العالمین مضاف مضاف الیہ صفت موصوف باصفت مجرور جار با مجرور ثابت مقدر سے متعلق ہو کر خبر ہوئی پس مبتدا خبر جملہ اسمیہ ہوا

علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین امابعد فہذہٖ حکایات غریبۃ جمعہا شیخنا

مطلب خیز ترجمہ :۔ ہمارے سردار پر جن کا مبارک نام محمدؐ ہے اور ان کے تمام آل اور اصحاب پر۔ امابعد۔ یہ ایسی انوکھی حکایتیں ہیں جن کو ہمارے بزرگ

تحقیقات : قولہ سید بمعنی سردار اس کی جمع سادۃ اور سیائد ہیں۔ اور سائد بمعنی سید جمع سادۃ جمع الجمع سادات ہیں سوددًا وسیادۃ وسیدودۃ از نصر بمعنی شریف ہونا، سردار ہونا اور بزرگ ہونا اجوف واوی ہے سیادسل میں سیوئد تھا مرمی کے قاعدہ سے واؤ کو یا کرکے یا کو یا میں ادغام کردیا۔ قولہ آل۔ یہ اسم جمع ہے بمعنی اولاد۔ اس کا اطلاق صرف اشراف میں ہوتا ہے۔ خواہ شرافت دینی ہو خواہ دنیوی جیسے آل نبیؐ آل فرعون۔ اور آل الحجام وآل الاسکاف نہیں کہا جاتا ہے۔ بخلاف اہل کے کہ وہ عام ہے اشراف اور ارذال دونوں میں اس کا استعمال ہوتا ہے جیسے اہل السلطان واہل الحجام دونوں بولے جاتے ہیں۔ آہل کی جمع اہالی واہال واہلات واہلون واہلین آتی ہیں۔ پھر آل اصل میں اہل تھا کیونکہ اس کی تصغیر اُہیل آتی ہے۔ ہا، اور ہمزہ حرف حلق میں ہونے کی وجہ سے ہا کو ہمزہ سے بدل دیا۔ اس کے بعد ہمزہ کو بقاعدہ آمن الف سے بدل لیا پھر آل ہوگیا۔ اور کسائی کے نزدیک اس کی اصل أَوْلٌ تھی۔ کیونکہ اس کی تصغیر اُوَیْلٌ آتی ہے۔ پس واؤ کو الف سے دیا۔ قولہ صحب۔ یہ صاحب بمعنی دوست، ساتھی کی جمع ہے۔ صُحبۃ وصحاب وصحبان وصِحابۃ وصَحابۃ اس کی جمع آتی ہیں اصحاب صحب کی جمع ہے اور صاحب کی جمع الجمع ہے اور اصاحیب اصحاب کی جمع ہے۔ اور اصحاب وہ لوگ ہیں جنھوں نے ایمان کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت پائی اور موت تک ایمان پہ قائم رہیں۔ قولہ اما۔ یہ حرف شرط و تاکید ہے۔ اما الذین آمنوا فیعلمون انہ الحق۔ وحرف تفصیل۔ امازید فرج۔ جواب اما میں فاء واجب ہے۔ وحرف استیناف۔ اور ابتدائے کلام کیلئے ہے۔ قولہ بعد یہ ظرف زمان ہے۔ اس کی تین حالتیں ہیں۔ دو حالت میں معرب ہے اور ایک حالت میں مبنی ہے کیونکہ اس کا مضاف الیہ مذکور ہوگا یا محذوف۔ پھر اگر محذوف ہو تو دو حال سے خالی نہیں۔ یا نسیًا منسیًا محذوف ہوگا۔ یا محذوف منوی۔ یعنی نیت میں باقی رہے گا اگرچہ لفظاً محذوف ہو اور اس آخری صورت میں ضمہ پر مبنی ہوگا۔ اور پہلی دونوں صورتوں میں معرب ہوگا۔ قولہ ھذہٖ۔ یہ اسم اشارہ مونث کے لئے موضوع ہے اور مشار الیہ کتاب تلیوبی ہے۔ اور خبر چونکہ لفظ حکایات مونث ہے اس لئے اسم اشارہ مونث لایا گیا۔ قولہ حکایات۔ یہ حکایۃ بمعنی کہانی، نقل کی جمع ہے یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ حکایۃً از ضرب بمعنی نقل کرنا ناقص یائی۔ قولہ غریبۃ۔ بمعنی انوکھی جمع غرائب۔ غرابۃ از کرم بمعنی پوشیدہ ہونا، مخفی ہونا۔ قولہ جمع ماضی واحد مذکر غائب از فتح۔ مصادر جمعٌ۔ بمعنی جمع کرنا، اکٹھا کرنا۔ قولہ الشیخ بم بڈھا جمع شیوخ واَشیاخ وشِیخۃ وشیخان وشَیخۃ ومَشیخۃ ج مشائخ واشائخ اور تصغیر شُیَیْخ ہے اور شیخ کا اطلاق استاد، عالم، سردار قوم اور ہر اس شخص پر ہوتا ہے۔ جو لوگوں کے نزدیک علم۔ فضیلت اور مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔ شیخًا شیخوخۃ وشیخوختہ از ضرب بم بڈھا ہونا اجوف یائی

ترکیب :۔ الصلوٰۃ والسلام۔ معطوف با معطوف علیہ مبتدا۔ علی جارہ سیدنا مرکب اضافی۔ مبدل منہ اپنے بدل لفظ محمدؐ سے مل کر معطوف علیہ ہوا۔ آلہ وصحبہ معطوف با معطوف علیہ مؤکد منہ۔ اور اجمعین تاکید۔ مؤکد منہ با تاکید معطوف ہے اور معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور ہوا۔ جار مجرور نازلتان مقدر سے متعلق ہوکر خبر ہوئی۔ پس مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہوگیا۔ اما یہ استیناف اور ابتدائے کلام کیلئے ہے۔ بعد مضاف اپنے مضاف الیہ محذوف یعنی حمد وصلوٰۃ کے ساتھ ملکر یکن فعل محذوف سے ظرف متعلق ہے اور یکن اما کے ضمن میں ہے کیونکہ اما معنی شرط کا متضمن ہے۔ پس تقدیر عبارت اس طرح پر ہوگی۔ مہما یکن من شئ بعد الحمد والصلوٰۃ پس من شئ جار مجرور یکن کا معنیً فاعل ہوا۔ اور یکن فعل اپنے فاعل اور ظرف متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط ہوئی یا من شئ میں من زائدہ اور شئ فاعل ہے فہذہ الخ جزا یعنی۔ ہذہٖ اسم اشارہ مبتدا۔ مشار الیہ کتاب تلیوبی ہے۔ حکایات موصوف اور اس کی دو صفتیں ہیں۔ ایک مفرد یعنی غریبۃ دوم مرکب یعنی جمعہا الخ یعنی جمع فعل با ضمیر منصوب مفعول مقدم شیخنا واستاذنا معطوف علیہ با معطوف موصوف

واستادنا الشیخ الامام العلامۃ الحبر البحر الفہامۃ شیخ الاسلام والمسلمین ووارث علوم سید المرسلین فرید عصرہ ووحید دھرہ الشیخ احمد شہاب الدین القلیوبی رحمہ اللہ تعالیٰ ونفعنا ببرکاتہ فی الدین والدنیا والآخرۃ۔ آمین۔

مطلب خیز ترجمہ :- اور ہمارے استاد شیخ امام علامہ دانا وفہامہ بحر علم عقلمند اسلام اور مسلمانوں کے شیخ سید المرسلین کے علوم کے وارث، یگانۂ زمانہ ویگانۂ روزگار شیخ احمد شہاب الدین القلیوبی رحمہ اللہ نے جمع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی برکتوں سے دین اور دنیا اور آخرت میں ہم کو نفع بخشے۔ آمین

تحقیقات :- قولہ استاذ۔ یہ استاذ کا معرب ہے۔ اس کی جمع اساتذہ ہے۔ قولہ امام۔ (مذکر ومونث) بمعنی پیشوا جس کی اقتدا کیجائے۔ ج ائمۃ۔ اَمّا از نصر بمعنی قصد کرنا۔ وامامۃ بمعنی امام بننا۔ مہموز فا اور مضاعف ثلاثی سے جنس مرکب ہے۔ قولہ العلامۃ یہ اسم فاعل مبالغہ ہے بمعنی زیادہ جاننے والا اس میں تاء تانیث کیلئے نہیں ہے۔ بلکہ مبالغہ کیلئے۔ اور غیر اللہ پر اس کا اطلاق ہوتا ہے پھر بھی شائبہ تانیث کی وجہ سے اللہ تعالیٰ پر بغیر تاء یعنی علام کا اطلاق ہوتا ہے قولہ الحبر۔ بمعنی نیک عالم، خوشی ونعمت، دانشمند جمع احبار وحبور مصدر حَبْرۃً از نصر بمعنی خوش کرنا۔ وحَبَرًا وحُبورًا از سمع بمعنی خوش ہونا۔ قولہ البحر۔ بمعنی دریا ج بحار، بحور، ابحُر۔ قولہ فہامۃ یہ علامۃ کی طرح مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنی زیادہ سمجھدار۔ مصدر فہم از سمع بمعنی سمجھنا۔ قولہ الاسلام۔ یہ باب افعال کا مصدر ہے بمعنی مسلمان ہونا اور فرمانبرداری کرنا۔ مذہب اسلام۔ اور کبھی مسلمانوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے قولہ وارث۔ اسم فاعل از حسب بمعنی میراث پانے والا ج ورثۃ، وارثون۔ مصدر وِرْثًا وارْثۃً وِرثۃً وتُراثًا۔ ورث بمعنی وارث ہونا۔ مثال واوی۔ قولہ مرسلین۔ مرسل اسم مفعول بمعنی بھیجا ہوا کی جمع ہے از افعال مصدر ارسال بمعنی بھیجنا۔ قولہ فرید بمعنی یکتا، ایک، چھوٹا موتی جو سونے اور بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو ج فرائد۔ مصدر فرودٌ از نصر وسمع وکرم بمعنی اکیلا ہونا۔ قولہ عصر بمعنی زمانہ ج اعصار، عصور، عُصُرٌ واَعْصُرٌ اور اعصار کی جمع اعاصر ہے۔ قولہ وحید۔ یہ صیغۂ صفت ہے۔ بمعنی اکیلا، یگانہ۔ جمع وُحَدانٌ از ضرب ووَحُدَ یَوْحُدُ از کرم مصدر وَحادۃً ووُحودۃً ووُحودًا ووَحدۃً۔ وحودًا ووحدۃً از ضرب بمعنی اکیلا ہونا مثال واوی۔ قولہ دھر بمعنی زمانۂ طویل، لمبی مدت۔ اور یہ عصر کا مرادف ہے ج دھور وادھر۔ قولہ شہاب۔ آگ کی لپک ٹوٹا ہوا تارہ، تارہ، نیزہ کا پھل یہاں معنی ثالث مراد ہیں ج اشہب وشُہُبٌ وشُہْبانٌ وشِہبانٌ۔ قولہ دین۔ مصدر ہے بمعنی مذہب حساب اسی سے ہے۔ یوم الدین ملکیت، قدرت، حکم، حالت، عادت وغیرہ۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ ج ادیان۔ اجوف یائی۔ شہاب الدین یا تو شیخ کا نام ہے یا صفت۔ قولہ قلیوبی یہ قلیوب کی طرف منسوب ہے جو کہ ایک گاؤں کا نام ہے قولہ نفع ماضی واحد مذکر غائب از فتح مصدر نفع بمعنی نفع دینا، فائدہ پہونچانا۔ قولہ برکۃ۔ زیادتی بھلائی، نیک بختی۔ ج برکات قولہ دنیا۔ بمعنی موجودہ زندگی، یہ جہاں۔ ج دُنًی۔ دنیا۔ ادنی اسم تفضیل کا مونث ہے۔ یہ اگر دناءۃ سے ماخوذ ہے تو خسیس ترنسبت آخرت ہے اور اگر دنو سے ماخوذ ہے تو قریب تر نسبت آخرۃ کے۔ مصدر دنوٌ از نصر بمعنی قریب ہونا۔ چونکہ دنیا آخرۃ کی نسبت قریب الفنا اور قلیل المدۃ ہے۔ اسلئے اس کو دنیا کہتے ہیں۔ ناقص واوی۔ قولہ آخرۃ۔ آخر بمعنی پچھلی، دار البقاء۔ قولہ آمین اسم فعل بمعنی تقبل امر حاضر یعنی قبول کر

ترکیب :- شیخنا واستاذنا معطوف علیہ با معطوف موصوف اور الشیخ سے وحید دھرہ تک آٹھ صفتیں ہیں الشیخ۔ الامام۔ العلامۃ۔ الحبر۔ البحر۔ الفہامۃ۔ شیخ الاسلام والمسلمین ووارث علوم المرسلین (معطوف با معطوف علیہ)۔ فرید عصرہ ووحید دھرہ۔ شیخنا موصوف اپنی صفات ہشتگانہ سے ملکر مبدل منہ ہوا۔ الشیخ احمد شہاب الدین موصوف اور القلیوبی صفت ملکر بدل ہوا۔ مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر جمع کا فاعل ہوا پس فعل اپنے فاعل ومفعول سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حکایات کی صفت ثانی ہے۔ حکایات اپنی دونوں صفتوں سے ملکر خبر ہوئی۔ اب مبتدا اپنی خبر

حکایت (۱) ۔ حکی ان رجلاً اشتری غلاماً فقال لہ یا مولای ارید منك ثلاثة شروط احدها ان لا تمنعنی عن الصلوٰة اذا دخل وقتها والثانی ان تستخدمنی بالنهار

مطلب خیز ترجمہ ۔ منقول ہے کہ ایک شخص نے ایک غلام خریدا۔ غلام نے مالک سے کہا اے میرے آقا! میں آپ سے تین شرطیں چاہتا ہوں پہلی شرط یہ ہے کہ جب نماز کا وقت آجائے تو مجھے اس سے نہ روکیں۔ دوسری شرط یہ ہے کہ آپ مجھ سے دن کو خدمت لیں۔

تحقیقات ۔ حکی ماضی مجہول واحد مذکر غائب مصدر حکایۃ از ضرب بمعنی نقل کرنا۔ ناقص یائی۔ قولہ رجل۔ بمعنی مرد اس کی جمع رجال ہے۔ قولہ اشتری۔ ماضی واحد مذکر غائب از افتعال مصدر اشتراء بمعنی خریدنا اور بیچنا۔ اور یہاں معنی اول مراد ہیں۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے اور ناقص یائی ہے۔ قولہ غلام بمعنی سبز خط، نوجوان، مزدور، بندہ۔ یہاں آخری معنی مراد ہیں جمع غلمان وغلمہ واغلمۃ۔ قولہ قال ماضی واحد مذکر غائب از نصر مصدر قولٌ بمعنی کہنا اس معنی میں اکثر صلہ لام آتا ہے اگر صلہ فی ہو تو تفکر کے معنی میں آتا ہے اور بصلہ علیٰ افتراء کے معنی میں ہے اور بصلہ عن روایت کے معنی میں آتا ہے اور بصلہ باء اخذ، اشارہ اور اعتقاد کے معنی میں ہے اور اگر قال قیلولۃ سے مشتق ہو تو دوپہر کو سونے کے معنی میں ہوتا ہے از ضرب۔ اس صورت میں مادہ قیل ہے اجوف یائی اور پہلی صورت میں اجوف واوی ہے۔ قولہ مولیٰ اس کے چند معانی ہیں۔ مالک وسردار، غلام آزاد کرنے والا، آزاد شدہ، انعام دینے والا، جس کو انعام دیا جائے، دوست، پڑوسی، مہمان، چچازاد بھائی وغیرہ۔ ج موالی۔ یہ لغات اضداد میں سے ہے۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ ارید مضارع معروف واحد متکلم از افعال مصدر ارادۃ بمعنی چاہنا۔ ارادہ کرنا۔ اور لفظ ارادۃ تعلیلاً وجنساً اقامۃ کی طرح ہے قولہ شروط یہ شرط کی جمع ہے بمعنی عہد وپیمان قولہ احد بمعنی یک ج آحاد بمعنی ایک ایک کر کے قولہ لا تمنع مضارع منفی منصوب بان واحد مذکر حاضر از فتح مصدر منع بمعنی روکنا۔ قولہ دخل۔ ماضی معروف واحد مذکر غائب از نصر مصدر دخول بمعنی داخل ہونا، اندر آنا قولہ وقت بمعنی زمانہ ج اوقات قولہ تستخدم۔ مضارع واحد مذکر حاضر از استفعال مصدر استخدام بمعنی خدمت طلب کرنا، خاصیت طلب ماخذ ہے قولہ النهار بمعنی دن جمع قلت اَنْهُرٌ اور جمع کثرت نُہُرٌ بضمتین ہے۔

ترکیب ۔ (بقیہ گذشتہ صفحہ) سے مل کر جملہ اسمیہ ہوگیا۔ قولہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔ رحم فعل ہ ضمیر مفعول لفظ اللہ ذوالحال تعالیٰ فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر حال ہے حال اور ذوالحال مل کر فاعل ہوا۔ فعل با فاعل و مفعول جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ۔ نفع فعل با فاعل نا ضمیر مفعول ببرکاتہ جار با مجرور متعلق اول ہے۔ فی الدین والدنیا والآخرۃ۔ جار با مجرور متعلق ثانی۔ پس فعل اپنے فاعل ومفعول اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف اور معطوف علیہ مل کر جملہ معطوفہ معترضہ دعائیہ ہوا (متعلقہ صفحہ ھٰذا) حکی فعل مجہول رجلاً اسم ان اشتری غلاماً جملہ فعلیہ ہو کر ان کی خبر ہے پس انّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر بتاویل مفرد حکی کا نائب فاعل ہے۔ قولہ فقال یا مولای ۔ ۔ ۔ ۔ ثلاثة شروط۔ فاء تعقیبیہ قال فعل ضمیر ہو مستتر اس میں فاعل۔ لہ اس کا متعلق۔ پس جملہ فعلیہ ہو کر قول ہے۔ یا مولای میں حرف ندا اپنے منادی سے مل کر ندا ہوا۔ ارید فعل ضمیر مستتر انا فاعل منك متعلق اور ثلاثة ممیز مضاف اپنے تمیز مضاف الیہ شروط سے مل کر ارید کا مفعول ہے۔ پس فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب ندا ہوا۔ اب ندا اور جواب ندا مل کر جملہ ندائیہ ہو کر مقولہ ہوا۔ قولہ احدها ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اذا دخل وقتها۔ احدها مضاف با مضاف الیہ مبتدا ہے من الصلوٰۃ جار با مجرور لا تمنع کا متعلق ہے۔ لا تمنع فعل ضمیر مستتر انت فاعل نون وقایہ ویائے متکلم مفعول ہے اور اذا ظرفیہ اسم شرط دخل وقتها جملہ فعلیہ کی طرف مضاف ہے مضاف با مضاف الیہ لا تمنع کا ظرف متعلق ہے پس فعل اپنے فاعل اور مفعول اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مبتدا کی خبر ہے اور یہ بھی صحیح ہے کہ لا تمنعنی عن الصلوٰۃ جملہ ہو کر جزاء مقدم اور اذا دخل وقتها شرط مؤخر ہو پھر جملہ شرطیہ ہو کر مبتدا کی خبر ہو۔ قولہ والثانی ۔ ۔ ۔ ۔ لا تشغلنی باللیل۔ الثانی مبتدا تستخدم فعل

(بقیہ صفحہ آئندہ)

ولا تشغلنی باللیل والثالث ان تجعل لی بیتا لا یدخله احد غیری فقال له لك ذلك فانظر الی هٰذه البیوت فطاف بها حتی رأی بیتا خرابا فاختاره فقال له مولاه

مطلب خیز ترجمہ:- اور رات کو مجھے اپنی خدمت میں مشغول نہ رکھیں۔ اور تیسری شرط یہ ہے کہ میرے لئے ایک کوٹھری مقرر کر دیجئے کہ میرے علاوہ دوسرا اسمیں داخل نہ ہو سکے۔ آقا نے کہا تیری یہ سب شرطیں منظور ہیں۔ پس ان کوٹھریوں کو دیکھ۔ غلام نے مکان کی کوٹھریوں کا چکر لگایا اور ایک ویران کوٹھری کو دیکھا اور اس کو پسند کیا۔ آقا نے کہا۔

تحقیقات:- قولہ لا تشغل۔ مضارع منفی معروف واحد مذکر حاضر از فتح مصدر شغل۔ بصلہ با بمعنی مشغول کرنا اور بصلہ عن بمعنی اعراض کرنا۔ شیخ کے قول میں بصلہ با مستعمل ہے۔ لہٰذا معنی اول مراد ہیں۔ قولہ لیل رات (مذکر و مونث) ج لیالی۔ یاء کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس اور لیائل بھی کہا گیا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ لیل واحد معنی میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لیلۃ ہے جیسے تمر و تمرۃ اور کہا گیا ہے کہ لیل لیلۃ کی طرح ہے جیسے کہ عشی و عشیۃ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے اور لیلۃ یوم کے۔ قولہ تجعل مضارع معروف واحد مذکر حاضر از فتح مصدر جعل بمعنی بنانا، پیدا کرنا۔ قولہ بیت بمعنی گھر، مکان ج بیوت و ابیات و جج بیوتات و ابابیت اور بقول بعض بیوتات و ابابیت اشراف کیلئے مختص ہیں تصغیر بُیَیْتٌ قولہ غیر۔ بمعنی سوائے اور دوسرا۔ ج اغیار۔ یہ لفظ اصلاً صفت کیلئے ہے لیکن کبھی استثناء کے لئے بھی آتا ہے اور بغیر اضافت کے مستعمل نہیں ہوتا ہے اور زیادتی ابہام کی وجہ سے اضافت کے باوجود ہمیشہ نکرہ رہتا ہے۔ لہٰذا احد نکرہ کی صفت واقع ہونے میں کوئی اعتراض وارد نہ ہوگا۔ قولہ انظر۔ امر واحد مذکر حاضر از نصر مصدر النَّظَرُ دیکھنا۔ بصلہ الی بمعنی غور سے دیکھنا اور بصلہ لام بمعنی شفقت کرنا، رحم کرنا اور بصلہ فی بمعنی سوچنا، فکر کرنا۔ قولہ طاف ماضی واحد مذکر غائب از نصر مصدر طوف بمعنی گھومنا، چکر لگانا۔ اجوف واوی قولہ رأی۔ ماضی واحد مذکر غائب از فتح مصدر رُؤیۃ بمعنی دیکھنا۔ مہموز عین اور ناقص یائی سے جنس مرکب ہے۔ لِمَہ۔ اذا دخل حرف الجر علی ما الاستفہامیۃ یجب حذف الالف من آخرہا۔ تاکہ اس سے الف حذف ہو کر بجائے لما لِمَہ ہوگیا جیسے لِمَ خلق وعَمَّ یتساءلون ولِمَ تقولون ما لا تفعلون۔ قولہ اختار ماضی واحد مذکر غائب از افتعال مصدر اختیار۔ چن لینا، انتخاب کرنا، ذخیرہ کرنا۔ اجوف یائی قولہ خراب۔ بمعنی ویران ج اخربۃ و خِرَاب۔ خرب البیت خَرَبًا و خرابًا۔ از سمع بمعنی اجاڑ ہونا صیغہ صفت خَرِبٌ۔

ترکیب:- (بقیہ گذشتہ صفحہ) اپنے فاعل ضمیر مستتر انت اور نون وقایہ و یائے متکلم مفعول بہ اور بالنہار متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا۔ اور لا تشغل فعل اپنے فاعل مستتر انت اور مفعول اور متعلق باللیل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہے۔ پس معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہو کر خبر ہے۔ پس مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہوا (متعلقہ صفحہ ھذا) قولہ الثالث۔۔۔ احد غیری۔ الثالث مبتدا۔ احد موصوف اپنی صفت غیری سے مل کر لا یدخل فعل کا فاعل ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول ہٗ ضمیر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر بیتا کی صفت ہے۔ پس موصوف اپنی صفت سے ملکر تجعل فعل کا مفعول ہے اور لی فعل کا متعلق اور فاعل ضمیر انت مستتر ہے۔ پس فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہوئی۔ اب مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہوا۔ قولہ قال۔۔۔ لك ذلك قال فعل اپنے فاعل ضمیر مستتر ہو اور لہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر قول ہے۔ لك جار با مجرور ثابت شبہ فعل محذوف سے مل کر متعلق ہو کر خبر مقدم ہے۔ اور ذلك مبتدائے مؤخر۔ پس مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مقولہ ہے قولہ فانظر فعل ضمیر مستتر انت فاعل اور الی ہذہ البیوت متعلق مل کر جملہ فعلیہ ہوگیا۔ قولہ فطاف بہا۔۔۔ فاختارہ۔ طاف فعل ضمیر مستتر ہو فاعل۔ بہا متعلق اول رأی فعل با فاعل اور بیتا موصوف اپنی صفت خرابا سے ملکر رأی کا مفعول ہوا پس فعل با فاعل و مفعول جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہوا فا عاطفہ اختارہ فعل اپنے ضمیر مستتر ہو فاعل ہٗ ضمیر مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہوا۔ اب معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر حتی حرف

(بقیہ صفحہ آئندہ)

لِمَا اخترتَ الخرابَ فقال یا مولایَ اَمَا علمتَ اَنَّ الخرابَ یکون مَعَ اللهِ عِمارةً وبستاناً فصار الغلام یأوی الیہ اللیل ففی بعض اللیالی اتخذ مولاہ مجمعاً للشراب واللھو فلما انتصف اللیل وتفرق اصحابہ

مطلب خیز ترجمہ: کہ تم نے یہ ویران کوٹھری کیوں پسند کی۔ اس نے کہا اے میرے سردار! کیا آپ کو یہ معلوم نہیں کہ ویران مقام اللہ تعالیٰ (کے ذکر) سے آباد ہو جاتا ہے۔ چنانچہ وہ غلام رات کو اس کوٹھری میں پناہ گزین ہونے لگا۔ (اتفاقاً) اس کے آقا نے ایک رات شراب اور ناچ ورنگ وغیرہ کی ایک مجلس منعقد کی، جب آدھی رات ہوئی اور اس کے احباب منتشر ہوگئے

تحقیقات: قولہ عمارۃ بمعنی آبادی جس سے مکان آبادی ہو۔ ج عمارات۔ قولہ بستان بمعنی باغ۔ یہ لفظ بوستان کا معرّب ہے۔ ج بساتین۔ قولہ صار یہ فعل ناقص ہے اور انتقال کیلئے موضوع ہے خواہ ایک حقیقت سے دوسری حقیقت کی طرف انتقال ہو جیسے صار الطین خزفاً ای انتقل من حقیقۃ الطین الیٰ حقیقۃ الخزف۔ خواہ ایک صفت سے دوسری صفت کی طرف انتقال ہو جیسے صار زید عالماً ای انتقل من صفۃ الجہل الیٰ صفۃ العلم۔ قولہ یأوی مضارع معروف واحد مذکر غائب از ضرب مصدر اُوِیٌّ واِوَاءٌ بمعنی پناہ لینا۔ مہموز فاء اور لفیف مقرون سے جنس مرکب ہے۔ قولہ بعض کسی چیز کا ٹکڑا ج ابعاض۔ قولہ اتخذ ماضی واحد مذکر غائب از افتعال مصدر الاتخاذ بمعنی بنا لینا، کر لینا۔ مہموز فاء۔ قولہ مجمعا اسم ظرف بمعنی جمع کرنے یا جمع ہونے کی جگہ، اکاڈمی، محفل ج مجامع از فتح مصدر جمع اکٹھا کرنا، جمع کرنا۔ قولہ شراب۔ بمعنی ہر ایک پینے کی چیز۔ اور اس کا اکثر استعمال خمر میں ہوتا ہے اور یہاں بھی یہی معنی مراد ہیں ج اشربۃ۔ قولہ لھو کھیل کود، وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ لھوًا از نصر بمعنی کھیلنا۔ ناقص واوی۔ قولہ انتصف ماضی واحد مذکر غائب از افتعال۔ مصدر الانتصاف بمعنی آدھے تک پہنچنا۔ قولہ تفرق ماضی واحد مذکر غائب از تفعل مصدر التفرق بمعنی جدا ہونا۔ یہ ضد ہے التجمع کی کہا جاتا ہے تفرقت بہم الطرق یعنی ہر ایک ایک راستہ کو ہو لیا۔

ترکیب: (بقیہ گذشتہ صفحہ) حرف جار کا مجرور ہے۔ پس جار اپنے مجرور سے مل کر ظاف فعل کا متعلق ثانی ہے باقی ظاہر ہے۔ فقال لہ مولاہ ..... مولاہ مضاف با مضاف الیہ قال کا فاعل ہے اور لہ متعلق ہے پس فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قول ہوا۔ (متعلقہ صفحہ ھذا) لم اخترت الخراب۔ لام حرف جار مَا ئے استفہامیہ مجرور جار با مجرور اخترت سے متعلق مقدم ہے اور اخترت فعل ضمیر بارز تَ فاعل اور الخراب مفعول ہے پس فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مقولہ ہے۔ قولہ فقال یا مولای .... بستانا۔ قال فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر قول ہے یا مولای حرف ندا با منادیٰ ندا ہوا۔ ہمزہ استفہامیہ۔ ما علمت فعل با فاعل الخراب اسم انّ یکون فعل ناقص ضمیر مستتر اس کا اسم اور مع اللہ مضاف با مضاف الیہ یکون کا متعلق ہے عمارۃ وبستانا معطوف با معطوف علیہ یکون کی خبر ہے پس یکون اپنے اسم اور خبر ومتعلق سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر خبر انّ ہے اب انّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر بتاویل مفرد ما علمت کا مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب ندا ہے۔ ندا با جواب ندا مقولہ ہے۔ قولہ فصار الغلام یأوی الیہ۔ الغلام اسم صار یأوی الیہ فعل با فاعل ومتعلق جملہ فعلیہ ہو کر خبر صار باقی ظاہر ہے۔ قولہ ففی بعض ..... اللھو فی بعض اللیالی۔ جار با مجرور اتخذ فعل کا متعلق مقدم ہے مولاہ مضاف با مضاف الیہ اتخذ کا فاعل ہے۔ للشراب واللھو معطوف علیہ با معطوف لام جارہ کا مجرور ہے اور جار اپنے مجرور سے ملکر مجمعاً سے متعلق ہے اور مجمعاً اپنے متعلق سے ملکر اتخذ کا مفعول ہے باقی ظاہر ہے قولہ فلما ..... لمّا حرف شرط انتصف فعل اپنے فاعل اللیل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ہے اور تفرق فعل اپنے فاعل اصحابہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہے پس معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر شرط ہوئی

قام یطوف فی الدار فوقف علی حجرۃ الغلام فاذا فیہا قندیل من نور معلق من السماء والغلام فی السجود یناجی ربہ وھو یقول الٰہی اوجبت علیّ خدمۃ مولای نہارًا

مطلب خیز ترجمہ:- تو وہ اٹھ کر گھر کا چکر لگایا اور غلام کے حجرہ پر ٹھہرا (تو کیا دیکھتا ہے) کہ اچانک اس میں نور کی ایک لالٹین ہے جو آسمان سے نیچے کو لٹکی ہوئی ہے اور غلام سجدے میں اپنے پروردگار سے یہ کہتا ہوا مناجات اور دعا کر رہا ہے کہ خداوندا تو نے دن کو مالک کی خدمت میرے ذمہ واجب کر دی ہے

تحقیقات:- قولہ قام۔ ماضی واحد مذکر غائب از نصر مصدر القیام بمعنی کھڑا ہونا۔ اصل میں قوم تھا اجوف واوی۔ واؤ کو ماقبل کی وجہ سے یاء سے بدل گئی قیام ہو گیا۔ اس معنی میں اکثر صلہ من آتا ہے کقولہ تعالیٰ انا اٰتیک بہ قبل ان تقوم من مقامک۔ قولہ الدار بمعنی گھر ج دُوْرٌ، دِیَارٌ، وأدْؤُرٌ، اَدْوُرٌ، اَدْوِرَۃٌ، دِیَارَۃٌ، اٰدُرٌ، دُوْرَاتٌ، دِیَارَاتٌ، دُوْرَانٌ و دِیْرَانٌ۔ قولہ وقف۔ ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر الوقوف بمعنی ٹھہرنا، چپ چاپ کھڑا ہونا۔ مثال واوی۔ قولہ حجرۃ چھوٹا کمرہ، قرہ باڑہ۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ ج حُجَرٌ، حُجُرَاتٌ، حُجَرَاتٌ و حُجْرَاتٌ۔ قولہ قندیل بمعنی لالٹین، فانوس ج قنادیلُ یہ لفظ دخیل ہے۔ قولہ نور۔ بمعنی روشنی۔ اور بقول بعض نور اس کیفیت کا نام ہے جس کو قوت باصرہ اولاً ادراک کرتی ہے اور اسی کے واسطہ سے مبصرات کا ادراک کرتی ہیں۔ ج انوار و نیران۔ قولہ معلق۔ اسم مفعول از تفعیل مصدر التعلیق بمعنی لٹکانا۔ قولہ السماء آسمان، فضائے واسع جو زمین کو احاطہ کی ہوئی ہو ج سماوات واسمیۃ وسمیٌّ، وسمیٌّ، السُّما (بالضم) بمعنی اچھی شہرت، کہا جاتا ہے شاع سماہ یعنی اسکی شہرت اور نیکنامی پھیل گئی۔ قولہ السجود باب نصر کا مصدر ہے بمعنی فروتنی سے جھکنا، عبادت کیلئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر ساجد ج سُجَّدٌ و سُجُوْدٌ۔ اور صفت مونث ساجدۃ ج ساجدات و سواجد۔ قولہ یناجی۔ مضارع واحد مذکر غائب از مفاعلہ مصدر مناجات بمعنی سرگوشی کرنا ناقص واوی۔ قولہ اوجبت ماضی واحد مذکر حاضر از افعال مصدر الایجاب واجب کرنا۔ مثال واوی اصل میں اوجاب تھا واؤ ساکن اور اس کا ماقبل مکسور اس لئے واؤ یاء سے بدل گئی قولہ خدمۃ مصدر ہے۔ باب نصر اور ضرب دونوں سے مستعمل ہے بمعنی خدمت کرنا صیغہ صفت خادم ج خُدّامٌ و خَدَمٌ۔

ترکیب:- قام فعل ضمیر مستتر ہو ذوالحال، یطوف فعل با فاعل اور فی الدار اس کا متعلق۔ پس فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال ہے۔ اب ذوالحال اپنے حال سے مل کر قام کا فاعل ہے۔ اور قام اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ہوا۔ فاء عاطفہ وقف فعل ضمیر مستتر ہو فاعل ہے اور علی حجرۃ الغلام وقف سے متعلق ہے۔ پس فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہوا۔ اب معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جزا ہوئی۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ فاذا فیہا..... من السماء۔ اذا مفاجاتیہ اس کے بعد اکثر ایک فعل مقدر رہتا ہے اور وہ اُحِسَّ ہے اور فیہا اس فعل محذوف سے متعلق ہے قندیل موصوف اس کی دو صفتیں ہیں۔ یعنی من نور جار با مجرور کائن محذوف سے متعلق ہو کر صفت اول ہے۔ اور معلق اپنے متعلق من السماء سے مل کر دوسری صفت ہے۔ پس قندیل اپنی دونوں صفتوں سے مل کر اُحِسَّ فعل محذوف کا مفعول مالم یسم فاعلہ ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ الغلام...... نہارا۔ الغلام مبتدا۔ یناجی فعل ضمیر مستتر ہو ذوالحال۔ فی السجود فعل کا متعلق ہے۔ ربہ مفعول وہو یقول آہ جملہ ہو کر حال ہے اور حال ذوالحال مل کر یناجی کا فاعل ہے۔ پس فعل با فاعل و مفعول و متعلق جملہ فعلیہ ہوا۔ وہو یقول......الخ۔ ہو مبتدا یقول فعل با فاعل جملہ ہو کر قول ہوا۔ الٰہی ندا ہے۔ اوجبت فعل با فاعل علیّ جار با مجرور اس سے متعلق ہے۔ خدمۃ مولای مضاف با مضاف الیہ مفعول ہے۔ اور نہارًا مفعول فیہ ہے پس فعل اپنے فاعل اور مفعول اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ہے۔

ولولاه ما اشتغلت الا بخدمتك ليلى ونهارى فاعذرنى ربى فلم يزل مولاه ينظر اليه حتى طلع الفجر فارتفع القنديل وانختم السقف ـ

مطلب خیز ترجمہ: اگر (میرے ذمہ) یہ خدمت نہ ہوتی تو شب و روز صرف تیری ہی خدمت میں مشغول رہتا۔ اے میرے پروردگار تو مجھے معذور رکھ۔ الغرض طلوع صبح تک اس کی طرف دیکھتا رہا اس کے بعد وہ لالٹین آسمان کیطرف اٹھ گئی اور چھت بند ہو گئی۔

تحقیقات: قولہ لولا اس کا استعمال تین طریقوں سے ہوتا ہے (۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جیسے پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اول کے وجود سے ثانی کے انتفار پر دلالت کرتا ہے جیسے لولا زید لاکرمتک۔ اگر زید نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔ اور جب لولا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہئے جیسے لولا انتم لکنا مؤمنین۔ (۲) تحضیض اور عرض کے لئے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے خواہ حقیقۃً ہو یا تاویلاً جیسے لولا تستغفرون اللہ۔ کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے۔ اور لولا اخرتنی الی اجل قریب۔ (۳) توبیخ اور تندیم کے لئے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہے جیسے لولا جاؤا علیہ باربعۃ شہداء اور لولا کی اصل لو ہے جو لا کے ساتھ مرکب ہے۔ اور اس کے لئے جواب کا ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے جواب میں لام اکثر آتا ہے مگر جبکہ منفی بلم ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے قولہ اعذر امر واحد مذکر حاضر از ضرب مصدر اَلْعُذْرُ و اَلْمَعْذِرَۃُ بمعنی عذر قبول کرنا، الزام سے بری کرنا۔ لم یزل نفی جحد بلم فعل ناقص مازال کا مرادف ہے بمعنی ہمیشہ رہا۔ کیونکہ زال فعل ماضی از نصر مصدر زوال بمعنی دور ہونا، علیحدہ ہونا اور باب ضرب سے مصدر زیل بمعنی دور کرنا ہے اور دونوں صورتوں میں معنی نفی مفہوم ہیں اور جب اس پر حرف نفی داخل ہو تو معنی اثبات حاصل ہوتے ہیں۔ پس لم یزل ینظر سے معنی استمرار حاصل ہوں گے اور معنی ہمیشہ دیکھتا رہا۔ قولہ طلع ماضی واحد مذکر غائب از نصر مصدر طلوع۔ سورج کا نکلنا اور ظاہر ہونا۔ یہاں معنی ثانی مراد ہیں قولہ فجر بمعنی صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے طریق فجر یعنی کھلا ہوا صاف راستہ قولہ ارتفع ماضی واحد مذکر غائب از افتعال مصدر الارتفاع بمعنی بلند ہونا قولہ انختم۔ ماضی واحد مذکر غائب از انفعال مصدر الانختام بمعنی بند ہونا، ختم ہونا قولہ سقف۔ بمعنی چھت جمع سُقُوْفٌ و سُقُفٌ، سَقَفَ البیت۔ چھت ڈالنا از نصر۔

ترکیب: واؤ عاطفہ لولا یہ اکثر ایسے مبتدا پر داخل ہوتا ہے کہ اگر اس مبتدا کی خبر افعال عامہ سے ہو تو وہ خبر وجوباً محذوف رہتی ہے اور یہاں ضمیر منفصل پر داخل ہوا جس کا مرجع ایجاب الخدمۃ ہے۔ پس تقدیر عبارت اس طرح پر ہوگی لولا ایجاب الخدمۃ ثابت۔ پس ایجاب الخدمۃ مبتدا اور ثابت خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر شرط ہوئی۔ ما اشتغلت فعل با فاعل بخدمۃ احد مستثنیٰ منہ محذوف الا حرف استثناء بخدمتک مستثنیٰ۔ پس دونوں مل کر فعل سے متعلق ہوا لیلی ونہاری۔ معطوف با معطوف علیہ مفعول فیہ ہے اب فعل اپنے فاعل اور مفعول و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا ہے اور شرط و جزا مل کر معطوف۔ پس معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جواب ندا ہے۔ اب ندا اپنے جواب سے مل کر معطوف علیہ ہے قولہ فاعذرنی ربی۔ ربی مضاف با مضاف الیہ منادیٰ حرف ندا محذوف سے مل کر ندا موخر ہوا۔ اعذر فعل اپنے فاعل اور نون وقایہ و یائے متکلم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب ندا مقدم ہوا۔ پس ندا اپنے جواب ندا سے مل کر معطوف ہوا۔ اب معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہو کر مقولہ ہوا۔ پھر قول اپنے مقولہ سے مل کر خبر ہوا نحو مبتدا کی۔ پس مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر ناجی کی ضمیر سے حال ہے باقی ظاہر ہے۔ قولہ لم یزل ۔۔۔۔۔ طلع الفجر۔ مولاہ مضاف با مضاف الیہ لم یزل فعل ناقص کا اسم ہے ینظر فعل با فاعل الیہ جار با مجرور متعلق اول طلع فعل اپنے فاعل الفجر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حتی کا مجرور ہے۔ جار با مجرور متعلق ثانی ہے۔ پس فعل اپنے فاعل اور متعلقین سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر لم یزل کی خبر ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ ارتفع القندیل۔ ارتفع فعل اپنے فاعل القندیل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو گیا۔ اسی طرح انختم السقف میں بھی السقف فاعل اور انختم فعل ہے

اللھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعی فیہ

فجاء الرجل واخبر امرأته بذلك فلما كانت الليلة القابلة قام الرجل وامرأته على الحجرة والقنديل معلق والغلام في السجود والمناجات الى طلوع الفجر ثم دعوا الغلام وقالا انت حرٌّ لوجه الله حتى تتفرغ لخدمة من كنت تعتذر اليه

مطلب خیز ترجمہ:- مالک آیا اور یہ واقعہ اپنی بیوی سے بیان کیا جب دوسری رات آئی تو مالک اور اس کی بیوی حجرے کے چھت پہونچے دیکھا کہ لالٹین لٹکی ہوئی ہے اور غلام سجدہ اور مناجات میں طلوع فجر تک مشغول ہے۔ پھر میاں بی بی دونوں نے غلام کو بلایا اور اس سے کہا کہ تو اللہ کے واسطے آزاد ہے تاکہ اس ذات پاک کیواسطے آزاد ہوجائے جس کے دربار میں تو عذرخواہی کرتا تھا۔

تحقیقات:- قولہ جاء ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر مجیئۃ بمعنی آنا اور بعلہٖ بار بمعنی لانا۔ صفت جاء اجوف یائی اور مہموز لام سے جنس مرکب ہے۔ قولہ اخبر ماضی واحد مذکر غائب از افعال مصدر الاخبار بمعنی خبر دینا۔ قولہ امرأۃ عورت۔ نِسَاءٌ نِسْوَۃٌ، نُسْوَۃٌ۔ نِسْوَانٌ۔ نِسُوْنَ اور نِسْیَنٌ یہ سب لفظ امرأۃ کی جمع من غیر لفظہٖ ہیں۔ اور نِسْوَۃٌ اور نُسْوَۃٌ کی طرف نسبت کے لئے نِسْوِیٌّ اور نُسْوِیٌّ اور تصغیر نُسَیَّۃٌ اور نُسَیَّاتٌ بھی کہا جاتا ہے۔ قولہ قابلۃ آنے والی رات۔ اسم فاعل واحد مونث۔ والی جانی کو بھی قابلۃ کہا جاتا ہے ج قوابل و قابلات قولہ دعوا ماضی تثنیہ مذکر غائب از نصر مصدر الدعاء والدعوۃ بلانا۔ ناقص واوی۔ قولہ حُرٌّ بمعنی آزاد، شریف۔ ج احرار وحرار۔ حرّ العبد حرارًا۔ آزاد ہونا۔ از سمع۔ قولہ وجہ بمعنی ذات اور لوجہ اللہ کے معنی لرضاء ذات اللہ ہیں۔ ج وجوہ۔ مثال واوی۔ قولہ تتفرغ مضارع واحد مذکر حاضر از تفعل مصدر التفرغ کام سے خالی ہونا قولہ مَن اسم موصول اس میں واحد تثنیہ و جمع مذکر و مونث برابر ہیں اور ذوی العقول کے لئے موضوع ہے۔ لیکن کبھی غیر ذوی العقول کے لئے بھی مجازًا مستعمل ہوتا ہے کما قال اللہ تعالیٰ ومنہم من یمشی علی بطنہٖ۔ یہاں من یمشی سے مراد سانپ وغیرہ ہیں۔ من کی اور چار قسمیں ہیں (۱) نکرہ موصوفہ جیسے مررت بمن معجب لک (۲) اسم شرط جازم جیسے من یعمل خیرا یجز بہ (۳) اسم استفہام جیسے من اتی عندک (۴) خبریہ جیسے رأیت من عندک قولہ کنت تعتذر۔ ماضی استمراری واحد مذکر حاضر از افتعال مصدر الاعتذار بصلہ الی بمعنی عذرخواہی کرنا، عذر پیش کرنا۔

ترکیب:- جاء فعل اور الرجل فاعل ہے پس فعل فاعل جملہ ہوگیا۔ قولہ اخبر امرأتہ بذلک۔ اخبر فعل ضمیر مستتر فاعل اور امرأتہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بذلک جار با مجرور متعلق ہے پس فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوگیا۔ قولہ لما کانت...... الخ۔ لما شرطیہ اللیلۃ القابلۃ موصوف با صفت کانت کا فاعل ہے اور کانت تامہ ہے پس یہ جملہ فعلیہ ہوکر شرط ہے الرجل وامرأتہ معطوف علیہ با معطوف قام کا فاعل ہے۔ علی الحجرۃ قام کا متعلق ہے۔ اور یہ جملہ فعلیہ ہوکر جزا ہے اور القندیل مبتدا اپنی خبر معلق سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر معطوف علیہ الغلام مبتدا السجود معطوف علیہ المناجاۃ معطوف اور الی طلوع الفجر المناجاۃ سے متعلق ہے۔ پس معطوف با معطوف علیہ فی جارہ کا مجرور جار با مجرور کائن مقدر سے متعلق ہوکر خبر ہوئی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر جملہ اولیٰ پر معطوف ہے۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر قام فعل کے فاعل الرجل وامرأتہ سے حال واقع ہے قولہ ثم دعوا الغلام الخ۔ الغلام دعوا فعل کا مفعول ہے اور ضمیر تثنیہ فاعل ہے پس یہ جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ ہے قالا فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہوکر قول ہے انت مبتدا حر شبہ فعل لوجہ اللہ جار با مجرور اس کا متعلق اول ہے اور حتی تتفرغ الخ اس کا متعلق ثانی ہے پس حرٌّ اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر خبر ہے اب مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہوکر مقولہ ہے۔ قول با مقولہ معطوف ہے۔ حتی تتفرغ الخ کی ترکیب یوں ہے خدمۃ مضاف مَن موصولہ کنت تعتذر فعل ضمیر انت مستتر فاعل الیہ متعلق ہے پس فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ ہوکر صلہ ہوا موصول با صلہ مضاف الیہ ہوا اور مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر لام جارہ کا مجرور۔ جار با مجرور تتفرغ فعل کا متعلق ہے پس فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مجرور ہے حتی جارہ کا جار با مجرور حرٌّ کا متعلق ثانی ہے۔

واخبراہ بما رآیا من کرامات علی اللہ فلما سمع ذلک رفع یدیہ وقال الٰہی کنت اسئلک ان لا تکشف ستری وان لا تظہر حالی فاذا کشفتہ فاقبضنی الیک

مطلب خیز ترجمہ: اور ان دونوں نے غلام کو اس کی ان کراماتوں سے خبردار کیا جو انہوں نے گذشتہ رات میں دیکھیں غلام نے جب یہ بات سنی تو دونوں ہاتھ اٹھائے اور کہا کہ خداوندا! میں نے تجھ سے دعا کی تھی کہ میرا راز نہ کھولیو۔ اور میرا حال ظاہر نہ کیجیو۔ اب جب تو نے اس کو فاش کر دیا تو میری روح قبض کر کے مجھے اپنے پاس بلا لے۔

تحقیقات: قولہ کرامات۔ یہ کرامۃ کی جمع ہے۔ بمعنی بزرگی، امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے صادر ہو۔ سمع ماضی واحد مذکر غائب از سمع مصدر السمع والسماع سننا بصلہ الی بمعنی کان لگانا۔ قولہ رفع ماضی واحد مذکر غائب از فتح مصدر الرفع اٹھانا قولہ یدیہ ید کا تثنیہ ۂ ضمیر غائب کی طرف مضاف ہے۔ اصل میں یدین تھا۔ اضافت سے نون ساقط ہو گیا۔ ج ایدی جج ایادی قولہ کنت اسئل ماضی استمراری واحد متکلم از فتح مصدر السوال والمسألۃ والتسآل بمعنی مانگنا، درخواست کرنا، طلب کرنا۔ اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے جیسے سألت اللہ نعمۃ اور جب استخبار کے معنی میں ہو تو مفعول اول کی طرف بنفسہ اور مفعول ثانی کی طرف عن سے متعدی ہوتا ہے جیسے سألتہ عن حاجۃ مہموز عین۔ قولہ لا تکشف مضارع واحد مذکر حاضر منصوب بان از ضرب مصدر الکشف بمعنی ظاہر کرنا، کھولنا۔ کہا جاتا ہے کشف اللہ غمہ۔ اللہ اس کے غم کو زائل کرے۔ قولہ ستر بالکسر بمعنی پردہ، خوف، حیا ج استار و ستور کہا جاتا ہے مالہ ستر ولا حجر یعنی اسے حیا و عقل نہیں ہے۔ وہتک اللہ سترہ۔ اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا یعنی اس کی برائیاں ظاہر کر دیں۔ سترا از نصر وضرب بمعنی چھپانا، ڈھانکنا۔ قولہ لا تظہر واحد مذکر حاضر مضارع منصوب بان از افعال مصدر الاظہار بمعنی ظاہر کرنا قولہ حال۔ کیفیت، ہیئت، وہ زمانہ جس میں تو ہے۔ اور یہاں معنی اول مراد ہیں ج احوال واحولۃ قولہ اقبض۔ امر واحد مذکر حاضر از ضرب مصدر القبض بمعنی پکڑنا۔ قبض اللہ۔ وفات دینا یہاں آخری معنی مراد ہیں

ترکیب: قولہ واخبراہ الخ اخبر فعل اپنے فاعل ضمیر تثنیہ ومفعول اور متعلق بما رآیا الخ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہے وقالا پر۔ اور متعلق کی ترکیب یوں ہے با رجارہ ما موصولہ رآیا فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر مبین ہے من کرامات جار با مجرور بیان ہے۔ اور علی اللہ جار با مجرور کرامات سے متعلق ہے پس مبین اپنے بیان سے مل کر صلہ ہوا۔ موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور ہے جار با مجرور اخبرا سے متعلق ہے۔ قولہ لما حرف شرط سمع فعل اپنے فاعل ضمیر مستتر ہو اور مفعول ذلک سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط ہوئی۔ رفع فعل اپنے فاعل ضمیر مستتر ہو اور مفعول یدیہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا ہے۔ قال فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر قول ہے۔ الٰہی ندا ہے۔ کنت اسئلک فعل با فاعل اور ک خطاب مفعول ہے لا تکشف فعل با فاعل ومفعول ستری جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ہے۔ لا تظہر حالی جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف بتاویل مصدر کنت اسأل فعل کا مفعول ثانی۔ پس فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب ندا ہے۔ ندا با جواب ندا مقولہ ہے۔ قولہ فاذا کشفتہ الخ اذا شرطیہ کشفتہ فعل با فاعل ومفعول جملہ فعلیہ ہو کر شرط ہے۔ اقبضنی فعل با فاعل ومفعول ومتعلق الیک جملہ فعلیہ ہو کر جزا ہے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ جملہ شرطیہ پہلے جواب ندا پر عطف ہو اور فاء عاطفہ ہو قولہ فخر میتاً خر فعل ضمیر ذوالحال میتاً حال۔ حال اپنے ذوالحال سے مل کر فاعل ہے پس جملہ فعلیہ ہو گیا۔ قولہ رحمہ اللہ۔ یہ جملہ معترضہ دعائیہ ہے۔ یعنی رحم فعل ہ ضمیر مفعول اور لفظ اللہ فاعل ہے پس جملہ فعلیہ ہوا۔

اللھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعیٰ فیہ۔

فخرّ میتًا رحمه الله تعالیٰ

حکایت: حکی ان عابدا دخل فی الصّلوٰة فلما وصل الیٰ قوله ایاك نعبد خطر بباله انه عابد حقیقة فنودی فی سرہٖ کذبت

مطلب خیز ترجمہ :- چنانچہ وہ مردہ ہوکر گر پڑا۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے۔ نقل ہے کہ ایک عبادت گذار نے نماز شروع کی جب اللہ تعالیٰ کے قول ایاک نعبد (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں) پر پہونچا تو اس کے دل میں خطرہ گذرا کہ وہ واقعی عابد ہے۔ سو اس کے دل میں آواز دیگئی کہ تو جھوٹا ہے۔

تحقیقات :- قولہ خرّ۔ ماضی واحد مذکر غائب از نصر وضرب مصدر الخرّ والخرور۔ اوپر سے نیچے گرنا، منہ کے بل گرنا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ میتًا صفت بمعنی مردہ تعلیلاً وزنًا سید کیطرح ہے۔ میّتًا ومَیْتٌ میں فرق یہ ہے کہ ہر زندہ مرنے والے کو میّت (بالتشدید) کہا جاتا ہے اور جو شخص مرگیا ہو اس کو مَیْتٌ (بالتخفیف) کہا جاتا ہے کما قال الشاعر ؎ ایا سائلی تفسیر مَیْت ومَیِّت - فدونك خذ منی بما عنه تسئلُ ٭ فمن کان فی الدنیا فذلك میّت - وما المیْتُ الا الی القبر یحمل ٭ میّت کی جمع میّتون میّتین ہے اور میْت کی جمع اموات وموتیٰ ومیْتون میْتین ہیں۔ اور مردار چوپایہ کو مَیْتَہ کہا جاتا ہے کقولہ تعالیٰ حرّمت علیکم المیتۃ۔ قولہ عابد اسم فاعل واحد مذکر۔ بمعنی عبادت کرنے والا۔ جمع عُبّاد وعابدون او عابدین۔ از نصر مصدر العبادۃ والعبودۃ والعبودیۃ۔ بمعنی پرستش کرنا، خدمت کرنا، خضوع کرنا۔ قولہ وصلَ۔ ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر الوصول بمعنی پہونچنا۔ مثال واوی۔ قولہ قول۔ یہ حاصل بالمصدر ہے بمعنی بات ج اقوال۔ قولہ خطر۔ ماضی واحد مذکر غائب از نصر وضرب مصدر خطور۔ بمعنی پیش آنا، دل میں کسی چیز کا گذرنا۔ یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ قولہ بال۔ اس کے چند معنی ہیں۔ (۱) دل جیسے کہا جاتا ہے "ماخطر الامر ببالی" یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گذرا۔ (۲) حال وشان جیسے کہا جاتا ہے فلانٌ رخی البال۔ فلان آسودہ حال ہے۔ (۳) خیال۔ کہا جاتا ہے فلان کاسف البال "فلاں بدحال ہے" (۴) جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔ کہا جاتا ہے "امر ذو بال" یعنی ایسا کام جو قابل اہتمام ہو۔ قولہ حقیقۃ بمعنی وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو۔ حقیقۃ الشئ چیز کا منتہی اور اصل ج حقائق۔ قولہ نودی ماضی مجہول واحد مذکر غائب از مفاعلہ مصدر النداء والنداء بمعنی پکارنا۔ قولہ سِرّ۔ بھید، راز ج اسرار۔ کہا جاتا ہے صدور الاحرار قبور الاسرار۔ شریفوں کے سینے بھیدوں کے دفینے ہیں۔ اور بمعنی اندرون ہر چیز کا۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ مضاعف ثلاثی۔ (س۔ ر۔ ر) کی وضع میں چھپانے کے معنی پائے جاتے ہیں جیسے سریر بمعنی چارپائی۔ کیونکہ وہ فرش اور بستر سے مستور رہتا ہے۔ سُرّۃ بمعنی ناف۔ شرعًا چھپانے کا حکم ہے، سریرۃ۔ سِرّ۔ بمعنی بھید، راز۔ اَسِرّۃ بمعنی خطوط پیشانی جو دور سے نظر نہیں آتے اور اکثر اوقات چھپے رہتے ہیں۔ سرور بمعنی خوشی وغیرہ

ترکیب :- فخر میتا الخ کی ترکیب گذشتہ صفحہ میں ملاحظہ ہو۔ قولہ حکی ان عابدا...... فی الصلوٰۃ۔ انّ اپنے اسم عابدا اور خبر جملہ فعلیہ (دخل فی الصلوٰۃ) سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر بتاویل مفرد حکی کا نائب فاعل ہے باقی ظاہر ہے۔ قولہ فلما وصل۔ نعبد یہ شرط ہے یعنی وصل فعل با فاعل قولہ مضاف بامضاف الیہ مبدل منہ ایاک نعبد جملہ فعلیہ ہوکر بدل۔ مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر الیٰ جارہ کا مجرور ہے۔ جار با مجرور وصل کا متعلق ہے۔ پس وصل فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط ہوئی۔ قولہ خطر.... حقیقۃ یہ جزا ہے یعنی بباله جار با مجرور خطر سے متعلق ہے۔ اور عابد ممیز اپنی تمیز حقیقۃ سے مل کر انّ کی خبر ہے اور انّ کے ساتھ ضمیر متصل اس کا اسم ہے۔ پس یہ جملہ اسمیہ بتاویل مفرد خطر فعل کا فاعل ہے۔ اب خطر اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا ہے۔ قولہ فنودی فی سرہ کذبت کذبت فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہوکر نودی فعل مجہول کا نائب فاعل ہے۔ فی سرہ جار با مجرور نودی کا متعلق ہے۔ پس جملہ فعلیہ ہوگیا۔

انما تعبد الخلق نتاب واعتزل عن الناس ثم شرع فی الصلوة فلما انتہیٰ الی ایاك نعبد
نودی کذبت انما تعبد زوجتك فطلق امرأته ثم شرع فی الصلوة فلما انتہیٰ الی ایاك
نعبد نودی کذبت انما تعبد مالك فتصدق بجمیعه ثم شرع فی الصلوة فلما الی ایاك
نعبد نودی کذبت انما تعبد ثیابك فتصدق بها الا ما لابد منه ثم شرع فی الصلوة
فلما وصل الی ایاك نعبد نودی ان صدقت فانت من العابدین حقیقة واللہ اعلم

مطلب خیز ترجمہ: تو صرف مخلوق ہی کی عبادت کرتا ہے (یہ سنکر) اس نے توبہ کی اور لوگوں سے یکسو ہوگیا۔ پھر نماز شروع کی جب ایاک نعبد پر پہونچا تو آواز دیگئی کہ تو جھوٹا ہے تو صرف اپنی بی بی کی پوجا کرتا ہے پس اس نے اپنی بی بی کو طلاق دیدی۔ پھر نماز شروع کی جب ایاک نعبد تک پہونچا تو ندا دیگئی کہ تو جھوٹا ہے تو صرف اپنے مال ہی کی پوجا کرتا ہے۔ اس نے اپنا سارا مال صدقہ کردیا اس کے بعد پھر نماز شروع کی جب ایاک نعبد تک پہونچا تو آواز دیگئی کہ تو جھوٹا ہے تو صرف اپنے کپڑوں ہی کی پوجا کرتا ہے۔ چنانچہ اس نے کپڑے بھی خیرات کردیئے صرف بقدر ضرورت ستر پوشی رکھ لئے۔ پھر اس نے نماز شروع کی پس جب ایاک نعبد پر پہونچا تو ندا دیگئی کہ تو سچا ہے تو واقعی عبادت گذاروں میں سے ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

تحقیقات: قولہ انما حرف قصر بمعنی جزیں نیست انّ کے ساتھ جب مائے کافہ لاحق ہوتا ہے تو اس کا عمل باطل ہوجاتا ہے اور اس صورت میں اسم و فعل دونوں پر داخل ہوسکتا ہے جیسا کہ یہاں "انما تعبد الخلق" میں فعل پر داخل ہوا ہے۔ قولہ الخلق یہ باب نصر کا مصدر ہے بمعنی پیدا کرنا اور اسم مفعول کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے بمعنی مخلوق۔ مصنف کے قول میں یہی معنی مراد ہیں قولہ تاب۔ ماضی واحد مذکر غائب از نصر مصدر التوبۃ نادم ہونا، پشیمان ہونا، گناہ چھوڑ دینا۔ اجوف واوی۔ قولہ اعتزل۔ ماضی واحد مذکر غائب از افتعال مصدر الاعتزال۔ جدا ہونا یکسو ہونا۔ قولہ شرع ماضی واحد مذکر غائب از فتح مصدر الشروع بمعنی شروع کرنا قولہ زوجتہ بمعنی بی بی ج زوجات اور زوج بمعنی شوہر، جوڑ، ساتھی ج ازواج و زوجۃ ج ازانیج اجوف واوی قولہ طلق۔ ماضی واحد مذکر غائب از تفعیل مصدر الطلاق والتطلیق بمعنی چھوڑ دینا۔ بی بی کو قید نکاح سے علیحدہ کردینا قولہ انتہیٰ ماضی از افتعال مصدر الانتہاء بمعنی انتہاء کو پہونچنا، پہنچنا، رکنا۔ پہلے دونوں معنی میں بصلہ الیٰ مستعمل ہے اور آخری معنی میں بصلہ عن مستعمل ہے ناقص یائی۔ قولہ تصدق ماضی از تفعل مصدر التصدق صدقہ دینا۔ تصدق علی الفقیر بکذا۔ فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا قولہ المال بمعنی مال و دولت ج اموال۔ اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے جیسے اونٹ، بکری وغیرہ۔ مذکر و مونث کہا جاتا ہے ہوالمال وہی المال۔ اور چونکہ انسانی طبیعت اس کی طرف مائل ہوتی ہے۔ اس لئے اس کو مال کہتے ہیں۔ قولہ ثیاب۔ یہ ثوب بمعنی کپڑے کی جمع ہے اور اس کی جمع اثواب، اثوب بھی آتی ہیں۔

ترکیب: قولہ انما تعبد الخلق انما حرف قصر تعبد فعل با فاعل الخلق مفعول بہ پس جملہ فعلیہ ہوگیا۔ قولہ نتاب واعتزل عن الناس۔ تاب کے ساتھ جو فاء ہے وہ فصیحیہ ہے جو شرط محذوف پر دال ہے ای لما نودی بذلک النداء فتاب الخ تاب فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ اعتزل فعل با فاعل اپنے متعلق من الناس سے جملہ فعلیہ ہوکر معطوف پس معطوف با معطوف علیہ شرط محذوف کی جزا ہے قولہ ثم شرع ... تعبد ثیابك تک کی عبارت کی ترکیب بعینہ پہلے گذر چکی لہذا اعادہ کی ضرورت نہ رہی قولہ فتصدق بها الا ما لابد منہ تصدق فعل با فاعل با جارہ ہا ضمیر مستثنیٰ منہ الا حرف استثناء ما موصولہ لا نفی جنس کی بُدّ لا کا اسم اور منہ جار با مجرور ثابت مقدر سے متعلق ہوکر خبر لہذ لا اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر صلہ ہوا موصول با صلہ مستثنیٰ ہوا۔ مستثنیٰ منہ با مستثنیٰ مجرور جار با مجرور تصدق فعل سے متعلق ہے باقی ظاہر ہے۔ قولہ فانت من العابدین حقیقة۔ انت مبتدا العابدین ممیز اپنی تمیز حقیقة سے مل کر من جارہ کا مجرور ہے جار با مجرور کائن مقدر سے متعلق ہوکر خبر ہے۔ قولہ واللہ اعلم۔ لفظ اللہ مبتدا اور اعلم خبر ہے۔

حکایت ۳: حکی ان عصام بن یوسف اتی الی مجلس حاتم الاصم فاراد الاعتراض علیہ فقال لہ یا ابا عبد الرحمٰن کیف تصلی

مطلب خیز ترجمہ: منقول ہے کہ عصام بن یوسف بہرے حاتم کی مجلس میں آیا۔ اور ان پر اعتراض کرنا چاہا چنانچہ عصام نے حاتم سے کہا اے ابو عبد الرحمٰن (حاتم کی کنیت) آپ نماز کسطرح ادا کرتے ہیں!

تحقیقات: قولہ عصام بم سرمہ، دم کا باریک حصہ۔ اور نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے دربان کا نام۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ قولہ یوسف۔ بنی اسرائیل کے ایک جلیل القدر پیغمبر کا نام۔ اور یہاں دوسرا شخص مراد ہے۔ قولہ اتیٰ ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر الاتیان بم آنا۔ مہموز فا اور ناقص یائی سے جنس مرکب ہے قولہ حاتم الاصم۔ ان کا نام حاتم لقب اصم اور کنیت ابو عبد الرحمٰن اور باپ کا نام علوان ہے۔ یہ شخص خراسان کے متقدمین مشائخ میں سے ہیں اور شقیق بلخی رحمہ اللہ کے مرید تھے اور حضرت احمد حضرویہؒ کے استاد تھے۔ حقیقت میں یہ شخص بہرہ نہ تھے۔ بلکہ بتکلف اصم (بہرہ) بنتے۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک عورت ان کی خدمت میں مسئلہ پوچھنے کے لئے آئی تھی۔ اتفاقا اس کے پیٹ سے باد مخالف خارج ہوگئی وہ بیچاری نہایت شرمندہ ہوئی۔ حاتم بیچاری کی حالت دیکھ کر اس طرز سے پیش آئے گویا کہ انہوں نے باد مخالف کی آواز نہیں سنی۔ اور بیچاری کو کہا آواز بلند کر کے کہو۔ عورت حاتم کو بہرہ سمجھ کر خوش ہوئی اور بلند آواز سے بولنے لگی۔ اسی دن سے وہ اصم کے لقب سے مشہور ہوئے اور بعض نے کہا کہ حاتم کلام الٰہی کے سوا لوگوں کے کلام کیطرف توجہ نہیں فرماتے تھے۔ اور نہیں سنتے تھے۔ بنابریں وہ اصم کے لقب سے ملقب ہوئے۔ ۲۳۷ھ میں اطراف بلخ میں اس دنیائے فانی سے داعی اجل کو لبیک کہدیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون قولہ الاعتراض۔ افتعال کا مصدر ہے بمعنی چوڑائی میں ہونا۔ اعترض علیہ من قولی۔ اعتراض کرنا، خطا کی جانب منسوب کرنا۔ قولہ آب بم باپ۔ وہ شخص جو کسی چیز کے لئے باعث ایجاد یا باعث اصلاح ہو۔ ج آباء وابون۔ قولہ عبد بم بندہ، غلام، آدمی ج عَبِیْدٌ، عِبَادٌ، عِبِدَّۃٌ، عِبِدَّانٌ، عُبُدٌ، عِبْدِیْنَ، اَعْبُدٌ عُبْدَانٌ، عِبْدَانٌ جج اَعَابِدُ و مَعَابِد و اَعْبِدَۃٌ۔ قولہ کیف۔ اسم مبہم مبنی علی الفتح ہے۔ بم کسطرح اور اکثر اس کا استعمال استفہام کے لئے ہوتا ہے جیسے شیخ کے قول میں یہاں استفہام کے لئے مستعمل ہے۔ اور کبھی تعجب کے لئے آتا ہے جیسے کیف تکفرون باللہ وکنتم امواتا فاحیاکم۔ اور کبھی شرط کے لئے آتا ہے۔ کبھی "ما" لگاتے ہیں اور کبھی نہیں جیسے کیفما تصنع اصنع۔ وکیف تصنع اصنع۔

ترکیب: عصام بن یوسف۔ عصام موصوف اپنی صفت بن یوسف سے مل کر ان کا اسم ہے اور اتیٰ فعل اپنے فاعل مستتر اور متعلق الی مجلس حاتم الاصم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر اَنَّ کی خبر ہے۔ پس ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر بتاویل مفرد حکی کا نائب فاعل ہے۔ قولہ فاراد الاعتراض علیہ۔ الاعتراض مصدر اور علیہ جار یا مجرور اس سے متعلق ہے۔ پس اعتراض اپنے متعلق سے مل کر اراد فعل کا مفعول ہے اور ضمیر مستتر فاعل ہے باقی ظاہر ہے۔

قولہ فقال لہ ۔ ۔ ۔ کیف تصلی۔ قال لہ فعل با فاعل و متعلق جملہ فعلیہ ہو کر قول ہوا۔ ابا عبد الرحمٰن۔ مضاف بامضاف الیہ یا حرف نداء کا منادیٰ ہے اور کیف تصلی جملہ فعلیہ ہو کر جواب نداء ہے۔ نداء اپنے جواب نداء سے مل کر مقولہ ہے۔ اور کیف تصلی کی ترکیب اس طرح ہے کہ تصلی فعل ضمیر مستتر انت فاعل ہے اور کیف ضمیر انت سے حال ہے۔ ای علیٰ ای حالٍ تصلی مخلصًا او مرائیًا۔

فَحَوَّلَ حَاتِمٌ وَجْهَهُ اِلَى عِصَامٍ وَقَالَ لَهُ اِذَا جَاءَ وَقْتُ الصَّلٰوةِ قُمْتُ فَاَتَوَضَّأُ وُضُوْءً ظَاهِرًا وَ وُضُوْءً بَاطِنًا فَقَالَ عِصَامٌ كَيْفَ هُمَا فَقَالَ اَمَّا الْوُضُوْءُ الظَّاهِرُ فَاَغْسِلُ الْاَعْضَاءَ بِالْمَاءِ وَاَمَّا الْوُضُوْءُ الْبَاطِنُ فَاَغْسِلُهَا بِسَبْعَةِ اَشْيَاءَ بِالتَّوْبَةِ وَالنَّدَامَةِ وَتَرْكِ حُبِّ الدُّنْيَا وَثَنَاءِ الْخَلْقِ وَالرِّيَاسَةِ وَالْغِلِّ وَالْحَسَدِ۔

مطلب خیز ترجمہ :- حاتم نے عصام کی جانب اپنا چہرہ پھرایا (متوجہ ہوئے) اور ان سے فرمایا کہ جب نماز کا وقت ہوتا ہے تو میں کھڑا ہوتا ہوں اور پہلے ظاہری وضو پھر باطنی وضو کرتا ہوں۔ عصام نے کہا ان دونوں وضوؤں کی صورت کیا ہے۔ حاتم نے فرمایا وضو ظاہری کی صورت یہ ہے کہ اعضاء وضو کو پانی سے دھوتا ہوں اور وضوء باطنی کی صورت یہ ہے کہ اعضاء وضو کو سات چیزوں یعنی توبہ، ندامت، ترک حب دنیا، ترک تعریف الخلق، ترک ریاست، ترک کینہ اور ترک حسد سے دھوتا ہوں۔

تحقیقات :- قولہ حَوَّلَ ماضی از تفعیل مصدر التحویل۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا، پھرانا۔ اجوف واوی۔ قولہ اتوضأ مضارع واحد متکلم از تفعل مصدر التوضؤ وضو کرنا۔ مثال واوی مہموز لام سے جنس مرکب ہے۔ قولہ ظاہر۔ باطن کی ضد ہے۔ اللہ تعالےٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ظاہر البلد۔ بیرون شہر۔ ظہورًا از فتح ظاہر ہونا۔ قولہ باطن۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ، پوشیدہ اور اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بطونًا و بطنًا از نصر بمعنی پوشیدہ ہونا قولہ اغسل مضارع واحد متکلم از ضرب مصدر الغسل دھونا۔ قولہ اعضاء۔ عضو بمعنی بدن کا حصہ کی جمع ہے۔ اعضاء اصل میں اعضاوٌ تھا بقاعدہ کساءٌ واؤ ہمزہ سے بدل گئی۔ قولہ ماء بمعنی پانی۔ اصل مَوَہٌ ہے تصغیر مُوَیْہٌ اور نسبت کیلئے مائیٌ و ماوی و ماہی ج میاہ و امواہ قولہ سبعۃ اسم عدد بمعنی سات اور یہ مذکر کیلئے ہے اور مونث کے لئے سبع ہے کہا جاتا ہے سبعۃ رجال و سبع نسوۃ۔ قولہ اشیاء غیر منصرف۔ شئی کی جمع ہے بمعنی چیز جس کے ساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے۔ اجوف یائی اور مہموز لام سے جنس مرکب ہے اور شئی کی جمع الجمع اشاوی بفتح الواو و کسرہا و اشیاوات و اشیاوات و اشایا اور تصغیر شُیَیٌٔ۔ قولہ الندامۃ سمع کا مصدر بمعنی پشیمان ہونا قولہ ترک۔ مصدر نصر بمعنی چھوڑنا۔ قولہ حب مصدر ضرب بمعنی رغبت کرنا، محبت کرنا۔ مضاعف ثلاثی قولہ ثناء بمعنی تعریف ج اثنیۃ ثنیًا از ضرب بمعنی موڑنا، لپیٹنا۔ بعض کو بعض پر تہ کر دینا وغیرہ ناقص یائی۔ قولہ ریاسۃ بمعنی سرداری از ضرب بمعنی سردار قوم ہونا و از فتح مصدر رأسًا بمعنی سر پر زخم پہنچانا مہموز عین قولہ غل مصدر ضرب۔ بمعنی کینہ والا ہونا، دھوکے فریب والا ہونا۔ یہاں حاصل مصدر دھوکہ و فریب مراد ہے مضاعف ثلاثی۔ قولہ الحسد مصدر از نصر و ضرب بمعنی زوال نعمت کی تمنا کرنا۔ یا دوسرے سے نعمت کے زوال اور اپنے لئے حصول کی تمنا کرنا، بدخواہی کرنا۔

ترکیب :- فحول..... عصام۔ حول فعل حاتم فاعل وجہہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ الی عصام جار با مجرور متعلق ہے باقی ظاہر قولہ قال لہ..... وضوءًا باطنا۔ قال فعل با فاعل و متعلق لہ جملہ فعلیہ ہو کر قول اذا اسم شرط جاء فعل وقت الصلٰوۃ مضاف با مضاف الیہ فاعل ہے پس جملہ فعلیہ ہو کر شرط ہوئی قمت فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ فاء عاطفہ اتوضأ فعل با فاعل وضوءًا موصوف اپنی صفت ظاہرًا سے مل کر معطوف علیہ اور وضوءًا باطنا موصوف با صفت معطوف۔ معطوف با معطوف علیہ اتوضأ کا مفعول مطلق ہے۔ فعل با فاعل و مفعول جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ہے۔ پھر معطوف با معطوف علیہ جزاء اور شرط و جزا مل کر مقولہ ہے قولہ فقال فعل اور عصام فاعل جملہ ہو کر قول ہے۔ اور کیف ہما مقولہ ہے۔ یعنی کیف خبر مقدم اور ہما مبتدا مؤخر ہے۔ قولہ فقال اما الوضوء... الخ فقال قول ہے اما متضمن معنی شرط ہے اور یہاں اجمال کے بعد تفصیل کے لئے آیا ہے۔ الوضوء الظاہر مبتدا اغسل فعل ضمیر مستتر فاعل اور اعضاء مفعول بہ اور بالماء متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہے۔ پس مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ ہے اور الوضوء الباطن مبتدا اغسلہا الخ خبر ہے۔ یعنی اغسل فعل با فاعل ہا ضمیر مفعول بسبعۃ اشیاء جار با مجرور مبدل منہ بالتوبۃ معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات یعنی

(باقی بر صفحہ آئندہ)

ثم اذهب الی المسجد فابسط الاعضاء فاری الکعبة فاقوم بین حاجتی وحذری والله ناظری والجنة عن یمینی والنار عن شمالی وملك الموت خلف ظہری۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ پھر میں مسجد کی طرف جاتا ہوں اور اعضاء کو بچھاتا ہوں اور کعبہ کو دیکھتا ہوں (یعنی کعبہ میرے پیش نظر ہے) اور امید وبیم کی حالت میں کھڑا ہوتا ہوں اس حال میں کہ خدائے تعالیٰ مجھے دیکھنے والا ہے اور بہشت میرے دائیں جانب اور دوزخ بائیں جانب ہے۔ اور ملک الموت میرے پیچھے ہے۔

تحقیقات:۔ اذہب۔ مضارع واحد متکلم از فتح مصدر الذھاب بمعنی جانا۔ یہ لازم ہے اور اس کا صلہ عن اور الیٰ آتا ہے اور بائے تعدیہ سے متعدی ہوتا ہے اس وقت لیجانا لے جانے کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے قولہ مسجد اسم ظرف مکان از نصر مصدر السجود۔ فروتنی سے جھکنا، عبادت کیلئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ بالفتح جائے سجود وبالکسر خلاف قیاس عرفی مسجد یہاں یہی معنی مراد ہے۔ قولہ ابسط مضارع واحد متکلم از نصر مصدر البسط بمعنی پھیلانا، بچھانا۔ قولہ اری مضارع واحد متکلم از فتح مصدر الرویۃ دیکھنا۔ اصل میں ارأی تھا ی متحرک ماقبل مفتوح ی الف سے بدل گئی پھر ہمزہ منفردہ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن حرکت ہمزہ ماقبل میں دیگئی اور ہمزہ کو تخفیفاً حذف کیا گیا۔ اریٰ ہوگیا۔ اس وقت افعال جوارح سے ہے۔ اور متعدی بیک مفعول ہے اور بمعنی جاننا۔ اس وقت افعال قلوب سے ہے۔ اور متعدی بدو مفعول ہے۔ قولہ الکعبۃ بمعنی نرد کا مہرہ، ہر چوکور مکان، چھوکہ، بلند ومرتفع، بیت اللہ الحرام ج کعابٌ وکعبات چونکہ خانۂ کعبہ کی بنا زمین سے بلند ہے یا مرتبہ کے اعتبار سے کعبہ مرتفع اور بلند ہے لہٰذا اس اعتبار سے کعبہ نام رکھا گیا۔ یا تو اس لئے کہ کعبہ مربع ہے کما قال الامام الراغب والکعبۃ کل بیت علیٰ ہیئۃ التربیع وبہا سمیت الکعبۃ قولہ حذر بمعنی ڈر، خوف اور باب سمع کا مصدر بمعنی بچنا، پرہیز کرنا، چوکنا رہنا۔ صفت حَذِرٌ وحَذُرٌ ج حَذِرُوْنَ وحَذَارَیٰ قولہ الجنۃ باغ، بہشت ج جنان، جنّات مضاعف ثلاثی۔ فائدہ۔ ج۔ ن۔ ن کی ترکیب میں چھپنے کے معنی پائے جاتے ہیں۔ باغ کو جنت اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ درختوں سے چھپا رہتا ہے اور بہشت کو بھی کہا جاتا ہے کیونکہ وہ دنیا سے چھپا ہوا ہے اور اس کی نعمتیں ہم سے پوشیدہ ہیں۔ جِنّ بالکسر بمعنی پری، دیو، کیونکہ وہ انسان سے پوشیدہ ہے۔ جُنّۃ بالضم بمعنی ڈھال، ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز۔ مجنون بمعنی دیوانہ، جس کی عقل چھپی ہوئی ہے جَنان بمعنی دل، جنین وہ بچہ جو ابھی رحم مادر میں ہو، الجَنَن بمعنی قبر، میت، کفن وغیرہ۔ قولہ یمین داہنا ہاتھ، داہنی جانب ج اَیْمُنٌ واَیْمانٌ واَیامِنُ واَیامینُ تصغیر یُمَیْنٌ قولہ شمال بایاں ج اَشْمُلٌ وشُمُلٌ وشمائلُ۔ یمین اور شمال دونوں الفاظ متقابلہ میں سے ہیں۔ قولہ نار بمعنی آگ ج نیران یہاں مراد دوزخ ہے قولہ ملکٌ (بفتح لام) اصلہ ملئکٌ بمعنی فرشتہ ج ملٰئکۃ، ملائک۔ اور بکسر لام بمعنی بادشاہ، مالک، اللہ تعالیٰ ج ملوک۔ اور بکسر میم وسکون لام بمعنی ملکیت ج املاک۔ ملک الموت سے مراد حضرت عزرائیل ع ہیں ملک اصل میں مئلک تھا۔ الوک بمعنی رسالت سے مشتق ہے قلب مکانی کرکے لام کو ہمزہ پر مقدم کر دیا ملئک ہوا۔ پھر کثرت استعمال سے ہمزہ حذف ہوگیا ملک ہوگیا۔ قولہ خلف بمعنی پیچھے یہ قدام کی نقیض ہے۔ قولہ ظہر بمعنی پیٹھ پیٹ کا مقابل ج اظہر، ظہور، ظہران۔

ترکیب:۔ (بقیہ گذشتہ صفحہ) الندامۃ وترک حب الدنیا، وثناء الخلق والریاسۃ والغل والحسد سے مل کر بدل ہوا مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر اغسل فعل سے متعلق ہے پس فعل با فاعل ومتعلق ومفعول جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہے اب مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہو کر پہلے جملہ پر معطوف ہے پھر معطوف با معطوف علیہ مقولہ ہوا۔ فائدہ:۔ چونکہ اما متضمن معنی شرط ہے اس لئے خبر پر فا جزائیہ داخل ہوا (متعلقہ صفحہ ہذا) قولہ ثم اذھب۔ اذہب فعل با فاعل الی المسجد جار با مجرور فعل سے متعلق ہے پس جملہ فعلیہ ہوگیا۔ اسی طرح ابسط فعل با فاعل اور الاعضاء مفعول بہ ملکر جملہ ہوگیا۔ اور اری الکعبۃ کی ترکیب بعینہ وہی ہے۔ قولہ اقوم فعل با فاعل حاجتی مرکب اضافی معطوف علیہ اور حذری معطوف سے مل کر بین کا مضاف الیہ ہے مضاف با مضاف الیہ اقوم کا متعلق ہے پس جملہ فعلیہ ہوگیا اور لفظ اللہ

(باقی بر صفحہ آئندہ)

وکانی واضع قدمی علی الصراط واظن ان ھذہ الصلوٰۃ آخر صلوٰۃ اصلیھا ثم انوی واکبر بالاحسان واقرأ بالتفکر وارکع بالتواضع واسجد بالتضرع واتشھد بالرجاء واسلم بالاخلاص

مطلب خیز ترجمہ: اور میں خیال کرتا ہوں کہ گویا میں اپنے قدموں کو پلصراط پر رکھنے والا ہوں اور گمان کرتا ہوں کہ یہ میری آخری نماز ہے جس کو میں پڑھتا ہوں۔ پھر نیت کرتا ہوں اور صفت احسان یعنی نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ تکبیر کہتا ہوں اور (قرآن کے معانی میں) غور وفکر کر کے پڑھتا ہوں اور نہایت عجز وانکسار کے ساتھ رکوع اور گریہ وزاری کے ساتھ سجدہ کرتا ہوں اور اللہ پاک کی رحمت کی امید پر تشہد پڑھتا ہوں اور اخلاص کے ساتھ سلام پھیرتا ہوں۔

تحقیقات: واضع اسم فاعل بم رکھنے والا از فتح مصدر الوضع بم رکھنا مثال واوی۔ قولہ قدمی قدم کا تثنیہ مضاف بیائے متکلم بم پاؤں مونث سماعی ہے۔ اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہے ج اقدام وقدام اور تصغیر قدیمۃ ہے۔ قولہ صراط راستہ، پل۔ یہاں وہ پل مراد ہے جو قیامت کے دن پشت جہنم پر قائم کیا جائے گا ج صُرُطٌ۔ قولہ اظن مضارع واحد متکلم از نصر مصدر الظن بم جاننا، یقین کرنا اسی سے ہے ظنوا ان لا ملجأ من اللہ الا الیہ" یعنی انہوں نے یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے ظننت زیدا ماجک.. مادہ ظنن مضاعف ثلاثی۔ قولہ انوی مضارع واحد متکلم از ضرب مصدر النیۃ ارادہ کرنا، قصد کرنا۔ لفیف مقرون۔ النیۃ کے معنی قصد، ارادہ ج نیات قولہ اکبر مضارع واحد متکلم از تفعیل مصدر التکبیر والکبار اللہ اکبر کہنا، بزرگ شمار کرنا، بڑا بنانا۔ معنی اول کے لحاظ سے خاصیت قصر ماخذ ہے اور معنی ثانی کے اعتبار سے حسبان ہے شیخ کے قول میں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ احسان افعال کا مصدر ہے بم نیکی کرنا، اچھی طرح سے کرنا اور بصلہ الیٰ وباء مستعمل ہے۔ احسن الشیئ اچھی طرح سے بنانا، اچھی طرح جاننا کہا جاتا ہے فلان یحسن القراءۃ فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے قولہ اقرأ مضارع واحد متکلم از فتح مصدر القراءۃ بم پڑھنا۔ مہموز لا۔ قولہ تفکر تفعل کا مصدر بم سوچنا، غور کرنا، تامل کرنا اور بصلہ فی مستعمل ہے۔ قولہ ارکع مضارع واحد متکلم از فتح مصدر الرکوع بم سر جھکانا، پشت خم کرنا قولہ التواضع مصدر تفاعل بم ذلیل ہونا، عاجز ہونا، خاکسار ہونا۔ یہاں حاصل مصدر مراد ہے مثال واوی۔ قولہ التضرع مصدر تفعل بم ذلیل ہونا، چپکے چپکے قریب آنا۔ تضرع الی اللہ عاجزی سے دعا کرنا قولہ اتشھد مضارع واحد متکلم از تفعل مصدر تشہد بم گواہی طلب کرنا۔ التشہد المسلم التحیات پڑھنا۔ قولہ رجاء مصدر نصر بمعنی پر امید ہونا، امید کرنا، خوف کرنا مادہ رجو ناقص واوی قولہ الاخلاص مصدر افعال بم خلاصہ لینا۔ اخلص الطاعۃ بے نام ونمود کے عبادت کرنا۔

ترکیب: (بقیہ گذشتہ صفحہ) لفظ اللہ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر اقوم کی ضمیر فاعل سے حال ہے۔ قولہ الجنۃ مبتدا اور عن یمینی جار با مجرور کائنۃ مقدر سے متعلق ہو کر خبر ہے اسی طرح النار عن شمالی کی ترکیب ہے۔ قولہ ملک الموت مضاف با مضاف الیہ مبتدا اور خلف ظہری مضاف با مضاف الیہ کائن شبہ فعل سے ظرف متعلق ہو کر خبر ہے۔ (متعلقہ صفحہ ھذا) قولہ کانی ... علی الصراط کان حرف مشبہ بالفعل یائے متکلم اسم کان واضع شبہ فعل اپنے مفعول قدمی مرکب اضافی اور متعلق علی الصراط جار با مجرور سے مل کر خبر کان ہے۔ قولہ اظن ... اصلیھا۔ اظن فعل با فاعل ھذہ الصلوٰۃ اسم اشارہ با مشار الیہ ان کا اسم ہے اصلیھا فعل با فاعل ومفعول جملہ فعلیہ ہو کر صلوۃ کی صفت پس صلوۃ موصوف اپنی صفت سے مل کر آخر کا مضاف الیہ ہے۔ پھر مضاف با مضاف الیہ ان کی خبر ہے۔ پس ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر بتاویل مفرد اظن فعل کا مفعول ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ ثم انوی۔ انوی فعل با فاعل مستتر انا جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ہے۔ قولہ اکبر بالاحسان۔ اکبر فعل با فاعل اور بالاحسان جار با مجرور اکبر سے متعلق ہے پس جملہ فعلیہ ہو کر معطوف قولہ اقرأ بالتفکر سے اسلم بالاخلاص تک پانچوں جملوں کی ترکیب ظاہر ہے۔

فهٰذه صلوتی منذ ثلاثین سنة فقال له عصام هٰذا شیٔ لا یقدر علیه غیرك وبکٰی بکاءً شدیدًا۔

حکایت: حکی ان ملکًا شابا تولی الملك فلم یجد له لذة فقال لجلسائه هل الناس فی هذا اولا فقالوا له ان الناس مستقیمون فقال لهم

مطلب خیز ترجمہ: میری یہ نماز تیس سال سے ہے (یہ سنکر) عصام نے کہا کہ یہ ایسی چیز ہے کہ آپ کے علاوہ دوسرا اس پر قادر نہیں ہوسکتا اور زار وقطار روئے۔ منقول ہے کہ ایک نوجوان بادشاہ سلطنت کا مالک ہوا (مگر) اس نے سلطنت کی کوئی لذت نہیں پائی۔ پس اس نے اپنے ہمنشینوں سے کہا کہ کیا لوگ اس بارے میں میرے ہی مشابہ ہیں یا نہیں۔ انہوں نے کہا لوگ راہ راست پر قائم ہیں۔ بادشاہ نے ان سے کہا۔

تحقیقات: قولہ منذ۔ حرف جار مبنی علی الضم بمعنی مدت۔ قولہ سنۃ بفتحتین بمعنی سال جمع سنوات اول کے کسرہ اول وفتح ثانی بمعنی ادنگھ۔ قولہ لا یقدر مضارع واحد مذکر غائب از ضرب ونصر وسمع مصدر قدرۃ ومقدرۃ ومقدارًا علی الشیٔ بمعنی توانا وقوی ہونا۔ قولہ بکی۔ ماضی از ضرب مصدر بکاء بمعنی رونا صفت باک جمع بکاۃ مونث باکیۃ جمع باکیات وبواک مادہ بکی ناقص یائی قولہ شدید بمعنی سخت جمع اشداء وشداد۔ قولہ شاب بمعنی جوان جمع شبان وشبیۃ وشباب۔ شبابًا وشبیبۃ الغلام از ضرب بمعنی جوان ہونا کہا جاتا ہے من شب الی دب۔ جوانی سے بڑھاپے تک۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ تولی۔ ماضی از تفعل مصدر التولی۔ ذمہ داری لینا۔ کسی کے کام کے لئے مستعد ہونا۔ اور بصلہ عن بمعنی اعراض کرنا۔ مادہ ولی۔ لفیف مفروق۔ قولہ لم یجد۔ نفی جحد بلم از ضرب مصدر الوجدان بمعنی پانا۔ مثال واوی۔ قولہ لذۃ۔ مزہ، خوشی، حصول مرغوبات جمع لذات۔ لذاذا از سمع وضرب بمعنی خوش مزہ ہونا، مرغوب ہونا۔ لذیذ ہونا۔ صفت لذ ولذیذ مضاعف ثلاثی۔ قولہ جلساء۔ جلیس بمعنی ہمنشیں کی جمع ہے۔ از ضرب مصدر الجلوس بیٹھنا۔ قولہ مستقیمون۔ جمع مذکر اسم فاعل از استفعال مصدر الاستقامۃ۔ بمعنی سیدھا ہونا مادہ قوم اجوف واوی۔

ترکیب: قولہ فهٰذه ۔۔۔۔ سنة۔ ہذہ اسم اشارہ اپنے مشار الیہ صلواتی سے مل کر مبتدا۔ ثلاثین ممیز اپنی تمیز سنۃ سے مل کر منذ جارہ کا مجرور ہے۔ جار با مجرور کائنۃ مقدر سے متعلق ہو کر خبر ہے۔ قولہ فقال له ۔۔۔ غیرك قال فعل اپنے فاعل عصام اور متعلق لہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر قول ہے۔ ہٰذا اسم اشارہ مبتدا۔ اور مشار الیہ صلوۃ کیف بکیفیۃ مسموعہ ہے اور خبر (شیٔ) مذکر ہونے کی وجہ سے اسم اشارہ مذکر لایا گیا۔ شیٔ موصوف اپنی صفت لا یقدر الخ جملہ فعلیہ سے مل کر خبر ہے۔ یعنی لا یقدر فعل غیرک مضاف با مضاف الیہ فاعل اور علیہ متعلق ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ پس ہٰذا شیٔ الخ جملہ اسمیہ ہو کر مقولہ ہے۔ قولہ بکی بکاءً شدیدًا۔ بکی فعل با فاعل بکاءً شدیدًا موصوف با صفت مفعول مطلق ہے باقی ظاہر ہے۔

ملکًا موصوف اپنی صفت شابًا سے مل کر ان کا اسم ہے۔ تولی فعل اپنے فاعل مستتر اور مفعول الملک سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ان ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ فلم یجد له لذة کی ترکیب ظاہر ہے۔ قولہ فقال لجلسائه جملہ ہو کر قول ہے۔ هل الناس مثلی فی هذا او لا مقولہ ہے۔ یعنی الناس مبتدا مثلی مضاف اور مضاف الیہ اور اپنے متعلق فی ہٰذا سے مل کر معطوف علیہ او حرف عطف لا ئے نافیہ بمعنی غیر ہے اور وہ مثلی محذوف کی طرف مضاف ہے۔ تقدیر عبارت یوں ہے او غیر مثلی پس مضاف با مضاف الیہ معطوف ہے۔ اب معطوف با معطوف علیہ خبر ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ فقالوا جملہ ہو کر قول ہے۔ الناس مبتدا اپنی خبر مستقیمون سے مل کر جملہ ہو کر مقولہ ہے۔

فماذا یقیمہ لی قالوا یقیمہ لک العلماء فدعا بعلماء بلدتہ وصلحائھا وقال لھم اجلسوا عندی فما رأیتم منی من طاعۃ فامرونی بھا وما رأیتم منی من معصیۃ فازجرونی عنھا ففعلوا ذٰلک فاستقام لہ الملک اربع مائۃ سنۃ ثم اتاہ ابلیس لعنہ اللہ تعالیٰ فقال الملک لہ من انت قال انا ابلیس ولکن اخبرنی من انت

مطلب خیز ترجمہ :- (بادشاہ نے ان سے کہا) کونسی چیز میرے لئے سلطنت کو قائم کردیگی۔ انہوں نے جواب دیا کہ آپ کے لئے علماء اس کو قائم اور ثابت کردیں گے۔ چنانچہ بادشاہ نے اپنے شہر کے علماء اور نیک لوگوں کو دعوت دی اور ان سے کہا کہ آپ لوگ میرے نزدیک بیٹھیں اور مجھ سے جو بات طاعت الٰہی کی دیکھیں اس کا مجھے حکم کریں۔ اور جو گناہ کی بات دیکھیں مجھے اس سے روکیں پس علماء اور صلحاء نے ایسا ہی کیا (اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ) اس کی بادشاہت چار سو برس تک قائم رہی۔ اس کے بعد ابلیس " خدا اس پر لعنت کرے " بادشاہ کے پاس آیا۔ بادشاہ نے اس سے پوچھا کہ تو کون ہے۔ اس نے جواب دیا کہ میں ابلیس ہوں۔ اور لیکن مجھے بتاؤ کہ تم کون ہو!

تحقیقات :- قولہ یقیم مضارع از افعال مصدر الاقامۃ بمعنی قائم کرنا، کھڑا کرنا۔ اس کا مادہ بھی قوم ہے۔ قولہ بلدۃ بمعنی ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد ج بلاد و بلدان۔ قولہ صلحاء بروزن علماء صلیح بمعنی صالح کی جمع تکسیر ہے بمعنی نیک۔ صلاحًا و صلوحًا از کرم و فتح و نصر بمعنی درست ہونا۔ فساد کا زائل ہونا۔ قولہ طاعۃ بمعنی عبادت ج طاعات، طوعًا۔ از نصر بمعنی فرمانبردار ہونا صفت طائع ج طُوّع و طائعون اجوف واوی۔ قولہ معصیۃ گناہ، لغزش ج معاصی۔ معصیۃً و عصیًا از ضرب بمعنی نافرمانی کرنا۔ ناقص یائی۔ قولہ اُمروا امر جمع مذکر حاضر از نصر مصدر الامر حکم کرنا۔ مہموز فاء۔ قولہ ازجروا امر جمع مذکر حاضر از نصر مصدر الزجر بمعنی روکنا، منع کرنا۔ بصلہ عن مستعمل ہے۔ قولہ ابلیس۔ یہ شیطان کا علم جنس ہے۔ " ابلاس از افعال بمعنی بے خبر ہونا، شکستہ دل ہونا۔ ابلس من رحمۃ اللہ مایوس ہونا " سے مشتق ہے چونکہ ابلیس ملعون رحمت خداوندی سے قطعًا مایوس و محروم ہے اس لئے اس کا نام ابلیس رکھا گیا ج ابالیس و ابالسۃ۔ قولہ لعن ماضی از فتح مصدر اللعن بمعنی رسوا کرنا، لعنت کرنا، گالی دینا، دھتکارنا۔

ترکیب :- قولہ فماذا یقیمہ لی۔ کلمۂ ماذا میں دو احتمال ہیں یا مجموع ماذا کو کلمۂ استفہام کے طور پر ای شیٔ کے معنی میں گردانا جائیگا۔ یا ما بمعنی ای شیٔ اور ذا اسم موصول ہے بر تقدیر اول ماذا بمعنی ای شیٔ مبتدا ہے۔ یقیمہ لی فعل با فاعل و مفعول و متعلق جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہے۔ اور بر تقدیر ثانی ما بمعنی ای شیٔ مبتدا ہے۔ اور ذا اسم موصول یقیمہ لی جملہ ہو کر صلہ ہے۔ اور موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ موصول با صلہ مبتدا مؤخر ہو اور ما استفہامیہ خبر مقدم ہو۔ قولہ فما رأیتم ۔۔۔۔ بعا۔ ما موصولہ رأیتم منی فعل با فاعل و متعلق جملۂ فعلیہ ہو کر صلہ ہے۔ موصول با صلہ مبین ہوا۔ من بیانیہ طاعۃ بیان مبین اپنے بیان سے مل کر مبتدا ہے امرونی بھا فعل با فاعل و مفعول و متعلق جملہ فعلیہ انشائیہ خبر ہے۔ اور اسی طریقہ پر قولہ وما رأیتم منی من معصیۃ فازجرونی عنھا کی ترکیب ہے۔ قولہ فاء فصیحیہ ہے جو کہ شرط محذوف پر دال ہے ای فلما حکموا بذالک الحکم ففعلوا ذلک ترکیب ظاہر ہے۔ قولہ فاستقام ۔۔۔ سنۃ اربعۃ مائۃ سنۃ ممیز با تمیز استقام فعل کا مفعول فیہ ہے۔ لہ اس کا متعلق ہے الملک فاعل ہے۔ یہاں بھی فاستقام میں فاء فصیحیہ ہے ای فلما فعلوا ذلک فاستقام الخ۔ قولہ اتاہ فعل ہ ضمیر مفعول فیہ ظرف مکان بمعنی عندہ۔ اور ابلیس فاعل۔ باقی ظاہر ہے۔ " لعنہ اللہ " جملۂ فعلیہ معترضہ ہے۔ قولہ فقال الملک جملہ فعلیہ ہو کر قول ہے۔ اور من استفہامیہ مبتدا اور انت خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر مقولہ ہے۔ قولہ قال جملہ فعلیہ ہو کر قول ہے۔ انا ابلیس مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہو کر مقولہ ہے۔ قولہ ولکن اخبرنی من انت۔ من انت جملہ اسمیہ ہو کر اخبر فعل کا مفعول ثانی ہے اور اخبر فعل با فاعل ونون وقایہ و یائے متکلم مفعول اول ہے۔ باقی ظاہر ہے۔

قال انا رجل من بنی آدم فقال له لو کنت من بنی ادم لمتَّ کما یموت بنو آدم وانما انت الٰہ فادع الناس الی عبادتك فدخل فی نفسه شیٔ من ذلك فصعد المنبر ثم قال ایہا الناس انی اخفیت علیکم امرًا وقد حان وقت اظہارہ تعلمون انی ملکتکم اربع مائة سنة ولو کنت من بنی آدم لمتُّ کما یموت بنو آدم وانما انا الله فاعبدونی۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ بادشاہ نے کہا کہ میں اولاد آدم سے ایک مرد ہوں۔ ابلیس نے کہا کہ اگر تم اولاد آدم سے ہوتے تو ضرور مرجاتے جیسا کہ دوسرے اولاد آدم مرجاتے ہیں۔ تم تو معبود (پرستش کے لائق) ہو۔ پس لوگوں کو اپنی عبادت کی طرف بلاؤ (ابلیس کے اغواء سے) بادشاہ کے دل میں یہ بات اثر کر گئی۔ چنانچہ وہ منبر پر چڑھا اور کہا اے لوگو! میں نے تم سے ایک بات پوشیدہ رکھی۔ اب اس کے اظہار کا وقت آگیا ہے۔ تم جانتے ہو کہ چار سو برس سے تمہارے بادشاہ ہوں۔ اگر میں اولاد آدم سے ہوتا تو جس طرح عام انسان مرجاتے ہیں میں بھی مرجاتا۔ میں (تمہارا) معبود ہوں۔ سو تم میری پرستش کرو۔

تحقیقات:۔ قولہ ادم بمعنی گندم گوں۔ حضرت سیدنا ابو البشر علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کا اسم گرامی۔ افراد جنس پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے ج آوادم نسبت کے لئے آدمی۔ اَدِمَا از سمع دَاُدمَۃً از کرم بمعنی گندم گوں ہونا۔ قولہ صَعد ماضی از سمع مصدر الصعود بمعنی اوپر چڑھنا۔ اس کا صلہ اکثر الیٰ آتا ہے۔ ومنہ قولہ تعالیٰ: "الیہ یصعد الکلم الطیب" اور کبھی فی آتا ہے کما یقال "صعد فی السلم" اور کبھی صلہ محذوف ہوتا ہے جیسے شیخ کا قول "فصعد المنبر"۔ قولہ المنبر بلند جگہ۔ جہاں سے واعظ یا خطیب لوگوں کو خطاب کرتا ہے۔ بلند ہونے کی وجہ سے منبر کہا جاتا ہے اور آلہ کی تشبیہ کی بناء پر میم کو کسرہ دیا جاتا ہے ج منابر۔ نبر الشئی از ضرب بلند کرنا۔ انتبر الخطیب خطیب کا منبر پر چڑھنا۔ قولہ اخفیت ماضی واحد متکلم از افعال مصدر الاخفاء بمعنی چھپانا اصل میں اخفائی تھا بقاعدہ رداء یاء ہمزہ سے بدل گئی۔ اور یہ اعلان کا مقابل ہے ناقص یائی۔ قولہ حانَ ماضی از ضرب مصدر الحینونۃ بمعنی وقت قریب ہونا۔ اجوف یائی

ترکیب:۔ قولہ قال ۔۔۔۔ بنی آدم۔ قال جملہ ہو کر قول ہے۔ انا مبتدا رجل موصوف من بنی آدم جار با مجرور کائن مقدر سے متعلق ہو کر صفت ہے۔ اور موصوف با صفت خبر ہے۔ پس مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہو کر مقولہ ہے۔ قولہ فقال لہ قول ہے۔ لو کنت من بنی آدم الخ مقولہ ہے۔ یعنی لو شرطیہ کنتَ اگر تامہ ہو تو ضمیر فاعل ہے اور من بنی آدم متعلق ہے اور اگر ناقصہ ہو تو ضمیر اسم ہے اور من بنی آدم کائنا مقدر سے مل کر کنتَ کی خبر ہے۔ پس بر تقدیر اوّل جملہ فعلیہ اور بر تقدیر ثانی جملہ اسمیہ ہو کر شرط ہے۔ لمتَ الخ جزاء ہے۔ یعنی متَ فعل با فاعل اور کما یموت بنو آدم متَ کے مفعول مطلق محذوف کی صفت ہے اور کاف بمعنی مثل ہے اور ما مصدریہ ہے ای لمت موتًا مثل موت بنی آدم۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ انت الٰہ مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہے قولہ فادع الناس الی عبادتك۔ ادعُ فعل با فاعل مستتر الناس مفعول اور الی عبادتك جار با مجرور فعل سے متعلق ہے باقی ظاہر ہے قولہ فدخل فی نفسہ شیٔ من ذلك۔ منَ ذلک کائن مقدر سے متعلق ہو کر شیٔ کی صفت ہے اور شیٔ اپنی صفت سے مل کر دخل کا فاعل ہے اور فی نفسہ فعل کا متعلق ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ فصعد المنبر۔ المنبر صعد فعل کا مفعول فیہ ہے اور ضمیر مستتر صعد میں فاعل ہے۔ قولہ ثم قال ۔۔۔ حان وقت اظہارہ۔ قال قول ہے۔ ایہا الناس الخ مقولہ ہے یعنی ایہا الناس ندا ہے اخفیت فعل با فاعل اپنے مفعول امرًا سے جملہ فعلیہ ہو کر انَّ حرف مشبہ بالفعل کی خبر ہے اور یاء متکلم انَّ کا اسم ہے پس یہ جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ ہے۔ قد حانَ فعل اپنے فاعل وقت اظہارہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف جواب ندا ہے۔ باقی بر صفحہ آئندہ

فاوحی اللہ الی نبیّ زمانہ ان اخبرہ انی استقمت لہ ما استقام فلما تحول الی معصیتی نبعزتی وجلالی لاُسلطن علیہ بخت نصر فسلطہ علیہ فضرب عنقہ واوقر من خزائنہ سبعین سفینۃ من الذھب واللہ اعلم۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس زمانہ کے نبی کے پاس وحی بھیجی کہ اس کو خبر کر دو کہ جب تک وہ راہ راست پر قائم تھا میں نے اس کا ملک قائم اور ثابت رکھا جب وہ میری نافرمانی کی طرف مائل ہوا تو مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ہے کہ میں اس پر بخت نصر (جیسے ظالم بادشاہ) کو مسلط کر دوں گا۔ چنانچہ بخت نصر کو اس پر مسلط کیا اور بخت نصر نے اس کی گردن مار دی یعنی اس کو قتل کر دیا اور اس کے خزانوں سے ستر کشتیاں سونے کی بھرلے گئیں۔

تحقیقات:۔ قولہ اوحی ماضی از افعال۔ اوحی اللہ الیہ بکذا۔ وحی بھیجا۔ اس کا صلہ الیٰ آتا ہے مادہ وحی لفیف مفروق قولہ نبی۔ اللہ کے الہام سے غیب کی باتیں بتلانے والا۔ خدا کی طرف سے پیغامبر نسبت کے لئے نبوی ج اَنْبِیَاءُ و نَبِیُّوْنَ اَنْبَاءُ و نُبَاءُ۔ نُبُوًّا از فتح بلند ہونا تَنَبَّأَ تَنَبُّوًّا از تفعل دعویٰ نبوت کرنا۔ قولہ زمان بمعنی وقت ج ازمنۃ قولہ تحول ماضی از تفعل مصدر التحول بمعنی پھر جانا۔ بصلہ عن مستعمل ہے۔ اجوف واوی قولہ عزت بمعنی قوت، ارجمندی، قولہ جلال بزرگی قولہ لاسلطن لام تاکید با نون ثقیلہ معروف واحد متکلم از تفعیل مصدر التسلیط بمعنی کسی پر غالب بنانا یہ لفظ متعدی بدو مفعول ہے اول بنفسہ اور دوم بواسطۂ علیٰ ہے جیسا کہ شیخ کے قول فسلطہ علیہ میں۔ قولہ بخت نصر۔ جزء ثانی مبنی علی الفتح ہے۔ ایک کافر بادشاہ کا نام ہے جو کہ ممالک ہفت اقلیم پر قابض تھا اور بیت المقدس کو خراب کیا تھا۔ یہ مرکب ہے بخت اور نصر سے۔ بخت اصل میں بوخت تھا بمعنی لڑکا۔ اور نصر ایک بت کا نام ہے چونکہ وہ شخص زمانہ طفولیت میں ایک بت کے نزدیک پایا گیا تھا۔ اور اس کے باپ کا نام معلوم نہ تھا۔ اسی وجہ سے اس کی طرف نسبت کر کے بخت نصر یعنی بت کا لڑکا نام رکھا گیا۔ ترکیب اور علم سے غیر منصرف ہے۔ قولہ عُنُقٌ بمعنی گلا (مذکر ہے اور مونث بھی مستعمل ہے) ج اعناق، عَنَقًا از سمع بمعنی لمبی گردن والا ہونا۔ صفت اَعْنَق۔ قولہ اوقر ماضی از افعال مصدر ایقار بمعنی بھاری بوجھ لادنا۔ خاصیت تعدیہ ہے یعنی صاحب وقر بنا دینا۔ مادہ وقر مثال واوی قولہ سفینۃ بمعنی کشتی ج سُفُنٌ و سَفَائِن۔ قولہ ذَھَبٌ بمعنی سونا (کبھی مونث بھی بولتے ہیں) ج اَذْھَابٌ و ذُھُوْبٌ و ذُھْبَانٌ

ترکیب:۔ (بقیہ گذشتہ صفحہ) قولہ تعلمون۔۔۔ سنۃ۔ اربعمائۃ سنۃ ممیز با تمیز مفعول فیہ ظرف زمان ملک کا متعلق ہے۔ ملک اپنے مضاف الیہ کم ضمیر اور متعلق سے مل کر انّ کی خبر ہے اور یاء متکلم انّ کا اسم ہے۔ پس انّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر بتاویل مفرد تعلمون کا مفعول ہے۔ اور تعلمون میں ضمیر فاعل ہے باقی ظاہر ہے۔ قولہ ولو کنت من بنی آدم۔۔۔ انا اللہ تک کی ترکیب بعینہ گذر چکی۔ قولہ فاعبد ونی کی ترکیب ظاہر ہے۔ (متعلقہ صفحہ ہذا) قولہ فاوحی اللہ۔۔۔ ما استقام۔ الی نبی زمانہ جار با مجرور اوحیٰ فعل کا متعلق ہے اور لفظ اللہ فاعل اخبرہ الخ جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر اوحیٰ کا مفعول ہے۔ یعنی اخبر فعل با فاعل و ہ ضمیر مفعول اول انی استقمت لہ ما استقام مفعول ثانی ہے۔ یعنی ما استقام میں ما مصدریہ ہے بمعنی ما دام ظرف زمان مضاف اور استقام فعل با فاعل مستتر ہو جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ ہے۔ اب مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر استقمت فعل کا ظرف متعلق ہے اور لہ متعلق اول ہے۔ پس استقمت فعل با فاعل اور متعلقین جملہ فعلیہ ہو کر انّ کی خبر ہے اور یاء متکلم انّ کا اسم ہے باقی ظاہر ہے۔ قولہ فلما تحول الی معصیتی جملہ فعلیہ ہو کر شرط ہے اور فبعزتی وجلالی لاسلطن علیہ بخت نصر جملہ جزا ہے۔ یعنی نبعزتی وجلالی میں باء جارہ اپنے مجرور عزتی وجلالی سے مل کر اقسم فعل محذوف کا متعلق ہے۔ پس اقسم فعل با فاعل مستتر و متعلق جملہ فعلیہ ہو کر قسم ہوئی اور لاسلطن فعل اپنے فاعل مستتر اور متعلق علیہ اور

حکایت: حکی انہ کان لھارون الرشید جاریۃ سوداء قبیحۃ المنظر فنثر یومًا دنانیر بین الجواری فصارت الجواری یلتقطن الدنانیر وتلک الجاریۃ واقفۃ تنظر الی وجہ الرشید فقیل الا تلتقطین الدنانیر فقالت ان مطلوبھن الدنانیر ومطلوبی صاحب الدنانیر

مطلب خیز ترجمہ: نقل ہے کہ خلیفہ ہارون الرشید کی ایک کالی کلوٹی، بدصورت لونڈی تھی۔ ایک دن خلیفہ نے لونڈیوں کے درمیان اشرفیاں نچھاور کیں۔ لونڈیاں اشرفیاں چننے لگیں۔ مگر وہ بدصورت لونڈی کھڑی ہوکر خلیفہ کیطرف دیکھتی رہی کسی نے پوچھا کہ تو اشرفیاں کیوں نہیں چنتی ہو اس نے کہا ان لونڈیوں کا مقصد اشرفیاں ہے اور میرا مطلوب اشرفیوں کا مالک ہے۔

تحقیقات: ھارون الرشید۔ بنو عباسیہ کے پانچواں خلیفہ تھے۔ خلیفہ مہدی کے بیٹے تھے۔ مقام ری میں انکی ولادت باسعادت ہوئی۔ اپنے بھائی ہادی کے بعد ۱۷۰ھ میں منصب خلافت پر جلوہ افروز ہوئے۔ صاحب فتوت و مروت آدمی تھے۔ رشید ان کا لقب تھا یعنی راہ راست پانے والا اور راہ راست دکھانے والا۔ اور لفظ ہارون عجمہ اور علمیت کے سبب سے غیر منصرف ہے۔ انکی خلافت کا زمانہ ۱۹۳ھ تک رہا۔ قولہ جاریۃ بم لونڈی، بچی، کشتی، سانپ ج جواری، جاریات۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ سوداء بم سیاہ ج سُوْدٌ، سَوِدَا از سمع کالا ہونا۔ قولہ منظر اسم ظرف بمعنی دیکھنے کی جگہ مراد چہرہ، صورت ج مناظر قبیحۃ المنظر بم بدصورت قولہ نثر ماضی از نصر و ضرب مصدر النثر والنثار بم بکھیرنا، نثر میں گفتگو کرنا۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ دنانیر دینار کی جمع ہے بم سونے کا ایک پرانا سکہ۔ اصل میں دنّار تھا۔ نون اول کو یاء سے بدل دیا دینار ہوگیا قولہ یلتقطن مضارع جمع مؤنث غائب از افتعال مصدر التقاط بم چننا، زمین سے اٹھانا۔ قولہ مطلوب اسم مفعول از نصر مصدر الطلب ڈھونڈھنا۔

ترکیب: (بقیہ گذشتہ صفحہ) اور مفعول بحق نصر سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم۔ پس قسم با جواب قسم جملہ قسمیہ ہوکر جزائیہ ہے قولہ فسلط علیہ ترکیب ظاہر ہے۔ قولہ فضرب عنقہ ترکیب ظاہر ہے۔ قولہ اوقر من خزانتہ . . . من الذھب۔ من خزانتہ جار با مجرور اوقر فعل کا متعلق ہے۔ سبعین ممیز سفینۃ موصوف من الذھب جار با مجرور کائنۃ مقدر سے متعلق ہوکر صفت ہے موصوف با صفت تمیز ہوئی۔ ممیز با تمیز اوقر فعل کا مفعول ہے۔ اور اوقر میں ضمیر مستتر ھو فاعل ہے باقی ظاہر ہے **(متعلقہ صفحہ ھذا)** قولہ حکی . . . . قبیحۃ المنظر۔ انہ الخ جملہ ہوکر بتاویل مفرد حکی کا نائب فاعل ہے۔ یعنی کی ضمیر اسم اَنّ کان لہارون الخ خبر اَنّ یعنی جاریۃ موصوف اپنی دونوں صفتوں (سوداء قبیحۃ المنظر) سے مل کر کان کا اسم مؤخر ہے۔ لہارون الرشید جار با مجرور ثابتۃ مقدر سے متعلق ہوکر خبر کان مقدم ہے۔ قولہ فنثر . . . الجواری۔ نثر فعل ضمیر مستتر فاعل یومًا اس کا مفعول فیہ ہے اور بین الجواری مضاف با مضاف الیہ ظرف متعلق ہے اور دنانیر مفعول بہ ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ فصارت . . . . . الدنانیر۔ الجواری صارت کا اسم ہے اور یلتقطن الدنانیر جملہ فعلیہ ہوکر صارت کی خبر ہے۔ قولہ وتلک . . . . الرشید۔ تلک الجاریۃ مبتدا ہے واقفۃ خبر ہے اور تنظر الی وجہ الرشید جملہ فعلیہ ہوکر واقفۃ کی ضمیر سے حال ہے۔ یا واقفۃ موصوف اور تنظر الی وجہ الرشید جملہ ہوکر صفت ہے۔ قولہ فقیل . . . الدنانیر۔ قیل جملہ فعلیہ ہوکر قول ہے۔ الا تلتقطین الدنانیر جملہ فعلیہ ہوکر مقولہ ہے۔ قولہ فقالت . . . . صاحب الدنانیر۔ قالت جملہ ہوکر قول ہے مطلوبھن اسم اَنّ اور الدنانیر خبر اَنّ۔ پس یہ جملہ ہوکر معطوف علیہ ہے۔ اور مطلوبی صاحب الدنانیر جملہ اسمیہ ہوکر معطوف۔ معطوف با معطوف علیہ مقولہ ہے۔

اللھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعی فیہ

فاعجبه قولها فقربها واٰتی علیها خیرًا فانتھی الخبر الی الملوك بان ھارون الرشید عشق جاریة سوداء فلما بلغه ذلك ارسل خلف جمیع الملوك حتی جمعھم عنده فلما اجتمعوا امر باحضار الجواری واعطیٰ کل واحدة منھن قدحًا من الیاقوت وامر بالقائه فامتنعن جمیعًا۔

مطلب خیز ترجمہ: اس کی بات نے خلیفہ کو اچنبا کر دیا۔ سو خلیفہ نے اس کو مقرب کیا اور بہت سا مال عطا کیا دوسرے بادشاہوں کو یہ خبر پہنچی کہ ہارون رشید ایک سیاہ فام لونڈی پر عاشق ہوگیا۔ خلیفہ کو جب یہ بات معلوم ہوئی تو انہوں نے تمام بادشاہوں کے پاس قاصد بھیجکر ان کو اپنے پاس جمع کیا۔ جب تمام بادشاہ جمع ہوئے تو سب لونڈیوں کی حاضری کا حکم دیا۔ اور ہر ایک کو یاقوت کا ایک ایک پیالہ دیا اور اس کو (زمین پر) پھینکدینے کا حکم دیا۔ سب لونڈیاں باز رہ گئیں یعنی فرمان شاہی کو بجا نہیں لائیں۔

تحقیقات: قولہ اعجب ماضی از افعال مصدر الاعجاب بمعنی تعجب میں ڈالنا قولہ قرّب ماضی از تفعیل مصدر التقریب بمعنی قریب کرنا، نزدیک کرنا قولہ اٰتی ماضی از افعال مصدر الایتاء بمعنی دینا مہموز فا اور ناقص یائی سے جنس مرکب ہے۔ قولہ عشق ماضی از سمع مصدر عِشقًا ومَعْشَقًا۔ بہت محبت کرنا، محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عاشق جمع عُشّاق وعاشقون مونث عاشقۃ جمع عَوَاشِق۔ قولہ بَلَغَ ماضی از نصر مصدر اَلْبُلُوْغُ پہونچنا۔ بلغ الثمر پکنا۔ بلغ الصبی بالغ ہونا۔ قولہ اَرْسَلَ ماضی از افعال مصدر الاِرْسَالُ بمعنی بھیجنا، چھوڑنا۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ خَلْفَ بمعنی پیچھے، قدام کی نقیض ہے۔ قولہ جَمَعَ ماضی از فتح مصدر الجمع اکٹھا کرنا قولہ اجتمعوا ماضی جمع مذکر غائب از افتعال مصدر الاجتماع بمعنی اکٹھا ہونا۔ قولہ احضار افعال کا مصدر بمعنی حاضر کرنا۔ کہا جاتا ہے احضرہ الشیءَ اس کے پاس چیز کو لایا۔ قولہ اعطیٰ ماضی از افعال مصدر الاعطاء بمعنی دینا۔ قولہ قدح (بفتحتین) بمعنی پینے کا برتن۔ چھوٹے اور بڑے دونوں کے لئے بولا جاتا ہے جمع اقداح اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں۔ اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں قولہ یاقوت بمعنی ایک بیش قیمت پتھر۔ واحد یاقوتۃ جمع یَوَاقِیتُ۔ قولہ القاء افعال کا مصدر بمعنی پھینکنا، ڈالدینا۔ مادہ لفی ناقص یائی۔ قولہ امتنعن۔ ماضی جمع مونث غائب مصدر الامتناع باب افتعال سے بمعنی باز رہنا۔

ترکیب: قولہ فاعجبہ قولہا جملہ فعلیہ ہے۔ یعنی قولہا اعجب کا فاعل اور ہ ضمیر مفعول ہے۔ قولہ فقربہا جملہ فعلیہ ہے قولہ اٰتی علیہا خیرا۔ خیرًا اٰتی کا مفعول ہے اور علیہا متعلق ہے۔ قولہ فانتھی الخبر۔۔۔۔ ھارون الرشید موصوف باصفت اَنّ کا اسم اور عشق جاریۃ سوداء جملہ فعلیہ ہوکر اَنّ کی خبر ہے۔ ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر بتاویل مفرد مجرور ہوا۔ جار و مجرور مل کر انتہی فعل کا متعلق ثانی ہے اور الی الملوک متعلق اول اور الخبر فاعل ہے باقی ظاہر ہے۔ قولہ فلما بلغہ ذالك جملہ ہوکر شرط ہے یعنی ذلک بلغ فعل کا فاعل ہے اور ہ ضمیر مفعول ہے۔ اور ارسل جزا ہے یعنی خلف جمیع الملوک ظرف متعلق ہے ارسل فعل کا اور جمعہم عندہ جملہ فعلیہ ہوکر حتی کا مجرور ہوا۔ جار و مجرور ارسل کا متعلق ثانی ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ فلما اجتمعوا فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہوکر شرط ہے۔ امر باحضار الجواری جملہ فعلیہ ہوکر جزا ہے یعنی امر فعل با فاعل اور بالجواری اس کا متعلق ہے۔ قولہ اعطیٰ کل واحدۃ منہن۔ کل واحدۃ موصوف۔ منہن جار با مجرور کائنۃ مقدر سے متعلق ہوکر صفت ہے۔ موصوف با صفت اعطی کا مفعول اول ہے اور قدحًا موصوف من الیاقوت کائنۃ مقدرۃ سے متعلق ہوکر صفت ہے۔ موصوف با صفت مفعول ثانی ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ امر بالقائہ جملہ فعلیہ ہے۔ امتنعن جمیعا۔ جمیعًا یہ لفظ امتنعن کی ضمیر ھن سے حال ہے اور معنی اس کی تاکید ہے۔ پس بہر صورت یہ جملہ فعلیہ ہے۔

فانتهی الامر الی الجاریۃ القبیحۃ فالقت القدح وکسّرتہ فقال انظروا الی ھٰذہ الجاریۃ وجہھا قبیح وفعلھا ملیح فقال لھا الخلیفۃ لماذا کسّرتہ فقالت قد امرتنی بکسرہ فرایت ان فی کسرہ نقصًا فی خزینۃ الخلیفۃ وفی عدم کسرہ نقصًا فی امرہ والنقص فی الاوّل اولیٰ بقاء لحرمۃ امر الخلیفۃ ورأیت ان فی کسرہ وصفی بالمجنونۃ

مطلب خیز ترجمہ:۔ پس حکم سیاہ فام لونڈی تک پہنچا تو اس نے پیالہ کو پھینکدیا اور چور چور کر دیا۔ خلیفہ نے (اس کے بعد حاضرین مجلس سے) فرمایا۔ اس لونڈی کو دیکھو کہ اس کا چہرہ تو بدنما ہے مگر اس کا کام عمدہ اور پسندیدہ ہے۔ پھر خلیفہ نے اس لونڈی سے کہا کہ تو نے پیالہ کیوں توڑ ڈالا۔ اس نے عرض کیا کہ جناب والا نے اس کے توڑنے کا حکم دیا۔ سو میں نے دیکھا کہ اس کے توڑنے میں خلیفہ کے خزانہ میں کمی ہوگی اور اس کے نہ توڑنے میں خلیفہ کے حکم میں نقصان ہوگا۔ اور خلیفہ کے حکم کی حرمت و توقیر باقی رہنے کے لئے خزانہ میں نقصان واقع ہونا بہتر ہے۔ اور میں نے دیکھا کہ پیالہ کے توڑنے میں میری صفت مجنونہ کے ساتھ ہوگی۔ (یعنی لوگ مجھے مجنونہ کہیں گے)۔

تحقیقات:۔ قولہ کَسَّرَتْ ماضی واحد مونث غائب از تفعیل مصدر التکسیر بمعنی توڑنا۔ قولہ وجہٌ بمعنی چہرہ ج وجوہ۔ قولہ قبیحٌ بمعنی برا۔ ج قباحیٰ۔ قباح وقبحیٰ مونث قبیحۃ قُبحًا وقَبَاحۃً از کرم بمعنی برا ہونا، بدصورت ہونا۔ قولہ ملیح بمعنی خوبصورت مؤنث ملیحۃٌ ج ملاحٌ واملاحٌ۔ ملاحۃً وملوحۃً از کرم بمعنی خوبصورت ہونا، حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِیْحٌ ومُلَاحٌ ومُلّاحٌ قولہ النقص مصدر از ضرب بمعنی گھٹنا اور کم ہونا۔ گھٹانا اور کم کر دینا۔ لازم ومتعدی دونوں آیا ہے۔ قولہ الاول۔ بمعنی پہلا ج اوائل وَاَوَالٍ واَوّلُوْنَ۔ مونث اولیٰ ج اُوَلٌ واُوْلَیَاتٌ۔ اوّل جب صفت واقع ہوتا ہے تو غیر منصرف ہوتا ہے جیسے لَقِیْتُہٗ عامًا اوّلَ۔ اور اس کے ماسوا صورتوں میں منصرف ہوتا ہے۔ جیسے ما رأیتہ لہ اوّلًا ولا آخرًا۔ قولہ اَولیٰ اسم تفضیل بمعنی بہتر، زیادہ حقدار، زیادہ لائق۔ کہا جاتا ہے ھو اولیٰ بکذا وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔ اَوْلَوْنَ واَوَالِیْ۔ مونث وُلیا۔ قولہ بقاءٌ مصدر از سمع وبقیا از ضرب بمعنی ہمیشہ رہنا، ثابت رہنا۔ مادہ بقی ناقص یائی۔ قولہ حرمۃ بمعنی ذمہ۔ ہیبت، بردہ چیز جس کی ادائیگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو، حصہ، قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔ قولہ وصف مصدر از ضرب بمعنی بیان کرنا، تعریف کرنا، مثال واوی۔ قولہ مجنونۃ صفت مؤنث بمعنی دیوانہ از نصر مصدر الجنون بمعنی دیوانہ ہونا، پاگل ہونا۔ مادہ جنن مضاعف ثلاثی۔

ترکیب:۔ قولہ فانتھی الامر... الامر انتہی کا فاعل۔ الی الجاریۃ القبیحۃ اس کا متعلق ہے باقی ظاہر ہے قولہ القت القدح ترکیب ظاہر ہے۔ ایسا ہی کسرتہ بھی ظاہر ہے۔ قولہ فقال قول ہے قولہ انظروا... مقولہ ہے یعنی انظروا فعل با فاعل۔ الی ہذہ الجاریۃ اس کا متعلق ہے۔ وجہھا مبتدا اپنی خبر قبیح سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ اور فعلھا ملیح جملہ اسمیہ ہو کر معطوف۔ اور یہ معطوف اور معطوف علیہ ہذہ الجاریۃ سے حال ہے۔ قولہ فقال لھا الخلیفۃ قول ہے اور قولہ لماذا کسرتہ مقولہ ہے۔ لماذا جار با مجرور کسرت کا متعلق مقدم ہے۔ قولہ فقالت قد امرتنی بکسرھا قالت قول ہے بکسرہا جار با مجرور قد امرت فعل کا متعلق ہے اور یہ جملہ ہو کر مقولہ ہے۔ قولہ فرایت ان... نقصًا ان کا اسم موخر اور فی خزینۃ الخلیفۃ جار با مجرور نقص کا متعلق ہے۔ اور فی کسرہ جار با مجرور کائن مقدر سے متعلق ہو کر ان کی خبر مقدم ہے۔ ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ ہے اور فی عدم کسرہ کائن سے متعلق ہو کر ان مقدرہ کی خبر مقدم ہے۔ اور نقصًا فی امرہ اسم موخر۔ یہ جملہ ہو کر معطوف۔ معطوف با معطوف علیہ بتاویل مفرد رایت فعل کا مفعول واقع ہوا باقی ظاہر ہے۔ قولہ النقص فی الاول... النقص مبتدا فی الاول اس کا متعلق ہے اولیٰ خبر ہے اور بقاءً اولیٰ سے مفعول لہ ہے اور لحرمۃ امر الخلیفۃ جار با مجرور بقاءً سے متعلق ہے۔ قولہ رأیت ان فی کسرہ وصفی..... وصفی بالعامیۃ تک کی ترکیب بعینہ گذر گئی۔ یعنی وصفی بالمجنونۃ اسم ان اور فی کسرہ خبر ان۔ پس جملہ ہو کر معطوف علیہ۔

وفی ابقائہ وصفی بالعاصیۃ والاول احب الیّ من الثانی فاستحسن الملوک منہا ذلک وحمد والہا وعذروا الخلیفۃ فی محبتہا۔ واللہ اعلم

حکایت: - حکی انّ رجلاً کان نائماً فی المسجد ومعہ ہمیان فانتبہ فلم یجد ہمیانہ ورای جعفر الصادق (الطیار) یصلی

مطلب خیز ترجمہ: - اور اس کے باقی رکھنے میں میری صفت نافرمان ہوگی (یعنی لوگ مجھے نافرمان کہیں گے) اور پہلی صفت مجھے دوسری سے زیادہ پسند ہے (یعنی مجنونہ کہلاجانا نافرمان لقب پانے سے زیادہ محبوب ہے) تمام بادشاہوں نے لونڈی کے اس جواب کو پسند کیا اور خلیفہ کو اس کی محبت میں معذور رکھا۔ منقول ہے کہ ایک شخص مسجد میں سویا ہوا تھا۔ اور اس کے پاس ایک تھیلی تھی۔ جب وہ بیدار ہوا تو اس نے اپنی تھیلی نہیں پائی۔ اور حضرت جعفر صادق طیارؓ کو دیکھا کہ وہ نماز پڑھ رہے ہیں۔

تحقیقات: - قولہ العاصیۃ اسم فاعل مونث از ضرب مصدر المَعْصِیَۃ نافرمانی کرنا مادہ عصی ناقص یائی۔ قولہ احب اسم تفضیل از ضرب مصدر الحُبّ والمحبۃ بمعنی رغبت کرنا، محبت کرنا۔ قولہ استحسن ماضی واحد مذکر غائب از استفعال مصدر الاِسْتِحْسَان بمعنی اچھا جاننا خاصیت حسبان ہے۔ قولہ عذروا ماضی جمع مذکر غائب از ضرب مصدر المعذرۃ الزام سے بری کرنا عذر قبول کرنا۔ بصلہ علیٰ یا فی مستعمل ہے۔ قولہ نائماً اسم فاعل۔ سونے والا جمع نِیَامٌ، نُوَّمٌ، نُیَّمٌ، نُوَّامٌ، نُیَّامٌ آتی ہیں۔ نوماً ونیاماً بمعنی اونگھنا۔ سونا از سمع مادہ نوم اجوف واوی۔ ہِمْیَانٌ بالکسر بمعنی تھیلی ج ہمایین۔ ہمی الماء والدمع بمعنی جاری ہونا، بہنا، از ضرب قولہ انتبہ واحد مذکر غائب ماضی مصدر انتباہ بمعنی جاگنا، بیدار ہونا از افتعال مادہ نبہ۔ جنس صحیح۔ قولہ صادق اسم فاعل بمعنی راستی صَدَقَ یَصْدُقُ صَدْقًا ومَصْدُوْقَۃً وصِدْقًا بمعنی سچ بولنا از نصر۔ قولہ طیار اسم فاعل مبالغہ زیادہ اڑنے والا۔ طار یطیر طیراً وطیراناً بمعنی اڑنا از ضرب اجوف یائی۔ قولہ جعفر صادق طیار۔ جعفر دو ولی کا نام ہے۔ ایک کا لقب صادق ہے اور دوسرے کا لقب طیار ہے۔ پہلا شخص حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اولاد میں سے ہیں۔ یعنی جعفر بن محمد باقر بن زین العابدین بن حسین رضؓ بن علیؓ بن ابی طالب۔ یہ شخص خلیفہ منصور کے زمانہ میں ۱۴۸ھ میں اس دنیائے فانی سے رحلت فرماگئے اور دوسرے جعفر طیار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی تھے یعنی ابو طالب کا بیٹا تھا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں شہید ہوگئے چونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو پر وبال عطا کیا تاکہ عالم برزخ کے باغات میں پرواز کریں اس لئے طیار کے لقب سے ملقب ہوئے شیخ کے قول ھو ابن عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مراد جعفر طیار ہیں۔ اور بعض نے کہا کہ مراد جعفر صادق ہیں اور قولہ ھو ابن عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لفظ عم کو حذف کر دیتے ہیں۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اولاد میں سے ہیں۔ لیکن یہ قول تکلف سے خالی نہیں ہے۔ اور بعض نے کہا کہ جعفر سے مراد جعفر طیار ہی ہیں چونکہ طیار کو اپنی نیک کرداری وصدق گفتاری کی وجہ سے صادق بھی کہتے ہیں۔ اسی بنا پر جعفر بوصف صادق بھی موصوف تھے اور یہ توجیہ اقرب الی الصواب ہے۔

ترکیب: - قولہ وصفی بالعاصیۃ اسم ان مقدرہ مؤخر اور فی ابقائہ خبر مقدم پس جملہ ہو کر معطوف اور معطوف با معطوف علیہ بتاویل مفرد رأیت کا مفعول ہے۔ قولہ والاول احب۔ الاول مبتدا احب خبر ہے۔ اور الیّ جار با مجرور۔ اس کا متعلق اول اور من الثانی جار با مجرور اس کا متعلق ثانی ہے۔ قولہ فاستحسن الخ استحسن فعل الملوک فاعل منہا متعلق اور ذلک مفعول قولہ وحمد والہا ترکیب ظاہر ہے قولہ عذروا الخلیفۃ فی محبتہا۔ الخلیفۃ عذروا فعل کا مفعول ہے۔ فی محبتہا اس کا متعلق ہے۔ قولہ رای جعفر الصادق الطیار یصلی۔ جعفر موصوف اپنی دونوں صفت صادق اور طیار سے مل کر رای فعل کا مفعول ہے اور یصلی فعل با فاعل جملہ ہو کر مفعول سے حال واقع ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ تعلق ترکیب ظاہر ہے۔

فتعلق به فقال له ماشأنك فقال قد سُرق همیانی ولیس عندی غیرك۔ فقال له کم کان فی همیانك فقال الف دینار فمضی جعفرؓ الیٰ بیته واتاه بالف دینار ودفعها الیه فذهب الرجل الیٰ اصحابه فقالوا له همیانك عندنا وقد مازحناك فعاد الرجل بالدنانیر وسأل عن الذی اعطاها له فقالوا له هو ابن عم رسول الله صلی الله علیه وسلم فذهب الیه ودفعها له فلم یقبلها وقال انا اذا اخرجنا شیئا عن ملکنا لایعود الینا رضی الله عنه

مطلب خیز ترجمہ:۔ یہ شخص امام سے الجھ گیا۔ حضرتؓ نے اس سے فرمایا کہ تیرا کیا حال ہے (یعنی تو مجھ سے کیوں الجھ رہا ہے) اس نے کہا کہ میری تھیلی چوری ہوگئی ہے۔ اور آپ کے علاوہ دوسرا کوئی میرے پاس نہیں ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ تیری تھیلی میں کتنا (مال) تھا۔ اس نے کہا کہ اس میں ایک ہزار اشرفیاں تھیں۔ حضرت اپنے گھر تشریف لے گئے اور ایک ہزار اشرفیاں لاکر اس کے حوالہ کیں۔ پھر جب وہ شخص اپنے ساتھیوں کے پاس گیا تو انہوں نے اس سے کہا کہ تیری تھیلی ہمارے پاس ہے۔ ہم نے تجھ سے مذاق کیا ہے۔ وہ شخص اشرفیاں لے کر واپس آیا اور جس نے اس کو اشرفیاں دی تھیں اس کے بارے میں دریافت کیا۔ لوگوں نے اس سے کہا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچیرے بھائی ہیں۔ چنانچہ وہ ان کے پاس گیا اور وہ اشرفیاں واپس کرنا چاہا لیکن حضرت جعفرؓ نے اس کو قبول نہ کیا اور فرمایا کہ ہم جب کوئی چیز اپنی ملک سے خارج کر دیتے ہیں تو پھر وہ ہماری طرف واپس نہیں ہوتی ہے۔

تحقیقات:۔ قولہ تعلق واحد مذکر غائب ماضی از تفعل مصدر تعلّقٌ بمعنی لٹکانا۔ تعلق الشوک بالثوب۔ کانٹے کا کپڑے سے الجھنا۔ قد سرق واحد مذکر غائب ماضی قریب مجہول۔ سَرَقًا و سَرِقَةً بمعنی چرانا، چوری کرنا۔ از ضرب۔ قولہ مازحنا ماضی جمع متکلم از مفاعلہ مصدر مزاحٌ ومُمازَحَۃً بمعنی ہنسی مذاق کرنا۔ خاصیت مشارکت ہے۔ قولہ عاد ماضی واحد مذکر غائب مصدر عودًا از نصر بمعنی لوٹنا، دوبارہ کرنا عِیادۃً بمعنی بیمار پرسی کرنا از نصر مادہ عود۔ اجوف واوی۔ عمّ چچا ج اعمامٌ۔ لم یقبل نفی جحد بلم واحد مذکر غائب مصدر قبولًا بمعنی قبول کرنا از سمع۔ قولہ اخرجنا ماضی جمع متکلم از افعال مصدر اخراج بمعنی نکالنا۔ مجرد باب نصر سے ہے مصدر خروجًا بمعنی نکلنا۔

ترکیب:۔ قولہ ماشأنك ما بمعنی ای شئ مبتدا شأنك مضاف با مضاف الیہ خبر باقی ظاہر ہے۔ قولہ فقال قد سرق همیانی ولیس عندی غیرك ترکیب ظاہر ہے۔ قولہ کم کان فی همیانك۔ تقدیر عبارت اس طرح پر ہے کم دینارًا کان ثابتا فی همیانك یعنی کم دینارًا ممیز با تمیز مبتدا۔ کان فعل ناقص اپنے اسم اور خبر ثابتًا فی ہمیانک سے مل کر جملہ ہو کر خبر ہے۔ قولہ فقال الف دینار ای کان الف دینار فی همیانی۔ یعنی الف دینار اسم کان مقدر فی ہمیانی ثابتًا سے متعلق ہو کر خبر کان۔ قولہ فمضی جعفر الی بیته واتاه بالف دینار الخ ترکیب ظاہر ہے۔ قولہ سأل عن الذی اعطاها له۔ الذی اعطاہا لہ موصول با صلہ عن کا مجرور، جار با مجرور سأل سے متعلق ہے اور سأل کا مفعول محذوف ہے یعنی الناس۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ صلّی فعل لفظ اللہ اس کا فاعل علیہ فعل کا متعلق ہے۔ پس یہ جملہ ہو کر معطوف علیہ ہے اور سلّم فعل با فاعل جملہ ہو کر معطوف۔ پس معطوف با معطوف علیہ جملہ معترضہ دعائیہ۔ قولہ انا اذا اخرجنا شیئا عن ملکنا لا یعود الینا۔ اذا اخرجنا شیئا عن ملکنا شرط ہے لا یعود الینا جزا ہے۔ شرط اور جزا مل کر خبر انّ۔ اور اس کا اسم ضمیر جمع متکلم ہے۔ قولہ رضی اللہ عنہ یہ جملہ معترضہ دعائیہ ہے۔

حکایت :- حکی ان شابا من بنی اسرائیل مرض مرضاً شدیداً فنذرت امہ ان عافاہ اللہ من مرضہ لتخرجن من الدنیا سبعۃ ایام فعافاہ اللہ تعالیٰ منہ ولم تف بنذرہا فنامت لیلۃ فاتاہا اٰتٍ وقال لہا اوفی بنذرک لئلا یصیبک من اللہ بلاء شدید فلما اصبحت دعت ولدہا واخبرتہ بالقصۃ۔

مطلب خیز ترجمہ :- بیان کرتے ہیں کہ بنی اسرائیل کے ایک جوان سخت بیماری میں مبتلا ہوا۔ اس کی ماں نے نذر کی کہ اگر اللہ تعالیٰ اس کو اس بیماری سے شفا دے تو وہ ضرور بالضرور سات دن کیلئے دنیا سے نکل جائیگی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اس مرض سے شفا عنایت کی۔ لیکن اس عورت نے اپنی نذر پوری نہیں کی۔ ایک رات وہ سورہی کہ خواب میں کوئی شخص اس کے پاس آیا اور اس کو کہا کہ تو اپنی نذر پوری کرتا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تجھے سخت بلا نہ پہونچے۔ جب صبح ہوئی تو اس نے اپنے لڑکے کو بلایا اور اس سے قصہ بیان کیا۔

تحقیقات :- قولہ مرض ماضی واحد مذکر غائب مصدر مرضاً بمعنی بیمار ہونا۔ از سمع صیغہ صفت مَرِضٌ و مَرِیضٌ اوّل کی جمع مِرَاضٌ اور ثانی کی جمع مَرضیٰ ہے۔ مادہ مرض جنس صحیح۔ قولہ نذرت ماضی واحد مونث غائب از نصر و ضرب۔ مصدر نذراً و نذوراً۔ بمعنی نذر ماننا۔ غیر واجب کو اپنے اوپر واجب کرنا۔ اور باب سمع سے مصدر نذراً بصلہ با بمعنی چوکنا ہونا، جاننا۔ قولہ النذر بمعنی منت ج نذور قولہ عافا ماضی واحد مذکر غائب از مفاعلہ مصدر معافاۃً و عفاءً بمعنی صحت دینا۔ بلا اور برائی سے بچانا۔ مادہ عفو ناقص واوی۔ معافاۃ مصدر اصل میں معافوۃ تھا۔ بقاعدہ قال واؤ الف سے بدل گئی۔ معافاۃ ہوگئی۔ قولہ لم تف۔ نفی جحد بلم واحد مونث غائب از ضرب مصدر وفاء بمعنی پورا کرنا۔ اصل میں وفائی تھا۔ بقاعدہ کسائی یاء ہمزہ سے بدل گئی۔ اور لم تف اصل میں لم توفی تھا۔ واؤ مضارع سے بقاعدہ یعد گرگئی اور لم داخل ہونے کی وجہ سے آخر سے یاء حذف ہوگئی۔ اور مادہ وفی لفیف مفروق۔ قولہ اتیٰ ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر اتیانٌ بمعنی آنا۔ صیغہ صفت اٰتٍ ہے اصل میں اٰتِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے یاء ساکن کردی گئی پھر اجتماع ساکنین کی وجہ سے یاء حذف ہوگئی۔ مادہ اتی مہموز فا اور ناقص یائی سے مبنی مرکب۔ قولہ لا یصیب مضارع منفی واحد مذکر غائب از افعال مصدر اصابۃً بمعنی درست کرنا۔ اصابت المصیبۃ مصیبت نازل ہونا۔ مادہ صوب اجوف واوی۔ قولہ بلاء بمعنی مصیبت، غم جو جسم کو گھلا دے، آزمائش خواہ خیر سے ہو یا شر سے۔ بلا یبلو بلواً و بلاءً بمعنی آزمانا، تجربہ کرنا از نصر ناقص واوی۔ اور اگر یائی ہو تو باب سمع سے مصدر بلیً و بلاءً بمعنی پرانا ہونا۔ قولہ قصۃ خبر، واقعہ حالت ج قِصَص اقاصیص۔ قصّ قصّاً از نصر بمعنی قینچی سے بال وغیرہ کاٹنا و قصصاً بمعنی بیان کرنا از نصر) مادہ قصص مضاعف ثلاثی۔

ترکیب :- قولہ حکی ان شابا من بنی اسرائیل مرض مرضا شدیدا۔ مرضا شدیدا موصوف با صفت فعل مرض کا مفعول مطلق ہے۔ فعل اپنے فاعل و مفعول سے مل کر جملہ ہو کر ان کی خبر ہے۔ شابا من بنی اسرائیل موصوف با صفت اسم ان ہے یعنی من بنی اسرائیل کائنا سے متعلق ہو کر شابا کی صفت۔ قولہ ان عافاہ اللہ تعالیٰ الخ جملہ شرطیہ نذرت فعل کا مفعول بہ ہے اس لئے منصوب المحل ہے۔ قولہ اوفی بنذرک لئلا یصیبک من اللہ بلاء شدید بلاء شدید موصوف با صفت لا یصیب کا فاعل ہے۔ من اللہ متعلق۔ کَ خطاب مفعول فیہ ظرف مکان بمعنی علیک ہے پس جملہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور ہے۔ جار با مجرور اوفی فعل کا متعلق ہے۔ بنذرک متعلق ہے اور اوفی میں ضمیر مستتر فاعل ہے۔

وأمرت ان يحفر لها قبرا في المقابر ويدفنها فيه ففعل ذلك فلما نزلت في القبر قالت الٰهي وسيدي قد فعلت جهدي وطاقتي واوفيت بنذري فاحفظني في هذا القبر من الأفات فحثا ولدها عليها التراب وانصرف فرأت من جهة رأسها نورًا ساطعًا وجحرًا كالكوة فنظرت فيه فرأته بستانا وفيه امرأتان فنادتاها ايتها المرأة اخرجي الينا فاتسع الجحر

مطلب خیز ترجمہ:- اور اس کو حکم دیا کہ وہ قبرستان میں اس کے واسطے ایک قبر کھودے اور اس میں اس کو دفن کردے لڑکے نے ایسا ہی کیا۔ جب وہ عورت قبر میں اتری تو اس نے کہا کہ اے میرے معبود اور میرے سردار! میں نے اپنی کوشش اور طاقت صرف کی ہے اور اپنی نذر پوری کی۔ اب تو مجھے اس قبر میں آفتوں سے حفاظت کر۔ اس کے بعد اس کے لڑکے نے قبر مٹی سے پاٹ دی اور واپس آیا۔ پس اس عورت نے اپنے سر کی جانب سے ایک نور درخشاں اور کھڑکی کی طرح ایک سوراخ دیکھا۔ اس سوراخ میں نظر کی تو اس میں ایک باغ دیکھا۔ (خیال کیا) اس میں دو عورتیں موجود تھیں ان دونوں نے اس عورت کو آواز دی کہ اے بی بی ہماری طرف نکل آؤ۔ چنانچہ وہ سوراخ کشادہ ہوگیا۔

تحقیقات:- قولہ یحفر مضارع واحد مذکر غائب از ضرب مصدر حفرًا۔ بم گڑھا کھودنا۔ قولہ قبر انسان کے دفن کرنے کی جگہ جمع قبور۔ قبر یقبر قبرًا ومقبرًا۔ از نصر وضرب بم میت کو دفن کرنا۔ مقابر مقبرۃ کی جمع ہے بم قبرستان۔ قولہ یدفن مضارع واحد مذکر غائب از ضرب مصدر دفنًا بم گاڑنا، دفن کرنا، چھپانا قولہ نزلت ماضی واحد مؤنث غائب از ضرب مصدر نزولًا بم اترنا اور باب سمع مصدر نزلۃً بم زکام میں مبتلا ہونا۔ قولہ جھد بم طاقت، استطاعت۔ جھد فی الامر بم بہت کوشش کرنا از فتح۔ قولہ طاقۃ مصدر از نصر بم قادر ہونا۔ مادہ طوق اجوف واوی۔ قولہ احفظ امر حاضر واحد مذکر حاضر از سمع مصدر حفظًا۔ ضائع ہونے سے بچانا، خراب وخستہ ہونے سے بچانا، نگاہ رکھنا۔ قولہ حثا ماضی واحد مذکر غائب از نصر مصدر حثوًا ناقص واوی وازضرب مصدر حثیًا وتحثاءً ناقص یائی۔ ڈالنا، گرانا۔ قولہ جھۃ جانب، گوشہ، جس کی طرف تم توجہ کرو۔ جمع جہات۔ وَجَہَ یَجِہُ وجہًا از ضرب بم منہ پہ مارنا، رد کرنا۔ اور کرم سے مصدر وَجَاہۃً بم صاحب وجاہت ہونا۔ مادہ وجہ مثال واوی۔ قولہ ساطع اسم فاعل از فتح مصدر سطعًا وسطوعًا بم بلند ہونا، پھیلنا۔ سمع سے مصدر سَطَعًا بم دراز گردن ہونا۔ ساطع بمعنی چمکنے والا۔ قولہ جحر سوراخ جمع اجحار وجحرۃ واجحرۃ۔ جحرًا از فتح وتجحّر از تفعل وانجحر از انفعال الضب اوالسبع بم سوراخ میں داخل ہونا۔ مادہ جحر۔ جنس صحیح۔ قولہ کوّۃ بم کھڑکی جمع کوی۔ قولہ اتسع ماضی واحد مذکر غائب از افتعال بم کشادہ ہونا۔ اِتَّسَعَ اصل میں اِوْتَسَعَ تھا۔ واو تاء کے قریب ہونے کی وجہ سے بقاعدہ اِتّقد تاء سے بدل ہوکر ادغام ہوگئی پس اتسع ہوگیا۔ مجرد وَسِعَ یَسَعُ سعۃً از سمع وحسب بم کشادہ ہونا۔ مادہ وسع مثال واوی۔

ترکیب:- قولہ ان یحفر لها قبرا فی المقابر یہ جملہ بتاویل مصدر اَمرت کا مفعول ثانی ہے۔ باقی جملوں کی ترکیبیں ظاہر ہیں۔ قولہ فرأت من جهة رأسها نورًا ساطعًا وجحرًا كالكوة کالکوۃ میں کاف بمعنی مثل ہے پس مثل مضاف با مضاف الیہ جحرًا کی صفت ہے۔ باقی ظاہر ہے۔

وخرجتُ الیهما فاذا فی البستان حوض نظیف وهما جالستان علیه فجلست عندهما وسلمت علیهما فلم تردّا علیها السلام فقالت لهما مامنعکما ان تردّا علیّ السلام وانتما قادرتان علی الکلام فقالتالها ان السلام طاعة وقد منعنا منها فبینما هی جالسة عندهما واذا بطائر علیٰ رأس احدی المرأتین یروح علیها بجناحیه واذا بطائر علیٰ رأس الاُخریٰ ینقر رأسها بمنقاره۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ اور وہ عورت نکل کر ان دونوں عورتوں کے پاس جا پہونچی (وہاں پہونچکر کیا دیکھتی ہے) کہ اچانک باغ میں ایک پاکیزہ حوض ہے اور وہ دونوں عورتیں اس پر بیٹھی ہوئی ہیں۔ یہ عورت ان کے پاس بیٹھی اور ان کو سلام کی۔ لیکن ان دونوں عورتوں نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔ اس عورت نے ان سے کہا کہ میرے سلام کے جواب دینے سے تم کو کس چیز نے روکا۔ حالانکہ تم کلام پر قادر ہو۔ ان دونوں عورتوں نے کہا کہ سلام عبادت ہے اور ہم عبادت سے روکی گئیں۔ اسی دوران میں کہ وہ عورت ان دونوں کے نزدیک بیٹھی ہوئی تھی (کیا دیکھتی ہے) کہ اچانک ان دونوں میں ایک کے سر پر ایک چڑیا ہے جو اپنے بازوں سے پنکھا جھل رہی ہے۔ اور دوسرے کے سر پر ایک چڑیا جو اپنی چونچ اس کے سر پر مار رہی ہے۔

تحقیقات:۔ قولہ حوض بمعنی پانی جمع ہونے کی جگہ، کنواں جمع حیاضٌ، اَحْوَاضٌ وحِیضَانٌ۔ حَوْضًا از نصر بمعنی حوض بنانا۔ مادہ حوض اجوف واوی۔ قولہ نظیف اسم فاعل از کرم جمع نُظَفَاء مصدر نظافۃً بمعنی صاف ستھرا ہونا، پاکیزہ ہونا، بارونق وحسین ہونا۔ قولہ سلمتُ ماضی واحد مونث غائب از تفعیل مصدر سلامًا بمعنی السّلام علیک کہنا۔ مجرد از سمع مصدر سلامۃً بمعنی نجات پانا، بری ہونا۔ قولہ لم تردّا نفی جحد بلم تثنیہ مونث غائب از نصر مصدر ردًّا بمعنی رد کرنا، پھیرنا، واپس کرنا۔ مادہ ردد مضاعف ثلاثی۔ قولہ قادرتان اسم فاعل تثنیہ مونث از باب نصر وضرب وسمع مصدر قدرًا وقدرۃً ومقدرۃً بمعنی توانا ہونا، قوی ہونا۔ قولہ جناحٌ بالفتح بمعنی پرندہ کا بازو جمع اَجْنِحَۃٌ۔ جُنَاحٌ بالضم بمعنی گناہ۔ جَنَحَ جُنُوحًا از نصر وضرب وفتح۔ بمعنی مائل ہونا۔ جَنَحَ الطائر بازو پر مارنا۔ قولہ ینقر مضارع واحد مذکر غائب از نصر مصدر نقرًا بمعنی مارنا چونچ سے سوراخ کرنا۔ نقر علیٰ فلان۔ از سمع۔ بمعنی غضبناک ہونا۔ مادہ نقر۔ منقار بمعنی چونچ۔

ترکیب:۔ قولہ فاذا فی البستان حوض نظیف اس جملہ کی ترکیب بعینہٖ پہلی حکایت میں قولہ فاذا فیہما تندیل من ذر کے تحت گذر گئی۔ قولہ مامنعکما ان تردّا علیّ السلام وانتما قادرتان علی الکلام۔ ما بمعنی ای شئی مبتدا۔ منعکما ان تردا علی السّلام جملہ ہو کر خبر۔ وانتما قادرتان علی الکلام جملہ اسمیہ ہو کر تردّا کی ضمیر فاعل سے حال ہے علیّ تردّا کا متعلق ہے۔ السّلام مفعول ہے۔ اور تردا اپنے فاعل ومفعول ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر بتاویل مصدر منع کا مفعول ثانی ہے۔ اور کما ضمیر مفعول اول ہے۔ قولہ فبینما هی جالسة عندهما واذا بطائر علیٰ رأس احدی المرأتین یروح علیها بجناحیه۔ ہی جالسۃ عندہما جملہ اسمیہ بین ظرف کا مضاف الیہ ہے اور ما زائدہ ہے۔ مضاف بامضاف الیہ اَحَسَّ فعل مجہول محذوف کا ظرف متعلق مقدم ہے اور یہ فعل اذا مفاجاتیہ کے بعد محذوف ہوتا ہے۔ بطائر میں باز زائدہ ہے اور طائر احس فعل کا نائب فاعل ہے علی رأس احدی المرأتین کائن شبہ فعل محذوف سے متعلق ہو کر طائر کی صفت اوّل ہے اور یروح علیها بجناحیه جملۂ فعلیہ طائر کی صفت ثانی ہے۔ یا تو علیٰ رأس احدی المرأتین سے متعلق ہے۔ اس صورت میں طائر کی صفت ایک ہوگی۔ قولہ اذا بطائر علیٰ رأس الاخریٰ ینقر رأسها بمنقاره۔ بعینہ اوپر کی ترکیب کی طرح ہے۔

فقالت للاولی بماذا انلت هذه الکرامة فقالت کان لی فی الدنیا زوجٌ وکنت مطیعة له وقد خرجت من الدنیا وهو عنی راضٍ فاکرمنی اللہ بهذه الکرامة وقالت للاخری بماذا اصابك هذه العقوبة فقالت انی کنت امرأة صالحة وکان لی فی الدنیا زوجٌ وکنت عاصیةً له وقد خرجت من الدنیا وهو ساخط علیَّ فجعل اللہ قبری روضة لصلاحی وعاقبنی بهذه العقوبة بسخط زوجی۔ فاسئلكِ اذا رجعتِ الی الدنیا فاشفعی لی عند زوجی لعله یرضی عنی۔ فلما مضی علیها سبعة ایام قالتا لها قومی ادخلی فی قبركِ لان ولدكِ جاء فی طلبك فلما دخلت قبرها فاذا ولدها یحفر علیها فاخرجها من القبر وذهب بها الی المنزل

مطلب خیز ترجمہ:۔ اس (مدفونہ) عورت نے پہلی عورت سے کہا کہ کس ذریعہ سے تو اس بزرگی میں پہونچی۔ اس نے کہا کہ دنیا میں میرا ایک شوہر تھا۔ اور میں اس کی اطاعت کرنے والی تھی۔ میں دنیا سے اس حال میں نکلی کہ وہ مجھ سے خوش تھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس بزرگی کے ساتھ مجھے نوازی۔ پھر اس نے دوسری عورت کو کہا (پوچھا) کہ کیوں تجھ کو یہ عذاب پہونچا۔ اس نے کہا کہ میں ایک نیک کار عورت تھی اور دنیا میں میرا ایک شوہر تھا اور میں اس کی نافرمان تھی۔ اور میں نے دنیا سے ایسے حال میں انتقال کیا کہ وہ مجھ سے ناخوش تھا۔ سو اللہ تعالیٰ نے میری نیکی کی وجہ سے میری قبر کو باغ بنایا اور میرے شوہر کی ناراضی کی وجہ سے مجھے یہ عذاب دیا۔ سو میں تم سے درخواست کرتی ہوں کہ جب تم دنیا کی طرف واپس جاؤ تو میرے واسطے میرے شوہر سے سفارش کرنا ممکن ہے کہ وہ مجھ سے راضی ہو جائے۔ جب اس مدفونہ پر سات دن گذر گئے تو ان دونوں عورتوں نے اس سے کہا کہ اٹھو اور اپنی قبر میں داخل ہو اس لئے کہ تمہارا لڑکا تمہاری طلب میں آیا ہے۔ چنانچہ وہ جب اپنی قبر کے اندر داخل ہوئی (تو کیا دیکھتی ہے) کہ یکایک اس کا لڑکا قبر کھود رہا ہے۔ اس کے بعد لڑکے نے اسکو قبر سے باہر نکالا اور اس کو لیکے گھر لے گیا

تحقیقات:۔ قولہ نلتِ ماضی واحد مونث حاضر از سمع و ضرب مصدر نیلاً ونالا ونالۃً بمعنی حاصل کرنا، پانا۔ مادہ نیل اجوف یائی۔ قولہ زوجٌ بمعنی شوہر، بیوی جوڑ، ساتھی جمع ازواج وزوجۃ جمع الجمع ازاویج۔ زاج زوجًا (ن) بمعنی بھڑکانا، فساد ڈالنا۔ مادہ زوج اجوف واوی قولہ مطیعۃ واحد مونث اسم فاعل از افعال مصدر اطاعۃ بمعنی فرمانبردار ہونا۔ مجرد طاعَ یطوعُ طوعًا (ن) بمعنی فرمانبردار ہونا۔ مادہ طوع۔ اجوف واوی۔ قولہ راضٍ اسم فاعل واحد مذکر جمع راضون ورضاۃ۔ رضوانًا۔ از سمع بمعنی خوش ہونا مادہ رضو ناقص واوی قولہ العقوبۃ بدی کا بدلہ، سزا۔ عقبًا از نصر و ضرب بمعنی ایڑی مارنا۔ عقب الرجل پیچھے آنا۔ قولہ صالحۃ واحد مونث اسم فاعل۔ مصدر صلاحًا وصلوحًا وصلاحیۃً از نصر و فتح وکرم۔ بمعنی درست ہونا، فساد کا زائل ہونا، نیک ہونا۔ قولہ عاصیۃ اسم فاعل واحد مونث مصدر عصیًا ومعصیۃً از ضرب بمعنی نافرمانی کرنا۔ صفت عاصٍ جمع عصاۃ وعاصون مادہ عصی ناقص یائی اور اگر واوی ہو تو مصدر عصوًا بمعنی لاٹھی سے مارنا۔ قولہ ساخط اسم فاعل واحد مذکر از سمع سخطًا بمعنی غضبناک ہونا۔ قولہ روضۃ باغ جمع روضٌ ورِیاضٌ وروضات وریضان قولہ عاقب ماضی واحد مذکر غائب از مفاعلہ مصدر معاقبۃ وعقابًا بمعنی مواخذہ کرنا۔ قولہ رجعتِ ماضی واحد مونث حاضر از ضرب مصدر رجوعًا مرجعًا مرجعۃً بمعنی واپس آنا لوٹنا۔ قولہ اشفعی واحد مونث حاضر از فتح مصدر شفاعۃً بمعنی سفارش کرنا۔ قولہ مضی ماضی واحد مذکر غائب از ضرب ونصر مصدر مُضُوًّا ومضیًا گذر جانا مادہ مضی ناقص یائی۔ قولہ قومی امر واحد مونث حاضر از نصر مصدر قیامًا بمعنی کھڑا ہونا مادہ قوم اجوف واوی۔

تنبیہ:۔ الترکیب ظاهر فلا حاجة الی البیان۔

فشاع الخبر انها وفت بنذرها فجاء الناس لزيارتها وجاء زوج المرأة التي سالتها الشفاعة عنده فاخبرته بخبرها فعفا عنها فرأت في نومها تلك المرأة فقالت لها قد نجوت من العقوبة بسببك فجزاك الله خيرا وعفا عنك۔

حکایت: ۔ حكي عن عبد الله بن المبارك قال كنت بمكة فوقع فيها قحط كبير وكان الناس يستسقون بعرفات

مطلب خیز ترجمہ: ۔ پھر یہ خبر مشہور ہوگئی کہ فلاں عورت نے اپنی نذر پوری کی لوگ اس کی ملاقات کے واسطے آئے اور اس عورت کا شوہر بھی آیا جس نے اپنے شوہر سے سفارش کی درخواست کی۔ چنانچہ اس عورت نے اس سے اس کی بی بی کا قصہ بیان کیا پس اس نے اپنی بی بی کو معاف کر دیا۔ ایک رات اس عورت نے اس مرد کی بی بی کو خواب میں دیکھا اس نے کہا کہ تیرے وسیلے سے میں نے عذاب سے نجات پائی۔ اللہ تعالیٰ تجھکو بہتر جزا عطا کرے۔ اور تیری گناہ معاف کرے۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں مکہ معظمہ میں تھا۔ وہاں بہت بڑا قحط پڑا۔ لوگ میدان عرفات میں نماز استسقاء پڑھتے تھے۔

تحقیقات: ۔ قولہ شَاعَ ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر شیعًا شیوعًا شاعًا شیعانًا وشیوعۃً بم پھیلنا مادہ شیعٌ اجوف یائی۔ قولہ زیارۃ باب نصر کا مصدر مزارًا وزورًا وزُوارًا وزَوارۃً بم ملاقات کے لئے جانا صفت زائر ج زائرُونَ زُوَّرٌ مادہ زور اجوف واوی۔ قولہ نجوت ماضی واحد متکلم از نصر مصدر نجاۃٌ ونجاءٌ ونجایۃٌ بصلہ من نجات پانا، رہائی پانا، مادہ نجو ناقص واوی۔ قولہ سبب بم ذریعہ، رسی، راستہ، وسیلہ جمع اَسْبَابٌ۔ قولہ جزی۔ ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر جزاءً بصلہ علی و باء بم بدلہ دینا مادہ جزیٌ ناقص یائی۔ جزی فلانا حقہ ادا کرنا، جزاء الشیٔ کافی ہونا۔ قولہ عبد اللہ بن المبارک۔ علماء کبار اور امام اعظمؒ کے شاگردوں میں سے تھے۔ امام، فقیہ، حافظ، زاہد تھے ۱۱۸ھ میں پیدا ہوئے بہت سے کرامات ان سے صادر ہوئے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ ایک دن گلاب کے درخت کے نیچے عبادت کرتے تھے۔ کہ ایک بڑا سانپ نرگس کی ایک ٹہنی منہ میں پکڑ کر ان پر پنکھا جھل رہا تھا۔ بارہا بغداد میں تشریف لائے تھے اور حدیث کے درس دیتے تھے۔ بالآخر خانہ کعبہ کی پڑوسگی اختیار کی اور ۱۸۱ھ میں وفات پائی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ قولہ مکۃ ملک عرب کے مشہور شہر کا نام ہے جس میں ہمارے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔ مکّ الشیٔ ہلاک کرنا اور برباد کرنا سے مشتق ہے۔ چونکہ مکہ معظمہ کے ساتھ جو بے ادبی کرتا ہے اس کی ہلاکی لابدی ہے اس لئے اس کو مکہ کر کے نام رکھا گیا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ قحط خشک سالی ج قُحُوطٌ قَحْطًا وقُحُوطًا از سمع وفتح۔ بارش رکن اور خشک سالی ہونا۔ صفت قَاحِطٌ ج قَوَاحِطُ۔ قولہ کبیر۔ بڑا ج کبار وکُبَرَاءُ۔ کَبُرَ فی القدر مرتبہ میں بڑا ہونا از کرم۔ وکِبَرًا از نصر عمر میں بڑا ہونا۔ قولہ یستسقون۔ مضارع جمع مذکر غائب از استفعال مصدر استسقاء بم پانی طلب کرنا مجرد از ضرب پلانا ناقص یائی

ترکیب: ۔ قولہ فشاع الخبر انها وفت بنذرها۔ الخبر مبدل منہ آن اپنے اسم ضمیر اور خبر وفت بنذرہا سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر بدل ہے۔ مبدل منہ با بدل شاع کا فاعل ہے۔ قولہ جاء زوج المرأة التي سالتها الشفاعة۔ زوج مضاف المرأة موصوف التي اسم موصول اپنے صلہ سالتها الشفاعة سے مل کر صفت ہے۔ موصوف با صفت مضاف الیہ ہے مضاف با مضاف الیہ جاء فعل کا فاعل ہے۔ والباقي من التراكيب ظاهر۔

فلم یزدادوا الا شدۃ فمکثوا علیٰ ذالک جمعۃ ثم بعد الجمعۃ خرجوا الیٰ عرفات فرأیت فیھم رجلا اسود ضعیف البدن فصلیٰ رکعتین ثم دعا ربہ ثم سجد وقال وعزتک لا ارفع رأسی من السجود حتی تسقی عبادک فرأیت قطعۃ من السحاب ظھرت ثم انضم الیھا قطع اخر

مطلب خیز ترجمہ:- لیکن قحط کی سختی بڑھتی ہی جاتی تھی۔ ایک ہفتہ اسی حال میں گذر گیا۔ اگلے ہفتہ میں لوگ جمعہ کی نماز کے بعد پھر عرفات کی طرف نکلے۔ میں نے ان میں ایک سیاہ فام کمزور بدن آدمی کو دیکھا۔ اس نے دو رکعت نماز پڑھی پھر اپنے پروردگار سے دعا مانگی۔ پھر سجدہ کیا۔ اور کہا تیری عزت کی قسم ہے کہ میں اس وقت تک اپنا سر سجدہ سے نہیں اٹھاؤں گا۔ جب تک کہ تو اپنے بندوں کو (بارانِ رحمت سے) سیراب نہ کرے۔ اس کے بعد میں نے ابر کا ایک ٹکڑا دیکھا کہ وہ نمودار ہوا پھر اس کی طرف اور ٹکڑے مل گئے۔

تحقیقات:- قولہ لم یزدادوا نفی جحد بلم جمع مذکر غائب از افتعال مصدر ازدیاد اصل میں ازتیاد تھا۔ افتعال کے فاء کلمہ زاء ہونے کی وجہ سے تاء افتعال دال سے بدل گئی۔ پس ازدیاد ہوگیا۔ بمعنی زیادہ ہونا اور زیادہ کرنا۔ مجرد زِیَادَۃً وزیدًا از ضرب۔ زیادہ ہونا اور زیادہ کرنا۔ اجوف یائی۔ قولہ مکثوا۔ ماضی جمع مذکر غائب از نصر مصدر مکثًا و مکوثًا واز کرم مصدر مکاثۃ بمعنی ٹھہرنا۔ قولہ عرفات مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر حاجیوں کیلئے نویں ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ اور نسبت کیلئے عرفی اور وجہ تسمیہ یہ ہے کہ عرفات معرفت سے ماخوذ ہے بمعنی پہچاننا۔ اور چونکہ حضرت آدم وحوا علیہما السلام تین سو سال کی گریہ وزاری کے بعد اسی میدان میں ایک نے دوسرے کو پہچانا۔ اسی سبب سے عرفات کرکے نام رکھا گیا۔ قولہ ضعیف بمعنی کمزور ج ضُعَفَاءُ ضِعَافٌ وضَعَفَۃٌ ج ضُعفًا از نصر وضَعَافَۃً وضَعَافِیَۃً از کرم بمعنی کمزور ہونا۔ قولہ قطعۃ چیز کا حصہ ٹکڑا قِطَعٌ ج قِطعًا ومقطعًا از فتح کاٹنا۔ قولہ السحاب بمعنی بادل سُحُبٌ ج سحبًا از فتح زمین گھسیٹنا۔ قولہ انضم ماضی واحد مذکر غائب از انفعال مصدر انضمام ملنا مادہ ضم مضاعف ثلاثی۔

ترکیب:- قولہ فلم یزدادوا الا شدۃ۔ شدۃٌ مستثنیٰ مفرغ ہے جس کا مستثنیٰ منہ محذوف ہے اور وہ یہاں لفظ شیئًا ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح پر ہوگی لم یزدادوا شیئًا الا شدۃً۔ مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر لم یزدادوا کا مفعول ہے۔ والباقی ظاہر۔ قولہ وقال وعزتک لا ارفع رأسی من السجود حتی تسقی عبادک۔ قال قول ہے اور اس کے مابعد مقولہ ہے۔ وعزتک قسم ہے لا ارفع الخ جواب قسم ہے من السجود لا ارفع کا متعلق اول ہے اور تسقی عبادک جملہ ہوکر بتاویل مصدر مجرور ہے حتی کا۔ جار با مجرور متعلق ثانی ہے۔ قولہ فرأیت قطعۃ من السحاب ظھرت۔ قطعۃ مفعول بہ ہے من السحاب شبہ فعل محذوف سے متعلق ہوکر قطعۃ کی صفت ہے۔ اور ظھرت جملہ ہوکر قطعۃ سے حال ہے۔

ثم امطرت السماء كافواه القرب فحمدت الله وانصرفت فاتبعت اثره حتی رایته دخل مكانًا فيه نخاس العبيد فانصرفت ثم اصبحت فحملت معی من الدراهم والدنانير ثم جئت الى دار النخاس وقلت له انی محتاج الى غلام اشتريه فعرض علیّ نحو ثلاثين غلامًا فقلت هل بقی غير هؤلاء قال بقی غلام مشوم لا يكلم احدًا فقلت ارنيه فاخرج الغلام الذی رايته بعينه فقلت بكم اشتريته فقال بعشرين دينارًا وهو لك بعشرة دنانير فقلت لا بل ازيدك سبعة و عشرين دينارا واخذت بيد الغلام ورجعت

مطلب خیز ترجمہ: - پھر آسمان مشکوں کے منہ کی طرح برسا۔ یعنی گویا کہ مشکوں کے دہانے کھل گئے۔ اس کے بعد اس نے اللہ تعالیٰ کی ثنا کی اور واپس چلا پس میں اس کے پیچھے ہو لیا یہاں تک کہ اس کو دیکھا کہ وہ ایسے مکان میں داخل ہوا جس میں ایک بندہ فروش ہے پس میں واپس چلا آیا۔ پھر صبح ہوئی تو میں نے دراہم اور دنانیر کو اپنے ساتھ لیا اور بندہ فروش کے گھر کی طرف آیا اور میں نے اس سے کہا کہ میں ایک غلام خریدنے کی طرف محتاج ہوں۔ چنانچہ انہوں نے تقریباً تیس غلام میرے سامنے پیش کئے۔ میں نے اس سے کہا کہ ان غلاموں کے سوا کوئی اور غلام بھی باقی ہے؟ اس نے کہا ہاں ایک منحوس غلام اور باقی ہے جو کسی سے بات نہیں کرتا ہے۔ میں نے کہا اسے بھی دکھاؤ تو اس نے بعینہ اسی غلام کو نکالا جس کو میں نے دیکھا تھا اس کے بعد میں نے پوچھا کہ تم نے اس کو کتنے میں خریدا ہے اس نے کہا کہ بیس اشرفیوں میں اور وہ آپ کے لئے (صرف) دس دینار میں ہے۔ پس میں نے کہا کہ نہیں بلکہ میں ستائیس اشرفیاں تم کو زیادہ دونگا۔ اس کے بعد میں نے اس غلام کا ہاتھ پکڑا اور واپس آیا۔

تحقیقات: - قولہ امطرت ماضی واحد مونث غائب از افعال مصدر امطار و مجرد از نصر مصدر مطرًا بمعنی بارش ہونا پانی برسانا۔ قولہ افواہ فوہ کی جمع ہے بمعنی منہ اور فوہ فم کی اصل ہے۔ فوہًا بصلہ با از نصر بولنا۔ و فوہًا از سمع فراخ دہن ہونا۔ اجوف واوی۔ قولہ قرب یہ قربۃ بالکسر کی جمع ہے بمعنی مشک اور قربۃ بالضم بمعنی نیک افعال جن سے اللہ کی قربت حاصل ہو۔ قولہ نخاس بہت چبھونے والا۔ غلاموں جانوروں کی تجارت کرنے والا یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ نخاسون جمع۔ نخس الدابۃ (از نصر و فتح) جانور کے پہلے یا پچھلے حصے پر لکڑی وغیرہ چبھو کر اکسانا۔ قولہ مشوم اسم مفعول از فتح مصدر شامًا بدبختی ڈالنا۔ صفت شائم مہموز عین۔ قولہ ارِ امر واحد مذکر حاضر از افعال مصدر ارادۃ بمعنی دکھانا۔ ارِ اصل میں اَرْاِیْ تھا بروزن اکرم بقاعدہ ارِی ہمزہ کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل میں دیا اور ہمزہ کو خلاف قیاس حذف کر دیا۔ پھر حالت جزمی میں یا حذف ہوگئی۔ قولہ عین ذات، شخص اعیان جمع۔

ترکیب: - قولہ ثم امطرت السماء کافواہ القرب۔ السماء فعل امطرت کا فاعل ہے اور کافواہ القرب کا کاف اگر اسمی بمعنی مثل ہو تو یہ مفعول مطلق محذوف کی صفت ہے ای امطرت السماء امطارًا مثل افواہ القرب اور اگر کاف حرفی ہو تو جار با مجرور فعل امطرت کا متعلق ہے قولہ حتی رایتہ دخل مکانًا فیہ نخاس العبید۔ دخل الخ جملہ رایتہ کے ضمیر مفعول سے حال واقع ہے مکانًا دخل کا مفعول فیہ ہے۔ فیہ نخاس العبید جملہ اسمیہ ہو کر مکانًا کی صفت واقع ہے۔ قولہ لا بل ازیدک سبعۃ وعشرین دینارًا۔ بقرینہ مذکورہ ای اشتریت لاء نفی کا مدخول محذوف ہے والتقدیر لا اشتری بعشرۃ دنانیر۔ لا اشتری فعل با فاعل اور بعشرۃ دنانیر اس کا متعلق ہے پس جملہ ہو گیا۔ اور بل حرف عطف ہے ک خطاب ازید کا مفعول اول ہے اور سبعۃ وعشرین دینارًا ممیز با تمیز مفعول ثانی ہے۔

فقال یامولای لم اشتریتنی وانا لا اطیق خدمتك فقلت انما اشتریتك لتکون
انت مولای وانا خادمك فقال لی لماذا تفعل ذلك فقلت رأیتك بالامس
قد دعوت الله تعالیٰ فاجابك فعرفت کرامتك علیه فقال لی قد رأیت ذلك
قلت نعم قال فهل تعتقنی فقلت انت حرّ لوجه الله تعالیٰ فسمعت هاتفًا
لا اریٰ شخصه یقول یا ابن المبارك ابشر فقد غفر الله لك ثم اسبغ الغلام
الوضوء وصلیٰ رکعتین ثم قال الحمد لله هذا عتق مولایَ الاصغر فکیف یکون عتق مولای الاکبر

مطلب خیز ترجمہ:۔ اس نے مجھے کہا اے میرے آقا مجھے آپ نے کیوں خریدا۔ میں تو آپ کی خدمت کی طاقت نہیں رکھتا ہوں
میں نے کہا میں نے تم کو اس لئے خریدا ہے کہ تم میرے مالک ہو اور میں تمہارا خادم ہوں۔ اس نے مجھے کہا کہ آپ یہ کیوں کرتے ہیں۔
میں نے کہا کہ کل میں نے تم کو دیکھا کہ اللہ تعالیٰ سے تم نے دعا کی۔ اور اس نے تمہاری دعا قبول فرمائی۔ پس میں نے اللہ تعالیٰ کے نزدیک
تمہاری بزرگی پہچان لی۔ اس نے مجھے کہا کہ واقعی آپ نے ایسا ہی دیکھا۔ میں نے کہا ہاں۔ اس نے کہا کہ کیا آپ مجھے آزاد کر دینگے؟
میں نے کہا تو محض رضائے الہی کے لئے آزاد ہے۔ اس کے بعد میں ایک ہاتف کو جس کی صورت میں نہیں دیکھتا ہوں یہ کہتے ہوئے
سنا کہ اے ابن المبارک تجھے خوشخبری ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تیری مغفرت فرمائی پھر غلام نے کامل طور پر وضو کیا اور دو رکعت نماز
پڑھی۔ پھر اس نے کہا اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ یہ میرے چھوٹے آقا کی آزادی ہے۔ پس میرے مولائے اکبر کی آزادگی کس طرح ہوگی

تحقیقات:۔ قولہ لا اطیق مضارع منفی واحد مذکر غائب از افعال مصدر اطاقۃ بمعنی طاقت رکھنا، قادر ہونا۔ تعلیلاً و جنساً
بروزن الاقامۃ۔ قولہ امس مبنی علی الکسر بمعنی گذشتہ کل۔ قولہ تعتق مضارع واحد مذکر حاضر از افعال مصدر اعتاق بمعنی آزاد کرنا۔ قولہ هاتف
اسم فاعل جس کی آواز سنائی دے اور وہ دکھائی نہ دے ج ہواتف و ہتافاً از ضرب کبوتری کا کوکو کرنا (ہتاً فلاناً یا بفلان) چلا کر بلانا۔ قولہ شخص
جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھلائی دے ج اشخص و اشخاص و شخوص۔ قولہ اسبغ ماضی واحد مذکر غائب از افعال مصدر اسباغ ۔
کامل کرنا، پورا کرنا۔ سین با اور غین کی ترکیب میں کامل ہونے کے معنی پائے جاتے ہیں۔ مثلاً اسبغ الثوب کپڑے کا لمبا کشادہ ہونا، اسبغ
الرجل پوری زرہ پہنا۔ سابغ الالیتین بڑے چوتڑوں والا۔ ذنب سابغ لمبی دم۔ درع سابغۃ پوری زرہ وغیرہ قولہ اصغر اسم تفضیل
ج اصاغر و اصاغرۃ و اصغرون۔ از سمع و کرم مصدر صغر و صغارۃ ۔ چھوٹا ہونا۔

ترکیب:۔ قولہ انما اشتریتك لتکون انت مولای۔ لتکون الخ اشتریت فعل سے متعلق ہے۔ تکون
اَنْ مقدرہ سے منصوب ہے انت ضمیر منفصل تکون کی ضمیر مستتر سے تاکید ہے اور موکد با تاکید اسم تکون اور مولای
خبر تکون۔ پس تکون اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور ہے۔ قولہ رأیتك بالامس قد
دعوت الله۔ قد دعوت اللہ جملہ فعلیہ ہو کر رأیت فعل کے مفعول کاف خطاب سے حال واقع ہے۔ اور بالامس
فعل کا متعلق ہے۔ قولہ فسمعت هاتفًا لا اریٰ شخصه یقول یا ابن المبارك ابشر۔ هاتفًا فسمعت کا
مفعول ہے لا اریٰ شخصه جملہ فعلیہ ہو کر ہاتفًا کی صفت ہے۔ یا ابن المبارک ندا اپنے جواب ندا ابشر سے مل کر مقولہ
ہوا یقول قول کا۔ قول با مقولہ ہاتفًا سے حال واقع ہوا۔

اللّٰھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعیٰ فیہ

ثم توضأ ایضًا وصلّٰی رکعتین ثم رفع یدہ الی السماء وقال الٰہی انت تعلم انی عبدتك ثلاثین سنۃ وان العہد بینی وبینك ان لا تکشف ستری فحینئذ کشفتہ فاقبضنی الیك فخر مغشیًا علیہ فاذا ہو میّت فکفنتہ ولم احسن کفنہ وصلیت علیہ ودفنتہ فلما نمت رأیت رجلا حسنًا فی ثیاب حسنۃ

مطلب خیز ترجمہ: پھر دوبارہ وضو کیا اور دو رکعت نماز پڑھی۔ پھر اپنے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھائے اور کہا خداوندا! توخوب جانتا ہے کہ بیشک میں نے تیس برس تک تیری عبادت کی۔ اور میرے اور تیرے درمیان عہد تھا کہ تو میرا پردہ فاش نہ کرے گا۔ اور اس وقت تو نے اس کو فاش کر دیا لہذا (میری روح قبض کرکے) مجھے اپنے پاس بلالے۔ اس کے بعد وہ بیہوش ہوکر گرا (جب دیکھا گیا) کہ اچانک وہ مردہ ہے۔ میں نے اس کو کفن دیا اور اس کا کفن عمدہ نہیں دے سکا (یعنی معمولی کفن دیا) اور اس پر نماز جنازہ پڑھی اور دفن کر دیا جب میں سویا تو ایک خوبصورت شخص کو عمدہ لباس میں دیکھا

تحقیقات: عہد یہ لفظ چند معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ ضمان، امان، دوستی، ذمہ، وصیت، قسم، شاہی فرمان، میثاق۔ عہود جمع۔ شیخ کے قول میں آخری معنی مراد ہیں۔ عہدًا از سمع پہچاننا، حفاظت کرنا، دیکھ بھال کرتے رہنا۔ قولہ مغشیًا اسم مفعول از سمع اصل میں مغشوی تھا۔ مرمی کے قاعدہ سے واؤ یاء ہوگئی اور یاء دوسری یاء میں مدغم ہوگئی مصدر غشیًا وغشایۃً نازل ہونا، ڈھانکنا، بیہوشی طاری ہونا۔ یہ لفظ لازم ہے اور بصلہ علیٰ معنی تعدیہ لئے گئے ہیں اس لئے اسم مفعول اور مجہول کا صیغہ استعمال کرنا جائز ہوا۔ صفت مفعولی مغشی علیہ ہے۔ قولہ کفنت ماضی واحد متکلم از ضرب مصدر کفنًا بمعنی کفن دینا۔ کفن پہنانا۔ خاصیت الباس ماخذ ہے۔ قولہ دفنت ماضی واحد متکلم از ضرب مصدر دفنًا چھپانا۔ دفن المیت میت کو گاڑنا۔

ترکیب: قولہ الٰہی انت تعلم انی عبدتك ثلاثین سنۃ وان العہد بینی وبینك ان لا تکشف ستری۔ الٰہی منادیٰ ہے اور حرف ندا محذوف ہے۔ انت تعلم الخ جواب ندا ہے۔ اس صورت پر کہ انت مبتدا ہے تعلم الخ جملہ ہوکر خبر ہے۔ تعلم میں ضمیر فاعل ہے۔ عبدتُ فعل با فاعل وکاف خطاب مفعول بہ اور ثلاثین سنۃ مفعول فیہ۔ پس یہ جملہ ہوکر انّ کی خبر ہے اور یاء متکلم انّ کا اسم ہے۔ پس ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ ہوکر معطوف علیہ ہے۔ بینی وبینک معطوف با معطوف علیہ عہد سے متعلق ہے۔ اور لفظ عہد انّ کا اسم ہے۔ قولہ ان لا تکشف ستری جملہ ہوکر بتاویل مصدر انّ کی خبر ہے۔ پس ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ ہوکر معطوف۔ اب معطوف با معطوف علیہ تعلم فعل سے مفعول واقع ہے۔ قولہ فحینئذ کشفتہ۔ حینَ مضاف ہے اذ کی طرف۔ اور اذ کان کذا، جملہ محذوف کی طرف مضاف ہے۔ کان کذا کو حذف کرکے اس کے عوض میں اذ میں تنوین دیا گیا۔ پس حینَ اپنے مضاف الیہ سے مل کر کشفت فعل کا ظرف متعلق مقدم ہے۔ باقی ظاہر ہے۔ قولہ رأیت رجلا حسنًا فی ثیاب حسنۃ۔ رجلاً رأیت کا مفعول ہے۔ حسنًا رجلًا کی صفت اوّل ہے اور فی ثیاب حسنۃ ثابتًا محذوف سے متعلق ہوکر صفت ثانی ہے۔

ومعہ رجل کبیر کذلك وکل منهما واضع یدہ علی کتف الاٰخر فقال لی یا ابن المبارك اما تستحیی من الله ثم مشی فقلت لہ من انت فقال انا محمد رسول الله وهٰذا ابی ابراهیم فقلت وکیف لا استحیی وانا اکثر الصلوٰة فقال مات ولی من اولیاء الله تعالیٰ فلم تحسن کفنہ فلما اصبحت اخرجتہ من القبر وکفنتہ فی کفن نقیٍّ وصلیت علیہ ودفنتہ رحمہ الله تعالیٰ۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ کہ ایک اور شخص سن رسیدہ ویسی ہی لباس ان کے ساتھ ہیں۔ اور ان دونوں میں سے ہر ایک دوسرے کے کندھے پر اپنا ہاتھ رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے مجھے کہا کہ اے ابن المبارک کیا تو اللہ تعالیٰ سے نہیں شرماتا ہے پھر وہ چلے میں نے ان کو کہا آپ کون ہیں۔ انہوں نے کہا۔ میں اللہ کا رسول محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوں۔ اور یہ میرے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ میں نے کہا کس طرح میں اللہ تعالیٰ سے نہیں شرماتا ہوں۔ حالانکہ میں بکثرت نماز پڑھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے اولیاء میں سے ایک ولی مرگیا اور تم نے اس کو اچھا کفن نہیں دیا۔ چنانچہ جب صبح ہوئی تو میں نے اس کی نعش کو قبر سے نکالا اور نہایت نفیس کفن میں اس کو کفنایا اور اس پر پھر نماز جنازہ پڑھی اور دفن کر دیا اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے۔

تحقیقات:۔ قولہ کتف۔ کندھا کتف واکتاف ج کتفًا وکتیفًا از ضرب آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ وکتفًا از سمع بمعنی چوڑے یا بڑے کندھے والا ہونا، درد مند مونڈھے والا ہونا۔ قولہ ما تستحیی مضارع منفی (یہاں نافیہ موضوع برائے نفی حال) از استفعال مصدر استحیاءً بمعنی شرم کرنا، باز رہنا، منقبض ہونا۔ شیخ کے قول میں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ مشٰی ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر مشیًا وتمشاءً بمعنی چلنا۔ ناقص یائی۔ قولہ نقیّ صاف ستھرا۔ اَنقیاءُ ونِقاء ونقواء ج نقاوۃً ونقایۃً از سمع بمعنی صاف ستھرا ہونا، خوبصورت ہونا، خالص ہونا۔ صفت نقی ناقص واوی ونقوًا از نصر واوی، ونقیًا از ضرب یائی بمعنی ہڈی سے گودا نکالنا

ترکیب:۔ قولہ ومعہ رجل کبیر کذلك۔ معہ شبہ فعل محذوف سے متعلق ہو کر خبر مقدم رجل موصوف کبیر صفت اول اور کذلک صفت ثانی۔ موصوف با صفتین مبتدا مؤخر۔ پس جملہ اسمیہ ہو کر رجلًا مفعول سے حال واقع ہے۔ (فائدہ) کذلک میں دو احتمال ہے اگر کاف حرفی جارہ ہو تو ذلك اسم اشارہ مجرور ہے اور جار با مجرور کائنًا محذوف سے متعلق ہو کر صفت واقع ہے۔ والتقدیر رجل کبیر کائن کذلک۔ اور اگر کاف اسمی بمعنی مثل ہو تو مثل مضاف اور ذلک مضاف الیہ ہے۔ اور مضاف با مضاف الیہ صفت ہے۔ والتقدیر رجل کبیر مثل ذلک۔ قولہ وکل منهما واضع یدہ علی کتف الاٰخر۔ کلّ میں تنوین عوض مضاف الیہ ہے والتقدیر کل واحد۔ پس کل واحد مضاف با مضاف الیہ موصوف ہے اور منهما شبہ فعل محذوف سے متعلق ہو کر صفت ہے۔ موصوف با صفت مبتدا ہے اور واضع شبہ فعل اپنے مفعول یدہٗ اور متعلق علی کتف الاٰخر سے مل کر خبر ہے۔ قولہ هٰذا ابی ابراهیم۔ ہذا مبتدا ابی مضاف با مضاف الیہ مبدل منہ۔ ابراہیم بدل ہے۔ مبدل منہ با بدل خبر ہے۔

وسئل ابو القاسم الحکیم ایما افضل عاص یتوب عن عصیانہ ام کافر یرجع الی الایمان فقال بل العاصی الذی یتوب عن عصیانہ افضل لان الکافر فی حال کفرہ اجنبی والعاصی فی حال عصیانہ عارف بربہ ولان الکافر اذا اسلم ینتقل من درجۃ الاجانب الی درجۃ العارف

مطلب خیز ترجمہ ابو القاسم حکیم سے پوچھا گیا کہ ایک گنہگار ہے جس نے اپنے گنہ سے توبہ کی اور ایک کافر ہے جو ایمان کی طرف رجوع کرتا ہے (یعنی ایمان لے آیا) ان دونوں میں کون افضل ہے (اس کے جواب میں) انہوں نے فرمایا کہ جو گنہگار اپنے گناہ سے توبہ کرتا ہے وہ افضل ہے کیونکہ کافر کفر کی حالت میں اجنبی ہے اور گنہگار اپنے گناہ کی حالت میں اپنے پروردگار کا پہچاننے والا ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ کافر جب اسلام لاتا ہے تو اجنبیوں کے درجہ سے نکل کر عارف کے درجہ میں داخل ہوتا ہے

تحقیق:۔ قولہ حکیم صفت ہے بمعنی دانا، دانشمند حکماء ج۔ حِکمۃً از کرم دانا ہونا۔ قولہ افضل اسم تفضیل از کرم مصدر فضلاً صاحب فضل ہونا۔ قولہ کافر۔ اسم فاعل از نصر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا انکار کرنے والا۔ کافرون، کُفّار وکَفَرۃ ج۔ کفار کا استعمال اکثر اس کافر کی جمع میں ہوتا ہے جو ضد مومن ہے۔ اور کَفَرۃ کا استعمال اکثر اس کافر کی جمع میں ہوتا ہے جو بمعنی ناشکر گذار ہے۔ کَفَرَ الشیَٔ چھپانا کفر نعم اللہ وبنعم اللہ ناشکری کرنا۔ کفر کُفراً ناً۔ ایمان کی ضد۔ از نصر اس کا صلہ اکثر باء آتا ہے جیسے فمن یکفر بالطاغوت۔ اور کبھی لام آتا ہے جیسے وکان الشیطان لربہ کفوراً۔ ک، ف، ر۔ کی وضع میں چھپانے کے معنی ملحوظ ہیں جیسے کفرٌ بالمعنیین یعنی کفران نعمت اور شرک اول میں خدا کی کھلی ہوئی نعمتوں کا۔ اور ثانی میں کھلم کھلا دلائل توحید اور مظاہر قدرت کا باوجود اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرنے کے انکار کرنا گویا ان کو چھپانا ہے۔ کفارۃ یہ بھی گناہوں کو چھپاتا ہے۔ کافر کاشتکار وہ بھی زمین کے اندر دانوں کو چھپاتا ہے۔ کافر زمین والمناسبۃ ظاہرۃ کافر بمعنی رات، رات کی پردہ پوشی محتاج بیان نہیں ہے۔ قولہ یرجع مضارع واحد مذکر غائب از ضرب۔ مصدر مرجعًا ورجوعًا پھرنا واپس ہونا۔ قولہ ایمان باب افعال کا مصدر ہے بمعنی امن دینا۔ بصلہ باء بمعنی تصدیق کرنا، اعتماد کرنا۔ وبصلہ لام بمعنی تابعدار ومطیع ہونا۔ مادہ امن۔ بھروسہ کرنا۔ قولہ ینتقل مضارع واحد مذکر غائب از افتعال مصدر انتقال بمعنی منتقل ہونا۔ مجرد نقلاً از نصر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ قولہ اجنبی ایسا ہی اجنب بمعنی بیگانہ، مسافر۔ اجانب ج۔ جنبًا از نصر بمعنی دفع کرنا۔ علیحدہ کرنا، دور کرنا، پہلو پر مارنا۔ قولہ اسلم ماضی واحد مذکر غائب از افعال مصدر اسلام بمعنی فرمانبردار ہونا، منقاد ہونا، دین اسلام اختیار کرنا، بیع سلم کرنا۔ یہاں معنی ثالث مراد ہیں۔

ترکیب:۔ قولہ سئل ابو القاسم الحکیم ایما افضل عاص یتوب عن عصیانہ ام کافر یرجع الی الایمان۔ ابو القاسم سئل کا مفعول مالم یسم فاعلہ ہے۔ الحکیم ابو القاسم کی صفت اور ایما افضل الخ جملہ اسمیہ مفعول ثانی ہے۔ اور مفعول ثانی کی تفصیل یہ ہے کہ ای مضاف ہے ہذین محذوف کی طرف اور ما زائدہ ہے اور ہذین محذوف مبدل منہ عاص موصوف اپنی صفت یتوب عن عصیانہ جملہ فعلیہ سے مل کر معطوف علیہ ہے اور کافر موصوف اپنی صفت یرجع الی الایمان سے مل کر معطوف۔ معطوف با معطوف علیہ بدل ہے پس مبدل منہ با بدل ای کا مضاف الیہ ہے اور مضاف با مضاف الیہ مبتدا ہے اور افضل خبر ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح پر ہے ایما ہذین عاص یتوب عن عصیانہ ام کافر یرجع الی الایمان افضل۔

والعاصی ینتقل عن درجة العارف الی درجة الاحباب کما قال الله تعالیٰ والله یحب التوابین والله اعلم

حکایت :- حکی عن رجل قال کنا فی سفینة مع تجار فهاجت علینا ریاح وامواج من البحر فاضطربت السفینة فخفنا خوفاً شدیداً وکان فی زاویة من السفینة رجل علیه کساء من وبر فلم تزل الامواج تضرب السفینة حتی سقط فیها الماء فثقلت وایسنا من انفسنا واموالنا فخرج ذالك الرجل من السفینة ووقف یصلی علی الماء فقلنا له یا ولی الله ادرکنا فلم یلتفت الینا۔

مطلب خیز ترجمہ :- اور عاصی عارف کے درجہ سے احباب کے درجہ کی طرف منتقل ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ آیۃ۔ اللہ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ واللہ اعلم۔ ایک شخص سے منقول ہے اس نے کہا کہ ہم تاجروں کے ساتھ ایک کشتی میں تھے کہ دریا سے ہم پر تیز ہوائیں اور لہریں بھڑک اٹھیں۔ پس کشتی ڈگمگانے لگی۔ اس وجہ سے ہم بہت ہی ڈر گئے اور کشتی کے ایک گوشہ میں ایک شخص تھا اس کے جسم پر اونٹوں کے بال کی چادر تھی اور موجیں ہمیشہ کشتی کو مارتی رہیں۔ یہاں تک کہ کشتی کے اندر پانی بھر گیا اور وہ بھاری ہوگئی۔ اور ہم اپنی جانوں اور مالوں سے ناامید ہوگئے۔ اس کے بعد وہ شخص کشتی سے نکلا اور پانی پر کھڑا ہو کر نماز پڑھنے لگا۔ ہم نے ان سے کہا کہ اے اللہ کے ولی ہماری حالت مشاہدہ کیجئے انہوں نے ہماری طرف توجہ نہیں کی۔

تحقیقات :- قولہ درجة مرتبہ ج درجات۔ درجہ کے معنی سیڑھی بھی ہیں اس وقت ج دَرَجٌ ہے۔ قولہ تُجَّارٌ یہ تاجر کی جمع ہے۔ تَجَرَ تجارةً از نصر بمعنی سوداگری کرنا۔ عرب شراب بیچنے والے کو تاجر کہا کرتے تھے اس کی جمع تِجارٌ و تُجُرٌ بھی آتی ہے قولہ هاجت ماضی واحد مؤنث غائب مصدر ہیجاناً و ہیاجاً از ضرب بمعنی بھڑکنا، برانگیختہ ہونا۔ ہاج البحر سمندر کا جوش مارنا۔ اجوف یائی قولہ رِیَاحٌ ریحٌ کی جمع ہے بمعنی ہوا۔ قولہ اَمْوَاجٌ موجٌ کی جمع ہے بمعنی لہریں۔ ماج البحر موجاً و موجاناً سمندر کا موج مارنا باب نصر اجوف واوی۔ قولہ زَاوِیَة گوشہ ج زوایا۔ زوی زویاً و زیّاً از ضرب جدا کرنا، سکیڑنا، روکنا، جمع کرنا، قبضہ کرنا قولہ کِسَاءٌ کپڑا، چادر، کمبل۔ اکسیة ج کساءٌ اصل میں کساوٌ تھا واو اور یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف کلمہ میں واقع ہو تو وہ ہمزہ ہو جاتی ہیں۔ اسی قاعدہ کے بناء پر کساوٌ کی واؤ ہمزہ ہو گئی لہٰذا کساءٌ ہو گیا۔ کَسَا الثوبَ کَسْواً کپڑا پہننا باب نصر ناقص واوی۔ قولہ وَبَرٌ اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے بال۔ اوبارٌ ج۔ وَبِرَ وَبَراً بمعنی بہت پشم والا ہونا باب سمع صفت وَبِرٌ و اَوْبَرُ۔ مثال واوی۔ قولہ سقط ماضی واحد مذکر غائب مصدر سقوطاً و مسقطاً از نصر گرنا۔ قولہ ثَقُلَتْ ماضی واحد مؤنث غائب۔ مصدر ثِقَلاً و ثَقَالَةً از کرم بمعنی بھاری ہونا۔ قولہ اَیِسْنَا ماضی جمع متکلم مصدر اِیَاساً از سمع ناامید ہونا۔ جنس مرکب از مہموز فاء و اجوف یائی۔ قولہ لم یلتفت نفی جحد بلم واحد مذکر غائب از افتعال مصدر التفات بمعنی چہرہ پھیرنا۔ مجرد لفت الشیٔ لفتاً دائیں بائیں موڑنا۔ باب ضرب۔

ترکیب :- قولہ وکان فی زاویة من السفینة رجل علیه کساء من وبر۔ رجل موصوف اپنی صفت علیه کساء من وبر سے مل کر کان کا اسم ہے۔ اور فی زاویة من السفینة کان کی خبر ہے۔ قولہ وقف یصلی علی الماء۔ یصلی علی الماء جملہ ہو کر وقف فعل کی ضمیر فاعل سے حال واقع ہے۔

فقلنا له بحق من قوّاك لعبادته اغثنا وادركنا فالتفت الينا وقال ما شانكم وهو غائب عن جميع ما اصابنا فقلنا له الا ترى الى السفينة وما اصابها من الامواج والرّياح فقال لنا تقربوا الى الله فقلنا له بماذا نتقرب فقال بترك الدنيا فقلنا له قد فعلنا فقال اخرجوا باسم الله فما زلنا نخرج واحدًا بعد واحدٍ نمشي على الماء حتى اجتمعنا حوله ونحن قيام على الماء وكنا مائتى نفس او اكثر فغرقت السفينة بما فيها من الاموال فقال لنا اما من هول الدنيا فقد سلمتم فاذهبوا فقلنا له نسئلك بالله من انت يرحمك الله فقال انا اويس القرني

مطلب خیز ترجمہ :- پھر ہم نے ان سے کہا اس ذات کی قسم ہے جس نے آپ کو اپنی عبادت کی قوت دی ہے ہماری مدد کیجئے اور ہماری حالت مشاہدہ کیجئے۔ پس وہ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ تمہارا کیا حال ہے اور ہم کو جو مصیبت پہونچی وہ ان سب سے غافل تھے۔ ہم نے کہا کیا آپ کشتی کی طرف نہیں دیکھتے ہیں اور لہروں اور آندھی سے جو مصیبت پہونچی اس کو ملاحظہ نہیں کرتے ہیں۔ پس انہوں نے فرمایا کہ تم سب اللہ کا تقرب حاصل کرو۔ ہم نے کہا کہ ہم کس چیز سے تقرب خداوندی حاصل کریں۔ انہوں نے فرمایا کہ دنیا کو چھوڑنے سے ہم نے ان سے کہا کہ بیشک ہم نے ایسا ہی کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ اللہ کے نام کیساتھ کشتی سے باہر نکلو۔ پس ہم یکے بعد دیگرے کشتی سے باہر نکلنے لگے اور پانی پر چلنے لگے حتی کہ ہم ان کے گرد جمع ہو گئے اور ہم سب پانی پر کھڑے تھے اور ہم لوگ دو سو یا اس سے زیادہ آدمی تھے۔ پس کشتی تمام اموال کو لے کر ڈوب گئی۔ انہوں نے ہم کو کہا کہ دنیا کے خوف سے تم بیشک بچ گئے پس اب تم لوگ جاؤ۔ ہم نے ان سے کہا کہ ہم آپ کو اللہ کی قسم دیکر ایک سوال کرتے ہیں کہ آپ کون ہیں۔ اللہ آپ پر رحم کرے انہوں نے کہا کہ میں اویس القرنی ہوں۔

تحقیقات :- قوله قوّیٰ ماضی واحد مذکر غائب از تفعیل مصدر تقویة بمعنی قوت دینا، مضبوط کرنا۔ مجرد قوِیَ، قوةً از سمع توانا ہونا، مضبوط ہونا۔ لفیف مقرون۔ قوله اَغِثْ امر حاضر واحد مذکر حاضر از افعال مصدر اغاثة مدد کرنا اعانت کرنا۔ وزناً وجنساً وتعلیلاً اقامة کے مانند ہے۔ قوله تقربوا امر جمع مذکر حاضر از تفعل مصدر تقرب قربت ڈھونڈھنا۔ یقال تقرّبْ الی الله۔ اللہ کی نزدیکی تلاش کر۔ قوله غرقت۔ ماضی واحد مؤنث غائب از سمع مصدر غرقاً فی الماء بمعنی ڈوبنا۔ صفت غریقٌ وغَرِقٌ وغارقٌ ج غرقیٰ۔ قوله هول بمعنی خوف۔ اهوال، ہؤول ج حال ہونا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا، خوفناک ہونا۔ بابہ نصر۔ قوله اویس القرنی۔ حضرت اویس بن عامر القرنی یہ شخص قرن کے رہنے والے تھے۔

ترکیب :- قوله فما زلنا نخرج واحدًا بعد واحدٍ نمشي على الماء حتى اجتمعنا حوله۔ نمشي على الماء۔ نخرج فعل کی ضمیر فاعل سے حال واقع ہے اور بعد واحد یا نخرج فعل سے متعلق ہے یا لفظ واحدًا سے متعلق ہے بلکہ شبہ فعل محذوف سے متعلق ہو کر واحدًا کی صفت ہے۔ تینوں احتمالات میں سے پہلا احتمال زیادہ قوی ہے اور آخری دونوں تکلف سے خالی نہیں ہے۔ قوله وكنا مائتى نفس او اكثر۔ مائتی نفس ممیز با تمیز معطوف علیہ ہے اور اکثر معطوف ہے۔ دونوں مل کر کنا کی خبر ہے اور ضمیر متکلم اسم کنا ہے۔ والباقی ظاہر۔

فقلنا لہ ان فی السفینۃ اموالًا لفقراء المدینۃ بعثہا الیہم رجل من مصر فقال ان ردّ اللہ علیکم اموالکم تقسمونہا علی فقراء المدینۃ فقلنا لہ نعم فصلی علی وجہ الماء رکعتین ثم دعا بدعاء خفیّ فطلعت السفینۃ بجمیع ما فیہا علی وجہ الماء فرکبناہا وفقدنا اویسًا فسرنا الی المدینۃ واقتسمنا اموالنا بیننا وبین اہلہا فلم یبق فی المدینۃ فقیر۔

حکایت:۔ حُکی ان طارقًا الصادق انما سمی صادقًا لما وقع لہ لما وقع فی بئر معطلۃ فمرّ علیہا نفر من الحاجّ فقالوا نسدّ رأسہا لئلّا یقع فیہا احدٌ

مطلب خیز ترجمہ:۔ ہم نے ان سے کہا کہ اس کشتی میں فقراء مدینہ کے اموال ہیں جو مصر کے ایک شخص نے ان کے واسطے بھیجا۔ انہوں نے کہا کہ اگر اللہ تعالیٰ تمہارے مال تم کو واپس کردے تو تم فقراء مدینہ پر اس کو تقسیم کروگے۔ ہم نے (وعدہ کے طور پر) کہا کہ ہاں۔ پس انہوں نے پانی کی سطح پر دو رکعت نماز پڑھی۔ پھر آہستہ سے دعا کی۔ چنانچہ وہ کشتی ان تمام مالوں کو لے کر پانی کی سطح پر نمودار ہوگئی۔ پس ہم کشتی پر سوار ہوگئے۔ اور ہم نے اویس قرنی کو گم کیا۔ اور ہم مدینہ کی طرف گئے اور ہمارے مالوں کو اپنے اور اہل مدینہ کے درمیان تقسیم کیا اور مدینہ میں کوئی فقیر باقی نہ رہا۔ یعنی ہر فقیر کو ایک ایک حصہ ملا۔ منقول ہے کہ طارق صادق کا نام اس واقعہ سے صادق رکھا گیا جو کہ اس کو پیش آیا کہ جب وہ ایک ویران کنواں میں گر پڑا تو اس کنوئیں پر چند حاجیوں کا گذر ہوا انہوں نے کہا کہ ہم اس کنوئیں کا منہ بند کردیں تاکہ اس میں کوئی نہ گرے۔

تحقیقات:۔ قولہ بعث ماضی واحد مذکر غائب از فتح مصدر بعثًا وتبعاثًا بم تنہا بھیجنا۔ بعث بہ دوسرے کے ساتھ بھیجنا۔ قولہ طلعت ماضی واحد مونث غائب مصدر طلوعًا از نصر نکلنا، طلوع ہونا۔ قولہ فقدنا ماضی جمع متکلم از ضرب مصدر فقدًا وفقدانًا گم کرنا، کھونا۔ قولہ سرنا ماضی جمع متکلم از ضرب مصدر سیرًا ومسیرًا۔ جانا چلنا، سفر کرنا۔ اجوف یائی۔ قولہ بئر (کلمہ مونث ہے) کنواں۔ آبار، بئار وابؤر جمع بأر بأرًا از فتح کھودنا مہموز عین۔ قولہ معطّلۃ اسم مفعول واحد مونث از تفعیل مصدر تعطیل بے کار چھوڑ دینا۔ عطّل البئر کنوئیں پر جانا، چھوڑ دینا۔ قولہ نفر تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ انفار جمع قولہ حاجّ اسم فاعل مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا جمع حجاج وحجیج وحجّ۔ اور لفظ حاج اسم جمع بمعنی حجاج بھی آتا ہے جیسے قدم الحاج حتی المشاۃ۔ حجّ حجًّا از نصر قصد کرنا، دلیل میں غالب آنا۔ قولہ نسدّ مضارع جمع متکلم از نصر مصدر سدًّا بند کرنا۔

تراکیب:۔ حکی ان طارقًا الصادق انما سمی صادقًا لما وقع لہ لما وقع فی بئر معطلۃ، طارق صادق موصوف با صفت اسم ان انما حرف قصر سمی صادقًا الخ جملہ فعلیہ ہوکر ان کی خبر ہے۔ اور یہ جملہ ہوکر بتاویل مفرد حکی کا نائب فاعل واقع ہے لفظ صادقًا سمی کا مفعول ثانی ہے۔ لما وقع لہ جار با مجرور سمی کا متعلق ہے اور لما میں ما موصولہ ہے اور وقع کر جملہ فعلیہ صلہ ہے پس سمی فعل مجہول اپنے نائب فاعل ومفعول ثانی ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزاء مقدم ہے یا دال علی الجزاء ہے اور لما وقع فی بئر معطلۃ شرط مؤخر ہے یا شرط محذوف الجزاء ہے قولہ فمرّ علیہا نفر من الحاج۔ یہ جملہ ہوکر لما وقع فی بئر معطلۃ شرط پر معطوف ہے اور اس کو شرط کی جزاء قرار دینا جائز نہیں کیونکہ لمّا کی جزاء پر فاء داخل نہیں ہوتی ہے۔ قولہ نسدّ رأسہا لئلا یقع فیہا احد۔ رأسہا فعل نسدّ کا مفعول بہ ہے اور لئلا یقع فیہا احد فعل کا متعلق ہے۔

فقال قلت فی نفسی ان کنت صادقا فاسکت فسکت فسدوھا وانصرفوا فاظلمت ظلاماً شدیداً واذا بسراجین عندی فصرت انظر بنورھما واذا ثعبان عظیم مقبل الیّ فقلت فی نفسی اذن یظھر الصادق من الکاذب فلما وصل الیّ ظننت انہ یاکلنی فصعد نحو فم البئر ثم جعل ذنبہ فی عنقی وتحت رجلی وحملنی کالدلو ورفع کل ما علیٰ رأس البئر وجذبنی الی الارض۔ ثم جذب ذنبہ عنی فسمعت ھاتفًا لا اراہ یقول ھٰذا من لطف ربک اذ نجاک من عدوک بعدوک فسمی صادقًا

مطلب خیز ترجمہ:- (طارق کہتے ہیں کہ) میں نے اپنے جی میں کہا کہ اگر تو سچا ہے تو چپ رہ۔ یا تو یہ ترجمہ ہے کہ اگر میں سچا ہوں تو چپ رہوں۔ پس وہ چپ رہا اور حاجیوں نے اس کو بند کردیا اور وہاں سے چل دیئے۔ وہ کنواں بہت ہی اندھیرا ہوگیا (اس کے بعد میں نے دیکھا) کہ اچانک میرے پاس دو چراغ موجود ہیں۔ پس میں ان کی روشنی سے (ادھر اُدھر) دیکھتا رہا کہ ناگاہ ایک بڑا اژدہا میری طرف متوجہ ہے۔ پس میں نے اپنے دل میں کہا ابھی صادق کاذب سے آشکارا ہوجائے گا۔ پس جب وہ میری طرف پہونچا تو میں نے گمان کیا کہ وہ مجھے کھالے گا۔ یہانتک کہ وہ کنوئیں کے سر کیطرف چڑھا۔ پھر اس نے اپنی دُم میرے گردن میں ڈال کر میرے پاؤں کے نیچے کی۔ اور مجھے ڈول کی طرح اٹھایا اور کنوئیں کے سر پر جو کچھ تھا ان سب کو دور کردیا اور مجھے زمین کی طرف کھینچ لیا۔ پھر مجھ سے اپنی دم کھینچ لی۔ پس میں نے ایک ہاتف کو جس کو میں نہیں دیکھتا ہوں یہ کہتے ہوئے سنا کہ یہ تیرے پروردگار کی مہربانی ہے جبکہ تجھ کو ایک دشمن سے دوسرے دشمن کے ذریعہ نجات دی۔ پس اسی واسطے صادق کرکے نام رکھا گیا۔

تحقیقات:- قولہ اظلمت ماضی واحد مونث غائب از افعال مصدر اظلام دمجرد ظلماً از سمع بمعنی تاریک ہونا۔ قولہ سراج چراغ جمع سُرُجٌ۔ سراج اللیل جگنو۔ سَرَجًا از نصر جھوٹ بولنا۔ سَرَجًا از سمع جھوٹ بولنا، خوبصورت چہرہ والا ہونا۔ قولہ ثعبان نرسانپ، اژدہا۔ ج ثعابین۔ قولہ ظننت ماضی واحد متکلم از نصر مصدر ظنًّا جاننا یقین کرنا مضاعف ثلاثی۔ قولہ دلو بمعنی ڈول یہ لفظ مونث ہے کبھی مذکر کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ ج دلار، آدل، دُلِیّ۔ دلا الدلو۔ ڈول کنوئیں میں لٹکانا۔ بابہ نصر۔ قولہ جذب ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر جذبًا۔ کھینچنا۔ کہا جاتا ہے جذبہ الیہ۔ قولہ لطف مہربانی کرنا بابہ نصر۔ قولہ نجّا ماضی واحد مذکر غائب از تفعیل مصدر تنجیۃ بمعنی رہائی دلانا۔ مادہ نجو۔ ناقص واوی۔ قولہ عدو دشمن ج اعداء عِدِیّ یَعدُی عداً بفلان۔ از سمع بغض رکھنا۔

ترکیب:- فعلہ فقلت فی نفسی ان کنت صادقا فاسکت۔ ان کنت صادقا شرط فاسکت جزاء اور شرط وجزا مل کر جملہ شرطیہ ہوکر قلت کا مقولہ ہے۔

حکایت :- حکی ان امرأۃ کان لها زوج منافق وکانت تقول علی کل شئ من قول او فعل بسم اللہ فقال زوجها لافعلن ما اخجلها به فدفع الیها صرۃ وقال لها احفظیها فوضعتها فی محل وغطتها فغافلها واخذ الصرۃ وما فیها ورماها فی بئر فی دارہ ثم طلبها منها فجاءت الی محلها وقالت بسم اللہ فامر اللہ جبرائیل ان ینزل سریعا ویعید الصرۃ الی مکانها فوضعت یدها لتاخذها فوجدتها کما وضعتها فتعجب زوجها وتاب الی اللہ تعالیٰ۔

حکایت :- حکی ان مبارزا من الروم اسر جماعۃ من المسلمین فی زمن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فوصف لکلب الروم رجل فیهم قوی هیوب

مطلب خیز ترجمہ :- منقول ہے کہ ایک عورت کا شوہر منافق تھا۔ اور وہ عورت ہر چیز پر خواہ وہ قول ہو یا فعل بسم اللہ کہتی تھی اس کے شوہر نے کہا کہ ضرور بالضرور میں ایسا کام کروں گا جس سے اس کو شرمندہ کرسکوں۔ چنانچہ اس نے اپنی بیوی کو ایک تھیلی دی اور اس کو کہا کہ اس کو محفوظ رکھنا۔ اس عورت نے اس کو ایک جگہ میں رکھدیا اور چھپا لیا۔ شوہر نے اس کو غافل پاکر وہ تھیلی اور جو کچھ اس میں تھا لے لیا اور اس کو ایک کنوئیں میں پھینک دیا جو اس کے گھر میں تھا۔ پھر اس سے وہ تھیلی طلب کی۔ پس عورت اس تھیلی کی جگہ میں آئی اور بسم اللہ کہی۔ تو اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ جلد سے جلد نیچے اتریں اور اس تھیلی کو اپنی جگہ میں لوٹا دیں۔ پس اس عورت نے اپنا ہاتھ اس جگہ رکھا تاکہ اس کو لے۔ چنانچہ جس طرح اس نے اس کو رکھا تھا اسی طرح اس کو پا گئی۔ (یہ دیکھ کر) اس کا شوہر اچنبا ہو گیا اور اللہ تعالیٰ سے توبہ کرکے اسکی طرف رجوع کیا۔ منقول ہے کہ روم ایک جنگجو بہادر نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مسلمانوں کی ایک جماعت کو قید کرلیا۔ اور کلب روم (شاہ روم) کے سامنے بیان کیا گیا کہ مسلمانوں میں ایک شخص نہایت قوی اور ہیبت ناک ہے۔

تحقیقات :- قولہ منافق اسم فاعل از مفاعلہ۔ نافق منافقۃ ونفاقا فی الدین۔ دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت منافق ہے۔ قولہ اخجل مضارع واحد متکلم از تفعیل مصدر تخجیل شرمندہ کرنا۔ قولہ صرۃ تھیلی ج صرر قولہ غطت ماضی واحد مؤنث غائب از تفعیل مصدر تغطیہ بمعنی چھپانا مجرد غطوًا از نصر چھپانا ناقص واوی قولہ غافل ماضی واحد مذکر غائب از مفاعلۃ مصدر مغافلۃ۔ غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ قولہ سریعًا جلدباز ج سُرعان سرعۃ، سراعۃ وسراعًا از سمع وکرم بمعنی جلدی کرنا۔ قولہ یعید مضارع واحد مذکر غائب از افعال مصدر اعادۃ لوٹانا، دہرانا۔ اعاد الشئ الی مکانہ اس کی جگہ پر واپس کرنا۔ جنسًا ووزنًا وتعلیلًا اقامۃ پر قیاس کرنا چاہیے۔ قولہ وجدت ماضی واحد مؤنث غائب از ضرب مصدر وجدانا بمعنی پانا مثال واوی۔ قولہ مبارز اسم فاعل از مفاعلۃ مصدر مبارزۃ وبراز بمعنی لڑائی کے لئے مقابلہ پر نکلنا۔ قولہ اسر ماضی واحد مذکر غائب از ضرب مصدر اسرًا قید کرنا اسیر قیدی ج اساری، اسری، اسراء مہموز فا۔ قولہ کلب الروم روم کے بادشاہ کا لقب ہے چونکہ وہ زیادہ ظالم تھا اسی لئے اہانت کے طور پر اس کو اس لقب سے ملقب کیا گیا تھا۔ قولہ قوی مضبوط، زوردار ج اقویاء۔ قولہ هیوب صیغہ صفت ہے۔ مصدر ہیبۃ ومهابۃ از ضرب بمعنی خوف کرنا، بچنا، چوکنا رہنا۔ پس ہیوب کے معنی ڈرنے والا ہیں۔ لیکن یہاں ہیب کے معنی میں ہے یعنی وہ شخص جس سے لوگ ڈریں۔

فدعا به ليراه وكان بين يدى كلب الروم سلسلة ممدودة حتى لا يدخل عليه احد الّا على هيئة الراكع فلما راها الرجل ابى ان يدخل على كلب الروم كهيئة الراكع وقال انى لا ستحيى من محمد صلى الله عليه وسلم ان ادخل على الكافر كهيئة الراكع فامر كلب الروم برفعها حتى يدخل فلما دخل عليه تكلم معه و اطال معه الكلام فقال له كلب الروم ادخل فى ديننا حتى اصنع خاتمى فى يدك واعطيك ولاية الروم فتفعل فيها ما تشاء فقال لكلب الروم كم للروم من الدنيا فقال ثلثها او رُبعها۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ شاہ روم نے اس کو دیکھنے کیلئے طلب کیا۔ اس کے سامنے ایک لمبی زنجیر لٹکی رہتی تھی۔ یہاں تک کہ کوئی شخص بلا جھکے اس کے پاس نہیں جا سکتا تھا۔ پس جب اس مرد مسلمان نے اس کو دیکھا تو کلب روم کے پاس راکع کی ہیئت پر داخل ہونے سے انکار کیا اور کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شرماتا ہوں کہ کافر کے پاس راکع کی ہیئت میں داخل ہوں پس کلب الروم نے اس کو اٹھانے کا حکم کیا تاکہ وہ اس کے پاس آئے۔ پس جب یہ مسلمان اس کے پاس داخل ہوئے تو اس کیساتھ بہت لمبی چوڑی بات چیت کی۔ پس کلب روم نے ان کو کہا کہ تم ہمارے دین میں داخل ہو جاؤ تاکہ میں اپنی انگوٹھی تمہارے ہاتھ میں پہنا دوں اور روم کی ولایت تم کو عطا کروں۔ پس تم جو کچھ چاہو کر سکو۔ انہوں نے کلب روم کو کہا کہ ملک روم دنیا کا کتنا حصہ ہے کلب روم نے کہا دنیا کا ایک تہائی حصہ یا ایک چوتھائی حصہ۔

تحقیقات:۔ قولہ سلسلۃ زنجیر ج سلاسل۔ سلسل الشیٔ بالشیٔ ایک کو دوسرے سے جوڑنا باب بعثر مضاعف رباعی۔ قولہ ممدودۃ اسم مفعول واحد مونث از نصر مصدر مدًّا کھینچنا، پھیلانا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ اَبیٰ ماضی واحد مذکر غائب از ضرب و از فتح شاذًا مصدر اباءً و اباءۃً۔ ناپسند کرنا، انکار کرنا۔ قولہ اطال۔ ماضی واحد مذکر غائب از افعال مصدر اطالۃً۔ لمبا کرنا۔ مجرد طولا از نصر لمبا ہونا اجوف واوی۔ قولہ اصنع مضارع واحد متکلم مصدر صنعًا از فتح بنانا، کرنا۔ اور بصلۂ الیٰ بمعنی نیکوئی کرنا۔ اور بصلۂ باء برائی کرنا۔ قولہ خاتم انگوٹھی، مہر، انجام ج خواتم و خُتُم۔ خاتم اسم آلہ معنوی ہے بمعنی ما یختم بہ الشیٔ۔ ختمًا و ختامًا از ضرب۔ مہر لگانا۔

ترکیب:۔ قولہ لا یدخل علیہ احدٌ الا علی ہیئۃ الراکع۔ الّا استثناء مفرغ کیلئے ہے اور مستثنیٰ منہ محذوف ہے اور تقدیر عبارت اس طرح پر ہے لا یدخل علیہ احد علی ہیئۃ الا علی ہیئۃ الراکع۔ پس مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر لا یدخل کا متعلق ثانی ہے اور متعلق اول علیہ ہے۔ والباقی من التراکیب ظاہر۔ قولہ فتفعل فیہا ما تشاء۔ مَا موصولہ اپنے صلہ تشاء جملہ فعلیہ سے مل کر تفعل کا مفعول بہ ہے۔ اور تشاء میں ضمیر مفعولی ہٗ محذوف ہے جو اسم موصول کی طرف پھرتی ہے اور اصل میں تشاءہ تھا۔ قولہ کم للروم من الدنیا۔ کم استفہامیہ کی تمیز محذوف ہے یعنی کم حصۃً اور ممیز با تمیز مبتدا۔ اور للروم من الدنیا دونوں شبہ فعل محذوف سے متعلق ہو کر خبر ہے۔

اللھم اغفر لکاتبہ ولمن طبعہ۔

فقال الرجل لو کانت الدنیا کلها لهم مملوّةً ذهبًا وجوهرًا واعطوها لی بدلًا عن سماع اذان یوم ما قبلتها فقال له کلب الروم وما الاذان فقال هو اشهد ان لا اله الا اللّٰه واشهد ان محمدًا رسول اللّٰه فقال کلب الروم انه قد ثبت حب محمد فی قلبه فلا یمکنه ان یرجع فی هذه الساعة ثم امر بان یوضع قِدرٌ علی النار و یوضع فیه ماء وقال اذا اشتد غلیانه فالقوه فیه ففعلوا ذلك فلما القوه فقال بسم اللّٰه الرحمن الرحیم فدخل من جانب وخرج من جانب آخر بقدرة اللّٰه تعالیٰ فتعجبوا من امره فامر به کلب الروم ان یحبس فی بیت مظلم ویمنع عنه الطعام والشراب ویلقی له لحم الخنزیر والخمر اربعین یومًا

مطلب خیز ترجمہ :۔ مرد مسلمان نے کہا کہ اگر پوری دنیا باشندگان روم کے لئے سونا اور جوہر سے پر ہوتی اور اس کو تم مجھے ایک دن کی اذان سننے کے عوض عطا کر دیتے تو میں اس کو قبول نہ کرتا۔ کلب روم نے ان کو کہا کہ اذان کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ وہ اشہدان لا الہ الا اللہ واشہدان محمدًا رسول اللہ ہے۔ کلب روم نے کہا کہ بے شک اس کے دل میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت راسخ ہوگئی ہے۔ پس اس کو اس گھڑی میں اپنے دین سے پھیرنا ممکن نہیں ہے۔ پھر اس نے حکم دیا کہ ایک دیگ آگ پر رکھی جائے اور اس میں پانی رکھا جائے اور کہا کہ جب وہ شدت سے جوش مارنے لگے تو اس شخص کو اس میں ڈالدو۔ پس لوگوں نے ایسا ہی کیا۔ جب اس کو دیگ میں ڈالا تو اس نے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہا۔ پس ایک طرف سے داخل ہوا اور دوسری طرف سے قدرت الٰہی سے نکل آیا۔ لوگوں نے یہ دیکھ کر تعجب کیا اس کے بعد پھر شاہ روم نے حکم دیا کہ اسے اندھیری کوٹھری میں قید کیا جائے اور اس سے کھانا پینا روک دیا جائے اور چالیس دن تک سور کے گوشت اور شراب کے سوا کوئی چیز اس کوٹھری میں نہ ڈالی جائے (چنانچہ شاہی نوکروں نے یہی کیا۔)

تحقیقات :۔ قولہ مملوّۃً اسم مفعول واحد مونث مصدر ملأہ وملأۃً از فتح بھرنا۔ صفت مفعولی مملوء ہے مملوّۃً اصل میں مملوءۃً تھا۔ ہمزہ کو واؤ سے بدل کر کے واؤ کو دوسری واؤ میں ادغام کر دیا۔ مملوّۃ ہوگیا ماده ملأ مہموز لام۔ قولہ بدل عوض۔ بدلًا از نصر بدلنا، بدلہ میں لینا۔ قولہ اذان باب تفعیل کا مصدر ہے۔ بروزن فعال بہ آواز دینا۔ اذّن بالصلوٰۃ اذان دینا۔ قولہ قدر۔ ہانڈی یہ لفظ مونث سماعی ہے ج قدور اور تصغیر قُدَیر وقدیرۃٌ آتی ہے۔ قولہ اشتد ماضی واحد مذکر غائب از انتعال مصدر اشتداد قوی ہونا، سخت ہونا مضاعف ثلاثی۔ قولہ القوا امر جمع مذکر حاضر مصدر القاء از افعال ہم ڈال دینا۔ مجرد لقاءً ولقایۃً از سمع ملاقات کرنا، استقبال کرنا، پانا۔ ناقص یائی۔ قولہ یحبس مضارع مجہول واحد مذکر غائب مصدر حبسًا از ضرب قید کرنا قولہ لحم گوشت ج لحام، لحمان، لحوم والحم۔ لحمًا از ضرب ولحامۃً از کرم موٹا ہونا و لحمہ از فتح گوشت کھلانا قولہ خنزیر سور ج خنازیر۔ قولہ خمر شراب انگوری، ہر نشیلی چیز۔ خمرًا از نصر وضرب چھپانا۔

فلما تم الاربعون فتحوا علیه الباب فرآوا جمیع ما القوه له بین یدیه لم یأکل منه شیئا فقالوا کیف لا تأکل منه واکله جائز فی دین محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) عند الضرورة فقال لهم لو اکلت لفرحتم وانما اردت اغاظتکم فقال له کلب الروم حیث لم تأکل من ذلك فاسجد لی حتی اخلی سبیلك وسبیل من معك من الاساری. فقال له ان السجود فی دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم لایجوز الا للہ تعالیٰ فقال له قبّل یدی حتی اخلی عنك وعمن معك من الاساری فقال له ان هذا لایجوز الا للاب اوللسلطان العادل او للاستاذ فقال له فقبل جبهتی فقال افعل هذا بشرط فقال له افعل ماترید فوضع کمه علی جبهته وقبلها ناویًا تقبیل کمه فخلی سبیله ومن معه من الاساری واعطاه مالًا کثیرًا وکتب الی عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه لوکان هذا فی بلادنا فی دیننا لکنا نعتقد عبادته

مطلب خیز ترجمہ:- پس جب چالیس دن پورے ہوگئے تو لوگوں نے دروازہ کھولا. پس انہوں نے جو کچھ ڈالا تھا وہ سب اس کے سامنے موجود دیکھا کہ اس نے اس میں سے کچھ بھی نہیں کھایا. لوگوں نے پوچھا کہ تم اس میں سے کیوں نہیں کھاتے ہو حالانکہ دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میں ضرورت کے وقت اس کا کھانا جائز ہے. مرد مسلمان نے جواب دیا کہ اگر میں اس میں سے کھاتا تو تم خوش ہوتے اور میں نے تمہیں غصہ میں لانے کا ارادہ کیا. پھر بادشاہ نے کہا کہ جب تم نے نہیں کھایا تو مجھے سجدہ کرو تاکہ میں تمہارے اور تمہارے قیدی ساتھیوں کا راستہ چھوڑ دونگا. مرد مسلمان نے کہا کہ دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میں اللہ تعالیٰ کے سوا دوسرے کے لئے سجدہ کرنا جائز نہیں ہے. اس کے بعد شاہ روم نے کہا کہ میرا ہاتھ چومو. تاکہ میں تم کو اور جو قیدی تمہارے ساتھ ہیں سب کو چھوڑ دونگا. مرد مسلمان نے کہا کہ ہاتھ کا بوسہ دینا صرف باپ اور سلطان عادل اور استاذ کے سوا دوسرے کے واسطے جائز نہیں ہے. شاہ روم نے کہا کہ پس میری پیشانی کو بوسہ دو. اس شخص نے بادشاہ سے کہا کہ ہاں یہ ایک شرط سے کرسکتا ہوں. بادشاہ نے کہا کہ جس طرح چاہو کرو. پس مرد مسلمان نے اپنی آستین اس کی پیشانی پر رکھی اور اپنی آستین کو بوسہ دینے کی نیت کرتا ہوا اس کو بوسہ دیا. پس شاہ روم نے ان کو اور ان کے ساتھی قیدیوں کو چھوڑ دیا اور ان کو بہت سا مال عطا کیا. اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں لکھا کہ اگر یہ شخص ہمارے شہر میں ہمارے مذہب پر ہوتا تو ہم اس کی عبادت کا اعتقاد کرتے۔

تحقیقات:- قولہ فتحوا ماضی جمع مذکر غائب مصدر فتحاً از فتح کھولنا. قولہ لاتاکل مضارع واحد مذکر حاضر مصدر اکلاً از نصر کھانا۔ مہموز فا. قولہ اغاظۃ مصدر افعال بمعنی غصہ پر برانگیختہ کرنا. یہ لفظ تعلیلاً بروزن اقامۃ ہے اور جنساً اجوف یائی ہے. قولہ قبّل امر واحد مذکر حاضر مصدر تقبیل از تفعیل بمعنی بوسہ دینا قولہ سلطان بادشاہ، حجت، قبضہ، قدرت یہاں معنی اول مراد ہیں ج سلاطین قولہ عادل اسم فاعل عدلاً وعدالۃً وعدولۃً ومعدلۃً بمعنی انصاف کرنا. صفت عادل ج عدول قولہ جبھۃ پیشانی ج جباہ وجبہات جبھا از فتح پیشانی پر مارنا. قولہ کمّ آستین ج اکمام وکممۃ کمّا از نصر چھپانا، پوشیدہ کرنا مضاعف ثلاثی. قولہ نعتقد مضارع جمع متکلم مصدر اعتقاد از افتعال. تصدیق کرنا نہایت پختہ یقین رکھنا. ترکیب قولہ فقبّل جبھتی فاء فصیحیہ ہے جو شرط محذوف پر دلالت کرتا ہے تقدیر عبارت اس طرح پر ہوگی فاذا الحد تقبل یدی فقبل جبھتی۔

فلما جاء الی عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال لہ لاتختص بالمال وحدك بل شارك فیہ اھل مدینۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ففعل ذلك ۔

حکایت ۱۳ :- حکی ان عیسی علیہ السلام کان فی سیاحتہ فنظر الی جبل عالٍ فقصدہ فاذا بصخرۃ فی ذروتہ اشد بیاضًا من اللبن فصار یمشی حولھا ویتعجب من حسنھا فاوحی اللہ الیہ یا عیسی اتحب ان ابین لك الاعجب مما تری قال نعم یارب فانفلقت الصخرۃ عن شیخ علیہ مدرعۃ من الشعر وبیدہ عکاز اخضر وبین عینیہ عنب وھو قائم یصلی ۔

مطلب خیز ترجمہ :- چنانچہ جب یہ شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا تو آپ نے اس سے فرمایا کہ مال کے ساتھ اکیلے ہی مخصوص نہ ہو بلکہ اس میں مدینۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل کو بھی شریک کرلو۔ سو اس نے ایسا ہی کیا۔ منقول ہے کہ حضرت عیسی علی نبینا علیہ الصلوۃ والسلام اپنی سیر وسیاحت میں تھے۔ پس انہوں نے ایک بلند پہاڑ کی طرف نظر کی اور اس کا قصد کیا۔ (یعنی اس پر چڑھا) کہ یکایک اس کی چوٹی میں دودھ سے زیادہ سفید ایک سخت پتھر ہے۔ پس حضرت عیسیٰؑ اس کے گرد پھرنے لگے اور اس کی خوبی سے تعجب کرنے لگے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ اے عیسیٰؑ کیا تم پسند کرتے ہو کہ جو کچھ تم دیکھتے ہو میں اس سے بھی زیادہ اچنبھی چیز تمہارے لئے آشکارا کردوں۔ حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا کہ ہاں! اے میرے رب۔ پس وہ پتھر شق ہوگیا اور اس سے ایک ایسا بزرگ ظاہر ہوا جس کے بدن پر بال کا کرتا تھا اور اس کے ہاتھ میں ایک سبز چھڑی تھی اور اس کی آنکھوں کے سامنے انگور تھے اور وہ کھڑا نماز پڑھ رہا تھا۔

تحقیقات :- قولہ لاتختص نہی واحد مذکر حاضر مصدر اختصاص باب افتعال بم خاص ہونا۔ اختصر بالشئ خاص کرنا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ شارك امر واحد مذکر حاضر مصدر مشارکۃ از مفاعلہ باہم شریک ہونا۔ قولہ سیاحۃ باب ضرب کا مصدر ہے بم سیر کرنا، شہروں میں پھرنا۔ صفت سائح ج سیّاح وسائحون اجوف یائی قولہ عالٍ اسم فاعل از نصر مصدر عُلوٌّ بلند ہونا۔ عالٍ اصل میں عالوٌ تھا۔ داع کے قاعدہ سے تعلیل ہوئی ہے پس عالٍ ہوگیا۔ قولہ قصد ماضی واحد مذکر غائب مصدر قصدٌ توجہ کرنا از ضرب۔ قولہ صخرۃ ٹھوس، بڑا پتھر، چٹان ج صَخْرٌ، صُخُرٌ، صُخُورٌ وصُخُورَۃٌ وصخرات قولہ ذروۃ بلندی، بلند جگہ، ہر چیز کا بلند حصہ ج ذُریٰ وذریٰ۔ قولہ بیاض سفیدی۔ قولہ لبن دودھ ج آلبانٌ۔ لبنًا دودھ پلانا از نصر وضرب۔ قولہ الاعجب اسم تفضیل مصدر عجبًا تعجب کرنا۔ از سمع۔ قولہ انفلقت ماضی واحد مؤنث غائب مصدر انفلاق پھٹنا از انفعال۔ قولہ مدرعۃ جُبّہ، کورٹ ج مدارع۔ قولہ شعر بال۔ ج اشعار، شعار، شعور۔ شعرٌ زیادہ اور لمبے بال والا ہونا از سمع۔ قولہ عُکّاز ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہوا ہو۔ ج عکاکیز۔ عکز الرمح عکزًا نیزہ گاڑنا۔ باب نصر قولہ اخضر سبز خضرًا سبز ہونا از سمع قولہ عنب انگور ج اعناب ایک دانے کو عنبۃ کہتے ہیں۔ العنّاب انگور بیچنے والا۔ عنّب الکرم از تفعیل انگور کی بیل میں انگور آنا۔

ترکیب :- قولہ وحدك۔ یہ لاتختص کی ضمیر مستتر سے متوحدًا کی تاویل کرکے حال واقع ہے۔

اللھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعی فیہ

فتعجب عیسیٰ علیہ السلام من ذلک فقال یا شیخ ما ھٰذا الذی اریٰ فقال ھٰذا رزقی فی کل یوم فقال لہ کم تعبد اللہ فی ھٰذا الحجر فقال اربع مائۃ سنۃ فقال عیسیٰ علیہ السلام الٰہی وسیدی ما اقول انک خلقت خلقا افضل من ھٰذا فاوحی اللہ علیہ ان رجلا من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ادرک شھر شعبان وصلی لیلۃ النصف منہ فھٰذہ عبادۃ افضل عندی من عبادۃ ھٰذہ الاربعمائۃ سنۃ فقال عیسیٰ علیہ السلام یا لیتنی کنت من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

حکایت:- حکی انہ کان الحکم فی زمن ابراھیم الخلیل علیہ السلام للنار فالمحق یدخل یدہ فیھا فلا تحرقہ والمبطل یدخل یدہ فیھا فتحرقہ۔ وکان الحکم فی زمن موسیٰ علیہ السلام للعصا فتسکن للمحق وتضرب للمبطل۔

مطلب خیز ترجمہ:- پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس سے تعجب کیا اور کہا اے شیخ یہ کیا شئ ہے جس کو میں دیکھتا ہوں۔ شیخ نے کہا یہ میرا روزانہ رزق ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ اس پتھر میں تم کتنی مدت تک اللہ کی عبادت کرتے ہو اس نے کہا کہ چار سو برس تک۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے میرے معبود اور میرے آقا میں نہیں کہتا ہوں کہ آپ نے اس سے افضل کوئی مخلوق پیدا کی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی بھیجی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی امت میں اگر کسی نے شعبان کا مہینہ پایا اور اس نے پندرھویں شب کو نماز پڑھی تو اس کی یہ عبادت میرے نزدیک اس چار سو برس کی عبادت سے افضل ہے۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ کاش میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں سے ہوتا۔ منقول ہے کہ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں آگ کا حکم (فیصلہ) تھا۔ پس جو شخص حق پر ہوتا وہ اپنا ہاتھ آگ میں داخل کرتا تو آگ اس کو نہ جلاتی تھی۔ اور جو شخص ناحق پر ہوتا وہ اپنا ہاتھ آگ میں داخل کرتا تو اس کو جلا دیتی تھی۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں لاٹھی کا فیصلہ تھا۔ پس وہ راست باز کے واسطے ٹھہری رہتی تھی اور باطل کو مارتی تھی۔

تحقیقات:- قولہ رزق روزی ج ارزاق۔ رزقا، روزی پہونچانا از نصر قولہ حجر پتھر ج احجار وحجار وحجارۃ واحجر قولہ ابراھیم ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے عجمہ اور علمیت سے غیر منصرف ہے۔ ان کا لقب خلیل ہے بمعنی دوست اخلاء وخلان ج خلیل مشتق ہے خلۃ سے بمعنی دوستی۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ محق اسم فاعل از افعال مصدر احقاق بمعنی حق کہنا مضاعف ثلاثی۔ قولہ تحرق مضارع واحد مؤنث غائب مصدر احراق از افعال یا تحریق از تفعیل بمعنی جلانا قولہ مبطل اسم فاعل از افعال مصدر ابطال بمعنی لغو کام کرنا یا جھوٹ کہنا۔ یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ قولہ موسیٰ ایک جلیل القدر پیغمبر کا نام ہے جن پر تورات اتری تھی۔ اور لفظ موسیٰ سریانی زبان میں مو بمعنی تابوت اور سا بمعنی پانی سے مرکب ہے چونکہ فرعون نے ان کو دریائے نیل میں تابوت میں پایا تھا لہٰذا اس اسم سے نام رکھے گئے قولہ عصا لاٹھی، سہارے کی چیز ج عِصِیّ وعُصِیّ واَعْصٍ واعصاء عصوًا لاٹھی سے مارنا از نصر ناقص واوی قولہ تسکن مضارع واحد مؤنث غائب مصدر سکون ٹھہرنا از نصر۔

ترکیب:- قولہ یا شیخ ما ھٰذا الذی اریٰ۔ یا شیخ ندا ہے ما استفہامیہ خبر مقدم ہے اور ہٰذا الذی اریٰ مبتدا مؤخر ہے اور یہ جملہ ہو کر جواب ندا ہے قولہ یا لیتنی کنت من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم یا حرف ندا ہے اور منادیٰ محذوف ہے والتقدیر یا اللہ (یا) قوم لیتنی الخ جواب ندا ہے نون وقایہ یا متکلم اسم لیت ہے۔ کنت من امۃ محمد جملہ ہو کر خبر لیت ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم جملہ معترضہ ہے۔

وکان الحکم فی زمن سلیمان علیہ السلام للریح تسکن للمحق وترفع للمبطل ثم تسقطہ علی الارض وکان الحکم فی زمن ذی القرنین للماء اذا جلس علیہ المحق جمد والمبطل ذاب وکان الحکم فی زمن داوٗد علیہ السلام للسلسلۃ المعلقۃ فالمحق تصل یدہ الیہا بخلاف المبطل واما فی زمن محمد صلی اللہ علیہ وسلم فالحکم لہما بالاقرار واقامۃ البینۃ قال اللہ تعالیٰ یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر وروی عن الترمذی ان الیسر اسم للجنۃ لان جمیع الیسر فیہا والعسر اسم للنار لان جمیع العسر فیہا وقیل غیر ذلک۔

حکایت[۱۵] :۔ حکی ان سفیان الثوری رضی تعالیٰ عنہ قال اقمت بمکۃ ثلث سنین

مطلب خیز ترجمہ :۔ اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں ہوا کا فیصلہ تھا پس وہ سچے کے واسطے ٹھہری رہتی تھی اور جھوٹے کو زمین سے اوپر اٹھا لیتی تھی اور اس کو زمین پر دے مارتی تھی۔ اور حضرت ذوالقرنین علیہ السلام کے زمانہ میں پانی کا فیصلہ تھا جب راست باز اس پر بیٹھتا تو وہ جم جاتا اور جب باطل بیٹھتا تو وہ پگھل جاتا۔ حضرت داوٗد علیہ السلام کے زمانہ میں لٹکی ہوئی زنجیر کا فیصلہ تھا پس سچے کا ہاتھ اس پر پہونچتا تھا جھوٹے کا نہیں۔ لیکن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں فیصلہ فریقین کے واسطے اقرار اور گواہ قائم کرنے کے ساتھ ہے (یعنی مدعی علیہ دعوی کا اقرار کرے یا مدعی دعوی پر گواہ پیش کرے) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ تمہارے ساتھ آسانی چاہتا ہے اور تمہارے ساتھ دشواری نہیں چاہتا ہے اور امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ بے شک یُسر جنت کا ایک نام ہے اس لئے کہ اس میں تمام آسانیاں ہیں۔ اور عُسر دوزخ کا ایک نام ہے اسلئے کہ اس میں تمام عُسر (دشواریاں) ہیں۔ اس کی تفسیر میں اس کے علاوہ اور اقوال ہیں سفیان ثوری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا کہ میں تین سال مکۂ معظمہ میں مقیم رہا۔

تحقیقات :۔ قولہ سلیمان ایک پیغمبر کا نام ہے جو تمام دنیا کا بادشاہ تھا عجمہ اور علمیت سے غیر منصرف ہے قولہ تسقط مضارع واحد مونث غائب از افعال مصدر اسقاط گرانا۔ قولہ جمد ماضی واحد مذکر غائب جمدا الماء جمودًا جم جانا از نصر۔ قولہ ذاب ماضی واحد مذکر غائب مصدر ذوبانا وذوبًا پگھل جانا از نصر اجوف واوی۔ قولہ داوٗد ایک پیغمبر کا نام ہے جن پر زبور نازل ہوئی تھی۔ عجمہ اور علمیت سے غیر منصرف ہے۔ قولہ اقرار باب افعال کا مصدر ہے بم اقرار کرنا مضاعف ثلاثی۔ قولہ بینۃ بین کا مونث ہے بم حجت جمع بینات۔ بان بیانا وتبیانا ظاہر ہونا، واضح ہونا۔ صفت بین از ضرب۔ قولہ یسر نرمی، آسانی، توانگری۔ قولہ عسر تنگی، سختی، عسرا از سمع وعسارۃً از کرم دشوار ہونا۔ قولہ روی ماضی مجہول واحد مذکر غائب مصدر روایۃً بیان کرنا نقل کرنا از ضرب لفیف مقرون قولہ ترمذی شہر ترمذ کیطرف منسوب ہے۔ یہاں ایک جلیل القدر محدث مراد ہیں۔ قولہ سفیان الثوری۔ ان کا مبارک نام سفیان بن سعید بن مسروق ثوری ہے۔ ثوری بنی مضر کے ایک قبیلہ ثور کیطرف منسوب ہے کنیت ابو عبد اللہ اور کوفہ کے رہنے والے تھے۔ یہ شخص خلیفہ سلیمان بن عبد الملک کے زمانہ میں ۹۹ھ میں پیدا ہوئے ان کی پرہیزگاری اور دیانتداری پر تمام لوگوں کا اتفاق ہے۔ تابعی تھے۔ مسلمانوں کے امام اور مجتہد تھے۔ ۱۶۱ھ میں بصرہ میں وفات پائی۔

التركيب ظاهر۔

اللهم اغفر لكاتبه ولوالديه ولمن سعىٰ فيه

وكان رجل من اهلها يأتي كل يوم عند الظهيرة الى المسجد فيطوف ويصلّي ركعتين ثم يسلّم عليّ ثم يرجع الى بيته فحصل لي به الفة ومحبة وصرت اتردد اليه فحصل له مرض فدعاني وقال لي اذا متّ فغسّلني بنفسك وصلّ عليّ وادفنّي ولا تتركني تلك الليلة وحيدًا في قبري ولقّني التوحيد عند سوال منكر ونكير فضمنت له ذلك فلما مات فعلت ما امرني به وبت عند قبره فبينما انا بين النائم واليقظان سمعت هاتفًا من فوقي ينادي يا سفيان لا حاجة له الى تلقينك ولا الى انسك لانا آنسناه ولقّناه فقلت بماذا

مطلب خیز ترجمہ :۔ کہ اہل مکہ کا ایک شخص ہر روز دوپہر کے وقت مسجد حرام میں آتا اور طواف کرتا اور دو رکعت نماز پڑھتا پھر مجھے سلام کرتا پھر اپنے گھر کی طرف رجوع کرتا۔ چنانچہ اس کے ساتھ مجھے الفت اور محبت ہوگئی اور میں اس کے پاس آنے جانے لگا۔ ایک دن اس کو بیماری لاحق ہوئی اور مجھے بلایا اور کہا کہ جب میں مرجاؤں تو آپ بذات خود مجھے غسل دیجئے اور مجھ پر نماز جنازہ پڑھئے اور مجھے دفن کیجئے اور اس رات مجھے میری قبر میں تنہا نہ چھوڑیئے اور منکر ونکیر کے سوال کے وقت مجھے توحید کی تلقین کیجئے (سفیان نے کہا کہ) میں اس کا ضامن ہوگیا چنانچہ جب وہ مرگیا تو جو کچھ اس نے مجھے حکم دیا وہ سب میں نے کیا اور اس کی قبر کے پاس شب باشی کی۔ میں کچھ خواب اور کچھ بیداری کی حالت میں تھا کہ میں نے اپنے اوپر سے ایک ہاتف غیبی کو آواز دیتے ہوئے سنا کہ اے سفیان نہ تو تیری تلقین کی اس کو حاجت ہے اور نہ تیری موانست کی اس کو ضرورت ہے۔ اس لئے کہ ہم نے خود اس سے انس کیا اور اس کو تلقین کی۔ میں نے کہا کہ اس تلقین کی کیا وجہ ہے۔

تحقیقات :۔ قولہ ظہیرۃ دوپہر ج ظہائر۔ قولہ الفۃ دوستی۔ الفًا مانوس ہونا، محبت کرنا از سمع مہموز فا قولہ اتردد مضارع واحد متکلم مصدر تردد (تفعل) بمعنی رد ہونا اور بصلہ الی بار بار آنا۔ اور شیخ کے قول میں یہی معنی مراد ہیں مضاعف ثلاثی۔ قولہ غسّل امر واحد مذکر حاضر مصدر تغسیل (از تفعیل) دھونے میں مبالغہ کرنا۔ قولہ لقّن امر واحد مذکر حاضر از تفعیل مصدر تلقین بالمشافہ سمجھانا۔ قولہ توحید تفعیل کا مصدر بمعنی ایک بنانا۔ وحّد اللہ تعالیٰ۔ ایک خدائے تعالیٰ پر ایمان لانا، یکتا کہنا یا لا الہ الا اللہ کہنا۔ مجرد وحَدَ یحِدُ وحدًا وحدۃً اکیلا ہونا از ضرب مثال واوی۔ قولہ منکر ونکیر دو فرشتے ہیں جو قبر میں مردہ کو سوال کرتے ہیں۔ قولہ ضمنت ماضی واحد متکلم ضمنًا وضمانًا۔ ضامن ہونا و کفیل ہونا از سمع۔ قولہ بتّ ماضی واحد متکلم۔ بیتًا وبیتوتۃً شب باشی کرنا از ضرب وسمع اجوف یائی۔ قولہ یقظان صفت کا صیغہ ہے بمعنی بیدار ج ایقاظ۔ یقظًا ویقاظۃً بیدار ہونا، چوکنا ہونا از سمع مثال یائی۔ قولہ آنسنا ماضی جمع متکلم مصدر موانسۃ۔ از مفاعلہ تسلی دینا، لطف ومہربانی کرنا مہموز فا۔

ترکیب :۔ قولہ فبینما انا بین النائم والیقظان۔ بینما میں ما زائدہ ہے اور بین جملہ اسمیہ انا بین النائم والیقظان کی طرف مضاف ہے۔ مضاف با مضاف الیہ سمعت فعل کا متعلق مقدم ہے۔ قولہ بماذا فعل محذوف سے متعلق ہے والتقدیر بماذا لقّنت وآنست۔

نقیل بصیامہ شہر رمضان واتباعہ بستۃ من شوال فاستیقظت فلم ارا احدا فتوضأت وصلّیت حتی نمت فرأیت مثل الاول وھکذا ثلث مرات فعرفت انہ من الرحمٰن لا من الشیطان فانصرفت عن قبرہ وقلت اللھم وفقنی لصیام ذلک بمنّک وکرمک آمین۔

حکایت[۱۶] :۔ حکی ان عابدا اعبد اللہ مائۃ سنۃ فی صومعتہ فوسوس لہ الشیطان فنزل من صومعتہ ودخل البلد لزیارۃ اقاربہ واصدقائہ للہ تعالیٰ فتعلق بہ صدیق لہ وادخلہ الی بیتہ واحلفہ باللہ ان یساعدہ علی ماھو علیہ فساعدہ فی ذلک سبعۃ اشہر فنام لیلۃ من اللیالی فلما کان عند السحر صاح صیحۃ مزعجۃ

مطلب خیز ترجمہ :۔ آواز آئی کہ اس کی وجہ اس کے ماہ رمضان کے روزے اور ان کے بعد چھ شوال کے روزے رکھنا۔ اس کے بعد میں خواب سے بیدار ہوا تو کسی کو نہ دیکھا پھر میں نے وضو کیا اور نماز پڑھی اور سو گیا۔ پس پہلی طرح پھر دیکھا۔ اور ایسا ہی تین مرتبہ ہوا۔ چنانچہ میں نے پہچانا کہ یہ خواب اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے۔ شیطان کی طرف سے نہیں۔ اس کے بعد میں اس کی قبر سے واپس آیا اور کہا خداوندا! اپنے احسان و کرم سے مجھے بھی ان روزوں کی توفیق عطا فرما۔ آمین۔ نقل ہے کہ ایک عابد نے اپنی عبادت گاہ میں سو برس تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی۔ ایک دن شیطان نے اس کو وسوسہ میں ڈالا۔ چنانچہ وہ عابد اپنے عبادت خانہ سے اترا (باہر نکلا) اور اپنے اقرباء و احباب کی ملاقات کے واسطے شہر میں داخل ہوا۔ پس اس کے ساتھ اس کا ایک دوست الجھ گیا۔ اور اس کو اپنے گھر لے گیا۔ اور اس کو اللہ کی قسم دی کہ وہ جس کام کے درپے ہے وہ اس کی مدد کرے۔ چنانچہ عابد نے سات مہینے اس کام میں اس کی مدد کی۔ اس کے بعد وہ ایک رات سویا جب صبح کا وقت ہوا تو اس نے ایک پریشان کن چیخ مارا۔

تحقیق : قولہ اتباع افتعال کا مصدر ہے پیچھے چلنا، ساتھ چلنا، فرمانبردار ہونا۔ مجرد از سمع بھی اسی معنی میں ہے صفت تَبَعٌ ج اتباع۔ قولہ وفق امر واحد مذکر حاضر مصدر توفیق بمعنی موافق کرنا، درست کرنا۔ اور اصطلاح میں خدا تعالیٰ کا اسباب کو اپنے بندوں کی خواہش کے موافق کرنا تاکہ وہ اپنی خواہش کو پوری کر سکے۔ اور اس کا استعمال اسباب امور خیر میں ہوتا ہے نہ کہ شر میں۔ قولہ منّ باب نصر کا مصدر بمعنی احسان کرنا اور احسان جتلانا۔ اور یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ رمضان ماہ قمری کے ایک مہینہ کا نام ہے۔ قولہ صومعۃ راہب کا گرجا ج صوامع۔ قولہ وسوس ماضی واحد مذکر غائب مصدر وسوسۃ بمعنی وسوسہ ڈالنا از فعللۃ قولہ اقارب یہ اقرب اسم تفضیل کی جمع ہے بمعنی زیادہ قریب باب کرم۔ قولہ زیارۃ باب نصر کا مصدر ہے۔ بمعنی ملاقات کیلئے جانا۔ قولہ احلف ماضی از افعال مصدر احلاف بمعنی قسم کھلانا مجرد از ضرب بمعنی قسم کھانا۔ قولہ یساعد مضارع واحد مذکر غائب از مفاعلہ مصدر مساعدۃ بمعنی کسی کو کسی کام پر مدد کرنا۔ قولہ سحر بمعنی اخیر شب۔ السحر الاعلیٰ صبح کاذب۔ السحر الآخر صبح صادق۔ السحر ہر چیز کا کنارہ ج اسحار۔ قولہ صاح ماضی مصدر صیحۃ وصیح۔ بمعنی چیخنا، چلانا از ضرب اجوف یائی۔ قولہ مزعجۃ واحد مونث اسم فاعل از افعال مصدر ازعاج۔ و مجرد زعجا از فتح بمعنی بے قرار کرنا۔ و انزعاج از انفعال بمعنی بے قرار ہونا۔

ترکیب :۔ قولہ بصیامہ فعل محذوف سے متعلق ہے ای لقاہ وآنساہ بصیامہ شہر رمضان۔ اور شہر رمضان مضاف با مضاف الیہ صیام کا مفعول واقع ہے۔ اور اتباعہ بستۃ من شوال بصیامہ پر عطف ہے۔ قولہ فرأیت مثل الاول۔ مثل الاول میں دو احتمال ہیں۔ یا تو وہ رأیت کا مفعول ہے۔ یا مفعول مطلق محذوف کی صفت ہے ای رأیت رؤیۃ مثل الاول۔

فقام صاحب المنزل منزعجاً فقال له مالك فقال اوقدلی سراجاً فاوقد له فقال له كنت نائماً
فرأيت شاباً حسن الوجه نظيف الثياب فقال لی انا رسول الله فای عيب رأيت من الله
ورسوله حتی تركت عبادته ارجع الی صومعتك قبل ان تموت فخرج العابد فی الليل
فلم يزل يطوف فی المفاوز ويشرب من ماء المطر ويأكل من ورق الشجر وينادی الٰهی بدنی
مكروب وقلبی معيوب ولسانی مقر بالذنوب فاغفرلی ياغفار الذنوب ويا علام الغيوب
فلما دنا من صومعته وهمَّ بدخولها فادخل رجلاً واحدةً فرای شيئاً مكتوبا فتامل فيه فرای
اربعة اسطرٍ" توكلت علينا فكفيناك واثرت علينا فتركناك ـ

مطلب خیز ترجمہ:۔ (یہ سنکر) صاحب خانہ پریشان ہوکر اٹھا اور پوچھا تمہارا کیا حال ہے۔ عابد نے کہا کہ میرے لئے چراغ جلاؤ، چنانچہ اس نے چراغ جلایا۔ پس عابد نے اپنے دوست سے کہا کہ میں سوتا تھا سو ایک خوبصورت اور پاکیزہ کپڑے والا جوان کو دیکھا کہ انہوں نے مجھے فرمایا کہ میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوں۔ تم نے اللہ اور اس کے رسول سے کونسا عیب دیکھا کہ اس کی عبادت ترک کردی پس تم اپنے عبادت خانہ کی جانب اپنے مرنے کے پہلے واپس جاؤ۔ چنانچہ وہ عابد اسی رات میں نکلا اور جنگلوں میں پھرنے لگا، اور بارش کا پانی پیتا، درختوں کے پتے کھاتا اور آواز دیتا تھا کہ خداوندا میرا بدن اندوہناک ہے اور میرا دل عیب ناک ہے اور میری زبان گناہوں کو اقرار کرنے والی ہے۔ پس اے گناہوں کا معاف کرنے والا اور پوشیدہ باتوں کا جاننے والا میری مغفرت فرما۔ جب وہ اپنے عبادت خانہ کے قریب ہوا اور اس کے اندر داخل ہونے کا ارادہ کیا اور ایک پا داخل کیا تو انہوں نے ایک چیز لکھی ہوئی دیکھی۔ اور اس میں غور کیا تو چار سطریں دیکھیں "تونے ہم پر بھروسہ کیا ہم نے تیری کفایت کی، اور تونے ہم پر دوسرے کو ترجیح دی ہم نے تجھکو چھوڑدیا۔

تحقیق:۔ قولہ اوقد امر واحد مذکر حاضر از افعال مصدر ایقاد بمعنی آگ بھڑکانا، مشتعل کرنا، مثال واوی قولہ عیب برائی جمع عیوب عاب الشئ عیباً عیب دار بنانا۔ اجوف یائی۔ از ضرب۔ قولہ مفاوز مفازۃ کی جمع ہے بمعنی بیابان جس میں پانی نہ ہو، ہلاکت۔ اور اس معنی کی جمع مفازات بھی ہے۔ قولہ مطر بارش جمع امطار۔ مطرت السماء مطراً بارش ہونا۔ از نصر۔ قولہ ورق الورق چاندی کا سکہ جمع اوراق۔ ورق الشجر درخت کا پتا۔ ورق الکتاب کتاب کا پتا۔ ورق الشجر ورقاً پتے دار ہونا از ضرب مثال واوی۔ قولہ شجر درخت جمع اشجار وشجرات قولہ بدن جسم جمع ابدان۔ بدناً وبدوناً از نصر وبدناً وبدانۃً از کرم موٹے بدن والا ہونا۔ قولہ مکروب اندوہگین، اندوہناک کرب الغم کربا سخت غم ہونا از نصر کُرِبَ صیغہ مجہول بمعنی غم لاحق ہونا۔ قولہ غفار یہ مغفرت سے اسم فاعل مبالغہ ہے قولہ دنا ماضی واحد مذکر غائب مصدر دنو قریب ہونا از نصر ناقص واوی قولہ همَّ ماضی واحد مذکر غائب همًّا ومهمّةً رنجیدہ ہونا از نصر همّ بالشئ همًّا ارادہ کرنا، خواہش کرنا از نصر مضاعف ثلاثی۔ قولہ تامل ماضی از تفعل مصدر تامل بمعنی غور کرنا، دیر تک سوچنا مہموز فا۔ قولہ توکلت ماضی واحد مذکر حاضر از تفعل مصدر توکل۔ وکیل بننا۔ توکل علی اللہ بھروسہ کرنا۔ مجرد وکلاً سپرد کرنا از ضرب مثال واوی قولہ کفینا ماضی جمع متکلم مصدر کفایۃ کافی ہونا از ضرب ناقص یائی۔ قولہ اثرت ماضی واحد مذکر حاضر از افعال مصدر ایثار فضیلت دینا، ترجیح دینا، اکرام کرنا۔ یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ مجرد اثراً نقل کرنا از نصر وضرب مہموز فا۔

ترکیب:۔ توکلت علینا یہ شرط ہے اور حرف شرط محذوف ہے اور کفیناک جزا ہے اسی لئے جزا پر فاء لایا ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح پر ہے لما توکلت علینا فکفیناک۔ اسی طرح اثرت علینا الی آخرہ سب جملہ شرطیہ ہیں اور حرف شرط محذوف ہے

واقبلت علینا فقبلناك وفارقت الذنوب فغفرنا ها لك ورحمناك وطمعت فیما عندنا فاعطیناك

حکایت :- حکی ان الشبلی رضی اللہ عنہ قال یومًا فی مجلس وعظہ اَللّٰہ بالھیبۃ فسمعہ شابٌ فزعق زعقۃً فمات فخاصمہ اولیائہ الی السلطان وادعوا علیہ بانہ قتل ولدھم فقال لہ السلطان ماتقول فقال یا امیر المؤمنین روح حنت، فرنت فدعیت فاجابت فماذنبی فبکی امیر المؤمنین ثم قال لاولیائہ خلوا سبیلہ فلا ذنب لہ۔ واللہ اعلم

مطلب خیز ترجمہ :- اور تونے ہماری طرف پیش قدمی کی ہم نے تجھے قبول کیا۔ اور تونے گناہوں کو چھوڑ دیا ہم نے تیرے گناہوں کو معاف کر دیا۔ اور تجھ پر رحم کیا اور جو چیز ہمارے پاس ہے تونے اس کی طمع کی۔ پس ہم نے تجھ کو عطا کیا۔ ۔
منقول ہے کہ شبلی رضی اللہ عنہ نے ایک دن اپنی مجلس وعظ میں لفظ اللہ کو ہیبت کے ساتھ تلفظ کیا۔ چنانچہ ایک جوان نے اس کو سنا تو اس نے سخت چیخ ماری اور مر گیا اس کے اولیا نے حاکم کے پاس نالش کی اور حضرت شبلیؒ پر دعوی کیا کہ انہوں نے ان کے لڑکے کو مار ڈالا۔ پس بادشاہ نے شبلیؒ سے پوچھا کہ آپ کیا کہتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ ایک روح جو مشتاق ہوئی اس نے زاری کی (یا اس نے دیکھ لیا) اور وہ بلائی گئی اس نے قبول کیا۔ میرا کیا قصور ہے۔ امیر المؤمنین روئے اس کے بعد اس کے اولیا سے فرمایا کہ ان کا راستہ چھوڑ دو (کیونکہ) ان کا کوئی گناہ نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

تحقیقات :- قولہ شبلی ان کا اصلی نام جعفر اور کنیت ابوبکر ہے اور شبلی لقب ہے۔ شبلہ ماوراء النہر کے قریب ایک گاؤں ہے چونکہ حضرت شبلی کے جد اعلیٰ یہاں آئے تھے اس لئے شبلی کرکے ملقب ہوئے اور اسی وجہ سے ان کے والد کو بھی شبلی کہتے تھے چنانچہ آپ لوگوں کے درمیان کنیت اور لقب سے مشہور ہیں۔ ان کی پیدائش بغداد میں ہوئی۔ حضرت جنید بغدادی کے مرید تھے متصوفین کے امام اور متقین کے پیشوا تھے۔ مذہبًا مالکی تھے۔ اور مؤطا امام مالک کے حافظ تھے تیس سال فقہ و حدیث کی تحصیل میں کامل طور پر مشغول تھے۔ سیکڑوں کرامات ان کی ذات بابرکت سے ظاہر ہوئے۔ بالآخر ماہ ذی الحجہ ۳۳۴ھ کو ۷۷ سال کی عمر میں اس دنیائے فانی سے رحلت فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ قولہ زعق ماضی مصدر زعق۔ چلانا، چیخنا از فتح۔ قولہ خاصم ماضی از مفاعلہ مصدر مخاصمۃٌ وخصامٌ بمعنی جھگڑا کرنا خصومۃ اسم ہے قولہ اِدّعوا ماضی جمع مذکر غائب از افتعال مصدر ادعاء ہے۔ بمعنی دعوی کرنا ناقص واوی۔ اصل میں اِدْتِعَاوٌ تھا۔ بروزن اجتناب۔ تائے افتعال کو دال سے بدل کرکے مادہ کے دال کو اس دال میں ادغام کر دیا۔ پھر واؤ کو کساءٌ کے قاعدہ سے ہمزہ کر لیا اِدّعاءٌ ہو گیا۔ قولہ روح جان، جبرائیل، عیسٰی، قرآن۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ ج ارواح ہے۔ قولہ حنت ماضی واحد مونث غائب صیغۃً وجنسًا مدت کی طرح ہے۔ مصدر حنین از ضرب بمعنی خوشی یا غم سے آواز نکلنا۔ وبصلہٖ الیٰ بمعنی مشتاق ہونا۔ شیخ کے قول میں معنی ثانی مراد ہیں۔ قولہ رنت ماضی واحد مونث غائب مصدر رنین بمعنی رونے میں آواز بلند کرنا از ضرب مادہ رنن مضاعف ثلاثی اور اگر مادہ رنوٌ ہو تو اس وقت باب نصر سے مصدر رُنُوٌّ بصلہٖ الی ولام بمعنی ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ اس وقت یہ لفظ مشدد نہیں ہوگا۔ بلکہ بروزن دعت مخفف ہوگا قولہ ذنب بمعنی گناہ ج ذنوب وجج ذنوبات۔ قولہ خلّوا امر جمع مذکر حاضر از تفعیل مصدر تخلیۃ بمعنی چھوڑ دینا۔ ناقص واوی۔

حکایت [۱۸]: حکی ان ذا النون المصریؒ کان یصطاد فی البحر ومعه بنت له صغیرة فطرح شبکة فوقع فیها سمکة فارادت اخذها من الشبکة فرأتها تحرک شفتیها فطرحتها فی البحر فقال لها لماذا ضیّعت کسبنا فقالت له انی لا ارضی باکل خلق یذکر الله تعالٰی فقال لها ابوها فماذا نفعل فقالت نتوکل علی الله تعالٰی وهو یرزقنا رزقا مما لا یذکر الله تعالٰی فترک الصید ومکثا یتوکلان علی الله تعالٰی الی المساء فلم یأتهما شیئ فلما صارت وقت العشاء انزل الله علیهما مائدة من السماء علیها الوان الطعام وصارت تنزل کل لیلة الی نحو اثنتی عشر سنة فظن ذو النون ان نزولها بسبب صلوته وصیامه وعبادته وطاعته فماتت بنته فلم تنزل مائدة بعدها

مطلب خیز ترجمہ: منقول ہے کہ ذوالنون مصری (رحمہ اللہ) دریا میں شکار کھیلتے تھے اور ان کے ساتھ ان کی ایک چھوٹی بچی تھی چنانچہ انہوں نے دریا میں جال ڈالا اور اس میں ایک مچھلی پھنسی۔ اس بچی نے جال سے اس کو پکڑنا چاہا اور دیکھا کہ وہ مچھلی اپنے دونوں ہونٹ ہلا رہی ہے۔ پس لڑکی نے اس کو دریا میں پھینک دیا۔ ذوالنونؒ نے اس سے فرمایا کہ تونے ہماری کمائی کیوں ضائع کر دی۔ لڑکی نے ان سے عرض کیا کہ میں اس مخلوق کو کھانے پر راضی نہیں ہوں جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتی ہے پس اس کے باپ نے اس سے کہا کہ اب ہم کیا کریں گے۔ اس نے کہا کہ ہم اللہ تعالیٰ پر توکل کریں گے۔ وہ ہم کو ایسا رزق دیگا جو اللہ کا ذکر نہیں کرتا ہے چنانچہ ذوالنونؒ نے شکار چھوڑ دیا اور دونوں (باپ بیٹی) شام تک اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے ٹھہرے رہے لیکن ان کے پاس کوئی چیز نہ آئی۔ جب عشاء کا وقت ہوا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر آسمان سے ایک خوان پُر از طعام نازل فرمایا جس پر مختلف قسم کے کھانے تھے اور تقریبًا بارہ برس تک ہر رات کو خوان اترتا تھا۔ ذوالنون نے گمان کیا کہ نزول خوان کا سبب انکی نماز، روزہ، عبادت اور طاعت ہے۔ چنانچہ وہ لڑکی مرگئی اس کے بعد خوان نازل نہیں ہوا۔

تحقیقات: قولہ ذوالنون مصری۔ یہ لفظ ذو اور نون سے مرکب ہے نون بمعنی مچھلی جمع انوان ونینان۔ یہ شخص ولی تھے اور مصر کے رہنے والے تھے ان کا نام ثوبان بن ابراہیم ہے اور کنیت ابوالفیض ہے اور ذوالنون لقب ہے۔ امام مالک بن انسؒ کے شاگرد اور ان کے مقلد تھے ۲۴۵ھ میں ۹۰ سال کی عمر میں وفات پائی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون قولہ کان یصطاد ماضی استمراری واحد مذکر غائب از افتعال مصدر اصطیاد شکار کرنا اجوف یائی۔ اصل میں اصتیاد تھا۔ فائے افتعال صاد ہونے کی وجہ سے تائے افتعال طاء سے بدل گئی۔ قولہ طرح ماضی واحد مذکر غائب۔ مصدر طرحٌ بمعنی پھینکدینا۔ از فتح۔ قولہ شبکة شکاری کا جال جمع شبکٌ وشباکٌ وشبکاتٌ۔ قولہ سمکة مچھلی جمع سماکٌ وسموکٌ و اسماکٌ۔ قولہ تحرک مضارع واحد مؤنث غائب از تفعیل مصدر تحریک۔ ہلانا، حرکت دینا۔ مجرد حرکةً ہلنا از کرم۔ قولہ ضیعت ماضی واحد مؤنث حاضر از تفعیل مصدر تضییع ضائع کرنا اجوف یائی۔ قولہ کسب کمائی جمع اکساب۔ کسبًا طلب کرنا، کمائی کرنا از ضرب قولہ مکثا ماضی تثنیہ مذکر غائب مکثٌ بمعنی اقامت کرنا۔ ٹھہرنا از نصر۔ قولہ عشاء بالکسر رات کی ابتدائی تاریکی یا دن کا آخری حصہ اور عشاء بالفتح بمعنی رات کا کھانا جمع اعشیة۔ یہاں دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں۔ قولہ انزل ماضی واحد مذکر غائب از افعال مصدر انزال اتارنا مجرد نزولًا اترنا از ضرب۔ قولہ الوان یہ لون کی جمع ہے بمعنی قسم رنگ۔ قولہ مائدة خوان پُر از طعام جمع موائد قولہ ظن یہ باب نصر کا مصدر ہے بمعنی گمان کرنا۔

فعلم ابوها ان نزول المائدة کان بسببها لا بسببه فرجع عن ظنه المذکور۔

حکایت :۔ حکی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج لصلوۃ العید والصبیان یلعبون وفیهم صبی جالس فی ناحیة یبکی وعلیه ثیاب خلقة فقال له النبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم ایها الصبی مالك تبکی ولا تلعب مع الصبیان فقال له الصبی وهو لم یعرف انه النبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم خلّ عنی ایها الرجل فان ابی مات فی غزوة کذا مع النبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم فتزوجت امی بزوج غیره فاکلا مالی واخرجنی زوجها من بیته ولیس لی طعام ولا شراب ولا ثیاب ولا بیت اٰوی الیه فلما رأیت الصبیان ذوی الاٰباء یلعبون وعلیهم الثیاب تجدد حزنی ومصیبتی فلذلك بکیت۔

مطلب خیز ترجمہ: پس لڑکی کے باپ یعنی ذوالنون کو معلوم ہوا کہ نزول خوان لڑکی ہی کی وجہ سے تھا اور انکی وجہ سے نہ تھا سو وہ اپنے گمان مذکور سے باز آئے۔ نقل ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز عید کے واسطے باہر نکلے۔ اور لڑکے کھیل رہے تھے۔ ان میں ایک لڑکا ایک گوشہ میں بیٹھا ہوا رو رہا تھا اور اس کے بدن پر پرانے کپڑے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ اے لڑکا تجھ کو کیا ہوا کہ روتا ہے اور لڑکوں کے ساتھ نہیں کھیلتا ہے۔ پس لڑکے نے آپ سے کہا اور وہ یہ نہیں جانتا کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم ہیں۔ کہ اے مرد! مجھے چھوڑ دے۔ کیونکہ میرا باپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فلاں لڑائی میں مر گیا۔ اور میری ماں نے دوسرا شوہر کر لیا۔ پس ان دونوں نے میرے مال کھا لیا۔ اور میری ماں کے شوہر نے مجھے اپنے گھر سے نکال دیا۔ اور اب میرے لئے نہ تو کھانا ہے اور نہ پینا اور نہ کپڑا ہے اور نہ گھر کہ جس میں میں پناہ گزیں ہوں۔ جب میں نے ان باپ والے لڑکوں کو دیکھا کہ وہ کھیلتے ہیں اور ان کے بدن پر کپڑے ہیں تو میری پریشانی اور مصیبت تازہ ہو گئی اسی وجہ سے روتا ہوں۔

تحقیقات:۔ قولہ عید ہر وہ دن جس میں کسی صاحب فضل یا کسی بڑے واقعہ کی یادگار منائی جائے۔ کہا گیا ہے کہ اس کو عید اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹ کر وہ دن آتا ہے اور اصل اسکی عود ہے۔ کیونکہ عاد یعود عودًا دوبارہ کرنا سے مشتق ہے اور اس کی جمع قاعدہ کے مطابق اعواد ہونی چاہئے تھی۔ اس لئے کہ یہ باعتبار جنس اجوف واوی ہے۔ مگر عود بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کرنے کیلئے اس کی جمع اعیاد آتی ہے قولہ الصبیان یہ صبی کی جمع ہے۔ بچہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی پتلی۔ شیخ کے قول میں معنی اول مراد ہیں۔ اور صبی کی جمع صِبْیَانٌ، صُبْوَانٌ، صِبْوَانٌ اَصْبِیَةٌ وصِبْیَةٌ وصِبَیَةٌ وصُبْیَةٌ وصِبْوَةٌ واَصْبٍ بھی آتی ہیں۔ قولہ یلعبون مضارع جمع مذکر غائب۔ لعبًا ولعبًا از سمع کھیل کرنا مزاح کرنا ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو۔ قولہ ناحیة جانب وجہت جمع ناحیات ونواح وانحیة نحوًا از نصر قصد کرنا نحا الرجل اپنی دونوں جانبوں سے ایک جانب جھکا ہوا ہونا۔ انحیٰ انحاءً کسی جانب جھکنا ناقص واوی۔ قولہ غزوة اسلام کی خاطر کفار کے ساتھ مسلمانوں کی لڑائی بشرطیکہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اس میں شریک ہوں جمع غزوات۔ اور اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس میں شریک نہ ہوں بلکہ صرف مسلمانوں کی جماعت لڑائی کریں تو اس کو سریہ کہتے ہیں جمع سرایا۔ غزوًا وغزاوةً وغزوانًا از نصر جہاد کیلئے نکلنا۔ ناقص واوی۔ قولہ تجدد ماضی واحد مذکر غائب از تفعل مصدر تجدد نیا ہونا بمضاعف ثلاثی۔ قولہ حزن غمگینی اندوہ۔ حزنًا از سمع غمگین ہونا۔ صفت حزین وحزِنٌ وحَزُنٌ وحُزُونٌ وحُزْنٌ وحُزَنَاءُ وحِزانٌ وحزنانٌ ہیں۔

فاخذ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدہ وقال لہ اما ترضی ان اکون لک اباً وعائشۃ رض امًا وفاطمۃ رض اختًا وعلی رض عمًّا والحسن رض والحسین رض اخوۃ فقال کیف لا ارضی یارسول اللہ فحملہ الی منزلہ والبسہ احسن الثیاب وزینہ واطعمہ وارضاہ فخرج ضاحکًا مسرورًا یعدو الی الصبیان فلما راوہ قالوا لہ انت الاٰن کنت تبکی فمالک صرت مسرورًا فقال کنت جائعًا فشبعت وعاریًا فاکتسیت ویتیمًا فصار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابی وعائشۃ رض امی وفاطمۃ رض اختی وعلی رض عمی والحسن رض والحسین رض اخوتی فقال الصبیان لیت اٰباءنا کلھم ماتوا فی تلک الغزوۃ۔ واستمر الصبی عند النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حتی قبض فخرج یبکی ویحثو التراب علی رأسہ ویقول الاٰن صرت یتیمًا الاٰن صرت غریبًا فضمہ ابوبکر الی نفسہ۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لڑکے کا ہاتھ پکڑا۔ اور اس سے فرمایا کہ کیا تو راضی نہیں ہے کہ میں تیرا باپ ہوں اور عائشہ تیری ماں اور فاطمہ تیری بہن اور علی رض تیرا چچا اور حسن وحسین رض تیرے بھائی ہوں۔ لڑکے نے کہا کہ اے اللہ کے رسول کیوں راضی نہ ہونگا اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکو اپنے گھر لے گیا اور اچھے کپڑے پہنائے اور اس کا بناؤ سنگار کیا۔ اور اس کو کھانا کھلایا اور خوش کیا۔ وہ لڑکا ہنستا ہوا خوش خوش دوڑتا ہوا لڑکوں کیطرف آیا۔ جب لڑکوں نے اس کو دیکھا تو اس سے کہا کہ ابھی تو رو رہا تھا اب کیا ہوا کہ تو خوش ہوگیا لڑکے نے کہا کہ میں بھوکا تھا سو آسودہ ہوگیا اور ننگا تھا سو کپڑے پہن لئے اور یتیم تھا سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے باپ اور عائشہ میری ماں اور فاطمہ میری بہن اور علی رض میرا چچا اور حسن وحسین رض میرے بھائی ہوئے۔ پس لڑکوں نے کہا کاش ہم سب کے باپ اس لڑائی میں مرجاتے اور وہ لڑکا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ہمیشہ رہا یہاں تک کہ حضور ص کی وفات ہوگئی۔ پس لڑکا گھر سے نکلا اور اپنے سر پر مٹی ڈالتا اور کہتا تھا کہ اب میں یتیم ہوگیا۔ اب میں غریب ہوگیا۔ پس حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس کو اپنے سایہ میں لے لیا۔

تحقیقات:۔ قولہ البس ماضی واحد مذکر غائب از افعال مصدر الباس چھپانا، پوشیدہ کرنا۔ البس الثوب کپڑا پہنانا قولہ زین ماضی از تفعیل مصدر تزیین سجانا، زینت دینا اجوف یائی۔ قولہ اطعم ماضی از افعال مصدر اطعام کھانا کھلانا، خوراک دینا۔ قولہ ارضی ماضی از افعال مصدر ارضاء خوش کرنا، راضی کرنا۔ قولہ ضاحک اسم فاعل ہنسنے والا ضحکًا وضحکًا از سمع ہنسنا۔ قولہ مسرور اسم مفعول خوش کیا ہوا سرورًا وسرۃً از نصر خوش کرنا مضاعف ثلاثی۔ قولہ یعدو مضارع واحد مذکر غائب مصدر عدوًا از نصر دوڑنا۔ ناقص واوی۔ قولہ جائع صیغہ صفت بمعنی بھوکا ج جیاع۔ جوعًا از نصر بھوکا ہونا۔ اجوف واوی۔ قولہ شبعت ماضی واحد متکلم از سمع مصدر شبع شکم سیر ہونا، آسودہ ہونا۔ قولہ عاری صیغہ صفت بمعنی ننگا ج عراۃ عریۃ وعریًا از سمع ننگا ہونا۔ ناقص یائی۔ قولہ اکتسیت ماضی واحد متکلم از افتعال مصدر اکتساء جامہ پہننا لبس ماخذ ہے اور ناقص واوی ہے اصل میں اکتساؤ تھا بقاعدہ کساء واو ہمزہ ہوگیا۔ قولہ یتیمًا نابالغ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو الیتیم من البھائم جس کی ماں مرگئی ہو ج ایتام ویتامی ویتمۃ ویتام یتم یتمًا ویتمًا الصبی من ابیہ یتیم ہونا از ضرب شال یائی۔ قولہ استمر ماضی از استفعال مصدر استمرار ہمیشہ رہنا گذرنا۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ ضم ماضی از نصر مصدر ضم جمع کرنا۔ ضم الشیئ الی نفسہ قبضہ کرنا اپنی طرف کھینچنا۔

اللھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعیٰ فیہ۔

حکایت: حکی انہ کان ملك من ملوك الکفار جائرا فی زمن داؤد علیہ السلام فاستعدی الناس علیہ الی داؤد علیہ السلام قالوا لہ یا نبی اللہ انصفنا منہ فانہ قتل وسبی. فامر داؤد بصلبہ فصلب فوق الجبل عشیا وتفرق الناس عنہ الی منازلھم وصار علی الخشبۃ وحدہ فتضرع الی الٰھتہ فلم یغنوا عنہ شیئا. فتضرع الی الشمس والقمر وقال عبدتکما لتنفعانی اذا اصابتنی بلیۃ فانفعانی فلم یغنیا عنہ شیئا فرجع الی اللہ تعالیٰ وذکرہ باسمائہ وابتھل الیہ وقال یارب عصیتك وعبدت غیرك فلم انتفع بہ واتیتك انت الحق لتغیثنی فاغثنی برحمتك

مطلب خیز ترجمہ:۔ منقول ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کے زمانہ میں ایک کافر بادشاہ ظالم تھا۔ پس لوگوں نے حضرت داؤد علیہ السلام کی خدمت میں اس ظالم کے خلاف دادخواہی کی۔ اور ان سے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی آپ ہمارا اس ستمگار سے انصاف کیجئے۔ اس لئے کہ اس نے (ہمارے بہتوں کو) قتل کیا اور قید کیا۔ چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اس کو سولی کا حکم دیا۔ وہ رات کو پہاڑ پر سولی دیا گیا۔ لوگ اس سے جدا ہوکر اپنے اپنے گھر کو چلے گئے۔ اور وہ سولی کی لکڑی پر تنہا رہ گیا۔ اور اپنے معبودوں سے گریہ وزاری کی۔ لیکن انہوں نے اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔ پھر سورج اور چاند کیطرف گڑگڑایا۔ اور کہا کہ میں نے تم دونوں کو اس لئے پوجا تھا تاکہ جب مجھ پر کوئی مصیبت آئے تو تم مجھے نفع پہنچاؤ۔ پس اب مجھے نفع پہنچاؤ۔ ان دونوں نے بھی اس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔ اس کے بعد وہ اللہ تعالیٰ کیطرف رجوع ہوا۔ اور اس کو اس کے ناموں سے یاد کیا اس سے گریہ وزاری کیا اور کہا کہ خداوندا میں نے آپ کی نافرمانی کی اور آپ کے غیر کو پوجا۔ لیکن اس سے نفع نہیں پایا۔ اب آپ کے دربار میں آیا ہوں۔ آپ ہی حق ہیں تاکہ آپ میری مدد کریں۔ پس اپنی رحمت سے میری مدد فرمائیے۔

تحقیقات:۔ قولہ جائرا اسم فاعل۔ ستمگار، ظالم ج جورۃ۔ جورا از نصر بصلہ علی ظلم کرنا اور بصلہ عن ہٹ جانا اجوف واوی قولہ استعدیٰ ماضی از استفعال مصدر استعداء مدد طلب کرنا اصل میں استعداؤ تھا۔ بقاعدہ کساروا ہمزہ ہوگیا ناقص واوی قولہ انصف امر حاضر معروف از افعال مصدر انصاف آدھے تک پہنچنا وبصلہ من بمعنی پورا حق وصول کرنا یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ قولہ سبیٰ (کرمیٰ صیغۃ وتعلیلاً وبابا) مصدر سبیٌ قید کرنا۔ قولہ صلب ماضی مجہول از نصر وضرب بمعنی سولی دینا۔ قولہ الجبل پہاڑ ج جبال اجبل واجبال۔ قولہ عشیا رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی یا دن کا آخری حصہ قولہ تضرع ماضی از تفعل مصدر تفرع ذلیل ہونا۔ تفرع الی اللہ۔ عاجزی اور زاری سے دعا کرنا۔ قولہ فلم یغنوا جمع مذکر غائب نفی جحد بلم معروف از افعال مصدر اغناء مالدار کردینا اغنی عنہ۔ کافی ہونا یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ قولہ ابتھل ماضی از افتعال مصدر ابتہال گڑگڑانا۔ ابتہل الی اللہ۔ گڑگڑا کر دعا کرنا۔ قولہ تغیث مضارع واحد مذکر حاضر از افعال مصدر اغاثۃ اعانت کرنا، مدد کرنا مجرد غوثا از نصر بھی اسی معنی میں ہے اجوف واوی۔

ترکیب:۔ قولہ فانہ قتل وسبی۔ قتل اور سبیٰ کا مفعول محذوف ہے ای قتل کثیرا من الناس وسبی کثیرا من الناس قولہ تفرق الناس عنہ الی منازلھم بتضمن معنی ذھبوا یا ذاھبین۔ تفرق کا متعلق ہے کیونکہ کلام عرب میں تفرق کا صلہ الی مستعمل نہیں ہے بلکہ کلمۂ الی ذہاب اور رجوع کا صلہ مستعمل ہے۔

فقال اللہ تعالیٰ هذا عبد الٰهته طويلا فلم ينتفع بهم وفزع اليّ ودعاني فاستجبت له فاني اجيب دعوة المضطر اذا دعاني فاهبط يا جبرائيل الى عبدي هذا وضعه على الارض في سلامة وعافية ففعل جبرئيل ذلك فلما اصبحوا ذهبوا الى داؤد (عليه السلام) وقالوا له ائذن لنا في القائه عن الخشبة فاذن لهم فلما وصلوا اليه وجدوه حيا سالما على الارض فاخبروا داؤد بذلك فذهب اليه فوافاه كما قالوا فصلّى داؤد ركعتين وقال يا رب اخبرني بما ارى من العجائب فاوحى الله تعالى اليه يا داؤد ان هذا العبد تضرّع اليّ فاستجبت له واني لو لم استجب له كما لم تستجب له الٰهته فاي فرق بيني وبينها وكذلك افعل بمن اناب اليّ يا داؤد اعرض عليه الايمان فانه يؤمن ويحسن ايمانه وانا اقول الحق واهدي السبيل۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس شخص نے عرصۂ دراز تک اپنے (باطل) معبودوں کو پوجا اور ان سے نفع نہیں پایا اب مجھ سے پناہ ڈھونڈھی اور مجھ سے دعا کی بس میں نے اس کی دعا قبول کی۔ بلاشک میں پریشان کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ مجھ سے دعا کرتا ہے۔ اے جبرئیل میرے اس بندے کے پاس اترو۔ اور اس کو زمین پر سلامتی اور عافیت کے ساتھ رکھ دو۔ چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ایسا ہی کیا۔ صبح لوگ حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس گئے اور ان سے عرض کیا کہ اس کو سولی کی لکڑی سے نیچے ڈالنے کیلئے ہمیں اجازت دیجئے۔ اور حضرت داؤد علیہ السلام نے ان کو اجازت دی جب وہ لوگ اس کے پاس پہنچے تو اس کو زندہ اور صحیح سالم زمین پر پایا اور انہوں نے حضرت داؤد علیہ السلام کو اس کی اطلاع دی۔ سو حضرت داؤد علیہ السلام اسکی طرف گئے اور اس کو ایسا ہی پایا جیسا کہ لوگوں نے کہا۔ چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام نے دو رکعت نماز پڑھی اور کہا خداوندا ان عجائبات سے جو میں دیکھ رہا ہوں مجھے خبر دیجئے۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ اے داؤد اس بندہ نے میری طرف گریہ وزاری کی۔ سو میں نے اس کو قبول کر لیا۔ اور اگر میں اس کو قبول نہ کرتا جیسا کہ اس کے معبودوں نے اس کو قبول نہیں کیا تو میرے اور ان کے درمیان کیا فرق ہے؟ اور جو شخص میری طرف رجوع کرتا ہے میں اس کے ساتھ ایسا ہی کرتا ہوں۔ اے داؤد اس کے سامنے اسلام پیش کرو۔ وہ ایمان لائیگا اور اس کا ایمان اچھا ہوگا اور میں حق کہتا ہوں اور راہ راست دکھاتا ہوں۔

تحقیقات:۔ قولہ فزع ماضی فزعاً از سمع دہشت زدہ ہونا۔ فزع الیہ فریاد چاہنا، پناہ لینا۔ قولہ مضطر اسم فاعل و اسم مفعول از انفعال مصدر اضطرار مجبور کرنا، محتاج ہونا کرنا، ناچار کرنا، بے قرار ہونا کرنا لازم و متعدی دونوں مستعمل ہے یہاں اسم فاعل کی صورت میں لازم اور اسم مفعول کی صورت میں متعدی ہے۔ قولہ اهبط امر حاضر مصدر ھبوط از ضرب اترنا۔ قولہ ائذن امر حاضر مصدر اذن از سمع اجازت دینا۔ قولہ حیّ صفت مشبہ بمعنی زندہ جمع احیاء۔ حیاۃ از سمع زندہ رہنا لفیف مقرون۔ قولہ وافا ماضی از مفاعلہ مصدر موافاۃ۔ پورا کرنا، پانا۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ لفیف مفروق۔ قولہ اناب ماضی از افعال مصدر انابۃ۔ رجوع کرنا۔ اصل میں انوب تھا بقاعدہ اقامۃ انابۃ ہوا۔ قولہ اھدی مضارع واحد متکلم مصدر ہدایۃ از ضرب راستہ دکھلانا۔ ناقص یائی۔

حکایت: حکی عن بعض الزهاد قال خرجت حاجًا فرأیت امرأة تمشی بلا زاد ولا راحلة وھی تذکر الله تعالیٰ وتثنی علیه فدنوت منها فقلت یا امة الله الی این قالت الیٰ بیت الله الحرام فقلت ما اری معكِ زادًا ولا راحلةً فقالت لو اتخذ احدکم ضیافة ودعا الناس الیها فهل یحسن لاضیافه ان یجیٔ کل واحد بطعامه قلت لا فقالت فضیافة الله احق بهذا فجاءت معنا حتی نزلنا بالابطح وھی تقول این بیت ربی فقیل تنظرینه الآن فجاءت حتی دخلت المسجد

مطلب خیز ترجمہ: کسی زاہد سے حکایت ہے انہوں نے کہا کہ میں حج کا ارادہ کرتا ہوا نکلا پس میں نے ایک عورت کو دیکھا کہ وہ بے توشہ و سواری کے پیادہ پا چلتی ہے اور اللہ کا ذکر کرتی اور اس کی تعریف و ثنا کرتی ہے۔ چنانچہ میں اس سے قریب ہوا اور کہا کہ اے اللہ کی بندی تو کہاں کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس نے کہا کہ اللہ تعالےٰ کے بیت حرام کا ارادہ رکھتی ہوں۔ میں نے کہا کہ تیرے ساتھ زاد سفر اور سواری نہیں دیکھتا ہوں۔ اس نے کہا کہ اگر تم میں سے کوئی شخص ضیافت کا سامان کرے اور لوگوں کو اس کی طرف دعوت دے تو کیا اس کے مہمانوں کے لئے مناسب ہوگا کہ ہر ایک اپنا اپنا کھانا لے کر آئے۔ میں نے کہا نہیں۔ تو اس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی ضیافت اس سے زیادہ حقدار ہے۔ چنانچہ وہ ہمارے ساتھ آئی۔ یہانتک کہ وہ مکہ کی پتھریلی زمین میں اترے اور وہ کہتی تھی کہ میرے پروردگار کا گھر کہاں ہے؟ تو اس سے کہا گیا کہ ابھی تو اس کو دیکھے گی پس وہ آئی یہانتک کہ وہ مسجد حرام میں داخل ہوئی۔

تحقیقات: قولہ زھّاد۔ زاہد کی جمع تکسیر ہے۔ درویش، آخرت کی محبت کیوجہ سے دنیا سے بے رغبت زُھدًا زُھدًا زَھادۃً از سمع و فتح و کرم۔ فی الشئ وعنه بے رغبتی کرکے چھوڑ دینا۔ قولہ حاجًا اسم فاعل بر مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔ از نصر مصدر حجّ قصد کرنا اور یہاں معنی شرعی مراد ہیں۔ یعنی عبادت کی نیت سے خانہ کعبہ کی زیارت کا قصد کرنا مضاعف ثلاثی۔ قولہ زاد توشہ۔ اَزْوادٌ وَاَزْوِدَۃٌ ج۔ زَوْدًا از نصر توشہ لینا اجوف واوی۔ قولہ راحلۃ من الابل۔ سواری کے لائق اونٹ ج رواحل۔ رحل من المکان رحلاً از فتح ترک وطن کرنا۔ قولہ تثنی مضارع واحد مونث غائب از افعال مصدر اثناء دوسرا ہونا اور بصلہ علیٰ تعریف کرنا۔ قولہ امة لونڈی ناقص واوی اصل میں اموۃ تھی ج اِماءٌ و اموات و اٰمٌ۔ نسبت کیلئے اُمَوِیٌّ اور تصغیر امیۃ ہے۔ قولہ ضیافۃ مہمانی۔ ضَیفًا وضِیَافۃً از ضرب مہمان ہونا اجوف یائی۔ الضیف مہمان۔ قولہ ابطح ج اباطح بمعنی کشادہ نالہ جس میں ریت اور چھوٹی کنکریاں جمع ہوں۔ یہاں مراد سنگلاخ میدان ہے۔

ترکیب: قولہ فضیافة الله احق بهذا۔ فا فصیحیہ ہے جو شرط محذوف پر دال ہے۔ اور تقدیر عبارت اس طرح پر ہے واذا لم یحسن للضیافة ان یجیٔ کل واحد منهم بطعامه فی بیت المضیف فضیافة الله تعالیٰ احق بهذا۔ یعنی لم یحسن فعل للضیافة اس کا متعلق کل واحد منهم موصوف با صفت یجیٔ کا فاعل بطعامه متعلق اول۔ فی بیت المضیف متعلق ثانی۔ یجیٔ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر بتاویل مصدر لم یحسن فعل کا فاعل ہے۔ پس یہ جملہ ہو کر شرط۔ ضیافة۔ الله مبتدا۔ احق بهذا خبر۔ اور یہ جملہ ہو کر جزا۔

فقیل لها هذا بیت ربك فجاءت ووضعت رأسها علی عتبة الكعبة وصارت تقول هذا بیت ربی وتكرر ذلك حتی خفی صوتها فنظرنا الیها فاذا هی قد ماتت رحمها الله تعالیٰ

حکایت : حکی ان رجلا مکث ثلثین سنة لم یذکر الله تعالیٰ ابدًا فقالت الملائکة یا ربنا ان عبدك فلانا لم یذکرك منذ کذا فقال لهم الله تعالیٰ عدم ذکره لی لانه فی نعمتی ولو اصابته بلوای لذکرنی فامر جبرئیل علیه السلام ان یسکن عرقًا من عروقه الضاربة ففعل فقام الرجل یقول یارب یارب فقال الله تعالیٰ لبیك لبیك عبدی این کنت فی تلك المدة۔

مطلب خیز ترجمہ: پس اس سے کہا گیا کہ تیرے رب کا گھر یہی ہے۔ اس کے بعد وہ آئی اور اپنے سر کو آستانہ کعبہ پر رکھا اور کہنے لگی کہ یہی میرے رب کا گھر ہے۔ اس کلمہ کو بار بار کہتی تھی یہانتک کہ اس کی آواز پست ہوگئی۔ اس کے بعد ہم نے اس کی طرف دیکھا تو اچانک وہ مر چکی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے۔ منقول ہے کہ ایک شخص تیس سال تک زندہ رہا کہ کبھی اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کیا۔ فرشتوں نے عرض کیا کہ خداوندا تیرے فلاں بندہ نے اتنی مدت سے تیرا ذکر نہیں کیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ مجھے اس کے ذکر نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ میری نعمت میں ڈوبا ہوا ہے اگر اسکو میری طرف سے مصیبت پہونچے تو وہ فرور مجھے یاد کریگا۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو حکم ہوا کہ اس کی حرکت کرنے والی رگوں میں سے ایک رگ کو چلنے سے روکدیں چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ وہ شخص کھڑا ہو کر یارب یارب کہنے لگا۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں حاضر ہوں میں حاضر ہوں۔ اے میرے بندہ تو اتنی مدت تک کہاں تھا!

تحقیقات: قولہ عَتَبَۃٌ چوکھٹ، سیڑھی کا زینہ ج عَتَبٌ و عَتَبَاتٌ۔ قولہ خَفِیَ ماضی از سمع خفاءً وخفیۃً پوشیدہ ہونا۔ صفت خافٍ وخفیٌّ اور اگر باب ضرب سے ہو تو بمعنی پوشیدہ کرنا اور ظاہر کرنا۔ اس صورت میں یہ لغات اضداد میں سے ہے۔ شیخ کے قول میں باب سمع سے مستعمل ہے قولہ مکث ماضی از نصر مصدر مکثاً ومکوثاً ٹھیرنا اقامت کرنا۔ قولہ عدم مصدر از سمع بمعنی گم کرنا، نیست کرنا، کم کرنا۔ قولہ نعمۃ بالکسر احسان، رزق وغیرہ کا انعام جو بتہائے اور پر ہو، خوشی، خوشگوار حالت ج نِعَمٌ واَنعُمٌ ونعمات۔ نَعمۃً ومَنعَمًا از نصر وسمع وفتح خوش حال ہونا۔ نَعِمَ عیشُہٗ۔ آسودہ وکشادہ ہونا۔ قولہ یسکن۔ مضارع از افعال مصدر اسکان ساکن کرنا، بے حرکت بنانا۔ قولہ عِرق بالکسر رگ ج عُروقٌ وأعراقٌ وعِراقٌ۔ قولہ لبیك یہ کلمہ محل جواب میں استعمال کیا جاتا ہے اور حقیقت میں یہ فعل محذوف کا مفعول مطلق ہے اس کی اصل اُلِبُّ لكَ اِلبَابَیْنِ ہے اُلِبُّ مضارع واحد متکلم از افعال مصدر الباب بمعنی قائم ہونا اور حاضر ہونا۔ ضمیر انا اس کا فاعل ہے اور لكَ متعلق ہے البابین الباب کا تثنیہ مفعول مطلق ہے اور معنی کثرت ادا کرنے کی غرض سے تثنیہ لایا۔ لے الباباً کثیراً متوالیًا۔ پس الب فعل کو وجوبًا حذف کر کے مفعول کو اس کا قائم مقام کیا گیا۔ پھر ثلاثی مزید سے زوائد یعنی ہمزہ اور الف حذف کرنے کے بعد ثلاثی مجرد کر لیا گیا اب لك لَبَّيْنِ ہوا۔ اس کے بعد لك سے لام جارہ حذف کر کے اس ثلاثی مجرد کو کاف خطاب کیطرف اضافت کیا گیا۔ اور اضافت کے وقت نون تثنیہ حذف ہوگیا۔ لَبَّيكَ ہوا۔ پھر بقاعدۂ مذ باء کو یاء میں ادغام کیا گیا۔ پس لَبَّيْكَ ہوگیا۔ ان تغیرات مذکورہ کی وجہ یہ ہے کہ تاکہ جواب دینے والا جلد اجابت اور تلبیہ سے فارغ ہو کر امتثال مامور بہ کے ساتھ مشغول ہوجائے پس معنی یہ ہیں اَقُومُ لامتثال اَمرِكَ قیامًا بعد قیامٍ (**فائدہ**) قول مذکور حقیقۃً خادم سے مخدوم کے لئے صادر ہوتا ہے۔ اور مجازاً کبھی اس کا عکس بھی ہوتا ہے جیسا کہ یہاں بندۂ تائب کے لئے اللہ تعالیٰ سے صادر ہوا ہے۔

حکایت :- حکی ان جماعۃ من اتباع هارون الرشید اخبروہ بانهم قبضوا علی عشرۃ انفار من قطاع الطریق۔ فانظر بماذا تأمرنا فیهم فارسل لهم ان یبعثوهم الیه فاخذهم جماعۃ ومضوا بهم الی الخلیفۃ فهرب واحد منهم فی بعض الطریق فحصل لهم تعب شدید وقالوا ان ذهبنا بالتسعۃ الی الخلیفۃ یقول انکم اخذتم الاموال من واحد وخلیتم سبیلہ فیعاقبنا ولکن دعونا ناخذ واحدًا من الطریق مکانہ فبینما هم کذلک اذ مرّ واحد من الحجاج فاخذوہ وجعلوہ مع التسعۃ فلما وصلوا الی الخلیفۃ امر بحبسهم فی السجن فحبسوهم مدۃ

مطلب خیز ترجمہ : منقول ہے کہ ملازمین ہارون رشید کی ایک جماعت نے ان کو اطلاع دی کہ انہوں نے ڈاکوؤں میں سے دس شخصوں کو گرفتار کر لیا ہے (اور کہا) کہ اے خلیفہ فکر کیجیے کہ ہم کو ان ڈاکوؤں کے بارے میں کیا حکم دیتے ہیں۔ خلیفہ ہارون نے ان کو حکم بھیجا کہ وہ لوگ ڈاکوؤں کو ان کے پاس بھیجدیں۔ چنانچہ ایک جماعت نے ان کو پکڑا اور ان کو لے کر خلیفہ کی طرف چلی۔ انمیں سے ایک آدمی راستہ سے بھاگ گیا۔ پس سپاہیوں کو سخت رنج اور تکلیف ہوئی۔ اور انہوں نے کہا کہ اگر ہم ان نو آدمیوں کو لے کر خلیفہ کے پاس جائیں گے تو خلیفہ فرمائیں گے کہ بیشک تم لوگوں نے ایک آدمی سے مال لے لیا اور اس کو چھوڑ دیا۔ سو ہم کو سزا دیں گے۔ لیکن ہم کو مہلت دو کہ اس کی جگہ راستہ سے ایک آدمی لیں۔ اسی اثنا میں (یعنی وہ سب یہی گفتگو کر رہے تھے) ناگاہ حاجیوں میں سے ایک شخص گذرا انہوں نے اس کو پکڑ لیا اور اس کو ان ڈاکوؤں کے ساتھ کر لیا۔ چنانچہ جب وہ خلیفہ کے پاس پہونچے تو خلیفہ نے ان کو قید خانہ میں قید کرنیکا حکم دیا پس کارکنان جیل نے ان کو ایک مدت تک قید رکھا۔

تحقیقات :- قولہ اَتْبَاعُ یہ تَبَعٌ کی جمع ہے بمعنی تابعدار، نوکر، خادم۔ تَبَعًا وتَبَاعًا وتَبَاعۃً از سمع فرمانبردار ہونا۔ پیچھے چلنا ساتھ چلنا۔ تبع واتبع الشیئ پیروی کرنا۔ نشان قدم پر چلنا۔ قولہ قبضوا ماضی جمع مذکر غائب از ضرب مصدر قبض پکڑنا بصلہ با، وعلی مستعمل ہے۔ قولہ انفار نفر کی جمع ہے۔ سارے لوگ تین سے دس تک مردوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے ثلاثۃ نفر او ثلاثۃ انفار یعنی تین شخص شیخ کے قول عشرۃ انفار میں دس آدمی مراد ہیں۔ قولہ قُطَّاع قاطع کی جمع ہے۔ رہزن، چور، ڈاکو۔ قولہ تَعَبٌ مشقت، تھکن، رنج۔ ج اَتْعَابٌ۔ تَعَبًا از سمع مشقت میں پڑنا، تھکنا، صفت تعب۔ قولہ یعاقب مضارع از مفاعلہ مصدر مُعَاقَبۃٌ پیچھے آنا۔ عاقب بذنبہ وعلی ذنبہ۔ سزا دینا، مواخذہ کرنا، قولہ دعوا امر جمع مذکر حاضر از فتح مصدر وَدْعٌ چھوڑنا مثال واوی۔ قولہ سجن قید خانہ زندان ج سُجُوْنٌ۔ سَجْنًا قید کرنا۔ السَّجَّانُ داروغہ جیل۔

ترکیب :- قولہ لکن دعونا ناخذ واحدًا من الطریق مکانہ۔ لکن حرف مشبہ بفعل مخففہ ضمیر شان محذوف اس کا اسم۔ دعونا الخ خبر۔ خبر کی تفصیل یوں ہے کہ دعوا فعل امر با فاعل نا ضمیر مفعول بہ۔ پس فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ جو کہ بمنزلہ شرط ہے۔ ناخذ الخ جملہ فعلیہ بمنزلہ جزا ہے تقدیر عبارت اس طرح پر ہے ان تدعونا ناخذ واحدًا من الطریق مکانہ۔ پس شرط وجزا مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر ہے۔ قولہ فبینما هم کذالک۔ بین مضاف ہے هم مبتدا اور کذلک خبر پس مبتدا با خبر جملہ اسمیہ ہو کر مضاف الیہ۔ اور مضاف

با مضاف الیہ مرّ فعل کا ظرف متعلق ہے۔ واحد موصوف من الحجاج

جار با مجرور ثابت مقدر سے مل کر صفت ہے۔

موصوف با صفت مرّ کا فاعل ہے۔

ثم قال لهم السجّان هل لکم احد من الاقارب او المعارف یشفع لکم عند الخلیفة قالوا نعم فارسلوا الی معارفهم فبذلوا للخلیفة عن کل واحد عشرة الاف درهم فاطلق محابیسهم فانطلقوا جمیعا ولم یبق الا الحاج فقال له السجان الک شفیع قال لا ولکن اذا کتبت مکتوبة توصلها الی الخلیفة قال نعم قال فاحضر لی دواة وقرطاسا فاحضرهما له فکتب بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ من العبد الذلیل الی الرّبّ الجلیل فان المخلوقین لهم شفعاء منهم فی الجرم والجنایة وقد شفعوا لهم عند الخلیفة فاطلقهم وانا بقیت فی السجن منفردا وانت یارب شاهدی وشفیعی وانا عبد لم اذنب فقال له السجان انی لا اقدر علی ایصال هذه الی الخلیفة فانظر فی ای موضع اضعها فقال له ضعها علی سطح السجن۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ اس کے بعد داروغہ جیل نے ان قیدیوں سے کہا کہ کیا تم لوگوں کے اعزا وآشناؤں میں ایسا کوئی ہے جو تمہارے لئے خلیفہ کے ہاں سفارش کرے۔ انہوں نے کہا ہاں! پھر انہوں نے اپنے آشناؤں کے پاس (قاصد) بھیجا چنانچہ انہوں نے ہر ایک قیدی کی طرف سے خلیفہ کو دس ہزار درہم د۔ خلیفہ نے ان قیدیوں کو چھوڑ دیا۔ پس وہ سب چلے گئے اور حاجی کے سوا کوئی باقی نہیں رہا۔ داروغہ نے اس کو کہا کیا تیرے لئے کوئی سفارشی ہے! اس نے کہا نہیں۔ لیکن جب میں ایک خط لکھوں تو آپ اس کو خلیفہ تک پہونچا دیں گے! داروغہ نے کہا ہاں! قیدی حاجی نے کہا میرے لئے دوات اور کاغذ منگا دیجئے۔ اس نے منگا دیا۔ اس کے بعد اس نے لکھا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم بندۂ ذلیل کی طرف سے رب جلیل کی جانب مخلوق کے جرم اور گناہ میں انہیں میں سے سفارشی ہیں اور انہوں نے خلیفہ کے نزدیک سفارش کی ہے اور خلیفہ نے ان قیدیوں کو رہا کر دیا ہے اور میں قیدخانہ میں تنہا رہ گیا ہوں۔ اور اے پروردگار تو میرا گواہ اور سفارشی ہے اور میں وہ بندہ ہوں جس نے گناہ نہیں کیا۔ جیلر نے اس کو کہا میں اس کو خلیفہ تک پہونچانے پر طاقت نہیں رکھتا ہوں۔ تم غور کرو کہ میں اس خط کو کس مقام میں رکھوں۔ حاجی نے کہا کہ تو اس کو قیدخانہ کی چھت پر رکھدے۔

تحقیقات:۔ قولہ بذلوا ماضی جمع مذکر غائب از نصر وضرب مصدر بَذْلٌ دینا، سخاوت کرنا۔ صفت بَاذِلٌ وبَذُوْلٌ۔ قولہ اطلق ماضی واحد مذکر غائب از افعال مصدر۔ اِطْلَاقٌ چھوڑ دینا۔ اطلق الاسیر آزاد کرنا، رہائی دینا۔ قولہ محابیس محبوسٌ کی جمع ہے بمعنی قیدی۔ قولہ شفیع سفارش کرنے والا ج شفعاء۔ شفع لفلان او فیہ الی فلان بمعنی سفارش کرنا از فتح۔ قولہ دواۃ۔ دوات، سیاہی دان۔ دُوِیٌّ دَوَیاتٌ ج۔ قولہ قرطاس کاغذ۔ قراطیس ج۔ قولہ ذلیل صفت بمعنی خوار ج اذلاء واذلۃ وذلال۔ ذَلًّا وذلۃ ومذلۃ از ضرب خوار ہونا، ذلیل ہونا۔ جنس مضاعف ثلاثی۔ قولہ جلیل صفت بڑے مرتبہ والا ج اجلاء واجلۃ وجلۃ۔ جلالًا وجلالۃً از ضرب بڑے مرتبہ والا ہونا مضاعف ثلاثی۔ قولہ سطح چھت ج سطوح۔

فلما وضعها طارت فی الهواء احد من رمیة السهم من القوس القوی فرای
هارون تلك اللیلة فی نومه ان ملائكة نزلوا من السماء فاخذوه ورفعوه
فی الهواء وقالوا له یا هارون ان المخلوقین قد شفعوا عندك فی تسعة
واطلقتهم من السجن وان الخالق رب العزة یشفع عندك فی واحد
فاطلقه والا فتهلك فاستیقظ الخلیفة من منامه مرعوبا ودعا بالسجان
وقال له من فی السجن عندك فذكر له القصة فقال له احضره عندی
فلما احضره بین یدیه قدم الخلیفة شیئا من الحلوی وصار یلقمه فی فمه
حتی شبع وامر بان یحمل الی الحمام وامر بخلعة سنیة واعطاه سبعین مركبا
وسبعین غلاما وجاریة وامر منادیا ینادی من استشفع بالمخلوقین یعط
عشرة الاف وینجو ومن استشفع بالخالق فهذا جزاؤه من هارون الرشید

مطلب خیز ترجمہ: جب اس نے خط کو رکھا تو وہ ہوا میں آسمان کی جانب مضبوط کمان سے تیر کی رفتار سے زیادہ تیز اڑا۔ ہارون الرشید نے اسی رات خواب میں دیکھا کہ آسمان سے فرشتے اترے اور ان کو پکڑا اور ہوا میں اونچا کیا۔ اور ان کو کہا اے ہارون مخلوق خدا نے تیرے پاس نو قیدیوں کے بارے میں سفارش کی اور تونے ان کو قید سے رہا کر دیا۔ اب خالق رب العزت ایک قیدی کے بارے میں تیرے پاس سفارش کرتا ہے۔ تو اس کو رہا کر ورنہ تو ہلاک ہو جائے گا۔ خلیفہ ڈرتا ہوا خواب سے بیدار ہوا اور جیلر کو بلایا اور اس سے کہا کہ تیرے پاس قیدخانہ میں کون ہے؟ اس نے خلیفہ سے قصہ بیان کیا۔ خلیفہ نے کہا اس کو میرے نزدیک حاضر کر۔ چنانچہ جب جیلر نے اس کو خلیفہ کے سامنے حاضر کیا تو خلیفہ نے کچھ حلوی پیش کیا اور اس کے منہ میں خود لقمہ دینے لگا حتیٰ کہ وہ آسودہ ہوگیا اور اس کو حمام میں لیجانے کا حکم دیا اور عمدہ خلعت کا فرمان دیا اور ستر سواریاں اور ستر غلام ولونڈیاں عطا کیں۔ اور منادی کو حکم دیا کہ وہ ڈھنڈورا بجائے کہ جو شخص مخلوقات کے ذریعہ سے سفارش چاہتا ہے وہ دس ہزار درہم دیتا ہے اور رہائی پاتا ہے اور جو شخص خالق کے ذریعہ سے سفارش طلب کرتا ہے اس کے لئے ہارون رشید کے جانب سے یہ ہدیہ ہے۔

تحقیقات: قولہ طارت واحد مؤنث ماضی معروف مصدر طیرانا وطیرا از ضرب اڑنا اجوف یائی۔ قولہ ھواء فضا آسمانی جمع اھویۃ۔ قولہ احدّ اسم تفضیل زیادہ تیز۔ حدت السکین از ضرب تیز ہونا، باریک دھار ہونا مضاعف ثلاثی۔ قولہ سھم تیر جمع سہام قولہ قوس کمان یہ لفظ مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے جمع قِسِیٌّ واَقواسٌ واَقوُسٌ۔ قولہ مرعوب اسم مفعول خوف زدہ۔ رعبا از فتح خوف کرنا۔ قولہ حلوی حلوی، میٹھا میوہ جمع حلاوی قولہ یلقمہ مضارع از افعال مصدر القام بمعنی لقمہ دینا، لقمہ لقمہ کرکے کھلانا۔ خاصیت تدریج میں موافقت تفعل ہے

حکایت ۲۰ : حکی ان جماعة من اللصوص خرجوا فی اول اللیل الیٰ قطع الطریق علیٰ قافلة فلما جن علیهم اللیل جاؤا الیٰ رباط المفازة فقرعوا الباب وقالوا لاهل الرباط انا جماعة من الغزاة ونرید ان نبیت فی رباطکم ففتحوا لهم الباب فدخلوا وقام صاحب الرباط یخدمهم وکان یتقرب الی الله تعالیٰ بذلك ویتبرك بهم وکان له ابن مقعد لا یقدر علی القیام فاخذ صاحب الرباط سؤرهم وفضل میاههم وقال لزوجته لنمسح ولدنا بهذا اعضائه فلعله یشفی ببرکة هؤلاء الغزاة ففعلا ذلك

مطالب خیز ترجمہ : منقول ہے کہ چوروں کی ایک جماعت ابتدائے شب میں کسی قافلہ پر ڈاکہ ڈالنے کیلئے باہر نکلی۔ جب انہوں پر رات کی تاریکی چھا گئی تو وہ سب میدان کے مہمان سرا کی طرف آئے اور دروازہ کھٹکھٹایا اور مہمان سرا کے لوگوں سے کہا کہ ہم لوگ غازیوں کی جماعت سے ہیں۔ اور تمہارے مہمان سرا میں رات بسر کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ ان لوگوں نے ان کے لئے دروازہ کھول دیا پس وہ سب مسافر خانہ میں داخل ہوئے اور مالک مہمان سرا انکی خدمت کیلئے تیار ہوا۔ اور وہ اس خدمت سے قرب خداوندی ڈھونڈھتا تھا۔ اور ان سے برکت حاصل کرتا تھا اور اس کا ایک اپاہج لڑکا تھا۔ جو کھڑے ہونے پر قادر نہ تھا۔ پس صاحب مہمان سرا نے ان لوگوں کا جھوٹا کھانا اور ان کا بچا ہوا پانی لیا اور اپنی بی بی سے کہا کہ چاہیئے کہ ہم اس سورے اپنے اس لڑکے کے تمام اعضاء کو مل دیں۔ امید ہے کہ ان غازیوں کی برکت سے تندرستی حاصل ہوجائے گی۔ چنانچہ میاں بی بی نے ایسا ہی کیا۔

تحقیقات : قولہ لصوص یہ لِصّ بم چور کی جمع ہے۔ اور اس کی جمع اَلصاصٌ ولِصاصٌ ولِصَصَۃٌ بھی آتی ہیں۔ مؤنث لِصَّۃٌ جع لِصَّاتٌ ولَصَائِصُ۔ لَصًّا ولصوصیَّۃً از سمع چور ہونا۔ ولصّ الشئ از نصر چرانا مضاعف ثلاثی۔ قولہ قافلۃ یہ قافل کا مؤنث۔ کارواں۔ سفر سے لوٹنے والے رفقاء یا سفر شروع کرنے والے کہ ان پر بھی تفاؤلاً قافلہ کا اطلاق ہوتا ہے جع قوافل۔ قَفْلًا قُفُولًا از نصر وضرب سفر سے لوٹنا۔ قولہ جنّ ماضی از نصر مصدر جنونٌ ڈھانپنا مضاعف ثلاثی۔ قولہ رباط مہمان سرا۔ فقراء کیلئے مکان موقوفہ جع رباطات۔ قولہ قرعوا ماضی جمع مذکر غائب از فتح مصدر قرع کھٹکھٹانا۔ قرع الباب دروازہ کھٹکھٹانا۔ قولہ غزاۃ یہ غازی کی جمع ہے جیسے قاضی کی جمع قضاۃ ہے بمعنی جہاد کرنے والے۔ غزوًا وغزاوۃً وغزوانا القوم کسی قوم سے جہاد کرنے کیلئے نکلنا۔ از نصر۔ قولہ نبیت مضارع جمع متکلم از ضرب بات فی المکان بیتًا وبیاتًا وبیتوتۃً ومبیتًا شب باشی کرنا۔ قولہ یتبرك مضارع از تفعل مصدر تبرک۔ برکت حاصل کرنا اور مبارک گمان کرنا۔ برتقدیر اول خاصیت اتخاذ ہے اور برتقدیر ثانی خاصیت حسبان ہے اور یہاں معنی اول انسب ہیں۔ قولہ مقعد بضم اول بم لولج، اپاہج، قعاد کی بیماری والا۔ ابھری ہوئی پستان۔ گدھ کا بچہ۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ سؤر جھوٹا پانی وغیرہ۔ بقیہ جع آسار۔ سائر الشارب فی الاناء۔ سأرًا کچھ باقی چھوڑنا از فتح صفت سأر۔ سئر الشئ سأرًا باقی رہنا از سمع مہموز عین۔

اللهم اغفر لکاتبه ولوالدیه ولمن سعی فیه

فلما اصبحوا خرج اللصوص وتوجهوا الی ناحیة واخذوا اموالا وجاءوا الی الرباط عند المساء فراؤا الولد یمشی مستویا فقالوا لصاحب الرباط اهذا الولد الذی رأیناه مقعدًا بالامس قال نعم اخذت سؤرکم وفضل ماءکم ومسحته به فشفاه الله ببرکتکم فاخذوا یبکون وقالوا له اعلم ایها الرجل اننا لسنا بغزاة وانما نحن لصوص خرجنا الی قطع الطریق غیر ان الله تعالیٰ عافا ولدك بحسن نیتك وقد تبنا الی الله تعالیٰ فتابوا جمیعا وصاروا من جملة الغزاة والمجاهدین فی سبیل الله حتیٰ ماتوا۔

حکایت[۵]: حکی ان ابلیس لعنه الله دخل علی الضحاك بن علوان فی صورة آدمی وقال له ایها الملك انا رجل اجود طبیخا لاطعمة الطیبة فاجعلنی علیٰ

مطلب خیز ترجمہ: جب صبح ہوئی تو وہ چور باہر نکل گئے اور ایک اطراف کی طرف متوجہ ہوئے اور مال لوٹا اور شام کو مہمان سرا میں آئے تو اس لڑکے کو دیکھا کہ سیدھا چلتا ہے۔ انہوں نے صاحب رباط سے کہا کہ کیا یہ وہی لڑکا ہے جس کو ہم نے گذشتہ کل اپاہج دیکھا تھا اس نے کہا ہاں! میں نے آپ لوگوں کا جھوٹا اور بچا ہوا پانی لیا اور اس سے اس کے جسم کو مل دیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ لوگوں کی برکت سے اس کو شفا عطا کی۔ (یہ سنکر) وہ سب رونے لگے اور اس سے کہا کہ اے مرد تو جان! کہ ہم غازی نہیں ہیں بلکہ ہم چور ہیں۔ ڈاکہ مارنے کیلئے نکلے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے تیری حسن نیت سے عافیت دی۔ اب ہم نے اللہ تعالیٰ سے توبہ کی۔ چنانچہ سب کے سب غازی اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے بن گئے حتی کہ مرگئے۔ یعنی آخر دم تک یونہی رہے۔

منقول ہے کہ ابلیس خدا اس پر لعنت کرے ضحاک بن علوان کے پاس آدمی کی صورت میں داخل ہوا اور ان سے کہا کہ اے بادشاہ میں ایسا آدمی ہوں کہ نفیس کھانا اچھی طرح پکا سکتا ہوں۔ سو مجھے آپ کے کھانے پر وکیل مقرر کیجئے۔

تحقیقات: قولہ توجهوا۔ جمع مذکر غائب ماضی معروف از تفعل مصدر التوجه۔ متوجہ ہونا، قصد کرنا۔ بصلہ الیٰ مستعمل ہے۔ مادہ وجہ مثال واوی۔ قولہ مستوی اسم فاعل از استفعال مصدر الاستواء۔ معتدل وبرابر ہونا، سیدھا ہونا۔ جنس لفیف مقرون۔ استواء اصل میں استوای تھا۔ بقاعدہ رداء یا ہمزہ ہوگئی۔ قولہ المساء بمعنی شام، ظہر سے مغرب تک کا وقت ج امسیۃ۔ قولہ ضحاك بن علوان۔ عرب کے ایک ظالم بادشاہ کا نام ہے۔ اور یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ اور شداد کا بھانجا ہے۔ ضحاک دہ آک کا معرب ہے یعنی دس عیب۔ چونکہ وہ دس عیب والے تھے۔ اسی وجہ سے اسی لقب سے ملقب ہوئے۔ اہل عرب نے دہ آک کو تغیر کرکے ضحاک کرلیا۔ اور دس عیب یہ ہیں۔ بدصورتی، کوتاہی قد، تکلم، دروغ گوئی، بددلی، بے دینی، بسیارخواری، بے شرمی، بے خردی اور بدزبانی اور بعض لوگوں نے لکھا ہے کہ اس کو ولادت کے وقت سامنے کے دو دانت تھے تو اس کے والدین نے تفاولاً ضحاک نام رکھ لیا یعنی زیادہ ہنسنے والا۔ واللہ اعلم۔ قولہ اجود واحد متکلم مضارع معروف از تفعیل مصدر تجوید۔ خوبصورت بنانا، عمدہ بنانا۔ اجوف واوی۔ قولہ طبیخا پکی ہوئی چیز ج اطبخة۔ طبخا از نصر و فتح۔ پکانا۔ شیخ کے قول میں طبیخ مصدر طبخ کے معنی میں مستعمل ہے اگر عبارت میں طبیخ کی بجائے طبخ ہوتا تو زیادہ مناسب ہوتا

طعامك فضمه الى نفسه ووكله على طعامه وكان الناس قبل ذلك لا يأكلون اللحم فكان
اول ما اتخذه من الطعام البيض فاكله فاستطابه فقال له ابليس لو اتخذت لك
طعاما مما يخرج منه هذا البيض فلما كان من الغد ذبح له الدجاج واتخذ له
منه طعاما فاستطابه ثم في اليوم الثالث ذبح له الغنم ثم في اليوم الرابع ذبح
له الابل والبقر ومراده من ذلك التوصل الى قتل الآدميين فمضى على
ذلك مدة فتمرن الملك على اكل اللحوم ثم قال ابليس للملك انك قد شرفتني
واكرمتني فاذن لي ان اقبل كتفيك فاذن له فدنا منه وقبل منكبيه فخرج من
موضع قبلته فيها سلعتان ناتيتان كهيأة الحيتين لهما افواه واعين فلما راهما
الضحاك علم انه ابليس فقال قد قتلتنا ثم قال ما دواءهما يا لعين قال ادمغة

مطلب خیز ترجمہ: ضحاک نے اس کو اپنے نفس کے ساتھ ملالیا اور اپنے کھانے پر وکیل مقرر کیا۔ اور لوگ اس سے پہلے گوشت نہیں کھاتے تھے۔ ابلیس نے سب سے پہلے جو کھانا تیار کیا وہ انڈے تھے۔ ضحاک نے اس کو کھایا اور لذیذ پایا۔ اس کے بعد ابلیس نے ضحاک سے کہا کاش میں آپ کے لئے ایسی چیز سے کھانا تیار کرتا جس سے یہ انڈے نکلتے ہیں چنانچہ جب دوسرا دن ہوا تو ابلیس نے اس کے لئے مرغی ذبح کی اور اس سے کھانا تیار کیا۔ ضحاک نے اس کو بھی پسند کیا۔ پھر تیسرے دن اس کے لئے بکری ذبح کی۔ پھر چوتھے دن اونٹ اور گائے ذبح کی۔ اس سے اس کی مراد آدمیوں کے قتل تک پہونچنا ہے۔ پس اس حالت پر ایک مدت گذر گئی اور شاہ ضحاک گوشت کھانے پر عادی ہوگیا۔ پھر ابلیس نے بادشاہ کو کہا بیشک آپ نے مجھے شرافت دی۔ اور تعظیم کی۔ لہذا مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ کے دونوں شانوں کو بوسہ دوں۔ چنانچہ ضحاک نے اس کو اجازت دی۔ پس ابلیس ان کا قریب ہوا۔ اور ان کے دونوں کندھوں کو بوسہ دیا۔ (جس کے اثر سے) ان کے دونوں کندھوں کے بوسہ گاہ میں ابھرے ہوئے دو مسّے دو سانپوں کے شکل نکل آئے۔ اور ان دونوں کے منہ اور آنکھیں تھیں۔ جب ضحاک نے یہ دیکھا تو معلوم کیا کہ یہ شخص ابلیس ہے اور کہا کہ تو نے مجھے مار ڈالا ہے۔ پھر کہا اے ملعون ان سانپوں کی دوا کیا ہے۔ ابلیس نے کہا آدمیوں کا بھیجا (ان دونوں کی دوا ہے)

تحقیقات: قولہ بیض بیضۃ کی جمع ہے بمعنی انڈا۔ قولہ استطاب ماضی از استفعال مصدر الاستطابۃ۔ شیریں پانی طلب کرنا، اچھا پانا۔ یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ اجوف یائی۔ قولہ التوصل باب تفعل کا مصدر پہونچنا۔ مثال واوی۔ قولہ تمرن باب تفعل کا مصدر بمعنی بتکلف دانا و زیرک بننا و بصلہ علی بمعنی عادی ہونا۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ قولہ منکبین منکب کا تثنیہ ہے بمعنی مونڈھا ج مناکب۔ قولہ سلعتان سلعۃ کا تثنیہ ہے بدن کا پھوڑا یا گوشت اور کھال کے درمیان غدود جیسی زیادتی، ہندی میں "مسّا" کہا جاتا ہے۔ قولہ ناتیتان اسم فاعل تثنیہ مونث بمعنی ابھری ہوئی۔ نتأ الشئ۔ نتأ نتوءً اپنی جگہ سے ہٹ جانا، بلند ہونا، پھولنا، ابھرنا۔ مہموز لام۔ قولہ حیتین حیۃ کا تثنیہ ہے بمعنی سانپ۔ حیات ج۔ قولہ لعین بمعنی ملعون۔ یعنی لعنت کیا ہوا۔ لعنًا از فتح لعنت کرنا، رسوا کرنا، گالی دینا۔ قولہ ادمغۃ یہ دماغ کی جمع ہے۔ بمعنی سر کا بھیجا۔

الناس ثم ولّی عنه فلم یره فصار الضحاك فی کل یوم یامر وزیره بذبح اربعة رجال سمان حسان ویأخذ ادمغتهم فیغذی بها تلك الحیتین فمکث علی ذلك ثلثمائة عامٍ فمات وزیره وولّی وزیرا اٰخر فصار یحضر اربعة من الرجال فیذبح منهما اثنین ویاخذ ادمغتهما ویخلطهما بادمغة کبشین ویغذی بها الحیات ویأمر الرجلین الاٰخرین بان یذهبا الی الجبل ویقیما فیه واستمر علی ذلك الی سبعمائة سنة حتی کثروا وتوالدوا وصاروا رجالاً ونساءً واقتنوا الغنم والبقر وغیرهما وهم الاکراد

حکایت: حکی ان یهودیاً عشق امرأة یهودیة فصار کالمجنون فیها ولا یتهنّیٰ بطعام ولا شراب فذهب الی عطاء الاکبر وسأله عن حاله فکتب له عطاء البسملة فی کاغذ وقال له ابتلع هذه فلعل الله تعالیٰ یسلّیك عنها اویرزقك بها۔

مطلب خیز ترجمہ: اس کے بعد ابلیس پیٹھ پھیر کر چلتا بنا اور ضحاک نے اس کو نہیں دیکھا۔ پھر ضحاک روزانہ اپنے وزیر کو چار موٹے تازے خوبصورت آدمیوں کو ذبح کرنے کا حکم دیتا تھا۔ اور ان کا بھیجا لیتا اور ان سانپوں کو خوراک دیتا تھا اور اسی حالت پر تین سو برس زندہ رہا اس کے بعد ان کا وہ وزیر مر گیا اور دوسرے وزیر کو والی مقرر کیا۔ وہ چار مردوں کو حاضر کرتا اور ان سے دو کو ذبح کرتا اور ان کا بھیجا لیتا اور اس میں دو مینڈھوں کا مغز ملاتا اور ان سے ان سانپوں کی خوراک دیتا اور دوسرے دو آدمیوں کو یہ حکم دیتا کہ وہ پہاڑ کی طرف چلے جائیں اور وہیں اقامت کریں۔ اسی طریقہ پر سات سو برس تک مداومت کی حتی کہ (جو لوگ پہاڑ میں سکونت رکھتے تھے) ان کی تعداد بڑھ گئی اور ان کی اولاد ہوئیں اور وہ مرد و عورتیں ہوئیں اور انہوں نے بھیڑ بکریاں جمع کیں۔ یہی لوگ قوم کرد ہیں۔ منقول ہے کہ ایک یہودی ایک یہودیہ عورت پر عاشق ہوا اور اس کے عشق میں مجنون سا ہو گیا اور کھانے۔ پینے میں لطف نہیں پاتا تھا۔ چنانچہ وہ عطاء اکبر کی خدمت میں آیا اور ان کو اپنی حالت سے پوچھا پس عطاء نے ایک کاغذ میں بسم اللہ لکھدی اور اس سے کہا کہ اس کو نگل جا۔ اُمید ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھ کو اس سے تسلی دے یا اس کو تیرے نصیب کر دے۔

تحقیقات: قولہ ولّیٰ ماضی از تفعیل مصدر تولیۃ۔ والی مقرر کرنا۔ ولی الشیٔ وعن الشیٔ بمعنی دور ہونا، اعراض کرنا لفیف مفروق۔ قولہ سمان سمین کی جمع ہے بمعنی موٹا۔ سِمَنًا وسَمَانۃً بمعنی موٹا ہونا۔ سمین اسی سے صفت کا صیغہ ہے۔ قولہ یغذّی مضارع از تفعیل مصدر تغذیۃ۔ غذا دینا، پرورش کرنا۔ ناقص واوی۔ قولہ کبشین کبش کا تثنیہ بحالت جری" بمعنی مینڈھا جبکہ دو سال کا ہو اور بقول بعض چار سال کا جمع کِبَاشٌ وأَکْبَاشٌ واَکْبُشٌ وکَبُوشۃٌ۔ قولہ اقتنوا جمع مذکر غائب ماضی از افتعال مصدر اقتناء ذخیرہ کرنا، مال حاصل کرنا، کمانا۔ قولہ اکراد ایشیا کی ایک قوم کا نام ہے۔ واحد کُردیٌّ۔ قولہ یہودی حضرت موسی علیہ السلام کی امت جمع یہود۔ اور لفظ یہود علمیت اور وزن فعل سے غیر منصرف ہے جب اس پر الف ولام داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے الیہود۔ ہَادَ ہَودًا از نصر توبہ کرنا، حق کی طرف لوٹنا۔ ہادَ فلان یہودی بننا اجوف واوی۔ قولہ لا یتھنّیٰ مضارع واحد مذکر غائب از تفعل مصدر تھنّیٔ (بہ) خوش ہونا۔ تھنّیٔ بالطعام لذت پانا۔ کھانے سے لطف اٹھانا مہموز لام۔ قولہ بسملۃ مصدر از فعللۃ بسم اللہ کہنا خاصیت نحت ماخذ ہے قولہ ابتلع ماضی از افتعال مصدر ابتلاع۔ نگلنا۔ قولہ یسلّی مضارع از افعال مصدر اسلاء بمعنی غم کردینا بعلہ عن مستعمل ہے مادہ سلوٌ۔ ناقص واوی۔

فلما ابتلعها قال یا عطاء قد وجدت حلاوة الایمان وظهر فی قلبی النور و نسیت تلك المرأة فاعرض علیّ الاسلام فعرض علیه فاسلم ببرکة البسملة فسمعت تلك المرأة باسلامه فجاءت الیٰ عطاء وقالت له یا امام المسلمین انا المرأة التی ذکرها لك الیهودی الذی اسلم وانی رأیت البارحة فی منامی انه اتانی اٰتٍ وقال لی ان اردت ان تنظری موضعك من الجنة فاذهبی الیٰ عطاء فانه یریك ایاه وانی قد اتیت الیك فقل لی این الجنة. فقال لها عطاء ان اردت الجنة فعلیك اوّلاً ان تفتحی بابها ثم تدخلین الیها فقالت له کیف افتح بابها قال قولی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. فقالتها ثم قالت یا عطاء قد وجدت فی قلبی نوراً واریٰ ملکوت الله فاعرض علیّ الاسلام فعرضه علیها فاسلمت ببرکة البسملة ثم عادت الیٰ بیتها فنامت تلك اللیلة فرأت فی منامها انها دخلت الجنة ورأت قصورها وقبابها وفیها قبة مکتوب علیها بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ فقرأت ذٰلك

مطلب خیز ترجمہ: جب اس نے اس کو نگلا تو کہا اے عطاء بے شک میں ایمان کی حلاوت پاتا ہوں اور میرے دل میں نور ظاہر ہوا اور میں اس عورت کو بھول گیا۔ اب آپ مجھ پر ایمان پیش کیجئے۔ چنانچہ عطاء نے اس پر ایمان پیش کیا۔ پس وہ بسم اللہ کی برکت سے مسلمان ہوگیا۔ (اس کے بعد) اس عورت نے اس کے اسلام کی خبر سنی۔ وہ بھی عطاء کے پاس آئی اور کہا اے مسلمانوں کے امام میں وہ عورت ہوں جس کا ذکر اس یہودی نے آپ سے کیا ہے جو مسلمان ہوا ہے۔ اور میں نے گذشتہ رات اپنے خواب میں دیکھا ہے کہ میرے پاس ایک آنے والا آیا۔ اور اس نے مجھے کہا کہ اگر تو بہشت میں اپنا مقام دیکھنا چاہتی ہے تو عطاء کے پاس جا۔ پس وہ تجھے وہ مقام دکھا دیگا۔ اب میں آپ کے پاس آئی ہوں۔ سو آپ مجھے فرمائیے کہ جنت کہاں ہے؟ عطاء نے اس سے کہا کہ اگر تو جنت دیکھنا چاہتی ہے تو تجھ پر لازم ہے کہ پہلے اس کا دروازہ کھولے پھر اس میں داخل ہو۔ اس عورت نے کہا کہ میں اس کا دروازہ کیونکر کھولوں۔ عطاء نے فرمایا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہو۔ چنانچہ اس نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہی۔ پھر اس عورت نے کہا کہ اے عطاء میں اپنے دل میں نور پاتی ہوں اور اللہ کا ملکوت دیکھتی ہوں سو آپ مجھ پر اسلام پیش کیجئے۔ پس عطاء نے اس پر اسلام پیش کیا اور وہ بسم اللہ کی برکت سے مسلمان ہوگئی۔ پھر وہ اپنے گھر واپس آئی اور اس رات کو سوئی۔ پس اس نے اپنے خواب میں دیکھا کہ وہ جنت میں داخل ہوئی اور اس کے محلات اور قبے دیکھے اور اس میں ایک قبہ ہے جس پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا ہے۔ اس عورت نے اس کو پڑھا۔

تحقیقات: قولہ البارحة گذشتہ رات۔ البارحة الاولیٰ گذشتہ رات سے پہلی رات۔ قولہ ملکوت بادشاہی، عزت، قدرت۔ قولہ قصور قصر کی جمع ہے بمعنی محل۔ قولہ قباب قبہ کی جمع ہے۔

واذا منادٍ يقول يا ايتها القارية كذلك قد اعطاك الله جميع ما قرأت فانتبهت المرأة وقالت الهى كنت دخلت الجنة فاخرجتنى منها اللهم اخرجنى من هم الدنيا بقدرتك فلما فرغت من دعائها سقطت دارها عليها فماتت شهيدة فرحمها الله تعالىٰ ببركة بسم الله الرحمٰن الرحيم والحمد لله -

حکایۃ :- حكى عن بعض الصالحين قال كنت طائفا بالبيت واذا رجل ساجد وهو يقول ماذا فعلت يا سيدى فى امر عبدك المحروم وكلما مررت عليه اسمعه يقول ذلك فلما فرغت من الطواف وفرغ من سجوده سألته عن ذلك فقال لى اعلم انا كنا فى بلاد الروم نغير عليهم فى قلاعهم فجمع صاحب جيشنا جمعا كثيرا وخرج الىٰ بلادهم فاختار صاحب الجيش منا عشرة فرسان وانا منهم وبعثنا طليعة فاتينا مفازة فراينا نحو الستين كافرًا ثم نظرنا الى مفازة اخرىٰ فاذا نحو ستمائة ايضًا

مطلب خیز ترجمہ : یکایک ایک منادی کہتا ہے کہ اے پڑھنے والی بی بی ایسا ہی اللہ تعالیٰ نے تجھ کو وہ تمام چیزیں دیں جن کو تونے پڑھا۔ اس کے بعد وہ عورت بیدار ہوئی اور کہا الہی میں جنت میں داخل ہوچکی تھی پس تونے مجھے باہر کر دیا۔ اے معبود! تو اپنی قدرت سے مجھے دنیا کے غم سے نکال دے۔ جب وہ اپنی دعا سے فارغ ہوئی تو اس کا گھر اس پر گر پڑا اور وہ حالت شہادت میں مرگئی۔ اللہ تعالیٰ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور الحمد کی برکت سے اس پر رحم فرمائے۔ ایک نیک کار سے روایت ہے (وہ کہتے ہیں) کہ میں خانہ کعبہ کا طواف کرتا تھا۔ یکایک ایک مرد سجدہ کرتا ہوا دیکھا گیا۔ اور وہ کہتا ہے کہ اے میرے آقا تونے اپنے محروم بندہ کے حق میں کیا کیا۔ اور جب جب میں اس کے پاس سے گزرتا تھا تو سنتا تھا کہ وہ یہی الفاظ کہتا ہے۔ جب میں طواف سے فارغ ہوا اور وہ سجدہ سے فارغ ہوا تو میں نے اس سے اس بارے میں پوچھا۔ اس نے مجھ سے کہا کہ تو جان کہ ہم بلاد روم میں تھے اور رومیوں کے قلعوں پر ڈاکہ ڈالتے تھے پس ہماری فوج کے افسر نے ایک بڑی جماعت جمع کی۔ اور رومیوں کے شہروں کی طرف نکلے۔ فوج کے افسر نے ہم سے دس سواروں کو چنا۔ اور ان میں میں بھی تھا۔ اور ہم کو بطور طلیعہ بھیجا۔ چنانچہ ہم میدان میں آئے تو ہم نے تقریبًا ساٹھ کافروں کو دیکھا۔ پھر ہم نے دوسرے میدان کی طرف دیکھا تو ناگاہ وہاں بھی قریب چھ سو آدمیوں کے نظر آئے۔

تحقیقات : قولہ قارئۃ واحد مونث اسم فاعل از فتح مصدر قرأۃ۔ پڑھنا۔ قولہ نغیر مضارع جمع متکلم از افعال مصدر اغارۃ بصلہ علیٰ غارت گری کرنا، لوٹ ڈالنا۔ اور بصلہ بار والی مدد دینے کے لئے آنا اجوف وادی۔ قولہ قلاع قلعہ کی جمع ہے۔ قولہ جیش لشکر جیوش ج۔ قولہ فرسان فارس کی جمع ہے بمعنی گھوڑ سوار۔ فراسۃً وفروسۃً وفروسیۃً از کرم بمعنی شہسواری میں ماہر ہونا۔ فرس بالعین فراسۃً ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا از ضرب۔ فرس از ضرب وافترس الاسد شکار کرنا، گردن توڑ دینا۔ قولہ طلیعۃ ہراول، مقدمۃ الجیش جو لشکر کے پہلے بھیجا جائے تاکہ دشمن کے احوال وکوائف کی تفتیش کرے۔ واحد وجمع دونوں میں مستعمل ہے طلائع جمع

فرجعنا الی صاحب جیشنا فاخبرناه فبعث الیهم جیشا من المسلمین فاخذوهم جمیعا
فقال لنا صاحبنا انکم مبارکون فاخرجوا طلیعۃ فی اللیل علی العادۃ فخرجنا فوقعنا فی الف
فارس فاخذونا جمیعا اساری ثم قدموا بنا الی ملک الروم فامر بحبسنا ثم بلغہ
ان المسلمین قتلوا اسراھم وفیھم ابن عم الملک فاغتم بذلک غما عظیما ثم امر
بقتلنا فعصبوا اعیننا فقال الواقف علی رأس الملک ان فی عصب اعینھم
تخفیفا علیھم فاکشف عن اعینھم لینظر بعضھم عذاب بعضھم فھو اشد علیھم
وانکی لھم فکشفوا عن اعیننا فنظرت الی الواقف علیّ وھو لابس الدیباج مکلل
بالذھب وکان رجلا مسلما عندنا فارتد ولحق بدار الکفر فلم اقدر اکلمہ ثم
نظرنا الی جھۃ السماء فرأینا عشرۃ جواری مع کل واحدۃ منادیل وطبق

مطلب خیز ترجمہ: ہم اپنے لشکر کے افسر کی طرف واپس آئے اور ان کو خبر دی۔ چنانچہ انہوں نے کفار روم کی جانب مسلمانوں کا ایک لشکر بھیجا۔ پس مسلمانوں نے ان سب کافروں کو گرفتار کر لیا۔ ہمارے سپہ سالار نے (بطور تہنیت) ہم کو کہا کہ تم مبارک ہو۔ پس اپنی عادت کے موافق آج رات بھی نکلو۔ پس ہم نکلے اور ایک ہزار سواروں میں پھنس گئے۔ انہوں نے ہم سب کو قید کر لیا۔ پھر وہ ہم کو بادشاہ کے پاس لائے۔ بادشاہ نے ہم کو قید کرنے کا حکم دیا۔ پھر اس کو خبر پہونچی کہ مسلمانوں نے ان کے قیدیوں کو مار ڈالا۔ ان میں بادشاہ کا چچیرا بھائی بھی تھا۔ اس خبر سے وہ بہت غمگین ہوا۔ پھر ہمارے قتل کا حکم دیا۔ ان لوگوں نے ہماری آنکھوں پر پٹی باندھ دی۔ اس کے بعد ایک شخص جو بادشاہ کے نزدیک کھڑا تھا اس نے کہا کہ بیشک ان کی آنکھوں پر پٹی باندھنے میں ان پر تخفیف ہے۔ ان کی آنکھوں سے پٹی کھول دو۔ تاکہ ان کا ایک دوسرے کے عذاب کو دیکھے۔ یہ ان پر زیادہ سخت اور ان کے لئے زیادہ رنج دہ ہوگا۔ سو انہوں نے ہماری آنکھوں کی پٹیاں کھول دیں۔ میں نے اپنے پاس کھڑے ہونے والے کی جانب دیکھا اور وہ شخص سونے سے مرصع ریشمی کپڑا پہنا ہوا تھا۔ اور وہ ہمارے نزدیک مسلمان مرد تھا اور مرتد ہو کر دار الکفر میں مل گیا۔ میں اس کے ساتھ کلام کرنے پر قادر نہ ہوا۔ پھر ہم نے آسمان کی طرف نظر کی تو ہم نے دس لونڈیوں کو دیکھا کہ ہر ایک کے ساتھ ایک ایک رومال اور طباق ہے۔

تحقیقات: قولہ اغتم ماضی واحد مذکر غائب از افتعال مصدر الاغتمام غمگین ہونا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ عصبوا۔ ماضی جمع مذکر غائب از ضرب مصدر عصبٌ لپیٹنا، موڑنا، بٹنا، باندھنا۔ قولہ انکی اسم تفضیل از ضرب مصدر نکایۃ زخم اور قتل کرکے غالب آنا، رنج پہونچانا۔ ناقص یائی۔ قولہ دیباج ریشمی کپڑا جمع دبابج واحد دیباجۃ۔ الدیباجۃ چہرہ۔ کہا جاتا ہے فلانٌ یصونُ دیباجتہ۔ فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ وفلانٌ یبذل دیباجتہ۔ فلاں اپنی آبرو ریزی کرتا ہے۔ دیباجۃ الکتاب۔ کتاب کا دیباچہ۔ الدیباجتان۔ دونوں رخسارے۔ دیباجۃ الوجہ۔ چہرہ کی رونق۔ قولہ ارتد ماضی واحد مذکر غائب از افتعال مصدر ارتداد۔ واپس کرنا، واپس کرنے کو کہنا۔ ارتد عن دینہ۔ دین سے پھر جانا۔ قولہ مندیل رومال ج منادیل۔ قولہ طبق مطابق، پردہ، طشتری۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں ج اطباق۔

وفوقهن عشرة ابواب مفتحة من السماء فبدأ السياف فی قتلنا واحدًا بعد
واحد فصار كلما قتل واحدًا منا تنزل اليه جارية فتأخذ روحه وتلفها فی
المنديل وتضعها علی الطبق وتصعد بها من باب من تلك الابواب وكنت
انا فی اٰخرهم فلما انتهی الامر الیّ تقدمت جاريتی الیّ لتفعل بروحی كما فعلت
صواحبها فلما اراد السياف قتلی قال الواقف علی رأس الملك ايها الملك اذا
قتلتهم جميعا فمن يخبر المسلمين بقتلهم فاترك هٰذا ليخبر المسلمين فتركنی
من القتل فولت الجارية عنی وهی تقول محروم فلذلك انضرع ههنا واقول
يارب ماذا صنعت فی امر المحروم فقلت له لاتيأس ففضل الله كبير۔
حکایت[۲۸]: حكی ان رجلًا له كروم واشجار فاخبر انها اهلكها البرد فوسوس
له الشيطان انك تعبد الله وتطيعه وقد اهلك كرومك واشجارك۔

مطلب خیز ترجمہ: اور ان کے اوپر آسمان میں کھولے ہوئے دس دروازے ہیں۔ اس کے بعد جلاد نے یکے بعد دیگرے ہم کو قتل کرنا شروع کیا۔ پھر تو حال یہ ہوا کہ جب ہم میں سے ایک کو قتل کرتا تو (ان عورتوں سے) اس کی لونڈی اس کی طرف اترتی اس کی روح کو لیتی اس کو رومال میں لپٹتی اور طباق پر رکھتی۔ اور اس کو ان دروازوں میں سے ایک دروازے سے اوپر لیجاتی۔ اور میں ان سب میں اخیر تھا۔ پس جب حکم مجھ تک پہونچا تو میری لونڈی میری طرف بڑھی تاکہ میری روح کے ساتھ وہی معاملہ کرے جو اس کی سہیلیوں نے کیا ہے۔ جب جلاد نے مجھے قتل کرنے کا ارادہ کیا تو اس شخص نے جو بادشاہ کے سر پر کھڑا تھا کہا کہ اے بادشاہ جب آپ ان سب کو قتل کر دیں گے تو مسلمانوں کو ان کے قتل کی خبر کون پہونچائیگا۔ پس اس کو چھوڑ دیجئے تاکہ یہ مسلمانوں کو خبر دے۔ چنانچہ اس نے مجھے قتل کرنے سے چھوڑ دیا اور وہ لونڈی مجھ سے (لفظ) محروم کہتی ہوئی واپس ہوگئی۔ اسی وجہ سے میں یہاں روتا ہوں اور کہتا ہوں اے میرے رب تو نے محروم کے بارے میں کیا کیا۔ میں نے اس کو کہا کہ تم نا امید نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کا فضل بہت بڑا ہے۔ منقول ہے کہ ایک شخص کے بہت سے انگور کے درخت اور بہت سے دیگر درخت تھے اس کو خبر دی گئی کہ اولے نے ان سب کو ہلاک کر دیا چنانچہ شیطان نے اس کو وسوسہ میں ڈالا کہ تو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے اور اس کی اطاعت کرتا ہے۔ حالانکہ اس نے تیرے انگور کے درختوں اور دوسرے درختوں کو ہلاک کر دیا۔

تحقیقات: بدأ۔ ماضی واحد مذکر غائب مصدر بدأً از فتح شروع کرنا۔ مہموز لام۔ قولہ سیاف شمشیر زن، تلوار چلانے والا ج سیافۃ۔ رجل سیاف خون گرانے والا۔ سیاف الامیر جلاد۔ قولہ تلف مضارع واحد مؤنث غائب مصدر لفًّا از نصر لپیٹنا مضاعف ثلاثی۔ قولہ لاتیأس نہی واحد مذکر حاضر مصدر ایاسًا منہ از سمع ناامید ہونا صفت آئس مہموز فا اور اجوف یائی سے جنس مرکب ہے۔ قولہ کروم یہ کرم کی جمع ہے بمعنی انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ، بنت الکرم اور الکرامۃ اور الکروم بمعنی شراب قولہ اھلک ماضی واحد مذکر غائب از افعال مصدر الاھلاک فنا کرنا، نیست ونابود کرنا۔ قولہ

فغضب غضباً شدیداً وخرج ورمیٰ بالمفتاح الیٰ جهة السماء وقال قد اهلکت ثماری فخذ المفتاح فطار المفتاح فی الهواء ساعة ثم عاد الیه وتعلق بعنقه حیة سوداء واستمر معلقا بعنقه اربعین یوما حتی مات فلما ارادوا غسله ذهب عن عنقه فلما دفنوه عادت الیه۔

فائدہ: عن زید بن اسلمؓ قال کان مفتاح بیت المقدس مع سلیمان علیه السلام لا یأمن علیه احداً فقام لیلة لیفتحه فعسر علیه فاستعان بالجن فعسر علیهم فاستعان بالانس فعسر علیهم فجلس حزیناً کئیبا یظن ان ربه قد منعه من بیته فبینما هو کذلك اذا اقبل علیه شیخ یتکئ علیٰ عصا لکبره وکان من جلساء ابیه داؤد علیه السلام فقال یا نبی الله اراك حزیناً

مطالب خیز ترجمہ: پس وہ شخص سخت غضبناک ہوا اور باہر نکلا اور کنجی کو آسمان کی طرف پھینک دیا اور کہا کہ تونے میرے پھلوں کو تباہ کر دیا۔ پس کنجی بھی لے لے۔ وہ کنجی تھوڑی دیر تک ہوا میں اڑتی۔ پھر اس کی طرف لوٹی اور سیاہ سانپ بنکر اس کی گردن میں لٹک گئی اور چالیس دن تک برابر اس کی گردن میں لٹک رہی۔ یہانتک کہ وہ شخص مرگیا۔ جب لوگوں نے اس کو غسل دینے کا ارادہ کیا تو اس کی گردن سے الگ ہوگئی۔ جب اُس کو لوگوں نے دفن کیا تو اس کی طرف لوٹ آئی۔ (فائدہ) زید بن اسلم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیت المقدس کی کنجی حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس تھی۔ وہ کسی کو اس پر اعتماد نہیں کرتے تھے۔ چنانچہ وہ ایک رات بیت المقدس کو اس کی کنجی سے کھولنے کے لئے کھڑے ہوئے ان پر اس کا کھولنا دشوار ہوا۔ پس انہوں نے جنات سے مدد مانگی۔ ان پر بھی دشوار ہوا۔ اس کے بعد انہوں نے انسانوں سے مدد مانگی ان پر بھی دشوار ہوا۔ چنانچہ وہ رنجیدہ اور غمگین ہوکر بیٹھے رہے۔ اس حال میں کہ گمان کرتا ہے کہ ان کے پروردگار نے ان کو اپنے گھر سے روکدیا ہے۔ وہ اسی حالت میں تھے کہ اچانک ایک بوڑھا شخص اپنے بڑھاپے کیوجہ سے ایک لاٹھی پر ٹیکتے ہوئے سامنے آئے۔ وہ شخص حضرت سلیمان علیہ کے والد حضرت داؤد علیہ السلام کے ہمنشینوں میں سے تھے۔ پس انہوں نے کہا اے اللہ کے نبی میں آپ کو رنجیدہ دیکھتا ہوں۔

تحقیقات: قولہ غضب ماضی واحد مذکر غائب مصدر غضباً از سمع غضبناک ہونا۔ قولہ ثمار یہ ثمرۃ یعنی پھل کی جمع ہے۔ قولہ زید بن اسلم العدوی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد شدہ غلام تھے۔ ان کی کنیت ابو عبد اللہ یا ابو اسامہ تھی۔ اور آپ مدنی تھے ۱۳۶ھ میں وفات پائی۔ قولہ بَیْتَ المَقْدِس او البَیْتُ المُقَدَّس۔ ملک شام میں ایک مسجد کا نام ہے جس کو مسجد اقصیٰ بھی کہا جاتا ہے قولہ لا یأمن مصدر امن، از سمع متعدی بدو مفعول ہے اور مفعول ثانی کیطرف بصلہ علیٰ ہے یقال آمنہ علی امرہ۔ قولہ یتکئ مضارع واحد مذکر از افتعال مصدر اتکاء بصلہ علیٰ بمعنی سہارا لیکر بیٹھنا، پیٹھ یا پہلو کا کسی چیز سے سہارا لگانا۔ اتکاء علیٰ عصاہ۔ سہارا لینا۔ مثال واوی اور مہموز لام سے جنس مرکب ہے اصل میں اوتکاء تھا بقاعدہ اتعد واو تاء ہوکر تاء میں مدغم ہوگیا

فقال ان هٰذا الباب قد عسر فتحه علیّ وعلی الانس والجن فقال له الشیخ الا اعلمك کلمات کان ابوك یقولهن عند کرب فیکشفه الله عنه قال بلیٰ فقال اللهم بنورك اهتدیت وبفضلك استغنیت وبك اصبحت وامسیت ذنوبی بین یدیك استغفرك واتوب الیك یاحنان یامنان فلما قالها انفتح له الباب باذن الله تعالیٰ والله اعلم

صفة کرسی سیدنا سلیمان علیه السلام: روی انه لما اراد الجلوس للحکم امر الشیاطین بان یعملوا له کرسیًا بدیعًا بحیث لو رآه مبطل او شاهد زور ارتعدت فرائصه فاتخذوه من انیاب الفیلة وزینوه بالجواهر والیواقیت واللؤلؤ والزبرجد وحفوه باشجار الکروم من المعادنة باربع نخلات من الذهب وشماریخها من الفضة

مطلب خیز ترجمہ: حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اس دروازہ کا کھولنا مجھ پر اور انسانوں پر اور جنات پر دشوار ہوگیا ہے۔ بوڑھانے ان کو کہا کہ کیا میں آپ کو وہ کلمات نہ سیکھا دوں جن کو آپ کے والد اپنی پریشانی کیوقت کہتے تھے اور اللہ تعالیٰ ان سے سختی کو دور کر دیتا تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا ہاں! (ضرور بتلائیے) چنانچہ بوڑھانے کہا۔ اللھم بنورك الخ یعنی اے میرے معبود! میں نے تیرے ہی نور سے ہدایت پائی اور تیرے ہی فضل سے (دوسروں سے) بے نیاز ہوا۔ اور تیری ہی (مدد) سے میں نے صبح وشام کی میرے گناہ تیرے سامنے ہیں۔ اور تیری جانب توبہ اور رجوع کرتا ہوں اے بڑے مہربان اور اے بڑے احسان کرنے والا۔ جب حضرت سلیمانؑ نے یہ کلمات کہے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان کے لئے دروازہ کھل گیا۔ واللہ اعلم۔ روایت ہے کہ جب حضرت سلیمان علیہ السلام نے فیصلہ کیواسطے جلوس کا ارادہ کیا تو شیطانوں کو حکم دیا کہ وہ ان کے لئے ایک انوکھی کرسی بنائیں اس طور پر کہ اگر اس کو جھوٹا مدعی یا جھوٹا گواہ دیکھے تو اس کے شانے کا گوشت تھرانے لگے۔ چنانچہ شیطانوں نے ہاتھی کی دانت سے کرسی بنائی۔ اور اس کو جواہرات، یاقوت، موتی اور زبرجد سے آراستہ کیا۔ اور معدنی انگور کے درختوں سے اس کو گھیر دیا اور سونے کے چار کھجور کے درختوں سے جن کی ٹہنیاں چاندی کی تھیں۔

تحقیقات: قولہ الکرب ج کروب والکربۃ ج کُرَبْ بمعنی غم اور مشقت قولہ حنان بمعنی مہربان، رحیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک ہے۔ قولہ منان بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ قولہ کرسی تحت جمع کراسی۔ قولہ زور عقل، جھوٹ، باطل۔ یہاں آخری دونوں معنی مراد ہیں۔ قولہ ارتعدت ماضی واحد مونث غائب از افتعال مصدر ارتعاد کانپنا۔ قولہ انیاب یہ ناب کی جمع ہے بمعنی دانت۔ نابہٗ ینیبہٗ نیبًا۔ دانت پر مارنا۔ ناب زید۔ دانت کاٹنا، دانت پیسنا از ضرب مادہ نیب اجوف یائی۔ قولہ لؤلؤ موتی واحد لؤلؤۃ ج لآلی۔ لؤلؤ کہتے ہیں اس موتی کو جو چمکدار ہو خواہ بڑا ہو یا چھوٹا اور دُر کہتے ہیں جو بڑا ہو خواہ چمکدار زیادہ ہو یا نہ ہو۔ قولہ حفوا جمع مذکر غائب از نصر مصدر حفّ بمعنی گھیرنا مضاعف ثلاثی۔ قولہ نخلات یہ نخلۃ کی جمع ہے بمعنی درخت خرما قولہ شماریخ یہ شمراخ کی جمع ہے بمعنی کھجور یا انگور کا گچھا اور الشمروخ وہ باریک نرم ٹہنی جو سخت شاخ کے اوپر حصہ میں نکلے۔

وعلی رأس نخلتین منہا طاؤسان من ذھب وعلی رأس الآخرین نسران من ذھب وعلی جبھتیہ اسدان من ذھب وعلی رأس کل واحد منہما عمود من زمرد الاخضر وجعلوہ علی صخرۃ تحتہا تنّین من ذھب لادارتہ۔ فاذا صعد سلیمان علیہ السلام الدرجۃ السفلی منہ استدار الکرسی بجمیع ما فیہ کدوران الرحی ونشرت النسور والطواویس اجنحتہا وبسطت الاسد ایدیہا وضربت الارض باذنابہا وکذا کل درجۃ فاذا وصل الی العلیاء وضع النسران تاجہ علی رأسہ ونفحا علیہ المسک والعنبر فاذا جلس ناولتہ حمامۃ من الذھب الزبور فیقرأہ علی الناس ویجلس علی یمینہ علماء بنی اسرائیل علی کراسی الذھب وعظماء الجن عن یسارہ علی کراسی الفضۃ ثم بعدہ یجلس ھکذا للقضاء

مطلب خیز ترجمہ: اور کھجور کے دو درختوں کی چوٹی پر سونے کے دو مور اور دوسرے دو درختوں کی چوٹی پر سونے کے دو گدھ تھے۔ اور اس کرسی کی دونوں پیشانی یعنی سامنے کے دونوں گوشوں پر سونے کے دو شیر تھے اور ان کے ہر ایک کے سر پر سبز زمرد کے ستون تھے۔ اور شیاطین نے اس تخت کو ایسے تخت پتھر پر رکھا جس کے نیچے اس تخت کو گھمانے کے لئے سونے کا ایک اژدہا (بنایا ہوا) تھا جب حضرت سلیمانؑ اس کے نیچے کے درجہ پر چڑھتے تو وہ کرسی تمام ان چیزوں کو لیکر جو اس میں تھیں چکی کی گردش کیطرح گھوم جاتی تھی۔ اور گدھ اور مور اپنے بازو اور شیر اپنے ہاتھ پھیلاتے اپنی دموں کو زمین پر مارتے تھے اسی طرح ہر درجہ میں کرتے تھے جب حضرت سلیمانؑ اوپر کے درجے پر پہونچ جاتے تو وہ دونوں گدھ ان کے سر پر شاہی ٹوپی رکھتے اور ان پر مشک و عنبر کی خوشبو پھیلاتے۔ جب وہ بیٹھ جاتے تو سونے کا کبوتر ان کو زبور دیتا وہ لوگوں پر پڑھتے اور ان کے دائیں جانب سونے کی کرسیوں پر علماء بنی اسرائیل بیٹھتے اور بائیں جانب چاندی کی کرسیوں پر معزز جنات بیٹھتے اس کے بعد وہ اسی طرح فیصلہ کے لئے بیٹھتے۔

تحقیقات: قولہ طاؤسان یہ طاؤس کا تثنیہ ہے بمعنی مور تصغیر طُوَیْس اور جمع اطواس وطواویس ہیں۔ قولہ نسران بتثلیث النون والفتح اشہر یہ نسر کا تثنیہ ہے بمعنی گدھ۔ اس کی کنیت ابو الأبرَد وابو الاصبغ وابو مالک وابو المنہال وابو یحیٰ ہے۔ اور مادہ گدھ کی کنیت ام قشعم ہے۔ جمع نُسُورٌ واَنْسُرٌ ونِسَارٌ۔ قولہ اسدان یہ اسد کا تثنیہ ہے بمعنی شیر۔ نر و مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے ہو الاسد ہی الاسد جمع اُسُدٌ، اُسُودٌ، اُسْدٌ، آسُدٌ وآسَادٌ۔ اور شیرنی کو لبوۃ کہتے ہیں۔ قولہ عمود بمعنی ستون جمع اَعْمِدَۃٌ وعُمُدٌ وعَمَدٌ قولہ زُمُرُّدٌ ایک سبز رنگ کا بیش قیمتی پتھر۔ واحد زمردۃ۔ قولہ تنین اژدہا جمع تنانین۔ قولہ ادارۃ بروزن اقامۃ جنساً وتعلیلاً بمعنی گھمانا۔ قولہ استدار ماضی از استفعال مصدر استدارۃ بمعنی گھومنا۔ قولہ نفحا ماضی تثنیہ مذکر غائب از فتح مصدر نفح نُفاحٌ ونُفُوحٌ ونفحان الطیب خوشبو پھیلانا۔ قولہ مسک یہ مشک کا معرب ہے جمع مِسَکٌ بمعنی کستوری یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی نافہ میں جمع ہوتا ہے اور اس جانور کو غزال المسک کہتے ہیں اور مشک کے ٹکڑے کو مسکۃ کہتے ہیں۔ قولہ ناولت ماضی واحد مونث غائب مصدر مناولۃ از مفاعلۃ بمعنی دینا یا ہاتھ بڑھا کے دینا مادہ نول اجوف واوی۔ قولہ زبور ایک آسمانی کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی فرشتہ، گروہ کتاب جمع زُبُرٌ قولہ شہود شاہد بمعنی گواہ کی جمع ہے قولہ دار ماضی واحد مذکر غائب مصدر دوران بمعنی گھومنا، چکر کھانا از نصر اجوف واوی۔

فاذا جاء شهود لاقامة الشهادة دار الكرسی بما فيه كالرحیٰ وفعلت الاسد والنسور والطواويس ماتقدم فتفزع الشهود فلا يشهدون الا بالحق فلما مات سليمان عليه السلام اخذ بخت نصر ذلك الكرسی فلما اراد الصعود عليه ضربه احد الاسدين بيده اليمنیٰ علیٰ ساقه وقدمه فلم يقدر علی الصعود واستمر يتوجع منه حتی مات وبقی الكرسی بانطاكية حتی غزاها كراس بن سداس فهزم بخت نصر ثم رد الكرسی الیٰ بيت المقدس فلم يستطع احد من الملوك الصعود عليه فوضع تحت الصّخرة فغاب فلم يعرف له خبر ولا اثر ولم يعرف اين ذهب۔ والله اعلم۔

حکایت: حكی ان سليمان عليه السلام كان يطير بين السماء والارض علی الريح فمر يوماً علی بحر عميق فرای فيه موجاً هائلاً من الريح فامر بذلك الريح فسكن ثم امر الشياطين ان تغوص فی الماء لتنظر۔

مطلب خیز ترجمہ: پس جب گواہ اپنی گواہی دینے کے لئے آتے تو تخت ان چیزوں کے ساتھ جو اس میں تھیں چکی کی طرح گھوم جاتی۔ اور شیر و مور وہی کرتے جو پہلے کرتے تھے۔ چنانچہ گواہ گھبرا جاتے اور سچ کے سوا گواہی نہیں دیتے۔ جب حضرت سلیمان علیہ السلام انتقال کر گئے تو بادشاہ بخت نصر نے اس کرسی کو لے لیا۔ اور جب اس نے اس پر چڑھنے کا ارادہ کیا تو ایک شیر نے اپنے داہنے ہاتھ سے اس کی پنڈلی اور قدم پر مارا۔ پس وہ چڑھنے پر قادر نہ ہوا اور اس ضرب سے وہ ہمیشہ درد میں مبتلا رہا یہاں تک کہ مر گیا۔ اور کرسی انطاکیہ میں باقی رہی حتی کہ کراس بن سداس نے لڑائی کی اور خلیفہ نے بخت نصر کو شکست دی۔ پھر کرسی بیت المقدس کی طرف واپس کی گئی پس کوئی بادشاہ اس پر چڑھنے کا قادر نہ ہوا۔ پھر اس کو صخرۂ بیت المقدس کے نیچے رکھا گیا۔ اس کے بعد اس کرسی کی کوئی خبر اور نشان معلوم نہ ہوا۔ اور نہ یہ معلوم ہوا کہ وہ کہاں گئی۔ حکایت کی گئی کہ حضرت سلیمان علیہ السلام آسمان اور زمین کے درمیان ہوا پر اڑتے تھے۔ چنانچہ ایک دن ایک گہرے دریا پر گذرے۔ تو آپ نے ہوا کی وجہ سے دریا میں ہولناک موجیں اٹھتے ہوئے دیکھ کر اسے حکم دیا؛ تو وہ ٹھہر گئی۔ پھر آپ نے شیطانوں کو پانی میں غوطہ لگانے کا حکم دیا تاکہ وہ (نیچے کا حال) دیکھیں۔

تحقیقات: قولہ ساق پنڈلی (مؤنث) ج سُوقٌ وسِيقانٌ قولہ هزم ماضی واحد مذکر غائب مصدر هزم از ضرب بمعنی شکست دینا۔ قولہ مرّ ماضی از نصر مصدر المرور بمعنی گذرنا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ عمیق صیغۂ صفت بمعنی گہرا۔ عُمقاً وعَماقةً از کرم گہرا ہونا۔ قولہ تغوص مضارع واحد مؤنث غائب از نصر۔ مصدر الغوص والغیاص فی الماء بمعنی پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت غائص جمع غوّاصٌ وغاصةٌ اجوف واوی۔

فانغمسوا واحدًا بعد واحدٍ فوجدوا قبةً من درة بيضاء لا باب لها فاخبروه بها فامر باخراجها فاخرجوها فوضعوه بين يديه فتعجب منها فدعا الله تعالیٰ فانفلقت وفتح لها باب فاذا فيها شاب ساجدًا لله تعالیٰ فقال له سليمان عليه السلام أمن الملائكة انت ام من الجن فقال لا بل من الانس فقال له باى شئ نلت هذا الكرامة فقال ببرا لوالدين لانه كانت لى ام عجوزة وكنت احملها على ظهرى وكان من دعائها لى اللهم ارزقه السعادة واجعل مكانه بعد وفاتى لا فى الارض ولا فى السماء فلما ماتت كنت ادور بساحل البحر فرايت قبة من درة بيضاء فلما دنوت منها انفتحت لى، فدخلت فيها فانطبقت علىّ بقدرة الله تعالیٰ فلا ادرى انا فى الارض او فى الهواء او فى السماء ويرزقنى الله تعالیٰ فيها فقال له سليمان عليه السلام كيف ياتيك رزقك فيها

مطلب خیز ترجمہ : اس کے بعد شیاطین نے یکے بعد دیگرے غوطہ لگایا تو انہوں نے چمکدار موتی کا ایک ایسا قبہ پایا جس کا دروازہ نہیں ہے۔ انہوں نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو اس کی خبر دی۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کو نکالنے کا حکم دیا۔ سو انہوں نے اس کو نکالا اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے رکھا۔ حضرت سلیمان ؑ اس سے اچنبا ہوگئے۔ اس کے بعد انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔ چنانچہ وہ قبہ شق ہوگیا۔ اور اس کا دروازہ کھل گیا کہ ناگاہ اس میں ایک جوان بحالت سجدۂ الٰہی موجود ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس کو پوچھا کہ کیا تم فرشتوں میں سے ہو یا جنوں میں سے۔ اس نے جواب دیا کہ نہیں بلکہ انسانوں میں سے ہوں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس سے فرمایا کس چیز سے تم نے یہ بزرگی پائی۔ اس نے کہا والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنے سے۔ کیونکہ میری ایک بڑھیا ماں تھی۔ اور میں ان کو اپنی پیٹھ پر لادے رہتا تھا۔ اور ان کی دعا یہ تھی کہ خداوندا تو اس کو سعادت عطا فرما۔ اور میرے مرنے کے بعد اس کی جگہ ایسے مقام میں بنا کہ نہ تو وہ زمین میں ہو اور نہ آسمان میں ہو۔ چنانچہ جب وہ مرگئی تو میں دریا کے کنارے گھومتا تھا پس میں نے سفید موتی کا ایک قبہ دیکھا اور جب میں اس کے قریب ہوا تو وہ میرے لئے کھل گیا چنانچہ میں اس کے اندر داخل ہوگیا۔ اس کے بعد قدرت الٰہی سے وہ مجھ پر بند ہوگیا اب مجھے نہیں معلوم کہ میں زمین میں ہوں یا ہوا میں یا آسمان میں اور اللہ تعالیٰ اس میں مجھے رزق دیتا ہے۔ حضرت سلیمان ؑ نے اس کو پوچھا کہ اس میں تمہارا رزق کیونکر آتا ہے۔

تحقیقات : قولہ انغمسوا ماضی از انفعال مصدر الانغماس فی الماء۔ غوطہ لگانا۔ قولہ قبۃ گنبد ج قِبَابٌ وقُبَبٌ قولہ درۃ بڑے موتی ج دُرَرٌ دُرَّاتٌ۔ قولہ بیضاء یہ ابیض کا مؤنث ہے بمعنی سفید ج بِیْضٌ۔ قولہ عجوز بمعنی بڑھیا ج عُجُزٌ وعَجَائِزُ۔ قولہ ساحل بمعنی سمندر کا کنارہ جمع سَوَاحِلُ۔

فقال اذا جعت یخرج من الحجر الشجر ویخرج من الشجر الثمر وینبع منہا ماء ابیض من اللبن واحلیٰ من العسل وابرد من الثلج فاکل واشرب فاذا شبعت ورویت زال ذلك فقال لہ سلیمان علیہ السلام کیف تعرف اللیل من النہار فقال اذا طلع الفجر ابیضت القبۃ وانارت واذا غربت اظلمت فاعرف بذلك النہار واللیل ثم دعا اللہ تعالیٰ فانطبقت القبۃ وصارت کبیضۃ النعامۃ وعادت الی محلہا فی قاع البحر واللہ علی کل شئ قدیر۔

حکایت: حکی انہ حشر لسلیمان علیہ السلام من الطیور سبعون الف جنس کل جنس منہا لہ لون لایشبہہ غیرہ فوقفت علی راسہ کالسحاب فسألہا من معاشہا واین تبیض واین تفقس۔

مطلب خیز ترجمہ: اس نے کہا کہ جب میں بھوکا ہوتا ہوں تو پتھر سے درخت اگتا ہے اور درخت سے پھل لگتا ہے اور اس سے دودھ سے زیادہ سفید شہد سے زیادہ شیریں اور برف سے زیادہ ٹھنڈا پانی ابلتا ہے سو میں کھاتا ہوں اور پیتا ہوں اور جب میں آسودہ ہوتا ہوں تو وہ غائب ہوجاتا ہے۔ حضرت سلیمان ؑ نے پوچھا کہ تم رات کو دن سے کیونکر پہچانتے ہو اس نے کہا کہ جب صبح صادق طلوع ہوتی ہے تو یہ قبہ سفید اور روشن ہوجاتا ہے اور جب آفتاب غروب ہوتا ہے تو اندھیرا ہوجاتا ہے۔ چنانچہ میں اس سے رات اور دن کو پہچانتا ہوں۔ حضرت سلیمان ؑ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تو وہ قبہ منطبق ہوگیا اور شترمرغ کے انڈے کی طرح بنگیا اور دریا کے قعر میں اپنے مقام کی طرف لوٹ گیا۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کیواسطے چڑیوں کی جنس سے ستر ہزار قسم کے پرندے جمع کئے گئے۔ ان میں سے ہر جنس کا ایسا رنگ تھا جو دوسرے کا مشابہ نہ تھا پس وہ سب ابر کی طرح ان کے سر مبارک پر ٹھہر گئے۔ اس کے بعد حضرت سلیمان ؑ نے ان کو انکی زندگی کے بارے میں پوچھا اور (پوچھا) کہ کہاں وہ انڈا دیتی ہیں اور کہاں بچہ دیتی ہیں

تحقیقات:۔ قولہ عسل بمعنی شہد (مذکر و مؤنث) ج اَعْسَالٌ وعُسُلٌ وعُسُوْلٌ وعُسْلَانٌ۔ قولہ اَحْلیٰ اسم تفضیل بمعنی زیادہ لذیذ از نصر وسمع وکرم مصدر الحَلَاوَۃُ والحُلْوَانُ بمعنی میٹھا ہونا۔ ناقص واوی۔ قولہ ثلج بمعنی برف ج ثلوج واحد ثلجۃ۔ ماء ثلج ٹھنڈا پانی قولہ ینبع مضارع از نصر وسمع وکرم مصدر النبع والنبعان۔ والنبوع الماء بمعنی پانی کا چشمہ سے نکلنا۔ قولہ نعامۃ شترمرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَامٌ ونَعَامَاتٌ ونَعَائِمُ۔ اور نر کو ظَلِیْمٌ اور شترمرغ کے گلہ کو نبات الہیسق کہتے ہیں۔ شترمرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کیلئے استعمال کرتے ہیں بھاگنے اور غباوت میں اس کی مثال دیجاتی ہے۔ قولہ قاع پست ہموار، پہاڑ اور ٹیلوں سے دور والی زمین ج اَقْوَاعٌ واَقْوُعٌ وقِیْعٌ وقِیْعَانٌ وقِیْعَۃٌ۔ قولہ حشر ماضی مجہول از نصر وضرب مصدر الحشر جمع کرنا۔ قولہ جنس ماہیت جو انواع متعددہ کو شامل ہو جیسے انسان۔ اور گھوڑے کے لئے حیوانیت۔ قسم۔ ج اجناس۔ قولہ تبیض مضارع واحد مؤنث غائب از ضرب مصدر۔ البیض انڈے دینا اجوف یائی۔ قولہ تفقس از ضرب نقسا البیضۃ۔ انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔ نقس الطائر بیضتہ۔ پرندے کا انڈے کو توڑنا اور بچہ نکالنا۔

فقالت له منا ما یبیض فی الهواء ویفرخ فیه ومنا ما یبیض علی جناحه حتی یفرخ ومنا ما یمسك بیضته بمنقاره حتی یفرخ ومنا ما لا یتسافد ولا یبیض ونسلنا قائم ابداً۔ قال السدی کان بساط سلیمان علیه السلام من نسیج الجن وکان من حریر وذهب وکان یحمل عسکره ودوابه وخیوله وجماله وسائر الانس والجن والوحش والطیر وکان عسکره الف الف ویتبعها الف الف وکان یسیر ما بین السماء والارض قریباً من السحاب وکان یحمله الی ای موضع اراد بسرعة او بطئ بحسب ما اراد وکانت الریح فی قوة هبوبها لا تضر شجراً ولا زرعاً ولا غیر ذلك واذا تکلم احد القت کلامه فی اذنه وکان له کرسی من ذهب مرصع بالیواقیت والجواهر وحوله ثلثة الاف کرسی وقیل ست مائة الف کرسی برسم العلماء والوزراء واکابر بنی اسرائیل۔

مطلب خیز ترجمہ: انہوں نے کہا ہم میں سے بعض تو ہوا میں انڈا دیتی ہیں اور اسی میں بچہ دیتی ہیں۔ اور بعض اپنے بازو پر انڈا دیتی ہیں یہاں تک کہ وہیں بچہ دیتی ہیں اور بعض اپنے انڈے چونچ میں روکے رکھتی ہیں۔ حتیٰ کہ بچہ ہو جاتا ہے اور ہم میں سے بعض ایسے ہیں کہ نہ تو وہ جفتی کھاتے ہیں اور نہ انڈے دیتی ہیں اور ہماری نسل ہمیشہ قائم رہی ہے۔ سدیؒ نے فرمایا کہ حضرت سلیمان ؑ کا فرش جنات کا بنا ہوا تھا اور وہ ریشم اور سونے کا تھا۔ اور وہ فرش حضرت سلیمانؑ کے لشکر، ان کے چوپائے، گھوڑے، اونٹ، تمام انسان، جنات وحشی جانور اور پرندوں کو اٹھا لیتا تھا۔ حضرت سلیمانؑ کے لشکر دس لاکھ تھے اور دس لاکھ انکی اتباع کرتے تھے۔ اور وہ آسمان اور زمین کے درمیان بادل کے قریب سیر کرتے تھے۔ وہ جس مقام کا ارادہ کرتے تھے ہوا ان کو وہیں لیجاتی تھی ان کی چاہت کے موافق تیز رفتاری یا دیری کے ساتھ۔ اور ہوا اپنے چلنے کے زور میں نہ تو کسی درخت کو ضرر پہونچاتی تھی اور نہ کسی زراعت کو نقصان کرتی تھی۔ اور جب کوئی کلام کرتا تھا تو ہوا اس کے کلام کو حضرت سلیمانؑ کے کان میں ڈالدیتی تھی۔ اور ان کی ایک سونے کی کرسی تھی جو یاقوت اور موتیوں سے جڑی ہوئی تھی۔ اور اس کی گرد تین ہزار کرسیاں تھیں اور بعض کا کہنا ہے کہ علماء و وزراء اور اکابرین بنی اسرائیل کے رسم پر چھ لاکھ کرسیاں تھیں۔

تحقیقات: قولہ یفرخ مضارع از تفعیل فرخ البیضة۔ انڈے کا بچہ سے جدا ہونا۔ قولہ لا یتسافد مضارع منفی از تفاعل مصدر التسافد بمعنی جفتی کرنا۔ قولہ نسل خلق، اولاد، ذریت ج انسال۔ قولہ بساط بمعنی بچھونا، فرش ج بُسُط قولہ نسیج صفت مفعولی بمعنی بنا ہوا ج نُسُج۔ کہا جاتا ہے ہو نسیج وحدہ۔ وہ صفات محمودہ میں بے نظیر و لاثانی ہے از نصر و ضرب مصدر النسج بمعنی کپڑا بننا۔ قولہ عسکر بمعنی لشکر ج عساکر۔ ہر چیز کا بہت کہا جاتا ہے انجلت عنه عساکر الهم۔ غم کی کثرت اس سے دور ہوگئی۔ قولہ خیل بمعنی گھوڑوں کا گروہ ج خیول اور مجازاً خیل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے اتی بخیله ورجله۔ وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا۔ قولہ وحش بمعنی جنگلی جانور ج وحوش و وُحشان۔ واحد وَحشیٌ۔ قولہ وزراء یہ وزیر کی جمع ہے۔ بمعنی امور سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار مثال وادی۔

وکان لعسکره مائۃ فرسخ خمسۃ وعشرون فرسخا للانس وخمسۃ وعشرون فرسخا للجن وخمسۃ وعشرون فرسخا للوحش وخمسۃ وعشرون فرسخا للطیر وکانت الجن تستخرج لہ الدر والجواہر من البحار وکان فی مطبخہ من الذبائح فی کل یوم مائۃ الف شاۃ واربعون الف بقرۃ ومع ذلک کان لایاکل الا من عمل یدہ کما نقل من خبز الشعیر وقیل انہ رکب یوما علی بساط فی مرکبہ الکبیر ورای ما اعطاہ اللہ وما سخرلہ فاعجبہ ذلک فاعجب بنفسہ فمال بہ البساط فھلک من عسکرہ اثنا عشر الفا فضرب البساط بقضیب کان فی یدہ وقال لہ اعتدل یابساط فاجابہ بقولہ حتی تعتدل انت یاسلیمان فعلم ان البساط مامور فخر ساجدا للہ تعالی معتذرا مما قام بنفسہ واللہ اعلم

حکایت : حکی ان الملک بھرام جور خرج یوما للصید فظھرلہ حمار وحش فاتبعہ

مطلب خیز ترجمہ: حضرت سلیمان ؑ کے لشکر کے واسطے ایک سو فرسخ (ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے) زمین تھی. پچیس فرسنگ انسانوں کے لئے اور پچیس فرسنگ جنات کے لئے اور پچیس فرسنگ وحشیوں کے لئے اور پچیس فرسنگ پرندوں کے لئے (مقرر) تھے۔ اور جنات آپ کے لئے سمندروں سے موتیاں اور جواہرات نکالتے تھے۔ اور ان کے باورچی خانہ میں روزانہ ایک لاکھ بکریاں اور چالیس ہزار گائے ذبح ہوتی تھیں۔ اور اس کے باوجود اپنے ہاتھ کے کام ہی سے کھاتے تھے۔ چنانچہ منقول ہے کہ وہ جو کی روٹی کھاتے تھے اور بیان کیا گیا ہے کہ وہ ایک دن اپنے بڑے سواروں کے ساتھ یعنی سواروں کا بڑا گروہ ان کے ساتھ تھا. فرش پر سوار ہوئے اور انہوں نے وہ چیز دیکھی جو اللہ تعالیٰ نے انکو عطا کی ہے اور مسخر کردی ہے۔ پس اس (شان وشوکت) نے ان کو تعجب میں ڈالدیا اور غرور کیا۔ چنانچہ بساط ٹیڑھا ہوگیا اور ان کے لشکر سے بارہ ہزار ہلاک ہوگئے۔ آپ نے فرش کو اپنے ہاتھ کے کوڑے سے مارا اور فرمایا اے فرش سیدھا ہوجا۔ فرش نے اپنے قول سے جواب دیا یہاں تک کہ آپ سیدھے ہوجائیں اے سلیمان ؑ۔ اس کے بعد سلیمان ؑ کو معلوم ہوا کہ فرش (حکم خداوندی کا) مامور ہے. چنانچہ آپ اللہ کے واسطے سجدہ کرتے ہوئے گر گئے۔ اور جو خیال ان کے دل میں قائم ہوا تھا اس سے معذرت مانگی واللہ اعلم

بیان کرتے ہیں کہ شاہ بہرام گور ایک دن شکار کیواسطے نکلا کہ ایک جنگلی گدھا اس کے سامنے ظاہر ہوا. اس نے اس کا پیچھا لیا.

تحقیقات: قولہ فرسخ. تین میل ہاشمی۔ اور بقول بعض بارہ ہزار گز۔ اور یہ تقریبا آٹھ کیلومیٹر کے برابر ہوتا ہے جمع فراسخ۔ قولہ خبز روٹی۔ خبز الخبز روٹی پکانا۔ خبز القوم روٹی کھلانا۔ کہا جاتا ہے خبزتھم وتمرتھم میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی۔ از ضرب۔ قولہ شعیر جو. واحد شعیرۃ ج شعیرات۔ اور شعیرہ کا اطلاق اس پیمائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو۔ نیز گوہانجنی جو آنکھ کے پلک کے کنارے پر ہوتی ہے. قولہ قضیب کٹی ہوئی شاخ ج قضبان وقضبان۔ قضب الشئ کاٹنا۔ قضب الرجل کسی کو شاخ سے مارنا از ضرب۔ قولہ بھرام جو شاہان فارس میں سے پانچواں بادشاہ ہے. جو نہایت دلیر بڑا بہادر اور صاحب دبدبہ تھا. گورخر کے شکار کا بڑا خوگر تھا. اس لئے اس کا لقب جور ہوگیا۔ اپنے والد کے بعد ۴۲۵ء میں تخت نشین ہوئے اور ۲۱ سال تک حکومت کی۔ تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ ہندوستان تک آیا تھا اور کسی راجہ نے اپنی لڑکی کے ساتھ شادی بھی کرادی تھی۔

حتی خفی عن عسکرہ فظفر بہ فمسکہ ونزل عن فرسہ یرید ان یذبحہ فرای راعیًا اقبل من البریۃ فقال لہ یاراعی امسك فرسی ھٰذا حتی اذبح ھٰذا الحمار فمسکہ ثم تشاغل بذبح الحمار فلاح منہ التفات فرای الرّاعی یقطع جوھرۃ فی عذار فرسہ فاعرض الملك عنہ حتی اخذھا وقال ان النظر الی العیب من العیب ثم رکب فرسہ ولحق بعسکرہ فقال لہ الوزیرُ ایھا الملك این جوھرۃ عذار فرسك فتبسم الملك ثم قال اخذھا من لا یردھا وابصرہ من لا ینم علیہ فمن راٰھا منکم مع احد فلا یعارضہ بشیٔ بسبب ذلك

حکایت: حکی ان الملك کسریٰ کان اعدل الملوك قیل ان رجلًا اشتری دارًا من رجل اٰخر۔

مطلب خیز ترجمہ: حتی کہ وہ اپنے لشکر سے پوشیدہ ہوگیا اس کے بعد اس شکار پر کامیاب ہوا۔ پس اس کو پکڑا اور اس کو ذبح کرنے کا ارادہ کرتا ہوا اپنے گھوڑے سے اترا (اتنے میں) ایک چرواہے کو دیکھا کہ وہ جنگل سے آرہا ہے۔ سو بہرام نے اسکو کہا کہ اے چرواہا میرا یہ گھوڑا پکڑ کہ میں اس گدھے کو ذبح کرلوں۔ چنانچہ اس نے گھوڑے کو پکڑا پھر بہرام گدھے کے ذبح میں مشغول ہوا۔ پس بہرام کو گوشہ چشم سے ظاہر ہوا اور چرواہے کو دیکھا کہ وہ اس موتی کو کاٹ رہا ہے جو اس کے گھوڑے کی باگڈور میں تھا۔ (یہ دیکھکر) بادشاہ نے اس سے اعراض کیا یہانتک کہ چرواہے نے اس موتی کو لے لیا اور بادشاہ نے (اپنے دل میں) فرمایا عیب کا دیکھنا بھی عیب ہے۔ پھر اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور اپنے لشکر سے ملا۔ پس وزیر نے کہا اے بادشاہ آپ کے گھوڑے کی باگڈور کا موتی کہاں ہے (یہ سنکر) بادشاہ نے مسکرایا۔ پھر فرمایا اس کو جس نے لیا ہے وہ واپس نہ کریگا۔ اور جس نے اس کو لیتے دیکھا ہے وہ اس کی چغلی نہ کھائیگا۔ سو تم میں سے جو شخص کسی کے پاس وہ موتی دیکھے تو اس کی وجہ سے اس سے کچھ بھی مزاحمت نہ کرے۔ منقول ہے شاہ کسریٰ تمام بادشاہوں سے زیادہ منصف تھا۔ بیان کیا گیا ہے کہ ایک شخص نے دوسرے شخص سے ایک گھر خریدا ہے۔

تحقیقات: قولہ راعی بمعنی بہت الفت کرنے والا، حاکم قوم، راعی الماشیۃ چرواہا، مویشی کا نگہبان ج رُعاۃٌ و رُعیانٌ ورُعاءٌ ورِعاءٌ۔ رعی الماشیۃ الکلأ جانور کا گھاس چرنا از فتح ناقص یائی قولہ بریۃ بمعنی جنگل، بیابان ج براریٌ۔ قولہ مسك ماضی واحد مذکر غائب مسکًا از نصر وضرب بمعنی چمٹنا، متعلق ہونا۔ قولہ تشاغل ماضی واحد مذکر غائب از تفاعل بصلہ با بمعنی مشغول ہونا قولہ لحق ماضی واحد مذکر غائب از سمع مصدر اللحق واللحاق فلانًا بفلان بمعنی آملنا، پالینا۔ قولہ عذار بمعنی باگڈور ج عذر۔ رخسارہ، رخسارہ پرکان کے مقابل بال، حیا۔ کہا جاتا ہے خلع عذارہ" وھو خلیع العذار" یعنی وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں منہمک ہے اور اپنے قول وفعل میں کوئی پروا نہیں کرتا گویا بلا رسی کے جانور ہے۔ شیخ کے قول میں باگڈور مراد ہے قولہ تبسم ماضی واحد مذکر غائب از تفعل بمعنی مسکرانا۔ بسمًا از ضرب وابتسامٌ از افتعال بھی اسی معنی میں ہیں صفت باسم متبسم لا ینم مضارع منفی واحد مذکر غائب از ضرب ونصر مصدر نمًا چغلخوری کرنا مضاعف ثلاثی قولہ کسریٰ یہ خسرو کا معرب ہے بمعنی واسع الملک۔ نوشیروان اور دوسرے شاہان فارس ومدائن کا لقب ہے ج اکاسرۃ وا کاسِرُ وکَناسِرۃ وکسُورٌ۔ اور نسبت کیلئے کِسرَوی ہے قولہ کنز ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رغبت چیز، زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے ج کنوز۔

فوجد المشتری فیہا کنزا فمضی الی البائع واخبرہ بہ فقال لہ البائع انما بعتک دارًا لا اعرف فیہا کنزًا وان کان فیہا کنز فہو لک فقال المشتری لابد ان تأخذہ فانہ لیس داخلا فیما اشتریت فطال الجدال بینہما فتحاکما الی الملک کسریٰ فلما وقفا بین یدیہ وذکرا لہ امر الکنز اطرق ملیًّا ثم قال لہما ھل معکما اولاد فقال البائع ان لی ولدًا ذکرًا بالغًا وقال المشتری ان لی بنتًا بالغۃً فقال کسریٰ لہما اٰمرکما ان تزوجا الابن بالبنت لیکون بینکما صلۃ وقرابۃ وانفقا ذلک الکنز فی مصالحہما ففعلا ذلک امتثالاً لامر الملک ۔ وقیل انہ ولّٰی عاملاً علیٰ بعض البلاد فارسل لہ العامل زیادۃ علی الخراج المعتاد فی کل سنۃ فلما بلغ ذلک الی کسریٰ امر بردّ الزیادۃ الیٰ اصحابہا وامر بصلب ذلک العامل

مطلب خیز ترجمہ :- اس کے بعد خریدار نے اس میں ایک خزانہ پایا پس وہ بیچنے والے کے پاس آیا اور اس کو خزانہ کی اطلاع دی۔ بائع نے اس سے کہا میں نے تیرے ہاتھ گھر بیچا ہے۔ میں نہیں جانتا ہوں کہ اس میں کوئی خزانہ ہے۔ اگر اس میں کوئی خزانہ ہے تو وہ تیرا ہے۔ اور مشتری نے کہا کہ تجھے اس کا لینا ضروری ہے اس لئے کہ وہ خزانہ اس گھر میں داخل نہیں ہے جسکو میں نے خریدا ہے۔ چنانچہ ان دونوں کے درمیان جھگڑا طویل ہوگیا۔ پس ان دونوں نے شاہ کسریٰ کی خدمت میں فیصلہ چاہا۔ جب وہ دونوں بادشاہ کے سامنے کھڑے ہوئے اور ان سے خزانہ کا حال بیان کیا تو انہوں نے سر نیچا کرکے تھوڑی دیر غور کیا۔ پھر ان دونوں سے فرمایا کہ کیا تم دونوں کی کوئی اولاد ہے! تو بائع نے کہا کہ میرا ایک نوجوان لڑکا ہے۔ اور مشتری نے کہا کہ میری ایک نوجوان لڑکی ہے۔ اس کے بعد کسریٰ نے ان دونوں سے کہا کہ میں تم کو حکم دیتا ہوں کہ تم اپنے اپنے لڑکے اور لڑکی کا آپس میں شادی کرادو۔ تاکہ تم دونوں کے درمیان رشتہ اور قرابت قریبی قائم ہوجائے اور اس خزانہ کو لڑکے اور لڑکی کی مصلحتوں میں خرچ کرو۔ چنانچہ ان دونوں نے شاہی حکم کی فرمانبرداری کے لئے ایسا ہی کیا۔ اور نقل کیا گیا کہ شاہ کسریٰ نے کسی شہر پر ایک عامل مقرر کیا۔ چنانچہ عامل نے ہر سال جو خراج مقرر تھا اس سے کچھ زیادہ ان کے پاس بھیجا۔ پس جب یہ خبر بادشاہ کو پہونچی تو انہوں نے یہ زیادہ ٹیکس جو لوگوں سے لیا گیا ہے ان کو واپس کرنے کا حکم دیا اور اس عامل کیلئے سولی کا حکم دیا ہے۔

تحقیقات : قولہ اطرق ماضی از افعال مصدر الاطراق۔ بم خاموش ہونا۔ نگاہ جھکا کر زمین کی طرف دیکھنا کہا جاتا ہے اطرق رأسہ یعنی سر جھکایا۔ قولہ ملیا بم زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے انتظرتہ ملیًّا۔ زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔ ومَرَّ ملیٌّ من اللیل۔ رات کا تہائی حصہ گذر گیا اور بقول بعض رات کا ایک حصہ گذر گیا جس کی حد معین نہیں۔ قولہ عامل بم وہ شخص جو کسی کے امور مالی وغیرہ کا متولی ہو۔ رئیس، والی، حاکم۔ ج عُمّال وعاملون وعملۃ۔ عملاً از سمع کام کرنا محنت کرنا، عمل للامیر علی بلاد، عامل بننا، حاکم بننا۔ قولہ خَرَاج (مثلثۃ الخاء) زمین کا محصول، جزیہ۔ ج اخراج واخرجۃ جمع اخاریج قولہ المعتاد بمعنی عادی۔ اعتاد الشئ از افتعال خوگر ہونا، عادی ہونا۔ مادہ عود اجوف داوی۔

وقال کل ملك اخذ من رعیته شیئا ظلما لا یفلح ابدا وترتفع البرکة من ارضه ویکون وبالًا علیه ثم قال المُلكُ بالملِكِ والملك بالجنودِ والجند بالمال والمال بعمارة البلاد وعمارة البلاد بالعدل فی الرعیة والسلام۔

وقال بعض الحکماء لما سُئل أیّما افضل للملك الشجاعة او العدل فقال اذا عدل الملك لا یحتاج الی الشجاعة۔ واللہ المعین۔

حکایت[۴۲]: حکی ان عیسیٰ بن مریم علیهما السلام مرّ علی صیاد فی البر وقد نصب شبکةً فتعلقت بها ظبیةٌ فلما رأته انطقها اللہ تعالیٰ له فقالت له یا روح اللہ ان لی اولادًا اصغارًا وانی تعلقتُ بهذه الشبکة منذ ثلثة ایام فاستاذن لی الصیاد حتی ارضعهم وارجع۔

مطلب خیز ترجمہ: اور فرمایا کہ جو بادشاہ اپنی رعیت سے تھوڑی چیز بھی ظلم سے لیگا وہ کبھی فلاح نہیں پائیگا اور اس کی زمین سے برکت اٹھ جائے گی اور یہ اس پر وبال ہوگا۔ پھر فرمایا بقائے ملک بادشاہ سے ہے اور بقائے بادشاہ لشکر سے ہے اور بقائے لشکر مال سے ہے اور بقائے مال آبادی شہر سے ہے اور آبادی شہر رعیت میں انصاف سے ہے والسلام۔ اور بعض حکماء نے فرمایا جب ان سے پوچھا گیا کہ بادشاہ کیلئے بہادری افضل ہے یا انصاف؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ جب بادشاہ انصاف کریگا تو بہادری کا محتاج نہ ہوگا۔

منقول ہے کہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام میدان میں ایک شکاری پر گذرا۔ اس شکاری نے اپنا جال قائم کیا ہے۔ اس میں ایک ہرنی پھنس گئی تھی۔ جب اس نے حضرت عیسیٰؑ کو دیکھا تو اللہ تعالیٰ نے اس کو گویائی دی۔ اس نے حضرت عیسیٰؑ سے کہا اے روح اللہ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ میں اس جال میں تین دن سے پھنس گئی ہوں آپ میرے لئے شکاری سے اجازت مانگئے یہاں تک کہ میں اپنے بچوں کو دودھ پلاؤں اور واپس آؤں۔

تحقیقات: قولہ رعیّة بمعنی قوم، کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ جمع رعایا۔ قولہ جُند بمعنی لشکر جمع أجناد وجنود۔ واحد جندی جَنَّدَ الجنود از تفعیل فوج جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے جنود مجندة جمع شدہ لشکر۔ قولہ لا یفلح مضارع واحد مذکر غائب از افعال مصدر الافلاح بمعنی مطلوب پر کامیاب وفتحمند ہونا۔ کوشش میں کامیاب ہونا۔ قولہ وبالٌ بمعنی سختی، برا انجام، بدہضمی۔ یہاں پہلے دونوں معنی مراد ہو سکتے ہیں۔ قولہ مُعین اسم فاعل بمعنی مددگار از افعال مصدر الاعانة۔ بصلہ علی مدد کرنا۔ مجرد عانت المرأة عونًا عورت ادھیڑ عمر کی ہونا۔ قولہ نَصَبَ ماضی از نصر وضرب مصدر النصب۔ کھڑا کرنا، گاڑنا، بلند کرنا۔ قولہ ظَبیة بمعنی ہرنی۔ بکری، گائے، عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ جمع ظبیات وظباء الظبی ہرن نر یا مادہ جمع ظباءٌ واظبٍ وظُبیٌّ وظبیاتٌ۔ اظبی المکان بہت ہرنیوں والا ہونا۔ صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے۔ بہ داء الظبی یعنی اسے کوئی مرض نہیں۔ اس لئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے اذا اتیتم فاربض فی دارہم ظبیًا یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بنکر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھہرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔ قولہ انطقَ ماضی از افعال مصدر الانطاق گفتگو کرانا، گویا کرنا۔ قولہ ارضع مضارع واحد متکلم از افعال مصدر الارضاع بمعنی دودھ پلانا۔ ارضعت المرأة دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت مرضع۔ اس کلمہ میں تاء علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے یہ صفت اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو صفت اس وقت مرضعة ہوگی۔ جمع مرضعات ومراضع۔

فاخبرہ بذلك فقال له انها لاتعود فاخبرها بذلك فقالت ان لم اعد فانا شر من الذين وجدوا الماء يوم الجمعة ولم يغتسلوا فاخذ عليها العهد فذهبت ورجعت خوفًا من نقض العهد فذهب عيسى عليه السلام فلقى لبنةً من ذهب احمر فامر الله تعالى ان يدفعها الى الصياد فداءً عن الظبية فذهب بها اليه فقبل وصوله وجده قد ذبحها فدعا عليه فقال اذهب الله البركة من عمله فكان كذلك۔

حکایت ۔حكى ان رجلا كان بسمرقند فمرض فنذر ان شفاه الله ليتصدقن بجميع عمله يوم الجمعة لوالديه فعاش زمانا طويلا يفعل هكذا ففي جمعة طاف جميع النهار فلم يحصل له شئ يتصدق به فاستفتى بعض العلماء فقال له اخرج واطلب قشر البطيخ واغسله بالماء واخرج به على طريق اهل الرساتيق واطرحه بين حميرهم واجعل ثوابه لوالديك فتخرج من النذر۔

مطلب خیز ترجمہ:۔ حضرت عیسیٰ نے شکاری کو یہ خبر دی۔ اس نے کہا وہ واپس نہ آئے گی۔ پس حضرت عیسیٰؑ نے ہرنی کو شکاری کی اس بات کی اطلاع دی۔ اس نے کہا اگر میں واپس نہ آؤں تو میں ان لوگوں سے بھی بدتر ہوں جنہوں نے جمعہ کے دن پانی پایا اور غسل نہیں کیا۔ پس حضرت عیسیٰؑ نے ہرنی سے عہد لیا سو وہ گئی اور اقرار توڑنے کے خوف سے واپس آئی۔ چنانچہ حضرت عیسیٰؑ چلے گئے اور سرخ سونے کی ایک اینٹ پائی اور اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ شکاری کو ہرنی کی رہائی میں یہ اینٹ دیدیں۔ پس حضرت عیسیٰؑ وہ اینٹ لے کر شکاری کے پاس تشریف لے گئے۔ لیکن ان کے شکاری کے پاس پہونچنے کے پہلے ہی وہ اس کو ذبح کر چکا تھا۔ پس حضرت عیسیٰؑ نے اس کو بد دعا دی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس کے کام سے برکت کو دور کرے چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ بیان ہے کہ سمرقند میں ایک آدمی تھا وہ بیمار ہوگیا۔ سو اس نے منت مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ اس کو شفا بخشے تو وہ جمعہ کے دن کے اپنے تمام عملوں کو اپنے ماں باپ کے واسطے صدقہ کریگا۔ چنانچہ وہ مدت دراز تک زندہ رہا اور ایسا ہی کرتا رہا (اتفاقًا) ایک جمعہ کو وہ پورا دن پھرا۔ لیکن اسکو ایسی کوئی چیز نہیں ملی جس کو صدقہ کر سکے۔ پس اس نے ایک عالم سے فتوی چاہا انہوں نے اس کو کہا کہ (گھر سے) نکلو اور خربوزہ کا چھلکا تلاش کرو اور اس کو پانی سے دھوؤ۔ اور جس راستہ سے گاؤں والے آتے جاتے ہیں اس چھلکے کو وہاں لیجاؤ اور ان کے گدھے کے سامنے رکھدو اور اس کا ثواب اپنے ماں باپ کو بخشو۔ پس تم نذر سے بری الذمہ ہو جاؤگے۔

تحقیقات: قولہ نقض مصدر از نصر۔ ڈھانا، توڑنا۔ نقض البناء عمارت ڈھانا۔ نقض العہد مضبوطی کے بعد خراب کرنا قولہ لبنةٌ کچی اینٹ ج لبنٌ۔ لبّن از تفعیل بمعنی اینٹ بنانا۔ قولہ فدیٰ از مفاعلہ کا مصدر بمعنی چھوڑ دینا اور فدیہ لے لینا، چھڑانا۔ ناقص یائی قولہ دعا علیہ بمعنی بد دعا کی۔ کیونکہ دعا کا صلہ جب علی آتا ہے تو بد دعا کے معنی دیتا ہے۔ قولہ عاش ماضی از ضرب۔ مصدر عیشًا وعیشةً ومعاشًا ومعیشًا ومعیشةً وعیشوشةً۔ بمعنی زندہ رہنا۔ عیّشہ از تفعیل واعاشہ از افعال زندہ رکھنا۔ اجوف یائی۔ قولہ استفتی ماضی از استفعال مصدر الاستفتاء بمعنی فتوی طلب کرنا۔ قولہ قشر بمعنی چھلکا، لباس ج قشور قشرًا از نصر وضرب۔ وقشّرہ از تفعیل کھال یا چھال اتارنا۔ قشرًا از سمع موٹی کھال والا ہونا۔ قولہ بطیخ بمعنی خربوزہ خربوزہ کی بیل واحد بطیخة۔ رساتیق یہ رستاق کی جمع ہے بمعنی دیہات اور رُستاق روستا کا معرب ہے۔

ففعل ذلك فرأى ليلة السبت فى المنام ابويه يعانقانه ويقولان له يا ولدنا عملت معنا كل شئ من وجوه الخير حتى اطعمتنا البطيخ وكنا نشتهيه فرضى الله عنك ـ ورأى امير خراسان اباه فى المنام فقال له يا امير فقال لا تقل يا امير فان الامارة قد ذهبت ولكن قل يا اسير وانما يا بنى اذا اكلت اللحم فاطعمنا منه بان تطرحه بين السنانير والكلاب واجعل ثوابه لنا فانا نشتهيه ولذلك يقال ان الارواح يجتمعون فى كل ليلة جمعة فى منازلهم يرجون دعاء الاحياء وصدقاتهم ـ

حکایت: حكى انه كان فى زمن مالك بن دينار مجوسيان يعبدان النار فقال الاصغر لاخيه الاكبر ايها الاخ انك عبدت هذه النار ثلاثا وسبعين سنة وانا عبدتها خمسا وثلثين سنة فتعال ننظر هل تحرقنا كما تحرق غيرنا ممن لم يعبدها فان لم تحرقنا عبدناها والا فلا ـ

مطلب خیز ترجمہ:۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ اس کے بعد اس نے شنبہ کی رات اپنے ماں باپ کو اس کے ساتھ معانقہ کرتے ہوئے اور اس کو یہ کہتے ہوئے دیکھا کہ اے ہمارے لڑکے نیکی کے جتنے طریقے ہیں تم نے ہمارے ساتھ ان سب کو برتا۔ یہاں تک کہ تم نے ہم کو خربوزہ بھی کھلایا اور ہم اس کی خواہش رکھتے تھے۔ سو اللہ تعالیٰ تم سے راضی ہو۔ اور خراسان کے امیر نے اپنے باپ کو خواب میں دیکھا سو اس نے کہا یا امیر باپ نے کہا یا امیر نہ کہو۔ کیونکہ امارت تو جاتی رہی۔ بلکہ یا اسیر کہو۔ اور (فرمایا) اے میرے پیارے بیٹے جب تم گوشت کھاتے ہو تو اس میں سے ہم کو بھی کھلاؤ اس طور پر کہ گوشت کو بلیوں اور کتوں کے سامنے ڈال دیا کرو اور اس کا ثواب ہمارے واسطے بخشو۔ کیونکہ ہم اس کی خواہش رکھتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ ہر جمعرات میں روحیں اپنی منزل میں جمع ہوتی ہیں اور زندوں کی دعا اور صدقوں کی امید رکھتی ہیں۔ منقول ہے کہ مالک بن دینارؒ کے زمانہ میں دو آتش پرست تھے (ایک دن) چھوٹے بھائی نے اپنے بڑے بھائی سے کہا کہ اے بھائی تم نے اس آگ کو تہتّر برس تک پوجا ہے اور میں نے پینتیس برس تک پوجا ہے۔ پس آؤ ہم دیکھیں کہ آیا یہ آگ ہم کو اسی طرح جلا دیتی ہے جس طرح ہمارے علاوہ ان لوگوں کو جلاتی ہے جنہوں نے اس کو نہیں پوجا ہے۔ اگر وہ ہم کو نہ جلائے تو ہم اس کی پوجا کریں گے ورنہ نہیں۔

تحقیقات: قولہ یعانقان مضارع تثنیہ مذکر غائب از مفاعلہ مصدر المعانقۃ والعناق بمعنی بغلگیر ہونا گلے لگانا۔ قولہ سنانیر سنور کی جمع ہے بمعنی بلی۔ قولہ نشتہی مضارع جمع متکلم از افتعال مصدر الاشتہاء بمعنی خواہش کرنا، رغبت شدید کرنا۔ مادہ شہو ناقص واوی۔ شہو الطعام لذیذ ہونا از کرم۔ قولہ مالک بن دینار۔ یہ بصرہ کا رہنے والا ہے۔ اور کنیت ابو یحییٰ تھی۔ عابد اور صدوق تھے۔ فن حدیث کے رواۃ میں طبقۂ خامسہ میں سے تھے اور ۱۳۰ھ میں انتقال فرما گئے۔ قولہ مجوسیان۔ یہ مجوسی کا تثنیہ ہے بمعنی آتش پرست یا آفتاب پرست ج مجوس۔ اور مجوسی کا اطلاق کبھی جادوگر اور فلسفی پر بھی ہوتا ہے۔ مجس از تفعیل بمعنی مجوسی بنانا اور تفعل سے بمعنی مجوسی ہونا۔

فاوقدنارا ثم قال الاصغر لاخیه هل تضع یدك قبلی ام انا قبلك فقال له ضع انت فوضع الاصغر یده فحرقت اصبعه فنزع یده وقال آه عبدتك کذا وکذا سنة وانت توذینی ثم قال یا اخی تعال نعبد من لو اذنبنا وترکناه خمس مائة سنة لتجاوز عنا بطاعة ساعة واحدة واستغفار مرة واحدة فاجابه اخوه الی ذلك وقال نذهب الی من یدلنا علی الصراط المستقیم فاجتمع رایهما بان یذهبا الی مالك بن دینار فقصداه فرایاه فی سواد البصرة قد جلس للعامة یعظهم فلما وقع بصرهما علیه وقال الاخ الاکبر لاخیه قد بدالی ان لا اسلم وقد مضیٰ اکثر عمری فی عبادة النار فاذا اسلمت عیرنی اهل بیتی

مطلب خیز ترجمہ: چنانچہ اس نے آگ جلائی اور چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی کو کہا کیا تم اپنا ہاتھ مجھ سے پہلے (آگ پر) رکھوگے یا میں تم سے پہلے رکھوں؟ بڑے بھائی نے کہا تم ہی (پہلے) رکھو۔ چنانچہ چھوٹے بھائی نے اپنا ہاتھ رکھا اور اس کی انگلی جل گئی۔ پس اس نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور کہا افسوس! میں نے اتنے اتنے برس تیری پوجا کی۔ اور تو مجھے ایذا دیتی ہے۔ پھر کہا اے بھائی آؤ ہم ایسی ذات کی عبادت کریں کہ اگر اس کا گناہ کریں اور اس کو پانچ سو برس تک چھوڑ دیں تو وہ ایک گھڑی کی عبادت اور ایک مرتبہ استغفار کی بدولت ہم سے درگذر فرمادیں۔ سو اس کے بھائی نے یہ استدعا منظور کی اور کہا ہم ایسے شخص کی خدمت میں چلیں جو ہم کو راہ راست دکھلائے۔ چنانچہ دونوں کی رائے متفق ہوئی کہ وہ مالک بن دینار کی خدمت میں جائیں۔ پس انہوں نے اس کا قصد کیا اور ان دونوں نے مالک بن دینار کو بصرہ کی دیہات میں دیکھا کہ وہ عام لوگوں کے گھیرے میں بیٹھ کر ان کو وعظ کر رہے ہیں۔ جب دونوں بھائیوں کی آنکھ مالک بن دینار پر پڑی تو بڑے بھائی نے اپنے (چھوٹے) بھائی کو کہا میری رائے اس پر قرار پائی کہ میں مسلمان نہ ہوں۔ کیونکہ میری زیادہ عمر آتش پرستی میں گذری ہے۔ پس جب میں مسلمان ہوں گا تو میرا کنبہ مجھے ملامت کریگا۔

تحقیقات: قولہ آہ کلمہ حسرت وافسوس۔ آہ از نصر اٰھًا وَاٰھَۃً وَاِھَۃً وَاٰھَۃً وتَاَھُّھًا بم آہ آہ کرنا مہموز فا اور مضاعف ثلاثی۔ قولہ توذینی مضارع واحد مونث حاضر از افعال مصدر الایذاء بم تکلیف پہونچانا۔ مہموز فا اور ناقص یائی سے جنس مرکب ہے۔ قولہ اذنبنا ماضی جمع متکلم از افعال۔ اذنب الرجل بم گنہگار ہونا تجاوز ماضی واحد مذکر غائب از تفاعل مصدر تجاوز۔ بصلہ عن بمعنی چشم پوشی کرنا اور معاف کرنا اور بصلہ فی بمعنی افراط کرنا۔ یدل مضارع واحد مذکر غائب از نصر مصدر الدَّلَالَۃ والدُّلُوْلَۃ والدَّلِیْلٰی بصلہ الی وعلی راستہ دکھانا۔ رہنمائی کرنا۔ دَلًّا ودَلَالًا از ضرب ودَلَالًا از سمع ناز ونخرہ کرنا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ رای بم رائے، اعتقاد۔ تم کہتے ہو رائی کذا۔ میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیری رسائی ج آراء وآرَاء اراء وارْءَاءٌ۔ عقل ورائے والا ہونا۔ مہموز عین اور ناقص یائی سے جنس مرکب ہے۔

قولہ سواد البصرۃ بم بصرہ کے ارد گرد آبادیاں۔ کیونکہ سواد البلدۃ کے معنی شہر کے اردگرد آبادیاں ہیں۔

قولہ عیرنی ماضی از تفعیل مصدر التعییر بم عار کی طرف نسبت کرنا، فعل کی برائی بیان کرنا۔ یُعَیِّرُ اسی سے مضارع منصوب بان ہے۔ جمع مذکر غائب۔ اجوف یائی۔

والنار احب الیّ من ان یُعیّرونی فقال له الاصغر لا تفعل فان تعییرهم وقتا یزول وان النار ابداً لا یزول فلم یستمع الیه فقال له شانك وما ترید یا شقی فرجع الاکبر وجاء الاصغر الی مالك بن دینار مع اولاده وامرأته وجلسوا عنده حتی فرغ من مجلسه فقام الیه واخبره بالقصة وسأله ان یعرض علیه الاسلام وعلی اولاده وامرأته فعرض علیهم الاسلام ثم اراد الشاب ان یرجع باهله فقال له مالك حتی اجمع لك شیئاً من اصحابی فقال لا ارید شیئاً ثم انصرف ودخل الخربة فوجد فیها بیتا معمورا فنزل فیه فلما اصبح قالت امرأته اذهب الی السوق واطلب عملاً واشترلنا باجرتك شیئاً ناکله فذهب الی السوق فلم یستاجره احد فقال فی نفسه اعمل الله تعالیٰ فدخل خربة اُخریٰ وصلّی فیها الی المغرب ثم ذهب الی منزله صفر الید۔ فقالت له امرأته لم تاتنا بشیئ۔

مطلب خیز ترجمہ: اور میرے نزدیک ملامت کے مقابلہ میں آگ زیادہ پسندیدہ ہے۔ چھوٹے بھائی نے کہا کہ تم ایسا نہ کرو اس لئے کہ لوگوں کی ملامت ایک وقت زائل ہو جائیگی اور آگ کبھی زائل نہ ہوگی۔ لیکن بڑے بھائی نے نہیں سنا اور چھوٹے بھائی نے کہا اے بدبخت تو اپنے ارادہ کا مالک ہے جو چاہے کر۔ پس بڑے بھائی واپس ہوگیا اور چھوٹا بھائی اپنی اولاد اور بی بی کے ساتھ مالک بن دینار کی خدمت میں آیا۔ اور سب ان کے پاس بیٹھے یہانتک کہ وہ اپنی مجلس وعظ سے فارغ ہوئے۔ پس یہ شخص ان کے پاس کھڑا ہوا اور ان سے سارا قصہ بیان کیا اور ان سے اپنی ذات پر اور اپنی اولاد پر اور اپنی بی بی پر اسلام پیش کرنے کی درخواست کی۔ سو مالک بن دینار نے ان پر اسلام پیش کیا (پس وہ مسلمان ہوگئے) پھر اس نوجوان مسلم نے چاہا کہ اپنے اہل و عیال کو لیکر واپس جائے۔ مالکؒ نے اس سے فرمایا کہ (اس وقت تک ٹھہرے رہو) کہ میں تیرے واسطے اپنے شاگردوں سے کچھ جمع کردوں۔ اس نے کہا میں کوئی چیز نہیں چاہتا ہوں پھر واپس ہوا اور ایک ویران مقام میں داخل ہوا اور وہاں ایک آباد گھر پایا۔ پس اس میں اترا۔ جب صبح ہوئی تو اس کی بی بی نے اس سے کہا کہ بازار کی طرف جاؤ اور کوئی کام تلاش کرو۔ اور اپنی مزدوری سے ہمارے لئے کوئی چیز خرید لاؤ۔ جس کو ہم کھائیں۔ چنانچہ وہ بازار کی طرف گیا اور کسی نے اس کو مزدوری پر نہیں رکھا۔ سو اس نے اپنے دل میں سوچا کہ اللہ تعالیٰ ہی کا کام کرونگا۔ پس دوسرے ویران مقام میں داخل ہوا اور اس میں مغرب تک نماز پڑھی پھر وہ خالی ہاتھ اپنے منزل کیطرف گیا پس اس کی بی بی نے اس سے پوچھا کہ تم ہمارے لئے کوئی چیز نہیں لائے!

تحقیقات: قولہ شَقِیٌّ صفت کا صیغہ بمعنی بدبخت۔ ج اشقیاء از سمع معدر شَقَاوَةً وشِقَاوَةً وشُقُوَةً وشَقَاءً وشقاءً بدبخت ہونا شَقْوًا از نصر۔ واشقی اللہ فلانا بدبخت بنانا۔ ناقص واوی۔ قولہ خَرِبَۃٌ بمعنی ویران جگہ جمع خَرِبَات وخِرَبٌ۔ قولہ معمورًا اسم مفعول بمعنی آباد کیا ہوا۔ عَمَرَ عمراً از نصر آباد ہونا و آباد کرنا۔ قولہ صفر بمعنی خالی کہا جاتا ہے صفر الید بمعنی وہ خالی ہاتھ ہے۔ بیت صفر من المتاع گھر سامان سے خالی ہے۔ الصفر زیرو۔ اہل حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔

فقال لها قد عملت للملك اليوم فلم يعطني شيئاً وقال اعطيك غداً فباتو جياعاً فلما اصبح ذهب الى السوق فلم يجد عملاً ففعل كما فعل بالامس وذهب الى امرأته صفر اليد وقال لها ان الملك وعدني الى يوم الجمعة فلما اصبح يوم الجمعة ذهب الى السوق فلم يجد عملاً ففعل كما سبق فلما كان آخر النهار صلى ركعتين ورفع يديه الى السماء وقال يارب لقد اكرمتني بالاسلام وتوجتني بتاج الهدى فبحرمة هذا الدين وبحرمة هذا اليوم المبارك ارفع نفقة العيال عن قلبي وانا استحي من عيالي واخاف ان تتغير حالهم لحداثة عهدهم بالاسلام فلما دخل وقت الظهر ذهب الى الجامع وكان غلب على اولاده الجوع فجاء الى بيته شخص وقرع عليهم الباب فخرجت المرأة فاذا هي بشباب حسن الوجه على يده طبق من ذهب مغطى بمنديل من ذهب

مطلب خیز ترجمہ: اس نے جواب دیا کہ میں نے آج بادشاہ کا کام کیا۔ لیکن انہوں نے (آج) کوئی چیز نہیں دی اور فرمایا ہے کہ کل دوں گا۔ چنانچہ بھوک کی حالت میں انہوں نے شب باشی کی۔ جب صبح ہوئی تو پھر وہ بازار کی طرف گیا اور کوئی کام نہیں پایا پس گذشتہ کل کیطرح آج بھی ایسا ہی کیا (یعنی نماز پڑھی) اور اپنی بی بی کی طرف خالی ہاتھ واپس ہوا اور بی بی کو کہا کہ بادشاہ نے مجھ سے جمعہ کے دن تک کا وعدہ کیا ہے۔ پھر جب جمعہ کا دن ہوا تو وہ بازار کی طرف گیا لیکن کوئی کام نہیں پایا۔ سو گذشتہ دنوں کی طرح ایسا ہی کیا۔ اور جب دن ڈھلا تو دو رکعت نماز پڑھی اور اپنے دونوں ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھایا اور کہا خداوندا تو نے مجھے اسلام سے بزرگی بخشی اور مجھے ہدایت کا تاج پہنایا۔ پس اس دین کی عزت اور اس روز مبارک کی حرمت سے بال بچوں کے نفقہ (کا غم) میرے دل سے دور فرما (کیونکہ) مجھے بال بچوں سے شرم آتی ہے۔ اور میں انہوں کی حالت بگڑ جانے سے ڈرتا ہوں۔ اس لئے کہ ان کے اسلام کا زمانہ جدید ہے۔ جب ظہر (جمعہ) کا وقت ہوا تو وہ جامع مسجد کی طرف گیا (ادھر) اس کے بال بچوں پر بھوک غالب ہوگئی۔ پس ایک شخص اس کے گھر پر آیا اور دروازہ کھٹکھٹایا (یہ سنکر) اس کی بی بی نکلی کہ اچانک ایک خوبصورت نوجوان ہے جس کے ہاتھ میں سونے کے رومال سے ڈھانپا ہوا سونے کا ایک طبق ہے۔

تحقیقات: قولہ جیاعٌ یہ جائع وجوعان کی جمع ہے بمعنی بھوکا۔ جوعًا از نصر بمعنی بھوکا ہونا۔ صیغہ صفت جائع وجوعان ہے اور بصلہ الی بمعنی مشتاق ہونا۔ اجوف واوی۔ قولہ توّجتَ ماضی واحد مذکر حاضر از تفعیل مصدر التتویج۔ تاج پہنانا۔ مجرد توجًا از نصر تاج پہننا۔ اجوف واوی۔ التاج شاہی ٹوپی جمع تیجان۔ قولہ العیالُ یہ عیّل کی جمع ہے۔ عیّلُ الرجل بمعنی گھر کے لوگ جن کا نان ونفقہ واجب ہو۔ مذکر ومؤنث دونوں کو شامل ہے اور عیل کی جمع عیالٌ وعیائلُ وعالۃٌ بھی ہیں۔ اجوف واوی اور یائی دونوں آیا ہے قولہ حداثۃ باب نصر کا مصدر بمعنی نو پیدا ہونا اور جب قدم کے مقابلہ میں بولتے ہیں تو عین کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں جیسے اخذنی ما قدُمَ وما حدُثَ یعنی مجھ کو نئے اور پرانے غموں نے گھیر لیا۔ اس کے علاوہ دوسری جگہ ضمہ نہیں۔ قولہ قرعَ ماضی از فتح مصدر قرعًا دروازہ کھٹکھٹانا۔ قولہ مغطیً اسم مفعول از تفعیل مصدر التغطیۃ بمعنی ڈھانپنا، چھپانا۔

فقال لها خذی هذہ او قولی لزوجك هذا اجرة عملك فی یومین وان زدت زدناك فاخذت الطبق فاذا فیہ الف دینار فاخذت دینارًا واحدًا وذهبت الی الصیرفی وکان ذٰلك الصیرفی نصرانیًا فوزن الدینار فزاد علی المثقال او المثقالین فنظر الی نقشہ فعرف انہ من هدایا الاٰخرة فقال لها من این لك هذا وفی ای محل وجدت هذا فقصت علیہ القصة فقال لها الصیرفی اعرضی علیّ الاسلام فعرضت فاسلم ثم دفع لها الف درهم وقال لها انفقیها واذا فرغت فاعلمینی فاخذت منہ واصلحت طعاما فلمّا صلیّ زوجها المغرب واراد ان ینصرف الی منزلہ صفرا الید بسط مندیلًا وصلیّ رکعتین وملأ المندیل من التراب وقال فی نفسہ اذا سالتنی قلت لها هذا دقیق عملت بہ

مطلب خیز ترجمہ : اس نوجوان نے عورت سے کہا کہ اس کو لو اور اپنے شوہر سے کہدینا کہ یہ تمہاری دو دن کی مزدوری ہے۔ اگر تم زیادہ کام کرتے تو ہم بھی تم کو زیادہ مزدوری دیتے۔ چنانچہ اس نے وہ طباق لے لیا اور (دیکھا کہ) اچانک اس میں ایکہزار اشرفیاں ہیں پس اس نے ایک اشرفی لیکر صیرفی کے یہاں گئی۔ اور وہ صیرفی نصرانی تھا۔ پس جب اس نے اشرفی کو تولا تو ایک مثقال یا دو مثقال سے زائد ہوئی۔ (اس کے بعد جب) اس نے اس کے نقش کی طرف نظر کی تو پہچان لیا کہ یہ آخرت کے ہدیوں میں سے ہے۔ صیرافی نے اس عورت کو کہا کہ یہ تجھے کہاں سے ملی اور کہاں پائی۔ عورت نے اس سے سارا ماجرا بیان کیا۔ پس صیرافی نے اس سے کہا کہ مجھ پر اسلام پیش کرو۔ تو اس نے اسلام پیش کیا۔ اور صیراف مسلمان ہوگیا اس کے بعد صراف نے اس عورت کو ہزار درہم دیئے اور کہا ان کو خرچ کرو اور جب یہ ختم ہوجائیں تو مجھے اطلاع دو۔ اس عورت نے اس سے دراہم لئے اور کھانا طیار کیا۔ جب اس کے شوہر نے مغرب کی نماز پڑھ چکے اور اپنے گھر کیطرف خالی ہاتھ واپسی کا ارادہ کیا تو اس نے رومال بچھایا اور دو رکعت نماز پڑھی اور مٹی سے رومال کو بھر لیا۔ اور جی میں کہا کہ جب بی بی مجھ سے پوچھیگی تو اس سے کہوں گا کہ یہ آٹا ہے اور یہی میرے کام کی مزدوری ہے۔

تحقیقات ؛ قولہ اجرة کرایہ، مزدوری ج اُجَرٌ مہموز فا۔ اجرًا از نصر وایجارًا (الرجل علی کذا) بدلہ دینا، مزدوری دینا۔ قولہ صیرفی ہم روپے پیسے کی تجارت کرنے والا ج صَیَارِفَۃٌ۔ قولہ نصرانیًا ہم شہر ناصرہ کی طرف منسوب وہ لوگ جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے متبع ہیں ج نصاریٰ۔ مؤنث نصرانیۃ۔ قولہ المثقال تولنے کے اوزان۔ مثقال الشیئ چیز کا وزن یا چیز کی ترازو ج مثاقیل۔ اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے۔ کبھی کم اور کبھی زیادہ۔ ثقل سے ماخوذ ہے۔ ثقالۃً وثقلاً از کرم بھاری ہونا۔ صفت ثقیل۔ اصلحت ماضی واحد مؤنث غائب۔ از افعال مصدر الاصلاح درست کرنا۔ قولہ دقیق باریک، مشکل معاملہ، تھوڑا آٹا۔ یہاں معنی آخر مراد ہیں ج اَدِقَّۃٌ واَدِقَّاءُ مؤنث دقیقۃ

ثم جاء الی منزلہ فلما دخل الیہ وجدہ مفروشاً مھیأً ووجد رائحۃ الطعام فوضع المندیل عند الباب کیلا تشعر امرأتہ بہ ثم سألھا عن حالھا وعما رأی فی المنزل فقصت علیہ القصۃ فسجد للہ شکراً فسألتہ عما جاء بہ فی المندیل فقال لھا لا تسألینی عنہ ثم ذھب الی المندیل واراد ان یرمی التراب الذی فیہ ففتحہ فرآہ دقیقا باذن اللہ فسجد ثانیا شکراً للہ عزوجل علی ما اکرمہ بہ وعبد اللہ حتی توفاہ رحمہ اللہ۔

حکایت: حکی انہ کان فی بیت علی رضی اللہ عنہ خمسۃ انفس۔

مطلب خیز ترجمہ: پھر وہ اپنے گھر کو پہونچا۔ اور جب گھر میں داخل ہوا تو اسے فرش سے آراستہ پیراستہ پایا اور کھانے کی خوشبو سونگی۔ پس اس نے رومال کو دروازہ کے پاس رکھدیا تاکہ اس کی بی بی کو اس کی خبر نہ ہو پھر بی بی سے اس کا حال پوچھا اور جو کچھ گھر میں دیکھا تھا (اس کی بھی کیفیت دریافت کی) چنانچہ بی بی نے پورا قصہ بیان کیا۔ پس اس نے اللہ تعالی کا سجدہ شکر ادا کیا۔ اور بی بی نے بھی اسکی کیفیت پوچھی جو رومال میں لایا تھا۔ اس نے کہا اس کا حال مجھ سے نہ پوچھو پھر وہ رومال کیطرف گیا اور چاہا کہ جو مٹی رومال میں ہے اس کو پھینکدے (جب) اس کو کھولا تو دیکھا کہ وہ بحکم الٰہی آٹا ہے۔ چنانچہ دوبارہ اللہ بزرگ و برتر کا سجدۂ شکر ادا کیا اس چیز پر جس کے ساتھ اللہ تعالی نے بزرگی بخشی۔ اور برابر اللہ کی عبادت کرتا رہا یہانتک کہ اللہ تعالی نے اس کو وفات دیدی یعنی مرتے دم تک عبادت کرتا رہا اللہ تعالی اس پر رحم فرمائے منقول ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر میں پانچ آدمی تھے۔

تحقیقات: قولہ مفروش اسم مفعول از نصر وضرب مصدر فرشاً وفراشاً۔ بچھانا۔ قولہ مھیئاً اسم مفعول از تفعیل مصدر التھیئۃ بمعنی درست کرنا، تیار کرنا۔ قولہ رائحۃ رائح کا مونث بمعنی بوجمع رائحات وروائح۔ قولہ علی رضی نام علی۔ لقب اسد اللہ، حیدر اور مرتضیٰ کنیت ابو الحسن اور ابو تراب والد کا نام ابو طالب۔ والدہ کا نام فاطمہ بنت اسد بن ہاشم۔ آپ نجیب الطرفین ہاشمی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی چچا کے بیٹے ربیب اور داماد تھے۔ بعثت نبوی کے دس سال پہلے پیدا ہوئے۔ لڑکوں میں سب سے پہلے آپ نے ایمان لایا۔ ہجرت کے دوسرے سال حضرت سیدہ فاطمہؓ سے آپ کا نکاح ہوا۔ تبوک کے سوا تمام غزوات میں شریک رہے۔ اور ذو الفقار حیدری کے عظیم القدر کارناموں کا ظہور ہوا۔ درسگاہ نبوت میں مکمل طور پر آپ کی تعلیم ہوئی۔ حضورؐ کا ارشاد ہے انا مدینۃ العلم وعلیؓ بابھا۔ عشرہ مبشرہ میں سے تھے۔ حضرت ابوبکرؓ اور عمرؓ کے زمانہ میں وزیر و مشیر تھے۔ حضرت عثمانؓ بھی اکثر آپ سے مشورہ لیتے۔ حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد آپ اسلام کے چوتھے خلیفہ ہوئے۔ آپ کی خلافت مورخہ ۲۴ ذی الحجہ ۳۵ھ مطابق ۲۳ جون ۶۵۶ء سے ۱۷ رمضان ۴۰ھ مطابق ۲۵ جنوری ۶۶۱ء تک قائم تھی۔ آپ کی مدت خلافت خانہ جنگی، شورش اور ہنگاموں میں ختم ہوگئی۔ مگر آپ نے اخیر دم تک جس غیر معمولی ہمت واستقلال وعدیم النظیر عزم وثبات کے ساتھ حمایت حق میں تمام مشکلات ومصائب کا مقابلہ کیا وہ تاریخ اسلام میں رہتی دنیا تک یادگار رہیگا۔ باب مدینۃ العلم باتفاق علماء کرام اسلام میں سب سے پہلے مصنف ہیں۔ جمعہ ۱۷ رمضان ۴۰ھ کو اخیر شب فجر کی نماز کیلئے مسجد کی طرف جاتے وقت ابن ملجم شبیب اور دروان کی تلوار سے زخمی ہوئے اور اسی زخم سے پیکر تسلیم شاہ ولایت پناہ نے وصال فرمایا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۵

هو وفاطمة والحسن والحسين والحارث فمكثوا المريا كلوا ثلثة ايام وكان لفاطمة ازار فدفعته الى على رضى الله عنه ليبيعه فباعه بستة دراهم وتصدّق بها على الفقراء فلقيه جبرئيل فى صورة آدمى ومعه ناقة من نوق الجنة

مطلب خیز ترجمہ: وہ خود (یعنی حضرت علیؓ) اور حضرت فاطمہؓ اور حسنؓ و حسینؓ اور حارث رضی اللہ عنہم (ایک مرتبہ) ان کو تین دن تک کھانے کی کوئی چیز نہیں ملی۔ اور حضرت فاطمہؓ کا ایک تہبند تھا۔ انہوں نے اسکو حضرت علیؓ کا حوالہ کیا تاکہ وہ اس کو فروخت کریں۔ چنانچہ انھوں نے اس کو چھ درہم سے بیچا اور ان داموں کو فقراء پر صدقہ کر دیا۔ اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام ان سے آدمی کی صورت میں ملے اور ان کے ساتھ جنت کی اونٹنیوں میں سے ایک اونٹنی تھی۔

تحقیقات: قولہ فاطمة نام فاطمہؓ لقب زہراء اور سیدۃ نساء اہل الجنة۔ نبوت کے پانچویں سال آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ اور حضورؐ کی حضرت خدیجہ سے آپ سب سے چھوٹی لڑکی ہیں۔ بچپن ہی سے آپ کے اخلاق حسنہ کی روشنیاں چمکتی رہیں۔ دوسرے بچے اور بچیوں کی طرح بیہودہ کھیل کود اور لایعنی بات کیطرف آپ کا میلان بالکل نہ تھا۔ حضورؐ نے آپ کی شادی حضرت علی بن ابی طالبؓ سے کی ہے۔ آپ سے پانچ اولاد ہوئے۔ تین لڑکے۔ سیدنا حضرت امام حسنؓ سیدنا امام حسین اور سیدنا محسن اور دو لڑکیاں یعنی زینب اور ام کلثوم۔ ۱۱ھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے بعد آپ بھی انتقال فرماگئی۔ دولتِ فاطمیہ آپ ہی کی طرف منسوب ہے۔

قولہ حسنؓ۔ نام حسن بن علیؓ۔ والدہ ماجدہ کا نام فاطمہؓ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نواسہ ہے۔ ۱۵ رمضان المبارک ۳ھ مطابق ۶۲۴ء کو مدینہ منورہ میں آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ آپ کو یہ فخر حاصل ہے کہ آپ کی ولادت کے بعد اپنے مفخر کائنات نانا سید الکونینؐ نے نواسے کی کان میں اذان اور اقامت کہی۔ آپ کی تمام تعلیم و تربیت اپنے نانا سید الانبیاء اور اپنے برگزیدہ والدین ماجدین سے ہوئی۔ آپ اور آپ کے بھائی حضرت حسینؓ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سید شباب اہل الجنة سے ملقب فرمایا۔ ہجرت کے چالیسویں سال اپنے والد ماجد کی شہادت کے بعد آپ منصب خلافت پر جلوہ افروز ہوئے اور ۲۲ رمضان المبارک ۴۰ھ کو مسلمانوں نے آپ کے دست مبارک پر بیعت کی۔ یزید بن معاویہؓ نے خفیہ طور پر جعدہ بنت اشعث زوجۂ حسنؓ سے کہلا بھیجا کہ اگر حسنؓ کے قتل میں تیرا کوئی حیلہ کارگر ہو جائے تو میں تجھے ایک لاکھ درہم انعام دوں گا۔ اور تجھے اپنے نکاح میں لیلوں گا۔ چنانچہ جعدہ نے آپ کو زہر دیدیا جس کی وجہ سے ۵۰ھ مطابق ۶۷۰ء آپ مرتبہ عالیہ شہادت پر فائز ہوئے۔ جناب سیدۃ النساء کے پہلو میں آپ کو دفن کیا۔

قولہ حسینؓ۔ حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کے جگر گوشہ تھے۔ نہایت عابد و زاہد بندہ نواز اور کثرت سے حج کرنے والے تھے۔ آپ کی ولادت مورخہ ۵ شعبان ۴ھ کو مدینہ میں ہوئی۔ آپ نے چھ برس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر سایہ پرورش پائی۔ اس کے بعد والدہ ماجدہ کے ہمراہ رہے۔ آپ کے فضائل میں بکثرت احادیث مروی ہیں۔ سید شباب اہل الجنة ہیں۔ آپ کی شہادت بقول اصح جمعہ (یا ہفتہ) کے دن یوم عاشورہ ۱۰ محرم ۶۱ھ کو میدان کربلا میں واقع ہوئی۔

قولہ ازار ہر وہ چیز جو تم کو چھپالے، چادر، تہبند جمع آزِرة وأُزُر۔ تأزّر وائتزر وائتزر۔ ازار پہننا۔ مجرد آزر بالشئ احاطہ کرنا۔ از ضرب مہموز فا۔ قولہ لقی از سمع مصدر لقاءً ولقاءةً ولِقايةً ولَقايةً ولُقيانًا بمعنی ملاقات کرنا، استقبال کرنا ناقص یائی۔ قولہ جبرئیل۔ ایک فرشتہ کا نام جو وحی الٰہی لانے پر موکل تھے اور ان کو جبریل بھی کہتے ہیں۔ قولہ ناقة بمعنی اونٹنی جمع نُوقٌ و ناقٌ وأَوْنُقٌ وأَنْوُقٌ وأَوْنُقٌ وأَيْنُقٌ ونِياقٌ كوناقات وانواق جمع ایانق ونیاقات

فقال لہ یا ابا الحسن اشترمنی ھذہ الناقۃ فقال لہ لیس معی ثمنہا قال بالنسیئۃ قال بکم تبیعہا قال بمائۃ درھم فاشتراھا منہ بذالک واخذ بزمامہا وذھب فاستقبلہ میکائیل علی صورۃ اعرابی فقال لہ اتبیع ھٰذہ الناقۃ یا ابا الحسن قال نعم قال بکم اشتریتہا قال بمائۃ درھم قال انا اشتریتہا بربح ستین درھما فباعہا لہ بذلک فدفع لہ المائۃ وستین درھما فاخذھا وذھب فلقیہ بائعہا الاول وھو جبرئیل فقال لہ قد بعت الناقۃ یا ابا الحسن قال نعم قال فاعطنی حقی فدفع لہ المائۃ وبقی معہ الستون درھما فذھب بہا الی بیتہ عند فاطمۃ رضی اللہ عنہا فصبہا بین یدیہا فقالت لہ من این لک ھٰذا فقال تاجرت مع اللہ بستۃ دراھم فاعطانی ستین درھما لکل درھم عشرۃ دراھم۔

مطلب خیز ترجمہ: حضرت جبرئیلؑ نے حضرت علیؓ سے کہا اے ابو الحسن (کنیت حضرت علیؓ) مجھ سے یہ اونٹنی خرید لیجئے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا میرے پاس اس کی قیمت نہیں ہے۔ حضرت جبرئیلؑ نے کہا ادھار سے خرید لیے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کتنے کو بیچوگے۔ جبرئیل نے کہا سو درہم سے چنانچہ حضرت علیؓ نے سو درہم کو ان سے وہ اونٹنی خریدی اور اس کی مہار پکڑی اور چل بسے۔ اس کے بعد حضرت میکائیلؑ ایک اعرابی کی صورت میں سامنے آیا اور کہا اے ابو الحسن کیا آپ یہ اونٹنی بیچیں گے۔ انہوں نے فرمایا ہاں! میکائیل نے کہا آپ نے اس کو کتنے درہم سے خریدا ہے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا سو درہم سے۔ میکائیل نے کہا میں ساٹھ درہم نفع پر اس کو خریدتا ہوں چنانچہ حضرت علیؓ نے اس کو ان کے ہاتھ اسی قیمت پر بیچ ڈالا۔ اور میکائیلؑ نے ایک سو ساٹھ درہم ان کے حوالہ کیے اور اونٹنی لی اور چل بسے۔ اس کے بعد حضرت علیؓ سے پہلا بائع یعنی حضرت جبرائیلؑ ملے۔ اور ان سے کہا اے ابو الحسن آپ نے اونٹنی بیچ ڈالی! آپ نے فرمایا ہاں! حضرت جبرئیلؑ نے کہا مجھے میرا حق دیجئے۔ چنانچہ حضرت علیؓ نے ایک سو درہم ان کے حوالہ کیے۔ اور ان کے پاس ساٹھ درہم بچ رہے۔ اس کے بعد وہ ان درہموں کو لے کر اپنے مکان کی طرف حضرت فاطمہؓ کے پاس گئے۔ اور ان درہموں کو ان کے سامنے ڈال دیا۔ حضرت فاطمہؓ نے ان سے کہا کہ آپ کو یہ کہاں سے مل گئے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا میں نے چھ درہم سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تجارت کی۔ پس اس نے مجھے ساٹھ درہم عطا کیے۔ ہر درہم کے عوض دس درہم عنایت کی۔

تحقیقات: قولہ نسیئۃ بم ادھار، لنقد کا ضد۔ قولہ زمام جس سے کوئی چیز باندھی جائے، مہار، باگ، نکیل، لگام۔ ج اَزِمّۃ۔ قولہ میکائیل۔ ایک فرشتہ کا نام ہے جو مخلوقات کو رزق پہنچانے پر مامور ہے قولہ ربح بم نفع ج اَرْبَاحٌ۔ ربح فی تجارتہ۔ نفع اٹھانا۔ از سمع۔

ثم جاء الی النبی صلے اللہ علیہ وسلم فاخبرہ بالقصة فقال لہ یا علی البائع جبرئیل والمشتری میکائیل والناقة مرکب فاطمةؓ یوم القیامة ثم قال لہ یا علی أُعطیتَ ثلاثا لم یعطها غیرك۔ لك زوجة سیدة نساء اهل الجنة ولك ولدان هما سیدا شباب اهل الجنة ولك صهر هو سید المرسلین فاشکر اللہ تعالیٰ علیٰ ما اعطاك واحمدہ فیما اولاك۔ واللہ اعلم۔

حکایت۳: حکی عن ابی قلابةؒ انہ رأی فی المنام مقبرة کان قبورها قد انشقت وان امواتها خرجوا منها وقعدوا علی شفیر القبور وکان بین یدی کل واحد منهم طبق من نور ورأی فیما بینهم رجلا من جیرانهم لم یر بین یدیہ نورًا فسأله وقال لہ ما لی لا اری نورًا بین یدیك قال ان لهؤلاء اولادًا واصدقاء یدعون ویتصدقون لهم وهذا النور مما بعثوا الیهم۔

مطلب خیز ترجمہ: پھر حضرت علیؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے۔ اور آپ کو قصہ کی اطلاع دی۔ آپ نے فرمایا اے علی بائع جبرئیل تھے۔ اور مشتری میکائیل تھے اور وہ اونٹنی قیامت کے دن فاطمہؓ کی سواری ہوگی۔ پھر حضورؐ نے فرمایا اے علی تم کو تین چیزیں ایسی عنایت فرمائی گئیں کہ تمہارے سوا اور کسی کو نہیں عطا کی گئیں۔ ایک تمہاری بی بی جو جنت کی تمام عورتوں کی سردار ہے۔ اور دوسرے تمہارے دو لڑکے جو جنتیوں کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔ تیسرے تمہارے خسر جو تمام رسولوں کے سردار ہیں۔ پس تم ان نعمتوں پر اللہ کا شکر کرو جو اس نے تم کو عطا کی ہیں۔ اور ان نعمتوں پر اس کی حمد کرو جو اس نے تم پر احسان کی ہیں۔ واللہ اعلم۔ حکایت ابو قلابہ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ انہوں نے خواب میں ایک ایسا گورستان دیکھا جس کی قبریں شق ہوگئی تھیں اور ان کے مُردے باہر نکل آئے تھے اور قبروں کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے اور ہر ایک کے سامنے نور کا ایک ایک طباق تھا۔ اور ان کے پڑوسیوں میں سے ایک ایسے شخص کو دیکھا جس کے سامنے نور کا طبق نہیں ہے۔ چنانچہ اس سے پوچھا اور کہا کہ کیا بات ہے تمہارے سامنے میں نور نہیں دیکھتا ہوں اس نے کہا کہ ان لوگوں کی اولاد اور احباب ہیں۔ جو ان کے لئے دعا کرتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں اور یہ نور انھیں صدقات اور دعاؤں کی وجہ سے ہے۔

تحقیقات: قولہ صِهر قرابت، داماد، سسر، بہنوئی، قبر۔ ج أصهار۔ یہاں معنی سوم مراد ہیں۔ مونث صهرة قولہ اولی ماضی از افعال مصدر الایلاء والی مقرر کرنا۔ اولاہ معروفًا کسی پر احسان کرنا اولا اسی سے ہے جو تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ ما اولاہ بالمعروف۔ وہ کتنا فیاض ہے اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ ثلاثی مزید سے یہ صیغہ نہیں آتا۔ قولہ ابو قلابة اس نام کے دو آدمی گذرے ہیں ایک عبد اللہ بن زید بن عمرو الجرمی البصری ہیں۔ کنیت ابو قلابہ ہی جو بڑے معتمد علیہ اور دانشمند تھے۔ قضاء کے خوف سے ملک شام سے بھاگ گئے اور وہاں ۱۰۴ھ میں انتقال کر گئے اور دوسرا عبد الملک بن محمد بن عبد اللہ بن محمد بن عبد الملک الرقاشی ہیں۔ ابو قلابہ ان کا لقب تھا اور کنیت ابو محمد تھی بڑے راست باز تھے چھیاسی سال کی عمر میں ۲۷۶ھ میں انتقال کر گئے۔ شیخ کے قول میں کون صاحب مراد ہیں اس کی پہچان احقر کو حاصل نہیں ہوئی قولہ شفیر ج ہر چیز کا کنارہ، پلک کی جڑ۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ جیران یہ جار کی جمع ہے پڑوسی۔ اور جار کی جمع جیرة وجوار واجوار بھی آتی ہیں۔

وان لی ولداً اغیر صالح لایدعو لی ولایتصدق لاجلی فلا نور لی وانی اخجل من جیرانی فلما انتبہ ابوقلابۃ دعا ابن الرجل المیت واخبر بما رأی فقال لہ الابن اما انا فقد تبت ولا اعود الی ماکنت علیہ ثم اقبل علی الطاعۃ والدعاء لابیہ والصدقۃ لاجلہ ثم بعد مدۃ رأی ابوقلابۃ تلک المقبرۃ علی حالہا الاول ورأی بین یدی ذلک الرجل نوراً اعظیما اضوء من الشمس واکمل من نور غیرہ فقال الرجل یا اباقلابۃ جزاک اللہ عنی خیراً بقولک نجا ابنی من النیران ونجوت انا من خجلتی بین الجیران والحمد للہ

حکایت : حکی عن اوس الیمانی قال کان رجل لہ اربعۃ اولاد فمرض فقال احدہم لہم اما ان تمرضوہ ولیس لکم من میراثہ شیئ واما ان امرضہ ولیس لی من میراثہ شیئ فمرضہ بذلک الشرط فقیل لہ فی النوم ایت مکاناً کذا وخذ منہ مائۃ دینار ولیس فیہا برکۃ فاصبح وذکر ذلک لامرأتہ

مطلب خیز ترجمہ : اور میرا ایک لڑکا ہے جو نیک بخت نہیں ہے۔ وہ نہ تو میرے واسطے دعا کرتا ہے اور نہ صدقہ دیتا ہے۔ سو (اسی وجہ سے) میرے واسطے نور نہیں ہے۔ اور میں اپنے ہمسایوں سے شرمندہ ہوں چنانچہ جب ابوقلابہ بیدار ہوا تو اس میت کے لڑکے کو بلایا اور جو کچھ خواب میں دیکھا تھا اس سے بیان کیا۔ لڑکے نے کہا بیشک میں نے توبہ کی اور جس حالت پر میں پہلے تھا اب اس کی طرف نہ لوٹوں گا۔ پھر وہ اللہ کی عبادت اور اپنے باپ کیلئے دعا اور صدقہ کی طرف متوجہ ہوا پھر ایک مدت کے بعد ابوقلابہ نے اس مقبرہ کو اس کی پہلی حالت پر دیکھا اور اس شخص کے سامنے ایک عظیم نور دیکھا جو آفتاب سے زیادہ روشن اور دوسروں کے نور سے زیادہ کامل تھا پس اس شخص نے کہا اے ابوقلابہ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آپ ہی کے کہنے سے میرے بیٹے نے "آگ سے نجات پائی" اور میں نے اپنے ہمسایوں میں شرمندگی سے رہائی پائی اور اللہ کے واسطے سب تعریفیں ہیں۔ اوس یمانی سے منقول ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک آدمی کے چار بیٹے تھے۔ پس وہ بیمار ہوگیا۔ ان لڑکوں میں سے ایک نے کہا کہ یا تو تم باپ کی تیمار داری کرو اور تمہارے لئے انکی میراث میں سے کچھ نہ ہوگا۔ یا تو میں ان کی تیمار داری کرونگا اور میرے لئے ان کی میراث میں سے کچھ نہ ہوگا۔ چنانچہ اس نے اسی شرط پر باپ کی تیمار داری کی۔ (ایک دن) خواب میں اس سے کہا گیا کہ تم فلاں جگہ آؤ اور وہاں سے سو اشرفیاں لے لو۔ لیکن اس میں برکت نہیں ہے۔ پس صبح ہوئی اور اس نے اپنی بی بی سے اس خواب کا تذکرہ کیا۔

تحقیقات : قولہ اخجل مضارع واحد متکلم از سمع مصدر خجلاً بمعنی شرم سے سرگشتہ و بیخود ہونا صفت خجل و خجلان۔ تخجلہ و اخجلہ از تفعیل و افعال۔ شرمندہ کرنا۔ قولہ اضوء اسم تفضیل بمعنی زیادہ روشن۔ ضوءً و ضیاءً از نصر بمعنی روشن ہونا چمکنا اجوف واوی اور مہموز لام قولہ اکمل اسم تفضیل بمعنی زیادہ کامل۔ کمالاً و کمولاً از نصر و سمع و کرم۔ تکمل و تکامل و اکتمل بمعنی پورا ہونا کامل ہونا۔ قولہ تمرضوا مضارع منصوب بان جمع مذکر حاضر از تفعیل مصدر التمریض بمعنی تیمار داری کرنا، مریض کر دینا۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔

فقالت له خذها فابیٰ وفی اللیلة الثانیة قیل له ایت مکانا کذا وخذ منه عشرة دنانیر ولا برکة فیها فشاور امرأته فحرضته علی اخذها فابیٰ وفی اللیلة الثالثة قیل له اذهب الی مکان کذا وخذ منه دینارا وفیه البرکة فذهب الیه واخذه فلما خرج به رأی شخصا یبیع سمکتین فقال له بکم تبیعهما قال بدینار فاخذهما به وذهب بهما الی بیته فشق جوفهما فاذا فی باطن کل منهما درة یتیمة فذهب باحدهما الی الملک فدفع له مبلغا کثیرا ثم قال له هذه لا تصلح الا مع اختها فاعطنیها ونعطیک بها کذا وکذا فذهب واحضرها فاعطاه الملک ما وعده من المال فحصل له ببرکة خدمة والده۔ رحمه الله تعالیٰ۔

حکایت[۳۹]:۔ حکی ان داؤد علیه السلام قرأ یوما الزبور فرق قلبه عند قرأته

مطلب خیز ترجمہ: بی بی نے کہا کہ اس کو لے لو۔ اس نے انکار کیا۔ اور دوسری رات میں اس کو کہا گیا کہ فلاں جگہ آؤ اور وہاں سے دس اشرفیاں لے لو۔ لیکن اس میں بھی برکت نہیں ہے۔ چنانچہ اس نے اپنی بی بی سے مشورہ کیا۔ پس بی بی نے اشرفیوں کے لینے پر اس کو برانگیختہ کیا۔ لیکن اس نے پھر بھی انکار کیا۔ اور تیسری رات میں اس کو کہا گیا کہ فلاں جگہ آؤ اور وہاں سے ایک اشرفی لے لو اور اس میں برکت ہے۔ پس وہ شخص وہاں گیا اور اس اشرفی کو لیا۔ جب اس کو لیکر نکلا تو دیکھا کہ ایک شخص دو مچھلیاں بیچ رہا ہے اس نے مچھلی بیچنے والے سے کہا کہ تم ان دونوں مچھلیوں کو کتنے میں بیچتے ہو؟ اس نے کہا کہ ایک اشرفی میں۔ چنانچہ اس نے ان دونوں مچھلیوں کو ایک اشرفی سے لے لیا اور اپنے گھر لے گیا۔ پس ان کا پیٹ چاک کیا تو ناگاہ ہر ایک کے پیٹ میں ایک ایک بے بہا اور انوکھا موتی ہے۔ پس وہ شخص ان میں سے ایک کو بادشاہ کی طرف لے گیا۔ بادشاہ نے اس کو اس موتی کے بدلہ میں بہت سے روپئے دیئے اور کہا کہ یہ موتی اپنے جوڑے بغیر درست نہ ہوگا۔ سو اس کا جوڑا بھی مجھے دے دو اور میں اس کے بدلہ میں اس قدر روپئے دوں گا۔ اس کے بعد وہ گیا اور دوسرا موتی بھی حاضر کیا۔ بادشاہ نے جو مال دینے کا وعدہ کیا تھا اس کو دیدیا پس اس کو اپنے باپ کی خدمت کی برکت سے یہ دولت ملی۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے۔ حکایت منقول ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے ایک دن زبور کی تلاوت فرمائی۔ اور تلاوت کیوقت ان کا دل نرم ہوگیا۔

تحقیقات: قولہ شاور۔ ماضی از مفاعلہ مصدر المشاورۃ بمعنی مشورہ طلب کرنا۔ قولہ حرضت ماضی واحد مؤنث از تفعیل مصدر التحریض بمعنی برانگیختہ کرنا۔ اور بصلہ علی مستعمل ہے قولہ شق ماضی از نصر مصدر الشق پھاڑنا۔ قولہ جوف بمعنی پیٹ ج اجواف قولہ مبلغ بمعنی روپے پیسے کی مقدار ج مبالغ۔ قولہ زبور بمعنی فرشتہ، گروہ، کتاب۔ ج زُبُر۔ یہاں وہ کتاب مراد ہے جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ قولہ رق ماضی از ضرب مصدر الرقۃ بمعنی پتلا ہونا، نرم ہونا بصلہ لام رحم کرنا۔ مفاعف ثلاثی۔

فقال فی نفسہ لیس فی الدنیا اعبد منی فاوحی اللہ تعالیٰ الیہ یاداود اصعد الی جبل کذا لتری رجلاً زرّاعًا یعبد فی سبع مائۃ عام ویعتذر من ذنب فعلہ لیس بذنب عندی وذلک انہ مر یومًا علی سطحٍ وکانت والدتہ تحت السطح فاصابہا شئ من التراب من مشیہ وانہ اعبد منک فاذہب الیہ وبشرہ بالمغفرۃ منی فذہب داوٗد الی الجبل واذا رجل نحیف جدًّا قد ظہر عظمہ من العبادۃ وراٰہ محرمًا بالصلوٰۃ فلما فرغ سلم داوٗد علیہ فرد علیہ السلام وقال لہ من انت قال انا داوٗد فقال لو علمت انک داوٗد ما رددت علیک السلام لما وقع منی من الزلۃ وتفرغت للصعود علی الجبل ولم تستغفر اللہ۔

مطلب خیز ترجمہ: پس انہوں نے اپنے جی میں سوچا کہ دنیا میں مجھ سے زیادہ عبادت کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ اے داوٗد فلاں پہاڑ پر چڑھو تاکہ تم ایک کاشتکار کو دیکھو گے جو سات سو برس تک میری عبادت کرتا ہے۔ اور (پھر بھی) اپنے ایک کام سے عذر خواہی کرتا ہے جو میرے پاس گناہ نہیں ہے اور وہ کام یہ ہے کہ وہ شخص ایک دن ایک چھت پر گزرا اور اس کی ماں چھت کے نیچے تھی۔ اور اس کے چلنے سے اس کی ماں پر کچھ مٹی گری۔ اور وہ تم سے زیادہ عبادت کرنے والا ہے۔ چنانچہ تم اس کی طرف جاؤ اور اس کو میری طرف سے مغفرت کی خوشخبری دو پس حضرت داوٗد علیہ السلام پہاڑ کی طرف چلے۔ (تو دیکھا) کہ ناگاہ ایک نہایت دبلا پتلا آدمی موجود ہے۔ اور (عبادت کی مشقت) سے اس کی ہڈیاں ظاہر ہوگئی ہیں۔ اور داوٗد علیہ السلام نے اس کو دیکھا کہ وہ نماز میں مشغول ہے۔ پس جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو حضرت داوٗد علیہ السلام نے اس کو سلام کیا اور اس نے سلام کا جواب دیا اور پوچھا کہ تو کون ہے؟ حضرت داوٗد علیہ السلام نے جواب دیا کہ میں داوٗد ہوں۔ اس نے کہا کہ اگر میں جانتا کہ آپ داوٗد ہیں تو میں آپ کے سلام کا جواب نہیں دیتا۔ اس گناہ کی شرم سے جو مجھ سے صادر ہوئی ہے۔ اور میں پہاڑ پر چڑھنے کے لئے فارغ ہوگیا ہوں اور آپ نے بھی میرے لئے استغفار نہیں کیا۔

اور اگر عبارت میں "لما وقع منی" کی بجائے "وقع منک" ہو اور "تفرغت" کو صیغہ حاضر مانا جائے۔ تو ترجمہ اس طرح ہوگا کہ اس لغزش یا گناہ کی وجہ سے جو آپ سے صادر ہوگیا ہے اور آپ پہاڑ پر چڑھنے کے لئے فارغ ہوئے اور اب تک استغفار نہیں کیا ہے۔ لیکن نسخہ متداولہ اس کی مساعدت نہیں کرتی ہے۔

تحقیقات: قولہ زرّاع صیغہ مبالغہ۔ بمعنی بہت کھیتی کرنے والا، چغلخور (کیونکہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) یہاں معنی اول مراد ہیں۔ ج زرّاعون وزرّاعۃ۔ زرَعَ از فتح وازْدَرَعَ از افتعال بمعنی بونا، بیج ڈالنا۔ قولہ بشّر امر واحد مذکر حاضر از تفعیل مصدر التبشیر بمعنی خوش کرنا، خوشخبری دینا۔ قولہ نحیف صیغہ صفت بمعنی دبلا ج نحفاء ونحاف نحافۃ از سمع وکرم بمعنی لاغر ہونا یا خلقۃً دبلا ہونا۔ قولہ محرم اسم فاعل از تفعیل مصدر التحریم بمعنی حرام کرنا۔ حرّم الصلوٰۃ بمعنی نماز کا تحریمہ باندھنا۔ قولہ زلۃ بمعنی لغزش۔ زلًّا از ضرب وسمع بمعنی پھسل کر گرنا۔ مفاعف ثلاثی۔ ۷

فو الله قد مررت علی سطح وکانت والدتی تحته فنزل علیها شیئ من تراب السطح بمشی علیه فخرجت ولی سبعمائة سنة فلا ادری اساخطة علیّ ام راضیة ومع ذٰلك استغفر الله لظنی انها ساخطة علیّ لیرضی عنی ربی وترضی عنی والدتی وانا علی ذٰلك سبع مائة سنة لا تفرغ للاکل ولا للشراب مخافة عذاب الله تعالیٰ فاذهب عنی فقد منعتنی من العبادة فقال له ان الله بعثنی الیك لاخبرك انه غفرلك وهو راضٍ عنك وان والدتك خرجت من الدنیا وهی راضیة عنك وانها لم تکن تحت السطح الذی مشیت علیه ولم یصبها تراب فلما سمع الرجل ذٰلك قال والله لا احب الحیٰوة بعد هٰذا فسجد وقال ربّ اقبضنی الیك فمات من ساعته رحمه الله تعالیٰ

حکایت: حکی عن عطاء بن یسار ان قومًا سافروا ونزلوا فی بریة فسمعوا نهیق حمارٍ متواترًا فاسهرهم۔

مطلب خیز ترجمہ: قسم بخدا میں چھت پر گزرا اور میری ماں اس کے نیچے تھی۔ اور چھت پر چلنے سے چھت کی مٹی سے کچھ ان پر گری اس لئے میں گھر سے نکلا اور مجھے سات سو برس گذر گئے مجھے معلوم نہیں کہ وہ مجھ سے ناخوش ہے یا خوش ہے۔ اور اس کے باوجود میں اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہوں اس گمان سے کہ وہ مجھ سے ناراض ہے۔ تاکہ میرا پروردگار مجھ سے خوش ہوجائے اور میری ماں بھی مجھ سے راضی ہوجائے۔ اور میں اس حالت پر سات سو برس سے ہوں اللہ تعالیٰ کے عذاب کے خوف سے خورد ونوش پر راغب نہیں ہوں۔ پس آپ میرے پاس سے جائیے کیونکہ آپ نے مجھے اللہ کی عبادت سے روکدیا ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے تیرے پاس بھیجا ہے تاکہ میں تجھے بشارت دوں کہ اس نے تیرا قصور معاف کردیا ہے اور وہ تجھ سے راضی ہے اور تیری ماں دنیا سے رحلت کرگئی۔ حالانکہ وہ تجھ سے راضی تھی۔ اور وہ اس چھت کے نیچے نہ تھی جس پر تو چلا تھا۔ اور نہ اس پر مٹی گری۔ جب اس نے یہ بات سنی تو کہا کہ خدا کی قسم اس کے بعد میں زندگی کو پسند نہیں کرتا ہوں۔ پس اس نے سجدہ کیا اور کہا خداوندا میری روح قبض کرکے مجھے اپنے پاس بلالے۔ چنانچہ وہ اسی وقت مرگیا۔ اللہ اس پر رحم کرے۔

عطاء بن یسار سے منقول ہے کہ ایک جماعت نے سفر کیا اور ایک میدان میں اتری۔ پس انہوں نے متواتر گدھے کی آواز سنی۔ جس نے ان کو بیدار کردیا۔

تحقیقات: قولہ مشیت ماضی واحد مذکر حاضر از ضرب مصدر المشیُ۔ بمعنی چلنا۔ ناقص یائی۔ قولہ نهیق مصدر از نصر وضرب وفتح وسمع۔ بمعنی گدھے کا رینکنا۔ صفت ناہق۔ اور اس کا مصدر نہقًا ونُہاقًا ونَہاقًا آتے ہیں۔ قولہ عطاء بن یسار آپ کی کنیت ابو محمد تھی۔ حضور کی بی بی حضرت میمونہؓ کے غلام تھے مشہور تابعی تھے۔ زیادہ روایت حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے تھے۔ ۹۴ھ کو ۸۴ سال کی عمر میں انتقال کرگئے۔ قولہ اسهر ماضی از افعال مصدر الاسهار بمعنی جاگتے رہنا مجرد جانا۔ سمع مصدر السهر کے معنی رات کو بیدار رہنا۔

فانطلقوا ينظرون اليه واذا هم ببيت من الشعر فيه عجوز فقالوا قد سمعنا نهيق حمار اسهرنا ولم نر عندك حمارًا فقالت هذا ابني كان يقول لي يا حمارة تعالي ويا حمارة اذهبي وهكذا فدعوت الله ان يصيره الله حمارًا فلذلك لم يزل ينهق في كل ليلة الى الصباح فقالوا لها انطلقي بنا اليه لننظره

فانطلقوا معها اليه واذا هو في القبر وعنقه كعنق الحمار فلا حول ولا قوة الا بالله.

حکایت : حكي انه كان في بني اسرائيل عابد ضاقت عليه معيشته فخرج الى الصحراء يعبد الله ويسأله ان يعطيه شيئا فنودي ذات يوم ايها العابد مدّ يدك وخذ فمدّ يده فوضع عليها درتان كانهما كوكبان ضياء فجاء بهما الى منزله وقال لامرأته امنّا من الفقر ثم انه رأى ذات ليلة في منامه انه في الجنة فرأى فيها قصرًا فقيل له هذا قصرك فرأى فيه اريكتين متقابلتين احدهما من الذهب الاحمر والاخرى من الفضة

مطلب خیز ترجمہ : چنانچہ وہ لوگ (تحقیق کیلیے) چلے تاکہ اس کو دیکھے۔ یکایک ان کو بال کا ایک گھر نظر آیا جس میں ایک بوڑھیا موجود تھی۔ پس ان لوگوں نے کہا کہ ہم نے گدھے کی آواز سنی جس نے ہم کو بیدار کیا اور تیرے یہاں گدھا نہیں دیکھتے ہیں تو اس بوڑھیا نے ان سے کہا کہ وہ میرا لڑکا ہے جو مجھے کہتا تھا کہ اے گدھیا آ۔ اور اے گدھیا جا۔ اور ایسا ہی (اس کی عادت تھی) پس اس کے حق میں بددعا کی تاکہ اللہ تعالیٰ اس کو گدھا کر دے۔ چنانچہ اب ہر رات کو صبح تک گدھے کی آواز کرتا ہے۔ ان لوگوں نے کہا کہ ہم کو اسکی طرف لے چلو تاکہ ہم اس کو دیکھیں۔ پس سب اس کی طرف چلے (تو کیا دیکھتا ہے) کہ یکایک وہ قبر میں ہے۔ اور اس کی گردن گدھے کی گردن کیطرح ہے۔ فلا حول ولا قوۃ الا باللہ۔ منقول ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک عبادت گزار تھا۔ جس پر معیشت زندگانی تنگ ہوگئی تھی۔ پس وہ میدان کیطرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوا نکلا اور اسے کچھ دینے کا سوال (دعا) کرتا تھا۔ چنانچہ ایک دن اسے آواز دیگئی کہ اے عابد اپنا ہاتھ پھیلا اور لے۔ پس اس نے ہاتھ پھیلایا اور اس پر دو موتی رکھے گئے۔ گویا کہ وہ دونوں روشنی میں ستارے ہیں۔ وہ ان کو لیکر اپنے گھر واپس آیا اور اپنی بی بی کو کہا کہ ہم محتاجی سے بے خوف ہوگئے۔ پھر اس نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ وہ جنت میں ہے اور اس میں ایک محل دیکھا پس اس سے کہا گیا کہ یہ تیرا محل ہے اور اس میں آمنے سامنے دو تخت دیکھے ایک سرخ سونے کا ہے اور دوسرا چاندی کا ہے۔

تحقیقات : قولہ حمارۃ گدھی یہ حمار کا مؤنث ہے۔ حمار کی دو قسمیں ہیں۔ اہلی اور جنگلی اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش و حمار الوحش اور الحمار الوحشی کہتے ہیں۔ حمار کی جمع حَمِیرٌ واَحْمِرَۃٌ وحُمُرٌ وحُمُورٌ وحُمُرَاتٌ آتی ہیں اور حمارۃ کی جمع حمائر ہے۔ قولہ انطلقی امر واحد مؤنث حاضر از انفعال۔ انطلق بہ لے جانا۔ انطلق جانا۔ قولہ ضاقت ماضی از ضرب مصدر الضیق بمعنی تنگ ہونا اجوف یائی۔ قولہ آمنّا ماضی جمع متکلم از سمع مصدر الأمن والامان بمعنی مطمئن ہونا صفت آمن۔ مہموز فاء۔ قولہ اریکتین اریکۃ بمعنی آراستہ و مزین تخت کا تثنیہ ہے جمع ارائک و اُرُکٌ مہموز فاء۔

وسقفها من اللؤلؤ وقیل له احدهما مقعدك والاخریٰ مقعد امرأتك فنظر الی سقفهما فاذا فیه موضع خالٍ مقدار دُرّتین فقال ما بال هٰذا الموضع انه خال فقیل لم یکن خالیا وانت تعجلت فی الدنیا الدرتین وهٰذا موضعهما فانتبه من منامه باکیا واخبر امرأته بذلك فقالت له علیك ان تدعو الله وتسأله حتی یردهما مکانهما فخرج الی الصحراء وهما فی کفه وصار یدعو الله ویتضرع الیه ان یردهما ولم یزل حتی اخذتا من کفه ونودی ان رددناهما مکانهما فحمد الله علی ذلك واثنی علیه

حکایۃ: حکی ان یزید بن معاویۃ قال لاصحابه انه لا یمکن ان یمر علی انسان یوم کامل بلا مکروہ وغم وانی ارید ان اجعل لی یوما لا اری فیه ذلك فهیأ له مجلسا للهو واتخذ فیه من الریاحین وغیرها ما تفعله الملوك وکانت له جاریۃ احب الناس الیه اسمها حنانۃ احسن الناس وجها واحسنهم صوتا۔

مطلب خیز ترجمہ: اور ان دونوں کی چھت موتی کی ہے اور اس سے کہا گیا کہ ان میں سے ایک تیرے بیٹھنے کی جگہ ہے اور دوسرا تیری بی بی کی نشستگاہ ہے اس کے بعد اس نے ان کی چھت کی طرف نظر کی (تو دیکھتا ہے) کہ یکایک اس میں دو موتی کی مقدار جگہ خالی ہے پس اس نے پوچھا کہ اس جگہ کا کیا حال ہے کہ خالی (پڑی) ہے جواب دیا گیا کہ وہ جگہ خالی نہیں تھی لیکن تو نے دنیا ہی میں ان دو موتیوں کیلئے جلدی کی یہ انہیں موتیوں کی جگہ ہے۔ چنانچہ وہ خواب سے روتا ہوا بیدار ہوا اور اپنی بی بی کو اس کی خبر دی۔ بی بی نے اس سے کہا تم اللہ سے دعا اور سوال کرتے رہو یہانتک کہ وہ ان موتیوں کو اپنی جگہ رکھدے پس وہ دونوں موتیوں کو اپنے ہاتھ میں لے کر میدان کی طرف نکلا اور اللہ سے دعا اور اس کی طرف رونا زاری کرنے لگا کہ وہ ان کو اپنی جگہ واپس کردے اور برابر دعا کرتا رہا یہانتک کہ وہ موتی اس کی ہتھیلی سے پکڑ لئے گئے اور آواز دی گئی کہ ہم نے ان موتیوں کو اپنی جگہ واپس کردیا۔ پس اس نے اس پر اللہ کا شکر ادا کیا اور اس کی حمد وثنا کی۔

بیان کیا گیا ہے کہ یزید بن معاویہ نے اپنے ساتھیوں سے (ایک دن) کہا کہ کسی انسان پر ایک پورا دن رنج اور غم کے بغیر گذرنا ممکن نہیں ہے اور میں اپنے لئے ایک ایسا دن بنانا چاہتا ہوں کہ اس میں غم واندوہ نہ دیکھوں۔ چنانچہ اس نے شاہانہ ایک لھو ولعب کی مجلس کی تیاری کی اور خوشبودار پھول وغیرہ سے گلدستہ تیار کیا۔ اور اس کی ایک لونڈی تھی جو اسے سب سے زیادہ محبوب تھی جس کا نام حنانہ تھا اور وہ چہرے کے اعتبار سے تمام لوگوں سے حسین تھی اور آواز کے لحاظ سے سب سے زیادہ اچھی تھی۔

تحقیقات: قولہ رددنا ماضی جمع متکلم از نصر مصدر الردّ والمردّ۔ واپس کرنا۔ مضاعف ثلاثی۔

قولہ یزید بن معاویہ بن ابو سفیان الاموی۔ کنیت ابو خالد ۲۵ھ مطابق ۶۴۵ء کو پیدا ہوئے ۶۰ھ مطابق ۶۸۰ء کو بنی امیہ کے خلیفہ ثانی ہوئے اپنے باپ امیر معاویہؓ کی زندگی میں قسطنطنیہ پر حملہ کرنے میں شریک ہوئے۔ اس نے ۶۱ھ مطابق ۶۸۰ء کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے اور جگر گوشے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کو کربلا میں شہید کرایا۔ بڑے شرابی تھے۔ ۶۴ھ مطابق ۶۸۳ء کو شہر حمص میں مرگئے۔

قولہ ریاحین یہ ریحان بم ہر ایک خوشبودار پودہ کی جمع ہے۔

فجعلها خلفه تحت الستارة وجعل الندماء امامه وصار ينظر الى الجارية ويلعب معها تارة والى ندمائه تارة لسماع اصواتهم ولم يزل كذلك الى وقت العصر فاحضر واله رمانا فاخذ يجعل حبه على يديه لتاخذه منه الجارية فاخذت واكلت فوقعت حبة فى حلقها فماتت لوقتها فحصل له الغم ما لامزيد عليه واستمر على ذلك اربعة ايام ثم مات على معاصيه والله اعلم

حکایت[۳۱]: حكى عن ابى يزيد البسطامى انه عبد الله تعالى سنين كثيرة فلم يجد للعبادة طعمًا ولا لذة فدخل على امه وقال لها اماه انى لا اجد للعبادة ولا للطاعة حلاوةً ابدًا فانظرى هل تناولت شيئًا من الطعام الحرام حيث كنت فى بطنك اوحين رضاعتى۔

مطلب خیز ترجمہ: پس یزید نے اس لونڈی کو اپنے پیچھے پردہ کی آڑ میں رکھا اور مصاحبوں کو اپنے سامنے۔ پھر وہ کبھی اس لونڈی کی طرف دیکھتا اور اس کے ساتھ کھیلتا تھا اور کبھی اپنے مصاحبین کی جانب ان کی آواز سننے کے لئے دیکھتا تھا۔ اور اسی طرح عصر کے وقت تک کرتا رہا۔ اس کے بعد لوگوں نے یزید کے واسطے ایک انار پیش کیا۔ پس وہ اپنے ہاتھوں پر انار کا دانہ نکال کر رکھنے لگا تاکہ وہ لونڈی اس میں سے کچھ پکڑلے۔ چنانچہ لونڈی نے ان دانوں کو لے کر کھایا اور ایک دانہ اس کے حلق میں اٹک گیا اور وہ اسی وقت مرگئی۔ پس یزید کو اس کی وجہ سے ایسا غم حاصل ہوا کہ اس سے زیادہ ممکن نہیں تھا اور وہ اسی غم میں چار دن زندہ رہا۔ پھر اپنے گناہوں پر ہی مرگیا۔ واللہ اعلم۔

حضرت ابویزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ انہوں نے سالہا سال اللہ تعالیٰ کی عبادت کی۔ لیکن عبادت میں مزہ اور لذت نہیں پائی۔ پس وہ اپنے والدہ ماجدہ کی خدمت میں تشریف لائے اور ان سے فرمایا کہ اے مادر مہربان میں عبادت الٰہی اور اس کی بندگی میں کبھی مزہ نہیں پاتا ہوں۔ لہٰذا آپ غور کیجئے کہ کیا آپ نے اس زمانہ میں کوئی حرام طعام کھایا ہے۔ جب میں آپ کے بطن میں تھا یا میرے دودھ پینے کے زمانہ میں۔

تحقیقات: قولہ الستارۃ بمعنی پردہ ج ستائر۔ قولہ رمان بمعنی انار، انار کا درخت۔ واحد رمانۃٌ۔ یہاں معنی اول مراد ہیں۔ قولہ حبۃ بمعنی دانہ ج حبات۔ قولہ ابویزید بسطامی۔ ان کا نام مبارک طیفور بن عیسیٰ بن آدم بن سروشان ہے۔ طبقۂ اولیٰ کے اولیاء میں سے ہیں۔ احمد بن حضرویہ اور ابوحفص اور یحییٰ معاذ کے ہمعصر ہیں اور حضرت شقیق بلخی رحمہ کو بھی دیکھا ہے ۲۶۱ھ اور بقول بعض ۲۶۴ھ کو اس دنیائے فانی سے رحلت فرما گئے اناللہ۔ موصوف نے موت کے وقت فرمایا الٰہی ما ذکرتک الا عن غفلۃ وما خدمتک الا عن فترۃ یہ فرمایا اور انتقال کرگئے۔ بسطام صاحب منتخب اور مزیل الاغلاط نے لکھا ہے کہ لفظ بسطام بالکسر ایک شہر کا نام ہے۔ جس میں حضرت ابویزید پیدا ہوئے۔ اور صراح میں بَسطام بالفتح لکھا ہے۔ اور بالضم کسی نے نہیں لکھا ہے۔ قولہ رضاعۃ مصدر از ضرب وسمع وفتح الولد امہ۔ ماں کا دودھ پینا۔ صفت راضِع ج رُضّع۔

فتفکرت طویلاً ثم قالت لہ یا بنی لما کنت فی بطنی صعدت فی سطح فرایت اجانۃ فیھا اقط فاشتھیتہ فاکلت منہ مقدار انملۃ بغیر اذن صاحبہ فقال ابو یزید ما ھو الا ھذا فاذھبی الی صاحبہ واخبریہ بذلک فذھبت الیہ واخبرتہ بذلک فقال لھا انت فی حل منہ فاخبرت ابنھا بذلک فعند ما ذاق حلاوۃ الطاعۃ

حکایت: حکی ان اباحنیفۃ رضی اللہ عنہ کان بینہ وبین رجل من البصرۃ شرکۃ فی تجارۃ فبعث الیہ ابوحنیفۃ سبعین ثوبًا من ثیاب الخز وکتب الیہ ان فی واحد منھا عیبا وھو الثوب الفلانی فاذا بعتہ فبیّن العیب۔

مطلب خیز ترجمہ: انہوں نے دیر تک سوچا پھر فرمایا کہ اے میرے لاڈلے بیٹے! جب تم میرے پیٹ میں تھے تو میں ایک چھت پر چڑھی اور ایک مرتبان دیکھا جس میں پنیر تھا۔ اور میں نے اس کی خواہش کی اور مالک کی اجازت کے بغیر میں نے اس میں سے بقدر سر انگشت کے کھایا۔ حضرت ابویزیدؒ نے فرمایا کہ عبادت میں لذت نہ ہونے کی صرف یہی وجہ ہے۔ لہٰذا آپ اس کے مالک کے پاس جائیے۔ اور اس کو اس بات کی اطلاع دیجئے۔ چنانچہ وہ اس کے پاس گئیں اور اسکو اس بات کی خبر دی۔ مالک نے کہا آپ اس سے حلت میں ہیں یعنی میں نے معاف کر دیا۔ اس کے بعد انہوں نے اپنے بیٹے کو اس کی اطلاع دی۔ پس اسی وقت حضرت ابویزید بسطامیؒ نے عبادت میں شیرنی چکھی۔

بیان ہے کہ امام اعظم حضرت ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ اور شہر بصرہ کے رہنے والے ایک شخص کے درمیان تجارت میں شرکت تھی۔ چنانچہ امام ابوحنیفہ نے ریشمی کپڑوں میں سے ستر کپڑے اپنے شریک تجارت کے پاس بھیجے اور لکھا کہ ایک کپڑے میں عیب ہے اور وہ فلاں کپڑا ہے۔ پس جب تم اس کو فروخت کرو تو اس کا عیب بیان کر دو۔

تحقیقات: قولہ اجانۃ کپڑے دھونے کا ٹب۔ ج اجاجین۔ اور بمعنی تغارہ، مرتبان۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں قولہ اقط پنیر۔ ہمزہ میں تینوں حرکات جائز ہیں۔ اور قاف ساکن ہے۔ اور ہمزہ کے فتحہ کی صورت میں قاف میں بھی تینوں حرکات جائز ہیں۔ اور بکسرتین بھی آیا ہے۔ قولہ انملۃ اس میں نو لغات ہیں۔ بتثلیث ہمزہ ومیم بمعنی سر انگشت اور بقول بعض انگلی کے اوپر کا پوراج انامل وانملات (بتثلیث الحرفین۔) قولہ ابوحنیفہ ان کا مبارک نام نعمان بن ثابت ہے اور کوفہ کے رہنے والے تھے ۸۰ھ مطابق ۶۹۹ء کو کوفہ میں ان کی ولادت باسعادت ہوئی۔ مذہب حنفی کے امام اور شریعت اسلامیہ کے آئمہ اربعہ میں سب سے بڑے رتبے والے تھے بڑے تاجر تھے۔ تابعین اور حضرت امام جعفر صادق اور حماد بن سلیمان وغیرہ مشہور محدثین وفقہاء کرام کے شاگرد ہیں اور کوفہ میں درس و تدریس اور افتاء کا کام جاری رکھا۔ اسپین کے سوا اسلامی دنیا کا کوئی حصہ نہ تھا جو ان کی شاگردی کے تعلق سے آزاد ہو۔ مکہ، مدینہ، دمشق، بصرہ، واسط، موصل، جزیرہ، رقہ، مصر، یمن، یمامہ، بحرین، بغداد، اصفہان، ہمدان، بخارا، سمرقند، مداین، حمص وغیرہ کے لوگ بلکہ ان کے استادی کے حدود خلیفۂ وقت کی حدود حکومت کے برابر تھے انہوں نے سب سے پہلے فقہ کو ابواب اور اقسام کیطرف تفصیل کی ہے فقہ اور فرائض میں صاحب اجتہاد تھے ان کی تصنیفات میں "الفقہ الاکبر" اور مسند ابوحنیفہ مشہور ہیں ۱۵۰ھ مطابق ۷۶۷ء کو اس دنیائے فانی سے کوچ فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ قولہ الخزّ بمعنی ریشم، ریشم اور اون کا کپڑا، بنا ہوا کپڑا ج خزوز۔ قولہ بیّن امر از تفعیل مصدر التبیین بمعنی ظاہر ہونا واضح ہونا اور ظاہر کرنا، واضح کرنا۔ لازمی و متعدی دونوں آیا ہے۔ اجوفِ یائی

فباعها بثلثین الف درهم وجاء بها الیٰ ابی حنیفۃ رضؓ فقال لہ هل بيّنت العیب فقال لقد نسیت فتصدق ابوحنیفۃ بجمیع ثمنها المذکور۔

حکایتٌ: حکی ان قاضیًا مات وترک امرأتہ حاملا فولدت ابنًا فلما ترعرع بعثتہ امہ الی الکتاب فلقنہ المعلم التسمیۃ فرفع اللہ العذاب عن ابیہ وقال یاجبرئیل انہ لایلیق بنا ان یکون ابنہ فی ذکرنا وھو فی عذابنا فاذھب الیہ وھنئہ بابنہ فذھب الیہ وھنّاہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

حکایتٌ: حکی ان حاتما الاصم دخل بغداد فقیل لہ ان ھٰھنا یھودیًا غلب العلماء فقال انا اکلمہ فلما حضر الیھودی سأل حاتما عن ای شیئ لایعلمہ اللہ وای شیئ لایوجد عند اللہ وای شیئ لیس فی خزائن اللہ وای شیئ یسألہ اللہ من العباد وای شیئٍ یعقدہ اللہ وای شیئٍ یحلہ اللہ

مطلب خیز ترجمہ: انہوں نے وہ کپڑے تیس ہزار درہم سے بیچے۔ اور قیمت امام صاحبؒ کی خدمت میں لائے۔ امام صاحب نے ان سے فرمایا کہ آیا تم نے اس کا عیب بیان کیا تھا۔ اس نے کہا کہ میں بیان کرتا بھول گیا۔ پس امام صاحبؒ نے تیس ہزار درہم سب کے سب صدقہ کر دیئے۔ منقول ہے کہ ایک قاضی مرگیا اور اپنی بی بی کو حاملہ چھوڑ گیا۔ چنانچہ بی بی سے ایک لڑکا پیدا ہوا۔ جب وہ لڑکا بڑا ہوا تو اس کی ماں نے اس کو مکتب میں بھیجا۔ معلم نے اس کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تعلیم دی۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس کے باپ سے عذاب اٹھا لیا اور فرمایا کہ اے جبرئیل ہم کو یہ مناسب نہیں ہے کہ جس کا لڑکا ہمارا ذکر کرے وہ ہمارے عذاب میں رہے۔ تم اس کے پاس جاؤ اور اس کو لڑکے کی مبارکباد دو چنانچہ حضرت جبرئیل تشریف لائے اور اس کو لڑکے کی مبارکباد دی۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے۔

نقل ہے کہ حاتم اصم بغداد میں تشریف لائے پس ان سے کہا گیا کہ یہاں ایک یہودی ہے جو علماء پر غالب ہے انہوں نے فرمایا کہ میں اس سے گفتگو کروں گا۔ چنانچہ جب یہودی حاضر ہوا تو اس نے حاتم سے پوچھا کہ کون سی ایسی چیز ہے جسکو اللہ تعالیٰ نہیں جانتا۔ اور کون سی ایسی چیز ہے جو اللہ تعالیٰ کے پاس موجود نہیں ہے۔ اور کون سی ایسی چیز ہے جو اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں نہیں ہے۔ اور کون سی ایسی چیز ہے جس کو اللہ بندوں سے چاہتا ہے اور کون سی ایسی چیز ہے جس کو اللہ باندھتا ہے۔ اور کون سی چیز ہے جس کو اللہ کھولتا ہے۔

تحقیقات: قولہ نسیت ماضی واحد متکلم از سمع مصدر النسیان بھولنا۔ ناقص یائی۔ قولہ قاضی اسم فاعل بمعنی حاکم شرعی جمع قضاۃ۔ قضیٰ بین الخصمین از ضرب بمعنی فیصلہ کرنا۔ ناقص یائی۔ قولہ ترعرع ماضی از تسربل۔ ترعرع الصبی بمعنی بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ مضاعف رباعی۔

فقال له حاتم ان اجبتك تقر بالاسلام قال نعم فقال حاتم الذی لایعلمه الله هو شریکه او ولده فان الله لایعلم له شریکا ولا ولدا والذی لیس عند الله هو الظلم ان الله لایظلم الناس شیئا والذی لیس فی خزائن الله الفقر هو الغنی وانتم الفقراء والذی یسأله الله من العباد هو القرض من ذا الذی یقرض الله قرضا حسنا والذی یعقده الله هو الزنار للکفار والذی یحله الله هو ذلك الزنار عن احبائه۔ فاسلم الیهودی باذن الله۔

حکایت: حکی عن ابی یزید البسطامیؒ انه خرج یوما وعلیه اثر البکاء فقیل له لم ذلك فقال بلغنی ان عبدا یاتی یوم القیمة الی موقف الحساب مع خصم له فیقول یا رب انی کنت رجلا قصابا فجاء الیّ هذا الرجل واستام منی اللحم ووضع اصبعه علی لحمی حتی رسمت اصبعه ولم یشتر لحما۔

مطلب خیز ترجمہ: پس حاتم نے یہودی سے پوچھا کہ اگر میں تیرے سوالوں کا جواب دیدوں تو تو اسلام کا اقرار کریگا اس نے کہا ہاں۔ اس کے بعد حاتم نے کہا جس چیز کو اللہ تعالیٰ نہیں جانتا ہے وہ اس کا شریک یا اس کا لڑکا ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اپنا شریک اور لڑکا نہیں جانتا ہے۔ اور جو چیز اللہ کے پاس نہیں ہے وہ ظلم ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر کسی قسم کا ظلم نہیں کرتا ہے۔ اور جو چیز اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں نہیں ہے وہ محتاجی ہے۔ اللہ غنی ہے اور تم محتاج ہو اور جو چیز اللہ تعالیٰ بندوں سے چاہتا ہے وہ قرض ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ کون ایسا شخص ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے۔ اور وہ چیز جو اللہ تعالیٰ گرہ لگاتا ہے وہ کفار کیواسطے زنار ہے اور جو چیز اللہ کھولتا ہے وہ بھی دوستوں کے لئے یہی زنار ہے۔ یعنی زنار کو اپنے پیارے بندوں سے کھول دیتا ہے۔ یہ سنکر اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہودی مسلمان ہو گیا۔ حضرت ابو یزید بسطامیؒ سے مروی ہے کہ ایک دن موصوف باہر نکلے اور ان پر رونے کی علامت نمودار تھی۔ چنانچہ ان سے پوچھا گیا کہ یہ رونا کس لئے ہے فرمایا کہ مجھے یہ خبر ملی کہ قیامت کے دن ایک بندہ موقف حساب کیطرف اپنے مخالف کے ساتھ آئیگا اور کہیگا کہ خداوندا میں ایک قصائی آدمی تھا یہ شخص میری طرف آیا اور مجھ سے گوشت کا بھاؤ چکایا اور اپنی انگلی میرے گوشت پر رکھا حتی کہ اس کی انگلی نے گوشت پر نشان لگا دیا اور اس نے گوشت نہیں خریدا۔

تحقیقات: قولہ زنار بمعنی جنیو ج زنانیر۔ قولہ خصم بمعنی مقابل، مخالف، جھگڑا کرنے والا۔ تثنیہ، جمع اور مذکر و مونث سب کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے ھما وھم وھی خصم ج خصوم، خصام، اخصام۔ قولہ قصاب بمعنی قصائی۔ قصبا از ضرب بمعنی کاٹنا۔ قصب الشاة۔ بکری کے عضو عضو کاٹنا۔ قولہ استام ماضی از افتعال مصدر الاستیام بمعنی قیمت دریافت کرنا۔ مادہ سوم۔ اجوف واوی۔ قولہ رسمت ماضی واحد مونث غائب از ضرب مصدر الرسم بمعنی نشان چھوڑنا۔

فاحتجت الیوم الی ذلك المقدار فیأمر الله ان یعطی من حسناته بقدر حقه وکان میزان ذلك الرجل قد خف مقدار ذرة فیوضع ذلك فیرجح ویومر بہ الی الجنة فینقص میزان خصمہ بذلك المقدار فیومر بہ الی النار فلا ادری حالی ذلك الیوم

حکایت: حکی عن ابراهیم بن ادهم رضی الله عنه انه کان بمکة فاشتری من رجل تمرا فاذا هو بتمرتین وقعتا علی الارض بین رجلیه

مطلب خیز ترجمہ: اور میں آج اسی قدر کا محتاج ہوں پس اللہ تعالیٰ حکم جاری کریگا کہ مدعا علیہ کے نیکیوں میں سے مدعی کے حق کی مقدار اس کو دیا جائے۔ اور اس شخص (مدعی) کی ترازو ایک ذرہ کی مقدار ہلکی تھی۔ پس یہ اس کی ترازو میں رکھا جائیگا۔ اور اس کی ترازو کا پلڑا بھاری ہوجائے گا اور اس کو جنت کا حکم دیا جائے گا۔ اور مخاصم کی ترازو اسی قدر کم ہوجائے گی اور اس کو دوزخ کا حکم دیا جائے گا۔ پس میں نہیں جانتا ہوں کہ اس دن میرا کیا حال ہے۔

حضرت ابراہیم بن ادہم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ مکہ معظمہ میں تھے چنانچہ انہوں نے ایک شخص سے خرمے خریدے (تو دیکھا کہ) یکایک دو خرمے ان کے پاؤں کے درمیان زمین پر گر گئے۔

تحقیقات: قولہ احتجت ماضی واحد متکلم از افتعال مصدر الاحتیاج۔ بصلہ الی بمعنی محتاج ہونا اجوف واوی۔ قولہ خفّ ماضی از ضرب مصدر الخفة والخف بمعنی ہلکا ہونا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ یرجح مضارع مجہول واحد مذکر غائب از تفعیل مصدر الترجیح۔ بمعنی بوجھل کر دینا، جھکا دینا، ترجیح دینا۔ قولہ میزان۔ بمعنی ترازو جمع موازین۔ وزن الشیٔ تولنا۔ مصدر الوزن والزنة از ضرب مثال واوی۔ قولہ لا ادری مضارع منفی واحد متکلم از ضرب۔ مصدر دَرْیًا ودِرْیًا ودَرْیَةً ودِرْیَةً ودُرْیَانًا ودِرْیَانًا ودُرِیًّا ودِرَایَةً۔ بمعنی جاننا۔ اور بعض نے کہا حیلہ سے جاننا۔ کذا فی اقرب الموارد۔ آخری مصدر زیادہ مستعمل ہے۔ ناقص یائی۔

قولہ ابراهیم بن ادهم۔ ان کی کنیت ابو اسحٰق تھی۔ اور ان کا نسب اسطرح پر ہے ابراہیم بن ادہم بن سلیمان بن منصور البلخی مکہ کے راستے میں پیدا ہوئے انکی والدہ نے ان کو گود میں لے کر طواف کیا اور یہ دعا کی ادعوا لابنی ان یجعلہ اللہ صالحاً۔ یہ شخص بادشاہ زادوں میں سے تھے جوانی میں توبہ کرکے ولی کامل بن گئے اور طبقہ اولیٰ میں تھے۔ ان کی توبہ کا سبب یہ تھا کہ ایک وقت شکار کھیلنے کے ارادے سے باہر نکلے تھے کہ ناگاہ ایک ہاتف غیبی نے آواز دی کہ اے ابراہیم تجھے اللہ نے اس کام کیلئے نہیں بنایا۔ انکو اس بات سے آگاہی ہوئی اور مکہ معظمہ میں تشریف لے گئے اور وہاں حضرت سفیان ثوری اور فضیل بن عیاض اور ابو یوسف غسولی سے صحبت رکھی۔ اور شام میں گئے وہاں کسب حلال کرتے تھے۔ علامہ کردری کا بیان ہے کہ یہ شخص امام ابوحنیفہؒ کی صحبت میں رہے اور ان سے روایت حدیث بھی کی۔ امام صاحب نے ان کو نصیحت فرمائی تھی کہ تم کو خدا نے عبادت کی تو بہت کچھ توفیق بخشی ہے۔ اس لئے علم کا بھی اہتمام کرنا چاہئے۔ کیونکہ وہ عبادت کی اصل ہے اور اسی پر سارے کاموں کا مدار ہے۔ آپ کسی غزوہ میں جارہے تھے۔ راہ میں ۱۶۱ھ کو اور بقول بعض ۱۶۶ھ کو اس دنیا سے رحلت فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اللھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعی فیہ

فظن انهما مما اشتراه فرفعهما واكلهما وخرج الى بيت المقدس ودخل الى قبة الصخرة وخلا فيها وكان الرسم فيها ان يخرج من كان فيها وتخلّى للملائكة ليلاً بعد العصر فاخرج من كان فيها فاحتجب ابراهيم فلم يروه فبقى فدخلت الملائكة فقالوا ههنا جنس آدمى فقال واحد منهم هو ابراهيم بن ادهم عابد خراسان فاجابه آخر منهم نعم فقال آخر هذا الذى يصعد منه كل يوم عمل الى السماء فتقبل فقال آخر نعم غير ان طاعته موقوفة منذ سنة ولم تستجب دعوته تلك المدة لمكان التمرتين ثم اشتغلت الملائكة بالعبادة حتى طلع الفجر فرجع الخادم وفتح باب القبة فخرج ابراهيم الى مكة وجاء الى باب الحانوت فراى فتًى يبيع التمر فقال له كان ههنا شيخ يبيع التمر فى العام الاول. فاخبره انه والده وانه فارق الدنيا۔

مطلب خیز ترجمہ: انہوں نے خیال کیا کہ یہ دو خرمے بھی انھیں خرموں میں سے ہیں جو انہوں نے خریدے ہیں۔ پس انہوں نے ان کو اٹھا لیا اور کھا گئے اور (جب وہاں سے) بیت المقدس کی طرف نکلے اور صخرہ (ایک پتھر ہے جو بیت المقدس میں ہوا پر معلق ہے) کے گنبد میں داخل ہوئے اور خلوت کی۔ اس گنبد میں رسم تھی کہ جو شخص اس میں رہتا وہ عصر کے بعد باہر نکل جاتا اور رات کو فرشتوں کے واسطے خالی ہو جاتا۔ چنانچہ جو لوگ اس میں تھے وہ نکل گئے اور ابراہیم چھپ گئے۔ لوگوں نے انھیں نہیں دیکھا۔ پس وہ باقی رہ گئے اس کے بعد فرشتے داخل ہوئے۔ پس انہوں نے کہا کہ یہاں آدمی کی جنس ہے۔ ان میں سے ایک فرشتہ نے کہا کہ وہ ابراہیم بن ادھم عابد خراسان ہے۔ دوسرے نے جواب دیا کہ ہاں! اس کے بعد اور ایک فرشتہ نے کہا کہ یہ وہی شخص ہے کہ جس کا عمل روزانہ آسمان پر چڑھتا ہے اور وہ مقبول ہوتا ہے۔ پھر اور ایک نے کہا کہ ہاں! لیکن ایک سال سے اس کی عبادت موقوف ہے۔ اور اس مدت سے اس کی دعا قبول نہیں کی گئی ہے وہی دو خرمے کی وجہ سے اس کے بعد فرشتے عبادت الٰہی میں مشغول ہو گئے یہاں تک کہ صبح طلوع ہوئی۔ پس خادم واپس آیا اور اس نے گنبد کا دروازہ کھولا۔ پس حضرت ابراہیم بن ادہم مکۂ معظمہ کی طرف نکلے اور اس مکان کے دروازہ پر آئے پس انہوں نے ایک جوان کو دیکھا جو خرما بیچ رہا ہے حضرت ابراہیم نے اس سے فرمایا کہ سال گذشتہ میں یہاں ایک بڈھا خرما بیچتا تھا۔ اس جوان نے ان کو اطلاع دی کہ وہ اس کا باپ تھا جس نے دنیا سے مفارقت اختیار کر لی۔

تحقیقات: قولہ خلا ماضی از نصر مصدر الخلوۃ۔ بصلۂ بار والی بمعنی تنہائی میں ملنا۔ خلا الرجل بنفسہ بمعنی منفرد ہونا مادہ طلو ناقص واوی قولہ تخلّی ماضی از تفعل مصدر التخلی بمعنی تنہائی میں رہنا اور بصلۂ لام بمعنی کسی کام کیلئے فارغ ہونا۔ اور شیخ کے قول میں معنی ثانی مراد ہیں۔ قولہ احتجب ماضی از افتعال مصدر الاحتجاب بمعنی چھپنا قولہ خراسان ایران میں ایک شہر کا نام ہے قولہ حانوت بمعنی دوکان۔ شراب بیچنے والے کی دوکان (مذکر و مؤنث) یہاں معنی اول مراد ہیں جمع حوانیت۔ نسبت کیلئے حانیٌّ و حانویٌّ۔ قولہ فتی نوجوان بمعنی۔ اسکا تثنیہ فتوانِ و فتیانِ اور جمع فتیانٌ و فتیۃٌ و فتوۃٌ و فتوٌّ و فتیٌّ مغتیٌّ۔ فتی از سمع تفتّی از تفعل بمعنی جوان ہونا۔ قولہ تمر خرما واحد تمرۃٌ جمع تمرات و تمورٌ و تمرانٌ۔

فاخبرہ ابراهيم بالقصة فقال له الفتىٰ انت فی حل من نصیبی من التمرتین ولی اخت و والدة فقال له این هما فقال فی الدار فجاء ابراهیم فقرع الباب فخرجت عجوز متكئة علىٰ عصًا فسلم علیها فردت علیه السلام ثم قالت له ما حاجتك فاخبرها بالقصة فقالت له انت فی حل من نصیبی ثم فعل مع بنتها كذلك ثم توجه ابراهيم الىٰ بيت المقدس ودخل القبة فدخلت الملائكة ويقول بعضهم لبعضٍ هذا ابراهیم بن ادهم كانت اعماله موقوفة ودعوته غير مقبولة منذ سنة فلما عمل ما علیه من شان التمرتين قبلت اعماله واجيبت دعوته واعاده الله الىٰ درجته فبكىٰ ابراهیم فرحًا وصار لا يفطر الا فی كل سبعة ايام بطعام حلال انتهىٰ۔

مطلب خیز ترجمہ: اس کے بعد ابراہیمؒ نے اس سے پورا قصہ بیان کیا۔ پس جوان نے کہا دو خرموں میں جس قدر میرا حصہ ہے آپ اس سے حل میں ہیں یعنی میں نے معاف کر دیا۔ اور میری ایک بہن اور ایک ماں ہیں۔ ابراہیم نے فرمایا کہ وہ دونوں کہاں ہیں۔ اس نے کہا کہ وہ گھر میں ہیں۔ پس ابراہیم اس کے گھر پر آئے اور دروازہ کھٹکھٹایا چنانچہ ایک بوڑھیا لاٹھی پر ٹیکتی ہوئی باہر نکلی۔ ابراہیم نے اس کو سلام کیا اس نے سلام کا جواب دیا۔ پھر بوڑھیا نے ابراہیم سے کہا آپ کی کیا حاجت ہے۔ پس ابراہیم نے وہ قصہ بیان فرمایا۔ اس کے بعد بوڑھیا نے کہا آپ میرے حصہ سے حل میں ہیں۔ پھر اس کی بیٹی کے ساتھ ایسا ہی معاملہ کیا۔ اس کے بعد ابراہیم بیت المقدس کی طرف متوجہ ہوئے اور اس گنبد میں داخل ہوئے اس کے بعد فرشتے داخل ہوئے اور ایک دوسرے سے کہنے لگے یہ شخص ابراہیم بن ادہم ہیں۔ ایک سال سے ان کی عبادت موقوف تھی۔ اور ان کی دعا مقبول نہ تھی۔ لیکن جب سے انھوں نے اپنی اس غلطی کو معاف کرا لیا جو دو خرموں سے پیش آئی تھی تو ان کے اعمال مقبول ہونے لگے اور ان کی دعا قبول کیجانے لگی۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کے درجہ کیطرف پھیر دیا (یہ سنکر) ابراہیم خوشی سے روئے اور (ان کی یہ حالت ہوئی کہ) ہر سات دن کے بعد افطار کرنے لگے۔ ختم شد۔

تحقیق: قولہ نَصِیبٌ حصہ، عوض، نصب کیا ہوا پھندا۔ جمع اَنْصِبَۃٌ وَاَنْصِبَاءُ وَنُصُبٌ

قولہ فَرَحٌ مصدر از سمع بمعنی خوش ہونا

حکایت: حکی عن ذی النون المصری رحمہ اللہ تعالیٰ انہ دخل المسجد الحرام فرای رجلا مطرحًا تحت اسطوانۃ وھو عریان یذکر اللہ بقلب حزین قال فدنوت منہ وسلمت علیہ فقلت لہ من انت قال انا رجل غریب فقلت لہ ما اسمك فقال انا مطلوب الذی ھربت منہ فقلت لہ ما تقول فبکی فبکیت لبکائہ فمازال یبکی حتی مات من ساعتہ فرمیت علیہ ازاری لاسترہ بہ فذھبت اطلب لہ کفنا ثم رجعت فماوجدتہ فقلت یا سبحان اللہ من سبقنی الیہ فاخذنی النوم واذا بھاتف یقول یاذا النون ھذا الذی یطلبہ الشیطان فی الدنیا فلا یراہ ویطلبہ مالك خازن النار فلا یراہ ویطلبہ رضوان الجنان فلا یراہ فقلت للھاتف فاین ھو بعد ھذا قال فی مقعد صدق عند ملیك مقتدر ولذلك یقال الناس فی العبادۃ علی ثلثۃ اقسام رھبانی وحیوانی وربانی

مطلب خیز ترجمہ: ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ وہ مسجد حرام میں داخل ہوئے وہاں انہوں نے ایک ایسے شخص کو دیکھا جو ستون کے نیچے برہنہ پڑا ہوا ہے۔ اور پریشان دل سے اللہ تعالیٰ کو یاد کر رہا ہے۔ ذوالنون فرماتے ہیں کہ میں اس کے نزدیک گیا اور اس کو سلام کیا۔ اور اس کو پوچھا کہ تم کون ہو۔ اس نے کہا کہ میں پردیسی ہوں۔ میں نے اس سے کہا کہ تمھارا نام کیا ہے۔ اس نے کہا کہ میں جس کا مطلوب ہوں اسی سے بھاگا ہوں۔ میں نے اس کو کہا یہ تم کیا کہتے ہو۔ پس وہ رو دیا۔ اور اس کے رونے کی وجہ سے میں بھی رو دیا۔ چنانچہ وہ روتا رہا۔ یہاں تک کہ اسی وقت مر گیا۔ میں نے اس پر اپنا ازار ڈالدیا تاکہ اس کے ذریعہ اس کو چھپاؤں۔ اور اس کے لئے کفن طلب کرنے کے واسطے گیا۔ پھر میں واپس ہوا تو اس کو نہ پایا۔ میں نے کہا اے لوگو! تعجب کرو سبحان اللہ کون شخص میرے پہلے اس کی طرف آیا۔ پس مجھے نیند آ گئی کہ یکایک ایک ہاتف غیبی کہتا ہے کہ اے ذوالنون یہ وہ شخص ہے جس کو شیطان دنیا میں تلاش کرتا تھا۔ لیکن اس کو نہیں دیکھتا اور اس کو مالک دارو غۂ دوزخ بھی ڈھونڈھتا تھا۔ لیکن اس نے بھی اس کو نہیں دیکھا۔ اور اس کو رضوان مالک جنت بھی تلاش کرتا تھا۔ لیکن وہ بھی اس کو نہیں دیکھتا تھا۔ پس میں نے منادی غیب سے کہا اس کے بعد وہ کہاں ہے تو اس نے کہا کہ (اس وقت وہ) بادشاہ قادر کے پاس دوستی کی نشستگاہ میں ہے۔ اور اسی لئے کہا جاتا ہے لوگ عبادت کے لحاظ سے تین قسم پر ہیں۔ رہبانی۔ حیوانی۔ ربانی۔

تحقیقات: قولہ اسطوانۃ بمعنی ستون، کھمبا ج اساطین۔ قولہ عریان بمعنی ننگا۔ صفت کا صیغہ ج عراۃ۔ صفت مؤنث عاریۃ وعریانۃ ج عوارد عاریات۔ عریا وعریۃ از سمع بصلۂ من ننگا ہونا۔ ناقص یائی۔ قولہ خازن بمعنی خزینہ دار ج خزنۃ وخزان از سمع مصدر الخزن بمعنی ذخیرہ کرنا۔ جمع کرنا۔ خازن النار۔ داروغۂ دوزخ۔ قولہ ملیك بمعنی بادشاہ ج ملکاء۔ قولہ مقتدر اسم فاعل از افتعال مصدر الاقتدار بمعنی قدرت پانا، قوی ہونا۔

فالرھبانی ھو الذی یعبد اللہ رھبۃً وخوفًا والحیوانی ھو الذی یعبد اللہ رجاء رحمتہ وعفوہ والربانی ھو الذی یعبد اللہ ولا یعرف الدنیا ولا الآخرۃ ولا الجنۃ ولا النار ولا النفس ولا الرُّوح فالاول یقال لہ یوم اذا بعث من قبرہ نجوت من النار ویقال للثانی ادخل الجنۃ ویقال للثالث انت محبوبی انت مطلوبی انت مرادی وعزتی وجلالی ماخلقت الجنان الا لمثلک۔

حکایت: حکی انہ کان ملک کافر ولہ وزیر مسلم صالح وکان الوزیر یترصد فرصۃً للموعظۃ لہ ففی ذات لیلۃ قال لہ الملک قم حتی نرکب وننظر احوال الناس فرکبا ومرّا فی طریق فاذا ھو بمحل شبیہ الجبل وفیہ ضوء نار فذھب الیہ فاذا ھو ببیت فیہ اصوات غناء واوتار ورأیا فیہ رجلًا خلق الثیاب فی مزبلۃ متکئًا علی تلّ من زبل۔

مطلب خیز ترجمہ: پس رہبانی وہ ہے جو خوف اور ڈر سے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے۔ اور حیوانی وہ ہے جو اللہ کی رحمت اور عفو کی امید پر عبادت کرتا ہے۔ اور ربّانی وہ ہے جو اللہ کے واسطے اللہ کی عبادت کرتا ہے اور نہ دنیا کو پہچانتا ہے اور نہ آخرت کو۔ اور نہ جنت کو اور نہ دوزخ کو اور نہ نفس کو اور نہ روح کو۔ پس اوّل کو قیامت کے دن جب قبر سے اٹھایا جائے گا تو کہا جائے گا تم نے آتش دوزخ سے نجات پائی اور دوسرے کو کہا جائے گا تم جنت میں داخل ہو۔ اور تیسرے کو کہا جائے گا کہ تم میرا محبوب ہو۔ تم میرا مطلوب ہو تم میری مراد ہو۔ مجھے عزت وجلال کی قسم ہے میں نے جنت کو صرف تم جیسے لوگوں ہی کیلئے پیدا کیا ہے۔ نقل کیا گیا ہے کہ ایک کافر بادشاہ تھا۔ اور اس کا ایک وزیر مسلمان نیک کار تھا۔ وزیر بادشاہ کو نصیحت کرنے کی فرصت کا منتظر تھا۔ ایک رات بادشاہ نے وزیر کو کہا چلو۔ یہانتک کہ ہم دونوں سوار ہوں اور لوگوں کے احوال دیکھیں۔ سو دونوں سوار ہوئے اور ایک راستے میں گزرے۔ ناگاہ ایک محل (دیکھا) جو پہاڑ کے مانند تھا اور اس میں آگ روشن تھی پس اس کی طرف چلے کہ یکایک ایک گھر (دیکھا گیا) جس میں گانے اور تارہائے ساز کی آواز ہے اور اس میں بوسیدہ کپڑے والا ایک ایسے شخص کو دیکھا جو گوبر گوم کے تودہ اور ڈھیر پر تکیہ لگائے ہوئے گھورے پر بیٹھا ہے۔

تحقیقات: قولہ یترصد مضارع از تفعل مصدر الترصد بمعنی امید لگانا اور بصلہ لام بمعنی گھات میں بیٹھنا۔ یہاں معنی ثانی مراد ہیں۔ قولہ فرصۃ بمعنی مہلت، وقت مناسب۔ ج فرص۔ فرص فرصًا از نصر بمعنی کاٹنا۔ وفرص الفرصۃ بمعنی فرصت پانا۔ قولہ غناء مصدر از سمع بمعنی گنگنانا۔ مضاعف ثلاثی۔ قولہ خلق الثیاب۔ خلق بمعنی بوسیدہ (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے ثوب خلق وجبۃ خلق۔ ج اخلاق، خلوقۃً وخلقًا از سمع وکرم ونصر بمعنی بوسیدہ ہونا۔ قولہ مزبلۃ بمعنی کوڑا خانہ۔ ج مزابل۔ قولہ زبل بمعنی گوبر۔ زبلًا از ضرب بمعنی زمین میں کھاد ڈالنا۔ قولہ تلّ بمعنی چھوٹا سا ٹیلہ۔ ج تلال وتلول۔

وبين يديه ابريق من فخار وفي يده مربط وامرأته بين يديه تحييه بتحية الملوك وهو يحييها بسيدة النساء فقال الملك لعلهما يصنعان كل ليلة كذلك فحينئذٍ اغتنم الوزير الفرصة فقال للملك ايها الملك نخاف ان تكون فى الغرور مثلهما قال كيف ذلك فقال ان ملكك فى عين من يعرف الملكوت مثل هذه المزبلة فى عينك وكذلك متكاك وقصورك وان جسدك وملبوسك عند من يعرف النظافة والنظارة مثل هٰذين فى عينك

مطلب نخز ترجمہ: اور اس کے سامنے مٹی کا ایک بدھنا ہے اور اس کے ہاتھ میں ایک رسی ہے۔ اور اس کی بی بی اس کے سامنے رہ کر اس کو بادشاہوں کے سلام کیطرح سلام کرتی ہے۔ اور وہ شخص بھی اپنی بی بی کو عورتوں کی سردار کو سلام کرنے کی طرح سلام کرتا ہے۔ پس بادشاہ نے کہا کہ شاید یہ دونوں ہر رات کو ایسا ہی کرتے ہیں۔ اس وقت وزیر نے فرصت کو غنیمت جانی اور بادشاہ سے کہا کہ اے بادشاہ ہم ڈرتے ہیں کہ ان دونوں کی طرح آپ بھی دھوکے میں رہیں۔ بادشاہ نے کہا کہ یہ کیونکر۔ وزیر نے کہا آپ کا ملک اس شخص کی آنکھ میں جو عالم بالا کو پہچانتا ہے اس گھورے کی مثل ہے جو آپ کی نظر میں ہے۔ اور اسی طرح آپ کا تکیہ آپ کے محلات، آپ کا جسم اور آپ کا لباس اس شخص کی نظر میں جو پاکیزگی اور تازگی کو پہچانتا ہے۔ ان دونوں کی مثل ہے جو آپ کی نظر میں ہے۔

تحقیقات: قولہ ابریق بمعنی لوٹا، بدھنا۔ ج اباریق۔ یہ لفظ آبریز کا معرب ہے۔ قولہ فخار بمعنی ٹھیکری پکی ہوئی مٹی۔ واحد فخارۃ۔ قولہ اغتنم ماضی از افتعال مصدر الاغتنام۔ بمعنی غنیمت سمجھنا۔ قولہ غرور مصدر از نصر بمعنی دھوکہ دینا مضاعف ثلاثی۔ قولہ نظافۃ مصدر از کرم۔ بمعنی صاف ستھرا ہونا بارونق وحسین ہونا۔ صفت مذکر نظیف مؤنث نظیفۃ ج نظفاء۔ قولہ نضارۃ بمعنی تراوت اور دانائی

اللھم اغفر لکاتبہ ولوالدیہ ولمن سعیٰ فیہ

فقال الملك ومن هم اصحاب هٰذه الصفة قال هم اهل المدينة التي فيها الفرح لا الحزن والنور لا الظلمة والامن لا الخوف فقال له الملك ما منعك ان تخبرني بهٰذا قبل اليوم فقال له هيبتك فقال له الملك لئن كان الذي وصفت حقًا فينبغي لنا ان نجعل ليلنا ونهارنا فيه فقال له الوزير اتأمران اطلب لك ذلك قال نعم فبعد ايام قال الوزير ايها الملك وجدت مطلوبك في ابيات على قبور اٰبائك۔

مطلب خیز ترجمہ: پس بادشاہ نے کہا کہ وہ کون لوگ ہیں جن کی صفت یہ ہے۔ وزیر نے کہا کہ اہل مدینہ ہیں کہ اس میں خوشی ہے اور غم نہیں۔ اور نور ہے اندھیری نہیں۔ اور امن واطمینان ہے خوف نہیں۔ اس کے بعد بادشاہ نے وزیر سے کہا کہ کیا چیز تم کو مانع ہوئی کہ تم نے آج سے پہلے مجھے خبر نہیں دی۔ وزیر نے کہا آپ کا ڈر (یعنی آپ کے ڈرنے مجھے باز رکھا) پھر بادشاہ نے اس کو کہا تم نے جو صفت بیان کی اگر وہ حق ہو تو ہم کو مناسب ہے کہ ہم اپنی رات اور اپنا دن اسی میں صرف کریں۔ وزیر نے بادشاہ سے کہا کہ کیا آپ حکم دیتے ہیں کہ میں آپ کے لئے اس کو تلاش کروں۔ بادشاہ نے کہا ہاں۔ چنانچہ چند دنوں کے بعد وزیر نے بادشاہ سے کہا کہ اے بادشاہ میں نے آپ کا مطلوب ان اشعار میں پایا جو کہ آپ کے آباد واجداد کی قبروں پر لکھے ہوئے ہیں۔

اللھم اغفر لکاتبہ

ولوالدیہ

ولمن سعیٰ

فیہ

فقال ماھی فقال شعر ؎

اتعمی عن الدنیا وانت بصیر ٭ وتجھل ما فیھا وانت خبیر
ونصبح تبنیھا کانك خالد ٭ وانت غدًا اعما بنیت تسیر
وترفع فی الدنیا بناءً مفاخرًا ٭ ومثواك بیت فی القبور صغیر
ودونك فاصنع کلما انت صانع ٭ فان بیوت المیّتین قبور

فلما سمع الملك تاب الی اللہ واسلم و حسن اسلامہ وکان ذلك سببًا لنجاتہ

مطلب خیز ترجمہ : بادشاہ نے کہا وہ اشعار کیا ہیں۔ پس وزیر نے کہا ؎ ترجمہ:- (۱) کیا تو دنیا سے اندھا ہے حالانکہ تو انکھیارا ہے۔ اور کیا دنیا میں جو کچھ ہے تو اس کو نہیں جانتا ہے حالانکہ تو باخبر ہے۔ (۲) اور تو دنیا کو آباد کرنے لگا گویا کہ تو ہمیشہ رہنے والا ہے۔ حالانکہ جو کچھ تو نے بنایا ہے کل اسکو چھوڑ کر چلتا بنے گا۔ اور تو ناز و فخر کرتا ہوا دنیا میں بلند عمارت بناتا ہے۔ اور حالانکہ قبروں میں تیری ٹھکانے کی جگہ چھوٹا سا گھر ہے۔ (۳) اس کو لے (اور یاد کر) پس ہر وہ چیز جو تو کرنے والا ہے اس کو کر۔ بے شک مردوں کا گھر قبریں ہیں۔

جب بادشاہ نے یہ سنا تو اس نے اللہ کی جانب رجوع کیا اور توبہ کی اور مسلمان ہوا اور اس کا اسلام اچھا ہوا۔ اور یہ اس کی نجات کا سبب بنا۔

تحقیقات : قولہ تعمی مضارع واحد مذکر از سمع مصدر عمیً بمعنی اندھا ہونا، دل کا اندھا ہونا، جاہل ہونا۔ وبصلۂ عن بمعنی ہدایت نہ پانا۔ قولہ بصیر بمعنی دانا، بینا۔ ج بصراء از کرم مصدر البصارۃ بمعنی جاننا، دیکھنا۔ قولہ خبیر بمعنی واقف، آگاہ، دانا۔ ج خبراء۔ از کرم مصدر الخبرۃ بمعنی حقیقت حال سے واقف ہونا۔ قولہ خالد اسم فاعل از نصر مصدر الخلود بمعنی ہمیشہ رہنا۔ قولہ مثوای منزل ج مثاوی از ضرب مصدر الثواء والثوی بمعنی اقامت کرنا۔ قولہ دونك اسم فعل بمعنی خذ۔ امر حاضر۔ قد تمت بعون اللہ تعالی

میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی